100
سو اولیاء اللہ کے
مشکل کُشا وظائف



جمع وترتیب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

پی ایچ ڈی (امریکہ)

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

نام کتاب: 100 اولیاء اللہ کے مشکل کشا وظائف
جمع و ترتیب: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی مدظلہٗ
ناشر: دفتر ماہنامہ عبقری المی مرکز روحانیت وامن عبقری سٹریٹ
نزد قرطبہ مسجد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور
قیمت: 400 روپے
سن اشاعت: 2017ء

لاکھوں لوگ اپنی پریشانیوں کیلئے اس ویب سائٹ
سے استفادہ کرتے ہیں

Website:www.ubqari.org

042-37597605,37586453

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
1	اولیاء کے مستند روحانی وظائف و عملیات	10
2	امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ	12
3	حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ	15
4	حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ	18
5	قطب عالم شاہ محمد غوث صاحب رحمۃ اللہ علیہ گوالیاری	21
6	عاشق الٰہی حضرت سید مظفر علی شاہ صاحب قدس سرہ	25
7	باکمال اولیاء کے بے مثال وظائف	30
8	دو بڑے ولیوں کے روحانی خزانے	35
9	حضرت مولانا شاہ فضل الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ ”گنج مراد آبادی“	39
10	حضرت مولانا محمد رمضان صاحب رحمۃ اللہ علیہ بوڑیوی	43
11	امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی عملیات	46
12	خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی مشکل کشا دعائیں	50
13	صاحب حزب البحر رحمۃ اللہ علیہ کے مجرب عملیات	54
14	نامراد لوگوں کے لیے بامراد ولی کے وظائف	58
15	سلطان اولیاء کے مجرب اور پر تاثیر وظائف	62
16	کالا جادو، کالے جنات کا سچا توڑ	66
17	شاہ کلیم اللہ رحمۃ اللہ علیہ شاہجہان آبادی کے ذاتی وظائف	70
18	مخدوم جہانیاں جہاں گشت رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف	74
19	شاہ عزیز اللہ غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف	77

20	پیر توکل شاہ انبالوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف	80
21	اولیاء اللہ کے مستند وظائف و عملیات	84
22	شاہ قطب الدین گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف	88
23	محدث کبیر عطا واسطی رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف	91
24	شاہ عبد الغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف	94
25	علامہ عثمان مرزوقی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف	98
26	شاہ نصیر الدین چراغ رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	102
27	حضرت واثق بن علی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف	105
28	شاہ حسین رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	108
29	مخدوم جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف	112
30	حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	115
31	حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے خاص وظائف	118
32	شیخ ابوالفضل قتلی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	121
33	امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا اسم اعظم	125
34	حضرت خواجہ بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف	129
35	واصف بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف	132
36	حضرت طاہر بندگی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف	135
37	شاہ اسحاق قادری کے رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	139
38	سلطان اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور وظائف	143
39	شاہ فرید احمد دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	146
40	شاہ عزیز الحق بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	150
41	شاہ فضل علی قریشی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	153

42	حضرت شاہ چراغ رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	156
43	عطا بن حسین رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	159
44	شاہ صدر الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	163
45	شاہ عظیم شمسی کبیری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف	166
46	شیخ کمال الدین مخفی رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف	169
47	شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	173
48	شاہ سراج الحق وسطی رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف	176
49	شاہ عبدالرحیم دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	178
50	شاہ عبدالحق قندھاری رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	182
51	شیخ عبدالحمید خیاط رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	185
52	شاہ عبدالغنی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	189
53	مخدوم جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	193
54	شاہ ابوالخیر نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف	197
55	شاہ حبیب اللہ دوشی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	201
56	شاہ ولایت اللہ بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	205
57	شاہ وجاہت اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	209
58	شاہ رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	213
59	مخدوم سلطان الحق اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	217
60	شاہ عظمت سلطان رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	221
61	شاہ عبدالہادی ولایتی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	225
62	شاہ عبدالقدوس رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	229
63	شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	233

64	خواجہ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	236
65	شاہ سلیم چشتی رحمۃ اللہ علیہ جہان آبادی کے روحانی وظائف	240
66	شاہ فتح اللہ پانی پتی کے روحانی وظائف	244
67	شاہ عبدالخالق غجداونی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	247
68	سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	251
69	شاہ رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	254
70	شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	258
71	شاہ ارشاد سیستانی رحمۃ اللہ علیہ کے لاجواب وظائف	262
72	شاہ کریم بخش امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	266
73	سخی عبدالرحمٰن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	270
74	حضرت شاہ عبدالخالق غجدوانیؒ کے مستند روحانی وظائف	274
75	حضرت شاہ جمال الدین غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	278
76	شاہ اہل اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	282
77	حضرت شاہ نصیر الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	286
78	شاہ برکت اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	289
79	شاہ نصر الدین اُوچوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	293
80	شیخ روح اللہ بندگی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	296
81	شاہ رفیع اللہ گوالیاروی کے مستند روحانی وظائف	299
82	حضرت شاہ تُرت فقیر رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	302
83	شاہ فضل اللہ کریم رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	305
84	شاہ غوث اوچوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	309

85	حضرت شاہ کمال کمتھیلی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	313
86	شاہ صدیق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	317
87	شاہ ذوقی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	320
88	خواجہ خدا بخش خیر پوری رحمۃ اللہ علیہ مستند روحانی وظائف	324
89	شاہ مونس دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	327
90	شاہ الفت اللہ اوچوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	331
91	سید عبدالکریم بحانی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	334
92	حضرت مخدوم رکن عالم رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	338
93	شاہ رحمت اللہ نظام آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	342
94	حضرت علی بن عبداللہ ابوالقاسم گرگانی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	345
95	خواجہ نازک کریم رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	349
96	حضرت غوث لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	352
97	حضرت خواجہ ابوالحسن توری رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	356
98	خواجہ نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	360
99	سید اکرام الحق ٹھٹوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف	364
100	شاہ رفعت الرحمٰن قاسمی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف	368

نوٹ: قارئین بندہ نے کوشش کی ہے کہ اس کتاب کے کسی لفظ یا آیت میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ رہے۔ میری کوشش حرف آخر نہیں، بہرحال کمی ہو سکتی ہے اگر آپ کو کتاب میں کہیں کوئی غلطی یا اصلاح کا کوئی بھی پہلو نظر آئے تو ضرور مطلع فرمائیں۔ بندہ بھرپور اصلاح کی کوشش کرے گا۔ اس کتاب کے علاوہ بھی اگر میری دیگر تالیفات میں کوئی غلطی، اصلاح کا پہلو نظر آئے یا پھر آپ کوئی اس سے بہتر مشورہ دینا چاہیں تو یہ آپ کا احسان عظیم ہوگا۔ (بندہ: حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ)

حالِ دل

حضرت جنید بغدادی ایک دن مسجد میں بیٹھے تھے کہ ایک شخص نے ان سے کہا: حضرت! آپ کا وعظ صرف شہر میں کام کرتا ہے یا اس کے اثرات جنگل میں بھی ہوتے ہیں۔ حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ نے اس بات کی وضاحت چاہی تو وہ کہنے لگا۔ چند آدمی جنگل کے فلاں مقام پر موجود ہیں۔ انہوں نے ناچ گانوں کی محفل سجا رکھی ہے اور شراب پی کر مست ہو رہے ہیں۔ حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ یہ سن کر منہ لپیٹ کر جنگل کی طرف چل دیئے جب وہ مطلوبہ مقام پر پہنچے تو دیکھا۔ کچھ لوگ شراب کے نشے میں مست تھے۔ ناچ گانا ہو رہا تھا۔ وہ لوگ حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کو دیکھ کر بھاگنے لگے تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا: بھاگو مت، میں بھی تمہاری طرح پینے والا ہوں، میرے لیے بھی لاؤ۔ شہر میں تو میں پی نہیں سکتا۔ اس لیے سب سے چھپ کر یہاں آیا ہوں۔ حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کی بات سن کر وہ لوگ رک گئے، پھر ان میں سے ایک نے کہا: افسوس! شراب تو ختم ہو گئی ہے اگر آپ رحمہ اللہ فرمائیں تو شہر سے منگوا دی جائے۔

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ مسکرائے اور بولے۔ کیا ایسی صورت نہیں کہ شراب خود بخود یہاں آجائے۔ جناب! ہم میں تو ایسا کمال نہیں کہ شراب خود بخود حاضر ہو جائے۔ ان میں سے ایک نے کہا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ بات سکھا دوں کہ شراب خود بخود یہاں آجایا کرے اور تم اس کا مزہ لو۔ یہ سن کر سب لوگ حیرت سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ آخر ایک نے کہا: ضرور سکھائیں۔ یہ کمال تو ضرور بتائیں۔ فرمایا: ٹھیک ہے! تم لوگ نہا دھو کر، پاک صاف کپڑے پہن کر میرے پاس آؤ۔ میں تمہیں وہ کمال سکھا دوں گا۔ وہ لوگ غسل کر کے، پاک صاف کپڑے پہن کر حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت جنید

بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: دو رکعت نماز پڑھو جب وہ نماز میں مشغول ہو گئے تو حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا لیے۔ اے اللہ! میرا تو اتنا ہی کام تھا۔ میں نے انہیں تیرے سامنے کھڑا کر دیا ہے' اب تجھے اختیار ہے' انہیں ہدایت دے دے یا گمراہی میں رکھ۔ حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ کی دعا قبول ہوئی اور ان سب کی زندگی بدل گئی۔ اللہ نے انہیں ہدایت عطا فرما دی تھی۔

قارئین! ماہنامہ عبقری میں چھپنے والے اولیاء اللہ کے وظائف نے لاکھوں کی زندگیاں تبدیل کر دیں' ان وظائف نے بے شمار کے دکھ دور کیے' گھریلو الجھنیں' کاروباری مسائل' جادو و جنات سے چھٹکارا دلایا' شادی کی بندشیں دور کیں' جس کا ثبوت ادارہ عبقری میں آنے روزانہ خوشیوں بھرے بے شمار خطوط' ٹیلی فون کالز اور ای میلز ہیں۔ بہت عرصہ سے مخلوق خدا کا اصرار تھا کہ ماہنامہ عبقری میں چھپنے والے اولیاء اللہ کے تمام وظائف کو ایک کتابی شکل دی جائے تاکہ وظائف کا ایک خوبصورت گلدستہ ہر گھر کی زینت بن سکے۔ قارئین! آپ کو اس کتاب سے جو بھی فائدہ ہو' آپ کی کوئی بھی الجھن' پریشانی یا دکھ دور ہو' وہ فائدہ دفتر ماہنامہ عبقری کے پتے پر ضرور ارسال کریں تاکہ ہم اسے ماہنامہ عبقری کی زینت بنائیں' لاکھوں کا فائدہ اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ۔

خواستگار اخلاص و عمل
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ
چونگی لاہور۔ 042-37425801-3

اولیاء کے مستند روحانی وظائف وعملیات

دشمن بال بیکا نہ کرسکیں گے

سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے سورۂ مزمل کی تفسیر میں لکھا ہے کہ جو شخص سورۂ مزمل کا ورد رکھتا ہو، اسے لاکھ دشمن، حاسد، جادوگر، ظالم اور بدخواہ تکلیف پہنچانا چاہیں اس کا بال بیکا نہیں کرسکتے۔ سب مغلوب ہوجائیں گے۔

قید سے نجات

حضرت خواجہ محبوب الٰہی قدس سرہ، فرماتے ہیں کہ شیخ سلیمان سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے بزرگ تھے، آپ کو حاکم وقت نے قید کردیا اور سر سے پاؤں تک آہنی زنجیروں میں جکڑ دیا۔ آپ فرماتے ہیں، مجھے سورۂ مزمل یاد آئی، فوراً پڑھنی شروع کی، ابھی ختم بھی نہ کرپایا تھا کہ تمام ہتھکڑیاں، بیڑیاں اور طوق ٹوٹ کر گر پڑے۔

جو رنج وبلا دور نہ ہوتا ہو

اگر کوئی شخص کسی ایسے رنج وبلا میں گرفتار ہو، جو کسی طرح دور نہ ہوتا ہو، تو جمعہ کے روز عصر کی نماز سے لے کر مغرب تک کوئی کام نہ کرے۔ فقط ان تین اسماء کو پڑھتا رہے: یَااَللّٰہُ، یَارَحْمٰنُ، یَارَحِیْمُ ضرور بالضرور اس رنج وبلا سے نجات پائے گا۔

سورۂ یٰسین کی خاصیت

امام ناصری رحمۃ اللہ علیہ (مفسر قرآن) ایک دفعہ بیمار ہوگئے۔ سکتہ ہوگیا۔ متعلقین میت سمجھ کر دفن کر آئے۔ جب رات ہوئی۔ ہوش آیا، تو اپنے آپ کو قبر میں دیکھ کر بہت گھبرائے۔ اسی اضطراب کی حالت میں انہیں یاد آیا کہ جو شخص اضطراب کی حالت میں 40 مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کو پریشانی سے نجات عطا فرماتا

ہے۔ چنانچہ انہوں نے سورۂ یٰسین پڑھنی شروع کی۔ جب پانچ مرتبہ پڑھ چکے، تو قبر کی کشادگی کے آثار ظاہر ہوئے۔ ایک کفن چور نے کفن کی طمع سے قبر کھودنی شروع کی۔ امام موصوف کو معلوم ہو گیا کہ یہ حرکت کفن چور کی ہے۔ سورۂ یٰسین آہستہ پڑھنے لگے۔ چالیسویں مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر قبر سے باہر نکل آئے۔ کفن چور مارے ہیبت کے وہیں مر گیا۔ امام موصوف نے اسی واقعہ کے بعد تفسیر لکھنی شروع کی تھی۔

زندگی خوشی سے گزرے گی

فرمایا کہ میں نے ایک رات شیخ الاسلام فرید الدین قدس العزیز کو خواب میں دیکھا آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ تم ہر روز 9 بار یہ دعا پڑھا کرو۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ خواب سے بیدار ہوتے ہی میں نے اس دعاء کو اپنا ورد بنا لیا۔ میں دل میں خیال کیا کہ حضرت کے اس فرمان میں ضرور کوئی نہ کوئی راز ہوگا۔ بعد ازاں مشائخ کی کتابوں میں لکھا دیکھا، کہ جو شخص یہ دعا روزانہ 100 مرتبہ پڑھے گا۔ اس کی زندگی خوشی سے گزرے گی۔ بغیر اسباب بھی خوش رہے گا۔

خواص سورۂ مزمل

حضرت محبوب الٰہی نور اللہ مرقدہ نے فرمایا جو شخص سورۂ مزمل کو پڑھے گا اور اپنے پاس لکھ کر رکھے گا، اس پر مصیبت نازل نہ ہوگی۔ اللہ اور مخلوق کی نظر میں ذی عزت ہوگا۔ حق تعالیٰ اس کو اپنا ولی بنا دے گا اور اگر اس سورۃ کو پڑھ کر پتھر پر دم کرے گا، عجب نہیں وہ سونا بن جائے۔ اس کے پڑھنے والے پر زہر اور جادو کا اثر نہ ہوگا۔ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ بہتے پانی پر پڑھے گا تو اللہ کے حکم سے پانی پر کھڑا ہو جائے گا۔ قیدی کی رہائی کے لیے پڑھے گا تو قید سے رہا ہو جائے گا۔

* * *

امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

غنا ظاہری و باطنی کے لیے

یَا مُغْنِیُ 11 سو مرتبہ اور سورۃ مزمل روزانہ 40 مرتبہ پڑھیں، اور اگر 40 مرتبہ نہ پڑھ سکیں تو 11 مرتبہ پڑھنا لازمی ہے۔ کشائش ظاہری و باطنی کے لیے درود شریف کا ورد کبریت احمر کا درجہ رکھتا ہے۔

صحیح سلامت واپسی کے لیے

اگر کوئی شخص غائب ہو اور آپ کی خواہش ہو کہ صحیح سلامت واپس آ جائے یا بیمار صحت یاب ہو جائے، تو فجر کی سنت اور فرض کے درمیان 41 مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھنا چاہیے۔ سیدنا جعفر صادق رضی اللہ عنہ، سے منقول ہے کہ اگر ایک گلاس پانی پر 40 مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے بخار کے مریض کے منہ پر چھینٹا دیں، اور مریض کو پلائیں، اللہ تعالیٰ صحت یاب کرے گا۔

باؤلے کتے کا علاج

اگر کسی شخص کو باؤلے کتے نے کاٹ لیا ہو، تو اس آیت کو روٹی کے 40 ٹکڑوں پر لکھیں اور ایک ٹکڑا روزانہ کھلائیں۔ آیت یہ ہے: اِنَّھُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا وَّ اَکِیۡدُ کَیۡدًا فَمَھِّلِ الۡکٰفِرِیۡنَ اَمۡھِلۡھُمۡ رُوَیۡدًا ﴿طارق ۱۷﴾

بچوں کو نظر بد اور ہر بیماری سے حفاظت کے لیے:

یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنۡ شَرِّ کُلِّ شَیۡطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّ عَیۡنٍ لَامَّۃٍ تَحَصَّنۡتُ بِحِصۡنِ اَلۡفِ اَلۡفِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

ہر آفت سے محفوظ رہنے کے لیے

یہ دعا صبح و شام پڑھا کریں بِسۡمِ اللّٰہِ اَنۡتَ رَبِّیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ عَلَیۡکَ تَوَکَّلۡتُ وَاَنۡتَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ o مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمۡ یَشَأۡ لَمۡ یَکُنۡ اَشۡھَدُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ وَّ اَنَّ اللّٰہَ قَدۡ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عِلۡمًا وَ اَحۡصٰی کُلَّ شَیۡءٍ عَدَدًا o اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ وَ مِنۡ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنۡتَ آخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ وَاَنۡتَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ حَفِیۡظٌ o اِنَّ وَلِیِّ ۦ اللّٰہُ الَّذِیۡ نَزَّلَ الۡکِتَابَ وَ ھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیۡنَ o (سورۃ اعراف آیت نمبر 196) فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ ھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ (سورۃ توبہ آیت نمبر 129)

آیات شفاء مختلف سورتوں (سورۃ توبہ، یونس، نحل، بنی اسرائیل، الشعراء، حم السجدۃ) سے لی گئی یہ قرآنی آیتیں چینی کے برتن میں لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ وَیَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِیۡنَ o وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوۡرِ o یَخۡرُجُ مِنۡ بُطُوۡنِھَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُھَا فِیۡہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ o وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ o وَاِذَا مَرِضۡتُ فَھُوَ یَشۡفِیۡنِ o قُلۡ ھُوَ لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ھُدًی وَّشِفَآءٌ

چیچک کا علاج

نیلی ڈور لیکر اس پر سورۃ الرحمن پڑھیں اور ہر فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر گرہ لگا کر، پھونک ماریں، اور بچہ کے گلے میں باندھیں۔ اس سورۃ کی برکت سے اللہ تعالٰی مریض کو شفا عطا فرمائے گا۔ **اسمائے اصحاب کہف:** ان اسماء کی برکت سے انسان اور مال غرق ہونے، آگ میں جلنے اور لوٹ مار و چوری سے محفوظ رہتا ہے:

اِلٰهِی بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوطَطْ۔ تَبْیُوْنَسْ
کَشَافَطْیُوْنَسْ۔ اَذْرَافَطْیُوْنَسْ۔ یُوَانَسْبُوْس وَ کَلْبُهُمْ قِطْمِیْرط۔
وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ (سورۃ نحل آیت نمبر 9)
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (سورۃ یوسف آیت نمبر 64)

حاجت پوری ہو جائے گی

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ 1200 مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہو جائے گی۔

عمل آسیب زدہ

جس شخص پر آسیب ہو، اس کے بائیں کان میں وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَ اَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿ص ۳۴﴾ یہ آیت نمبر 34 7 بار پڑھ کر دم کریں۔

آسیب کو جلانے کا عمل

مریض کے کان میں 7 مرتبہ اذان پڑھیں، اور سورۂ فاتحہ و معوذ تین تین بار، آیۃ الکرسی اور سورۂ طٰہٰ اور آخر میں سورۂ حشر اور پوری سورۃ الصافات پڑھیں۔ آسیب جل کر خاک ہو جائے گا۔

آسیب زدہ کو ہوش میں لانے کے لیے

پانی پر سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورۂ جن کی پانچ شروع کی آیتیں پڑھ کر، مریض کے منہ پر چھینٹے ماریں۔ اور اگر کسی مکان میں جن کا شبہ ہو، تو مکان کے چاروں کونوں میں یہ پڑھا ہوا پانی ڈال دیں۔ جن فوراً بھاگ جائے گا۔

* * *

حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

تمام جسمانی امراض کا علاج

بارش کے پانی پر سورۃ فاتحہ 70 مرتبہ آیت الکرسی 70 مرتبہ، سورۂ اخلاص 70 مرتبہ اور معوذ 70 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس پانی کو پینے سے تمام جسمانی امراض دور ہو جائیں گے۔ تمام رگوں، پٹھوں، گوشت اور ہڈی سے بیماریاں نکل جائیں گی۔

قوت حافظہ کا عمل

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے قوت حافظہ کے لیے ارشاد فرمایا تھا کہ ایک طشتری میں زعفران سے پوری سورۂ فاتحہ اور پوری سورۂ الملک اور آخر آیتیں سورۂ حشر کی اور پوری سورۃ واقعہ لکھ کر آب زم زم، بارش یا دریا کے پانی سے دھو کر اس پانی میں مثقال لوبان اور 10 مثقال شہد خالص اور 10 مثقال شکر ملا کر صبح صادق کے وقت تھوڑا تھوڑا کر کے پیو اور یہ پانی پی کر 2 رکعت نماز پڑھو۔ دونوں رکعتوں میں سورۂ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر تم چالیس روز یہ عمل کر لو گے تو قوت حافظہ اس قدر بڑھ جائے گا کہ بیان سے باہر ہے۔ ایضاً: حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ جو شخص حافظ علوم بننے کا خواہش مند ہو۔ اس کو چاہیے کہ چینی کے برتن پر سورۂ رحمن کی شروع کی آیتیں۔ اَلرَّحْمٰنُ ﴿١﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿٢﴾ خَلَقَ الْاِنْسٰنَ ۙ﴿٣﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿٤﴾ اَلشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿٥﴾ وَّ النَّجْمُ وَ الشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ﴿٦﴾ (الرحمن آیت نمبر 1 تا 6)

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿١٦﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ ﴿١٧﴾ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿١٨﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿١٩﴾

(سورۃ القیٰمۃ آیت نمبر 16 تا 19) بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

(سورۃ بروج آیت نمبر 21 تا 22)، لکھ کر آب زم زم سے دھو کر بچہ کو پلائیں، مجرب ہے۔ ایضاً: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کہ اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر 7 بار آیت الکرسی لکھ کر چاٹ لو۔ جو بات سن لوگے، نہ بھولوگے۔

ضعف بصارت

جناب شیخ الاسلام والمسلمین حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے ہاتھوں کے دونوں انگوٹھوں پر فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿ق ۲۲﴾ اور درود شریف 7، 7 بار پڑھ کر اور انگلیوں پر پھونکے اور اپنی آنکھوں پر پھیرے گا، اس کی آنکھوں کی روشنی بڑھے گی اور آنکھوں کی تمام تکلیفیں جاتی رہیں گی۔ ایک شخص کو مدینہ منورہ میں ضعف بصارت کی اس حد تک شکایت ہوگئی تھی کہ مطالعہ کتب اور تلاوت کلام پاک کے قابل نہ رہا تھا۔ کوئی دوا قوت بصر کی بھی دستیاب نہ ہوسکتی تھی۔ اُن کی روضہ مطہرہ میں ہندوستان کے ایک کامل سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے ان کو جمعہ کی اذان اور خطبہ کے درمیان يَا بَصِيْرُ 100 مرتبہ پڑھ کر دونوں انگوٹھوں پر تھتکار کر دونوں آنکھوں پر ملے اور دعا پڑھے ﴾ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بَصَرِىْ بِحُرْمَةِ اِسْمِكَ الْبَصِيْرُ اس عمل پر مداومت سے ان کی آنکھوں کی بینائی بحال ہوگئی۔

عسر ولادت کا بیان

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عسر ولادت کے لیے چینی کے ایک پاک برتن پر یہ آیت لکھیں۔ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿الاحقاف ۳۵﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ﴿سورۃ النزعت ۴۶﴾ لَقَدْ كَانَ فِىْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِى الْاَلْبٰبِ (یوسف 111)

اور اس تحریر کو پانی سے دھو کر عورت کو پلائیں اور ذرا سا پانی پیٹ اور پیڑو پر چھڑکیں۔

مدینہ طیبہ میں ایک عورت کو عسر ولادت کی وجہ سے جان کا خطرہ ہو گیا تو میں نے ایک گلاس پر یہ آیتیں لکھ کر دیں۔ کلام الٰہی کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مشکل حل فرما دی۔ وہ یہ آیات تھیں۔ پوری سورۃ فاتحہ، پوری سورہ اخلاص کے بعد وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (بنی اسرائیل 82)

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خٰشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿حشر ۲۱﴾ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَنَفَسٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ پڑھ کر اس گلاس میں پانی مریضہ کو پلایا گیا۔ حق تعالیٰ نے فضل فرمایا۔ آگ کو سرد کرنے کا آسان عمل (1) اگر کسی جگہ آگ لگ گئی، ایک کپڑے پر اسماء اصحاب کہف لکھ کر آگ کے بیچ میں ڈال دیں۔ آگ سرد ہو جائے گی۔ (2) اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو، تو یہ اسماء لکھ کر بچے کے سرہانے میں رکھ دیں، رونا موقوف ہو جائے گا۔ (3) باغ اور کھیتی کی حفاظت کے لیے ایک کاغذ پر لکھ کر کسی لمبے بانس میں باندھ کر لٹکا دیں۔ (4) دردسر اور بخار، بادشاہ یا ظالم حاکم کے پاس جانے کے وقت اپنی داہنی ران پر باندھیں۔ (5) عسر ولادت، پانی کے جہاز یا کشتی میں اپنی حفاظت کے لیے اسماء لکھ کر بائیں ران پر باندھیں ۞ يَمْلِيْخَا۔ مَكْسَلْمِيْنَا۔ كَشْفُوْطَطْ۔ تَبْيُوْنَسْ كَشَافَطْيُوْنَسْ۔ اٰذْرَافَطْيُوْنَسْ۔ يُوَانَسْبُوْس وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْرط

حضرت ابو سعید مفتی خادم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے رات کو خواب میں اصحاب کہف کو دیکھا۔ میں نے عرض کی کہ ہم آپ کے اسماء تبرک کے طور پر لکھتے ہیں مگر کوئی تاثیر ظہور میں نہیں آتی، تو انہوں نے فرمایا، ہمارے نام گول دائرہ کی صورت میں لکھ کر قطمیر وسط دائرہ میں لکھا کریں۔

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ

حضور سرور عالم خاتم المعصومین صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اقدس ہے جو شخص اللہ تعالیٰ سے استخارہ کرتا ہے، وہ خسارہ میں نہیں رہتا۔ (1) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں استخارہ کی تعلیم اس طرح دیا کرتے تھے، جس طرح قرآن کریم کی تعلیم دیا کرتے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے، تو اسے 2 رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَ اَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُوَ لَا اَقْدِرُوَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌلِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّلِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْلِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

ھٰذَا الْاَمْرُ پڑھتے وقت اپنی حاجت کا نام لینا چاہیے۔ استخارہ 7 روز تک کرنا مسنون ہے۔ 7 مرتبہ استخارہ کرنے کے بعد دل کا رجحان جس طرف ہو، اس پر عمل کرنا چاہیے۔

(2) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص خواب میں کسی کام کے نیک یا بد ہونے کا حال معلوم کرنا چاہے، تو اس کو رات کو سوتے وقت ٦ رکعت نماز استخارہ پڑھنی چاہیے۔ اس ترکیب سے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الشّمس 7 مرتبہ اور دوسری میں سورۂ والیل 7 مرتبہ، تیسری میں سورۂ والضحیٰ 7 مرتبہ اور چوتھی میں سورۂ الم نشرح 7 مرتبہ۔ پانچویں میں سورۂ والتین 7 مرتبہ اور چھٹی میں سورۂ انا انزلنا 7 مرتبہ پڑھیں۔ نماز سے فراغت کے بعد حق تعالیٰ کی تحمید و تقدیس کے بعد درود شریف پڑھ کر سوئیں۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ رَبَّ اِبْرٰھِیْمَ وَ رَبَّ مُوْسٰی وَ رَبَّ اِسْحٰقَ وَ رَبَّ یَعْقُوْبَ وَ رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَرَبَّ مِیْكَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ

عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِی اللَّیْلَةَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اگر پہلی رات خواب میں جواب نہ ملے، تو سات دن تک یہی عمل کرنا چاہیے۔ (3) استخارہ کا یہ طریقہ بھی مجرب ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد وضو کر کے پاک بستر پر بیٹھ کر، 3 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سورۂ فاتحہ دس مرتبہ، سورۂ اخلاص 11 مرتبہ پڑھ کر 3 مرتبہ درود شریف پڑھ کر داہنی کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے لیٹ جائیں، خواب میں جو کچھ نظر آئے، کسی بزرگ یا متقی عالم سے تعبیر دریافت کریں۔ (4) حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ جب رات کو بستر پر لیٹتا ہوں تو مجھے چکی چلنے یا شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ محسوس ہوتی ہے اور مجھے کوئی چیز بجلی کی طرح چمکتی نظر آتی ہے۔ جب سر اٹھا کر دیکھتا ہوں تو ایک کالی چیز صحن میں نظر آتی ہے۔ میں نے اس کا جسم چھو کر دیکھا تو وہ سایہ جیسا معلوم ہوا مگر اس نے فوراً ہی میرے منہ پر آگ کا شعلہ پھینک مارا۔ حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ! قلم دوات اٹھا کر لاؤ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا لکھو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ هٰذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ اِلٰی مَنْ یَطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِی الْحَقِّ سَاعَةً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا فَهٰذَا كِتَابٌ یَّنْطِقُ عَلَیْنَا وَعَلَیْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا یَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ○ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِیْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰی مَنْ یَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ○ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ اٰمِیْنَ لَا یُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ابو دجانہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوب لے کر

گھر چلا گیا اور رات کو سرہانے رکھ کر سو گیا۔ رات کو سوتے ہوئے چیخنے چلانے کی آواز آئی "یہ تحریر اپنے گھر سے علیحدہ کر دو ہم وعدہ کرتے ہیں کہ اب تمہارے گھر نہ آئیں گے اور نہ اس گھر میں داخل ہوں گے۔ جس گھر میں یہ مکتوب حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہوگا" صبح کو میں نے نماز فجر کے بعد رات کے واقعہ کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا۔ حضور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب وہ جن نہ تمہارے گھر آئے گا، نہ تمہارے پڑوس میں۔ آسیب زدہ پر آیت الکرسی 50 مرتبہ یا 170 مرتبہ یا 313 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ نوٹ: 3 دن یا 7 دن تک روزانہ دم کرنا چاہیے۔

مشکلات کے حل کا عجیب وغریب عمل

جو شخص اپنا مقصد حاصل کرنے سے عاجز ہو یا رنج وغم میں مبتلا ہو یا قرض دار ہو۔ غرض کوئی بھی مقصد ہو، یہ آیت 153 مرتبہ مداومت (پابندی) کے ساتھ پڑھیں۔ خواہ دن میں پڑھیں یا رات میں، مگر نیت خالص رکھنی چاہیے۔ پڑھنے کا طریقہ بہتر یہ ہے کہ پہلے غسل کریں، غسل نہ کر سکیں تو وضو کریں اور 2 رکعت نفل پڑھیں۔ نماز کے بعد استغفار، سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص اور سورۃ یٰسین پڑھ کر ثواب حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ کریں۔ پھر یہ آیت ایک مرتبہ پڑھ کر ایک مرتبہ یہ شعر پڑھیں۔ اس کے بعد آیت 50 مرتبہ پڑھ کر یہ ابیات ایک مرتبہ پھر پڑھیں۔ اس کے بعد 100 مرتبہ آیت پڑھ کر ایک مرتبہ دوبارہ اشعار پڑھیں۔ آیت

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ يَا مَنْ اِذَا ضَاقَ الفَضَا وَ
تَرَا كَمَتْ جُمَلُ الدَّوَاهِىْ وَ ذَاقَتِ النَّفْسُ الْعَمٰى وَاٰلَيْتَ عِنْدَ
التَّنَاهِىْ فَوَجْتُهَا بِدَقِيْهٖ مِنْ حُسْنِ لُطْفِكَ يَا اِلٰهِى

قطب عالم شاہ محمد غوث صاحب رحمۃ اللہ علیہ گوالیاری

خواص سورۃ لہب

یہ مخالفین کے لیے تیر بہدف ہے، 7 بار نمک پر دم کر کے آگ پر ڈال لیں۔ خواص سورۃ کوثر (i) نزول باران رحمت کے وقت 100 بار پڑھیں۔ جو دعا کرو گے، قبول ہو گی۔ (ii) انگوٹھے پر پڑھ کر کر آنکھوں پر ملیں روشن ہو جائیں گی۔ (iii) اگر کسی دشمن نے گھر میں جادو دفن کر دیا ہو۔ اس سورہ کا ورد کرنے سے جادو دفن کرنے کی جگہ معلوم ہو جائے گی اور جادو کا اثر دور ہو جائے گا۔

خواص سورۃ والضحٰی والم نشرح

(i) ادائیگی قرضہ کے لیے ہر نماز کے بعد 11-11 مرتبہ پڑھا کریں۔ (ii) اگر کسی شخص کا کوئی جانور گم ہو گیا ہو، تو ان دونوں سورتوں کو 7 مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی اپنے سر کے گرد گھمائیں۔ اس کے بعد یہ 7 مرتبہ پڑھیں (اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللهِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللهِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللهِ اَبْرَهَا صَبْرَهَا صَعْرَصَا)۔

خواص سورۃ والتین:

باغ اور کھیتی کی حفاظت کے لیے یہ سورۃ گلاب و زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر باغ یا کھیتی کے چاروں کونوں پر چھڑک دیں۔ باغ/کھیتی چوہے اور ٹڈیوں سے محفوظ رہے گی۔

خواص سورۃ تکاثر

بارش برستے ہوئے، بارش کے پانی پر یہ سورۃ 41 مرتبہ دم کر کے شیشی میں بھر کر رکھ لیں۔ یہ تھوڑا سا پانی پیا کریں۔ کوئی رنج و غم قریب نہ آئے گا۔ اگر پانی کم ہو جائے، تو پانی اور ملا لیا کریں۔

خواص سورہ والعصر

غلہ کے کوٹھے میں یہ سورت کاغذ پر لکھ کر چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ غلہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

خواص سورہ قریش

(i) یہ سورہ جس کھانے پر پڑھ کر دم کریں، خوب برکت ہو۔ (ii) اگر کسی شخص نے زہر پی لیا ہو یہ سورۃ زعفران اور گلاب سے چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر زہر خوردہ کو پلائیں، زہر کا اثر دور ہو جائے گا۔

خواص سورہ کافرون

اتوار کو طلوع آفتاب سے پہلے یہ سورت دس دفعہ پڑھ کر جو دعا کریں قبول ہو گی۔

خواص سورۂ طارق اگر کسی شخص کو خواب میں بار بار احتلام ہو جانے کا عارضہ ہو، تو چارپائی پر لیٹتے وقت سورہ طارق ﴿مِن قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ تک 11 بار پڑھ کر سو جائیں۔

خواص سورہ قدر

جو شخص سورۂ قدر کا ورد کرے اور یہ دعا 7 بار پڑھے۔ دنیاوی دولت سے مالا مال ہو جائے

اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ یَّکْفِیْنِیْ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِیْعًا وَّلَا یَکْفِیْنِیْ مِنْهُ اَحَدٌ مِنْ خَلْقِهٖ
یَا اَحَدُ لَا یَنْقَطِعُ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ وَمَا تَصَوَّرَتِ الْاٰ مَالُ اِلَّا فِیْكَ
یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ

جو شخص نان شبینہ (ایک وقت کی روٹی) کا محتاج ہو، وہ سورۂ فاتحہ ایک بار اور سورۂ الم نشرح 3 بار اور سورہ انا انزلنا 11 بار پڑھا کرے، غیب سے رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

خواص سورہ حشر

دشمن اور ظالم کے شر سے حفاظت کے لیے سورۂ حشر کا ورد نہایت مجرب ہے۔ خواص

سورۂ واقعہ (i) جو شخص سورۃ واقعہ پڑھے گا، اس کو کبھی فاقہ اور تنگی نہ ہوگی۔ (ii) اور اگر بعد نماز عصر 20 مرتبہ پڑھا کریں، تو حق تعالیٰ بے حساب اس کو دولت دنیا عطا فرمائے گا۔ خواص سورۂ حجر: اگر جگر بڑھ گیا ہو، یا سخت ہو گیا ہو، ۷ بار پیٹ پر دم کریں۔ تکلیف جاتی رہے گی۔

خواص سورۂ ملک

یہ سورۃ پڑھنے والے کو قبر کے عذاب سے پناہ میں رکھتی ہے۔

خواص سورۂ مزمل

سورۂ مزمل کے خواص بے شمار ہیں۔ پڑھنے کا سہل طریقہ یہ ہے، کہ بعد نماز فجر 2 بار اور بعد ظہر 7 بار، بعد عصر 8 بار، بعد مغرب 9 بار، اور بعد عشاء 11 بار ہمیشہ پڑھا کریں۔ اس سورۂ معظم کی برکت سے ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

خواص سورۂ یٰسین

(i) جو شخص سورۂ یٰسین کا ورد صبح و شام رکھے گا، بھوکا ننگا نہ رہے گا۔ (ii) نفس اور شیطان کو ہلاک کرنے کے لیے، کچی اینٹوں کے ٹکڑوں پر سورۃ یٰسین 7 بار پڑھ کر دم کریں اور ان ٹکڑوں کو جنازہ کی طرح کپڑے میں لپیٹ کر بہتے پانی میں ڈال دیں۔ جب وہ ٹکڑے پانی میں گل جائیں گے، نفس اور شیطان بھی ہلاک ہو جائے گا۔ (اللہ ان کے شر سے حفاظت فرمائیں گے۔

خواص سورۂ علق

ذہن کو تیزی اور قوت حافظہ کے لیے اس سورۃ کی آیت عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ تک لکھ کر، پانی میں گھول کر پلائیں۔ طریق دعوت اسم يَا وَهَّابُ تمام انبیاء عظام اور اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہ نے اسم يَا وَهَّابُ کی بدولت دولت دارین حاصل کی ہے۔ اسم مبارک کی دعوت کا طریقہ یہ ہے، کہ ہر نماز کے بعد 46 بار مع شروع و

آخر درود شریف کے پڑھا کریں اور اگر کوئی سخت مہم پیش آئے، تو آدھی رات کو اٹھ کر غسل کریں، اور پاک صاف کپڑے پہن کر حضور قلب سے دو رکعت پڑھیں، اور سر برہنہ ہو کر 1042 مرتبہ یَا وَھَّابُ پڑھیں۔ جب 300 مرتبہ پڑھ چکیں، تو کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ سے حاجت طلب کریں۔ پھر بیٹھ کر پڑھنے لگیں۔ جب 700 کے قریب پہنچیں تو کھڑے ہو کر دعاء کریں اور اللہ سے اپنی حاجت برآوری کی درخواست کریں۔ یہ عمل تین شب کریں۔ انشاء اللہ مطلب پورا ہو جائے گا۔ دعوت کبیر کا طریقہ یہ ہے کہ یہ اسم 12 لاکھ مرتبہ ایام معین میں پڑھیں۔ کسی دن ناغہ نہ ہو۔ مجرب عمل میں آنے کے بعد صاحب لفظ یعنی سیف زبان ہو جاؤ گے۔ چنانچہ جس مقصد کے لیے پڑھو گے، پورا ہو گا۔ دردسر جس کے سر میں درد ہو، اس جگہ کو پکڑ کر 77 بار یہ دعا پڑھ کر دم کریں

بِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ یَا بَدُّوْحُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْعَظِیْمُ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ درد شقیقہ کیلئے 11 بار مندرجہ بالا دعا پڑھ کر دم کریں اور 5 کیلیں اور 7 تیلیاں جھاڑو کی سر پر چھو کر تیلیاں کنویں میں ڈال دیں اور کیلیں کنویں کی منڈیر پر ٹھونک دیں۔

* * *

عاشق الٰہی حضرت سید مظفر علی شاہ صاحب قدس سرہ

خواص اسمائے الحسنیٰ

الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ یہ اسمائے مبارک اعداد مجمل یا مفصل کے برابر پڑھنے سے دلی مقصد حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص ظالم کے ظلم سے ناواقف ہو۔ ان اسمائے الٰہی کے ورد سے اللہ کی پناہ میں رہے گا اور اگر ان دونوں اسماء کو چاندی کی انگوٹھی کے نگینہ پر جمعہ کے آخری وقت میں نقش کر کے داہنے ہاتھ کی انگلی میں پہنے گا۔ اللہ کے فضل وکرم سے تمام مکروہات سے محفوظ رہے گا۔ پابندی کے ساتھ ورد کرنے سے رحمت الٰہی شامل حال رہتی ہے۔

اَلْمَلِكُ

90 بار روزانہ ورد کرنے سے روشن ضمیری حاصل ہوتی ہے۔ حکام اور بادشاہ مسخر ہو جاتے ہیں۔ حرمت وعزت حاصل کرنے کے لیے بھی اس کا ورد مجرب ہے۔ جو شخص یہ اسم ۹۱ بار روزانہ پڑھے، مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔ یہ اسم تسخیر حکام، روشن ضمیری اور غنا ظاہری کے لیے مخصوص ہے۔

اَلْقُدُّوْسُ

زوال کے بعد 100 مرتبہ پڑھنے سے صفائی قلب حاصل ہوتی ہے۔ اگر 19 بار شیرینی پر دم کر کے دشمن کو کھلا دیں، تو دشمن دوست بن جاتا ہے۔

اَلسَّلَامُ

اس اسم کو ہمیشہ ورد میں رکھنے والا ہر قسم کے خوف سے امن میں رہتا ہے۔ اگر 319 بار شیرینی پر دم کر کے دشمن کو کھلا دیں تو دشمنی چھوڑ کر دوست بن جائے گا اور مریض کے سرہانے 31 بار پڑھنے سے مریض کو شفا حاصل ہوتی ہے، محبت کے واسطے 162 یا 574 بار پڑھنا چاہیے۔

اَلْمُؤْمِنُ

انگوٹھی کے نگینہ پر شرف میں 5 مرتبہ نقش کر کے اپنے پاس رکھیں۔ نقش کرتے وقت یہ اسم پڑھتے رہیں۔ بادشاہ اور جنات کے شر سے حفاظت ہوگی۔

اَلْعَزِیْزُ

یہ اسم فجر کی نماز کے بعد 41 مرتبہ 41 روز تک پڑھنے سے دنیا و آخرت میں عزت و اکرام حاصل ہوتا ہے۔ محتاجی رفع ہو جاتی ہے۔ اس اسم کے بیشمار خواص ہیں۔ ایک ان میں سے یہ ہے، کہ پڑھنے والا سوال کا محتاج نہیں رہتا۔

اَلْجَبَّارُ

اس اسم کی یہ خاصیت ہے، کہ مسبجات عشر کے بعد 31 بار پڑھنے سے ظالم کے ہاتھ میں گرفتار ہونے سے حفاظت ہو جاتی ہے اور ہمیشہ پڑھنے سے بدگو اور غیبت کرنے والوں کی زبان بند ہوتی ہے اور اس اسم کو انگوٹھی پر نقش کر کے پہننے سے لوگوں کے دل میں ہیبت بیٹھ جاتی ہے۔ دشمنوں کو ذلیل و خوار کرنے کے لیے جمعہ کی نماز کے بعد 300 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

اَلْمُتَکَبِّرُ

اپنی منکوحہ بیوی کے پاس یہ اسم الٰہی پڑھ کر جانے سے حق تعالیٰ نیک اور اللہ سے ڈرنے والا فرزند عطا فرماتا ہے، اور کسی کام کے شروع میں پڑھنے سے حسب مراد وہ کام پورا ہو جاتا ہے۔

اَلْخَالِقُ

علم اکسیر حاصل کرنے کے لیے یہ اسم خصوصیت سے ورد کرنا چاہیے

اَلْبَارِئُ

میاں بیوی کے درمیان محبت بڑھانے کے لیے خوشبودار پھل پر 75 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ہر مرتبہ مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لیتے رہیں۔ اگر کوئی طبیب یا حکیم

اپنی حکمت چلانی چاہے، تو اس کو اس اسم کا ورد رکھنا چاہیے۔

اَلْمُصَوِّرُ

اگر بانجھ عورت 7 روز مسلسل روزے رکھ کر ہر روز افطار کرتے وقت پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کرے، حق تعالیٰ اس کو فرزند عطا فرمائے گا۔ اس اسم مبارک کے ورد سے بڑے بڑے کام حل ہو جاتے ہیں۔

اَلْقَهَّارُ

اس اسم مبارک کے ورد سے دنیا کی محبت دل سے نکل جاتی ہے۔ خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی محبت دل میں پیدا ہوتی ہے۔ دشمنوں کو مقہور اور مغلوب کرنے کے لیے سنت اور فرض نماز کے درمیان 100 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ اس اسم مبارک کو کاغذ پر لکھ کر گرم پانی میں گھول کر اس پانی سے سحر زدہ کا سر دھونے سے سحر کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ دشمنوں کا قلع قمع کرنے کے لیے فجر کی نماز کے بعد 360 بار پڑھنا مجرب ہے۔

اَلْوَهَّابُ

بدھ کے روز غسل کر کے دو رکعت نفل پڑھیں اور یہ اسم ایک ہزار بار جس مقصد کے لیے پڑھیں گے، بر آئے گا

اَلْفَتَّاحُ

فجر کی نماز پڑھ کر دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر الفتاح 70 بار پڑھنے سے دل صاف ہو جاتا ہے۔ نسیان کا عارضہ دفع کرنے میں روزانہ 70 مرتبہ پڑھنا سریع التاثیر ہے۔

اَلْعَلِيْمُ

دل ہی دل میں اس اسم مبارک کو پڑھنے سے معرفت الٰہی حاصل ہوتی ہے اور اگر جمعہ کی شب کو سجدہ میں 100 مرتبہ العلیم پڑھ کر سو جائیں تو خواب میں پوشیدہ امور معلوم ہو جائیں گے۔

اَلْقَابِضُ

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کی نیت سے تین رات ایک ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے دشمن کے شر سے محفوظ ہو جاؤ گے یا دشمن اپنا مکان چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔

اَلْبَاسِطُ

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ 72 روز تک روزانہ 72 مرتبہ پڑھنے سے دل اطاعت وعبادت الٰہی پر قائم و مستحکم ہو جاتا ہے اور حق تعالیٰ اس کو ایسی جگہ سے روزی عطا فرماتا ہے، جہاں اس کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔

اَلْخَافِضُ

یہ اسم ظالم کو دفع کرنے یا غلبہ حاصل کرنے کے لیے 70 ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ سے دعا کرنی چاہیے۔

اَلرَّافِعُ

دوپہر یا نصف النہار میں یہ اسم پڑھنے سے مخلوق سے بے نیازی نصیب ہوتی ہے۔

اَلْمُضِرُّ

یہ اسم مبارک 40 روز بلا ناغہ فجر کی نماز کے بعد 41 مرتبہ پڑھیں، تو دنیا و آخرت میں سرخروئی حاصل ہوگی اور کسی شخص کے سامنے ہاتھ پھیلانے کی نوبت نہ آئے گی۔

اَلْمُذِلُّ

حاسد یا ظلم کے شر سے حفاظت کے لیے 75 مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں یہ عرض کریں، یا الٰہی مجھے فلاں شخص کے شر سے بچا

اَلسَّمِیْعُ

حاجت روائی کے لیے جمعرات کے دن 500 مرتبہ پڑھیں۔

اَلْبَصِیْرُ

سنت اور فرض نماز کے درمیان 101 مرتبہ پڑھنے سے حق تعالیٰ کی مخصوص نظر عنایت ہوتی ہے۔

اَلْعَدْلُ

تسخیر خلائق کے لیے جمعرات کے دن 500 مرتبہ پڑھیں۔

اَللَّطِیْفُ

صحت امراض، کتابت مہمات اور لڑکی کی خوش نصیبی کے لیے تحیۃ الوضو کے بعد 100 بار ندا کرنی چاہیے۔ ہر قسم کے رنج وغم سے خلاصی کے لیے اس اسم مبارک کا ورد مجرب ہے۔ تمام جسمانی امراض سے شفا کے لیے یہ اسم مبارک مجرب ہے۔ تمام جسمانی امراض سے شفاء کے لیے یہ اسم چینی یا کانچ کی پلیٹ پر 173 مرتبہ لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر مریض کو پلانا چاہیے۔ یہ اسم نہایت سریع الدرجات اور قوی التاثیر ہے

اَلشَّکُوْرُ

روزی، روزگار میں تنگی، تاریکی قلب اور تاریکی چشم کے لیے 41 مرتبہ پانی پر دم کر کے پینا مجرب ہے۔

اَلْعَلِیُّ

اس اسم کی خاصیت یہ ہے، کہ ہمیشہ پڑھنے سے مسافر خیر وعافیت کے ساتھ اپنے وطن پہنچ جاتا ہے۔ یہی اسم مستقل مزاجی سے 110 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے فقیر بھی مالدار ہو جاتا ہے۔ درجہ اور مرتبہ میں ترقی اور بلندی نصیب ہوتی ہے

اَلْکَبِیْرُ

یہ اسم روزانہ ہزار بار مستقل پڑھنے سے جاہ ومنزلت میں ترقی حاصل ہوتی ہے۔

اَلْکَافِیْ

یہ اسم 304 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام دلی مقاصد بر آتے ہیں۔

* * *

باکمال اولیاء رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے بے مثال وظائف

اَلْحَفِیْظُ

اگر کوئی دشمن کے نرغہ میں ہو، یا دشمن کی شرارت سے خوف زدہ ہو، اَلْحَفِیْظُ کا ورد رکھنے والا اللہ تعالیٰ کی پناہ اور حفاظت میں رہتا ہے۔ جو شخص بعد نماز جمعہ باریک کاغذ پر 198 مرتبہ اَلْحَفِیْظُ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، شیطانی وسوسہ، بادشاہ کے ظلم، فاسد خیالات اور سباع و بہائم اور حشرات الارض کے ضرر سے محفوظ رہے گا، اور ہمیشہ ورد رکھنے سے تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی شخص کا کوئی سامان گم ہو گیا ہو، تو اَلْحَفِیْظُ 119 بار پڑھ کر یٰبُنَیَّ اِنَّھَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ (لقمان 16) 119 بار پڑھیں۔ انشاء اللہ گم شدہ مال واپس مل جائے گا۔

اَلْمُقِیْتُ

اگر کسی شخص کا بچہ از حد شریر ہو۔ تنگ کرتا ہو، تو یہ اسم 7 بار کوزہ آب نارسیدہ پر دم کر کے، اس کوزہ میں بچہ کو پانی پلائیں اور اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو، تو بھی یہ عمل کریں، بچے کا رونا موقوف ہو جائے گا۔ اور اگر روزہ کی حالت میں جان جانے کا خطرہ ہو، تو ایک مٹی کے ڈھیلے پر 7 بار دم کر کے سونگھیں، طاقت عود کر آئے گی۔ اور اگر بارش کے پانی پر یہ اسم 7 بار دم کر کے بچہ کو پلائیں، تو بچہ خوش خلق اور قوی الحافظہ ہو جائے گا۔

اَلْحَسِیْبُ

اگر کوئی شخص ایسی مصیبت میں گرفتار ہو گیا ہو۔ جس سے خلاصی کی کوئی تدبیر نظر نہ آتی ہو تو 7 دن تک صبح و شام دونوں وقت 77 یا 80 مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ پڑھیں۔ انشاء اللہ انہی ایام میں وہ مصیبت رفع ہو جائے گی۔ جمعرات سے عمل شروع کرنا چاہیے۔

اَلْکَرِیْمُ

سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ یہ اسم کثرت سے پڑھا کرتے تھے۔ اس اسم مبارک کے ورد سے خلقت کی نظر میں عزت و اکرام حاصل ہوتا ہے۔

اَلرَّقِیْبُ

یہ اسم اگر گھر کے دروازہ کی چوکھٹ پر لکھ کر لگا دیں، تو اس کی برکت سے تمام گھر والے گناہ سے محفوظ رہیں گے اور اگر کوئی لڑکا یا نوکر بھاگ جانے کا عادی ہو۔ یہ اسم روٹی پر لکھ کر کھلا دیں تو ان کے بھاگنے کی عادت چھوٹ جائے گی

اَلْمُجِیْبُ

اگر یہ اسم لاتعداد بار پڑھیں، تو جو دعا مانگیں قبول ہو گی اور اگر کوئی دشوار مہم پیش آ جائے تو اَلْمُجِیْبُ الْوَاسِعُ الْحَکِیْمُ جس قدر ممکن ہو پڑھیں، انشاء اللہ مشکل حل ہو جائے گی۔

اَلْوَاسِعُ

اس اسم شریف کی مداولت سے علوم اور رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ طبیعت میں قناعت پیدا ہو جاتی ہے اور حق تعالیٰ غیب سے روزی کا سامان پیدا کر دیتا ہے۔

اَلْحَکِیْمُ

کھیتی یا باغ کی پیداوار بڑھانے کے لیے یہ اسم مبارک کاغذ پر لکھیں اور پانی سے دھو کر وہ پانی کھیتی یا باغ کو دیں، پیداوار بڑھ جائے گی۔

اَلْوَدُوْدُ

دو شخصوں میں جائز محبت پیدا کرنے کے لیے بہ تصور صورت عشاء کے بعد 300 مرتبہ پڑھیں، اور شرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔

اَلْمَجِیْدُ

فجر کی نماز کے بعد 99 مرتبہ پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں۔ انشاء اللہ صحت و عافیت سے رہیں گے۔

آلْبَاعِثُ

سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر 100 مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھنے سے مردہ دل زندہ ہو جاتا ہے۔ 745 مرتبہ پڑھنے سے اس عمل کی قوت کمال کو پہنچ جاتی ہے۔

آلشَّھِیْدُ

اگر کسی شخص کی اولاد نافرمان، گستاخ اور سرکش ہو تو صبح کے وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے 21 مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھیں۔ حق تعالیٰ نیک بختی اور فرماں برداری عطا فرمائے گا۔

آلْحَقُّ

اگر کوئی چیز گم ہو، تو ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر یہ اسم مبارک لکھیں اور اس کے بیچ میں گمشدہ چیز کا نام لکھ دیں۔ پھر نصف شب بیدار ہو کر یہ کاغذ اپنے ہاتھ پر رکھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے اس اسم شریف کے توسل سے اللہ سے دعا مانگے۔ گمشدہ چیز واپس مل جائے گی۔

آلْوَکِیْلُ

تھوڑا سا آٹا گوندھ کر ایک ہزار ایک گولیاں بنائیں اور ہر گولی پر دشمنی کو دور کرنے کی نیت سے ہر گولی پر الوکیل لکھ کر گولی زمین پر رکھ دیں، تاکہ چڑیاں کھا جائیں۔ دشمن مغلوب ہو جائے گا

آلْقَوِیُّ

اس اسم کے خواص بھی وہی ہیں جو اَلْوَکِیْلُ کے ہیں اور طریقہ عمل بھی وہی ہے جو اَلْوَکِیْلُ کا ہے فرق اتنا ہے کہ یہ اسم آٹے کی گولیوں پر پڑھ کر دم کیا جاتا ہے، لکھا نہیں جاتا ہے۔

آلْمَتِیْنُ

اگر ماں کی بیماری کی وجہ سے بچہ کا دودھ چھڑانا منظور ہو، یا بچہ دودھ چھوڑنے پر صبر نہ کرسکتا

ہو، یا ماں کے دودھ کی کمی ہو، تو یہ اسم لکھ کر پلانے سے متذکرہ شکایات دور ہو جاتی ہیں۔

اَلْوَلِیُّ

اگر کسی شخص کی عورت بدکار یا آوارہ ہو، تو اس سے ہمبستری کے وقت یہ اسم دل ہی دل میں پڑھتے رہیں۔

اَلْحَمِیْدُ

جو مرد یا عورت زبان دراز ہو، تو کسی باریک کاغذ پر 100 بار لکھ کر اس کو کھلا دیں، بد زبانی جاتی رہے گی۔

اَلْمُحْصِیْ

جو شخص جمعہ کی شب کو یہ اسم ایک ہزار ایک بار پڑھنے کا معمول رکھے گا۔ عنایت الٰہی سے عذاب قبر اور عذاب قیامت سے محفوظ رہے گا۔

اَلْمُبْدِئُ

اگر حمل ساقط ہو جانے کا اندیشہ ہو، تو شوہر کو چاہیے کہ روزانہ صبح کو یہ اسم 10 بار پڑھے، اور پڑھتے وقت اپنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی حاملہ کے پیٹ کے ارد گرد گھماتا رہے۔

اَلْمُعِیْدُ

اس اسم کی خاصیت یہ ہے، کہ مداومت سے گم شدہ چیز مل جاتی ہے اور کوئی چیز گم نہیں ہوتی۔

اَلْحَیُّ

یہ اسم مبارک پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے شفا ہو جاتی ہے۔ جو شخص روزانہ 70 بار ورد پر مداومت کرے گا۔ عمر دراز اور محبت ورُوحانیت میں ترقی ہوگی۔

اَلْقَیُّوْمُ

اگر کسی شخص کو کوئی مشکل مہم پیش آجائے، تو مغرب اور عشاء کے درمیان 4 رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد چاروں قل پڑھنے چاہیے۔ نماز سے فارغ ہوکر 17 مرتبہ ﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھیں، انشاء اللہ کیسی ہی

دشوار مہم کیوں نہ ہو، پوری ہو جائے گی۔

اَلْوَاجِدُ

مال و دولت حاصل کرنے کے لیے جس قدر ممکن ہو، پڑھیں۔ ظاہری غناء کے لیے سریع الاثر ہے۔

اَلْوَاحِدُ جو شخص کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو، جس کا علاج نہ ہو۔ اس کو ایک ہزار ایک مرتبہ بلاناغہ پڑھنا چاہیے۔ ان شاء اللہ مرض سے شفا پائے گا۔

* * * * *

دو بڑے ولیوں رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے روحانی خزانے

حضرت معقل ابن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص صبح (بعد نماز فجر) کو تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھے پھر سورہ الحشر کی آخری تین آیات (22,23,24) ایک مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر ستر ہزار فرشتے مقرر کردیتے ہیں۔ جو شام تک اس کے لیے استغفار کرتے رہیں گے اور اگر اس دن اسے موت آگئی تو شہید مرے گا اور جو شام (بعد نماز مغرب) کو پڑھ لے تو اس کو بھی یہی درجہ حاصل ہوگا یعنی ستر ہزار فرشتے صبح تک اس کے لیے استغفار کرتے رہیں گے اور اگر اس رات میں مر گیا تو شہید مرے گا (مشکوۃ، ص188)

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، "شَہِدَ اللّٰہُ (سورہ آل عمران آیت نمبر 18,19) اور قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ (سورۃ آل عمران آیت نمبر 2726) نازل ہوئی تو عرش سے معلق ہو کر فریاد کی کہ کیا آپ ہم کو ایسی قوم پر نازل فرمائیں گے جو گناہوں کا ارتکاب کریں گے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا قسم ہے میری عزت وجلال اور ارتفاع مکان کی کہ جو لوگ ہر نماز فرض کے بعد تمہاری تلاوت کریں گے، ہم ان کی مغفرت فرمائیں گے اور جنت الفردوس میں جگہ دیں گے اور ہر روز ستر مرتبہ نظر رحمت سے دیکھیں گے اور اس کی ستر حاجتیں پوری کریں گے جس کا ادنیٰ درجہ مغفرت ہے۔ (دیلمی)

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سوتے وقت سورۃ الفاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھتا ہے وہ قیامت کے دن امینوں میں ہوگا اور پیغمبروں کے بعد سب سے پہلے وہ جنت میں جائے گا اور جنت میں جاتے وقت حضرت عیسیٰ کے نزدیک ہوگا۔ (ہشت بہشت، ص112)

☆ حضرت فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ احادیث میں لکھا ہے کہ جو شخص فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف پڑھے بعد ازاں ایک مرتبہ یہ آیت "وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ سے شَیْءٍ قَدْرًا تک" (سورۃ طلاق آیت نمبر 2,3) پڑھے اور آسمان کی طرف پھونکے تو اللہ تعالیٰ اس بندے کو تین نعمتیں عنایت فرماتے ہیں ایک درازی عمر دوسری زیادتی مال تیسرے نجات کہ جنت میں بے حساب داخل ہوگا۔ (ہشت بہشت ص 274)

☆ حضرت فرید الدین گنج شکر رحمۃ تعالیٰ فرماتے ہیں جس روز آیت الکرسی نازل ہوئی تو ستر ہزار مقرب فرشتے معہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو میرا بندہ آیت الکرسی پڑھے گا اس کے ہر حرف کے بدلے میں ہزار ہزار سال کا ثواب اس کے نام لکھا جائیگا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے نکلے تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ واپس آنے تک اس کی بخشش کے لیے التجا کرو اور جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر میں داخل ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے گھر سے مفلسی دور کر دیتا ہے۔ (ہشت بہشت ص 277)

☆ حضرت خواجہ نظام الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام معہ چوبیس ہزار فرشتوں کے سورۃ مزمل کو ریشم پر قلم نور سے لکھا ہوا لے کر آئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اٹھ کر بڑی تعظیم و تکریم سے ہاتھ میں لیکر بوسہ دیا اور سر پر رکھی اور فرمایا اے جبرائیل علیہ السلام فرمان الٰہی کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اگر میں اس سورۃ کو پہلے پیغمبروں کے عہد میں نازل کرتا تو اس کی برکت سے ان کا ایک بھی گناہ گار نہ ہوتا اور اس کی برکت سے ان سب کو بخش دیتا۔ پس جو بندہ خدا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے ہے، اس کو فرض نماز کے بعد پڑھے گا اسے ہر حرف کے بدلے میں ایک لاکھ نیکی عطا ہو گی اور اسی قدر گناہ اس کے نامہ اعمال سے مٹا دیے جائیں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنت میں داخل ہو گا اس سورۃ کے پڑھنے والے کو جنت میں ہزار محل سبز زمرد کے بنے ہوئے ملیں گے جن میں ہر ایک میں ہزار ہزار چھوٹے محل ہوں گے اور جن میں ہزار حوریں ہوں گی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے میرے امتیو! تم اس سورۃ کو اپنا ورد مقرر کر لو اور اسے ہر روز دس مرتبہ پڑھا کرو۔ جو ہر روز اسے دس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے برے آدمیوں اور آفات کے شر سے محفوظ رکھے گا اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں ہو گا اور اس سورۃ کی برکت سے اسے کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچے گی اور جو کسی کام کے لیے اسے پڑھے گا وہ مہم سرانجام ہو گی اور اس سورۃ کا ثواب اگر اہل آسمان اور اہل زمین لکھنے لگیں تو بھی نہیں لکھ سکتے۔ (ہشت بہشت ص 507)

حضرت فریدالدین رحمۃ اللہ علیہ حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے فرماتے ہے جو شخص یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہمیشہ فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا کرے تو حق تعالیٰ اس کے دشمنوں کو دوست بنا دے گا۔ اگر کوئی شخص کسی ظالم کی قید میں گرفتار ہو تو اس آیت کی برکت سے بہت جلد رہا ہو جائے۔"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ (سورۃ بقرہ آیت نمبر 165)

یہ آیت طاقتور دشمن کو زیر کرنے کے لیے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور فرض نماز کے بعد 303 مرتبہ پڑھا کریں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (سورہ بقرہ آیت نمبر 137). پوری آیت الکرسی اور آخر میں "بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔ جو شخص اس آیت کریمہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا کرے۔ بادشاہ اور بڑے لوگوں کے دل میں اس کی عزت میں اضافہ ہو اور تمام مشکل کام حل ہو جائیں:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (آل عمران آیت نمبر 26) جو شخص یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہمیشہ ہر نماز کے بعد پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے مال و دولت میں خیر برکت عطا فرمائے گا: "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا اَفَلَمْ يَايْئَسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا (سور الرعد آیت نمبر 31)

* * *

مولانا شاہ فضل الرحمن صاحب رحمۃ اللہ علیہ گنج مراد آبادی

حصول مقاصد دنیاوی

(1) حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ (سورۃ آل عمران آیت نمبر 173) روزانہ 500 مرتبہ پڑھا کریں (2) درود تنجینا 70 مرتبہ روزانہ پڑھنا دنیاوی مشکلات کے واسطے مجرب ہے۔ (3) وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌم بِالْعِبَادِ (سورۃ المومن آیت نمبر 44) (4) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ 100 مرتبہ مع اوّل وآخر 11,11 بار درود شریف پڑھنا مجرب ہے۔

ادائیگی قرض

ادائیگی قرض کیلئے کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کثرت سے پڑھنا موثر ہے۔ دنیاوی عزت وہر حاجت دنیاوی عزت وہر حاجت کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o سُبْحٰنَکَ الْقَادِرُ الْقَہَّارُ الْقَوِیُّ الْکَافِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ 110 مرتبہ پانچوں نمازوں کے بعد پڑھا کریں۔

کشادگی رزق

کشادگی رزق کیلئے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ بعد نماز فجر 100 بار پڑھا کریں۔

دفعیہ اثر جنات

اگر کسی شخص پر جن کا اثر ہو یا دیوانگی کا عارضہ ہو تو اس کے بائیں کان میں تین مرتبہ کہیں ”شیخ عبدالقادر جیلانی“ جن بھاگ جائے گا۔ دیوانگی کا اثر جاتا رہے گا۔ واضح رہے کہ اعمال کا اثر توفیق ربانی پر منحصر ہے اور قبول وتاثیر میں اکل حلال وصدق مقال کو خاص دخل ہے۔

اعمالِ حزب البحر خواص محبت

وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ 77 بار پڑھ کر يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ اَشَدُّ حُبًّالِّلّٰهِ ط (سورۂ بقرہ آیت نمبر 165) پڑھ کر یہ دعا کریں: "الٰہی محبت و مودت فلاں بن فلاں اور دل و جان و مغز استخوان فلاں بن فلاں پدید گرداں و چنانکہ یک لحظ بے ادبودن نتواند آمین آمین۔" اور ہر مرتبہ آمین پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھ منہ پر پھیر لیں اور عرق گلاب پر دم کر کے رکھ لیں جس وقت محبوب کے سامنے جائیں ذرا سا عرق گلاب دونوں ہاتھوں پر مل کر چہرہ پر پھیر لیں۔ دفع اعداء و عقد اللّسان "وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَائِنَا"۔ پر پہنچے تو 70 بار اسم يَاقَاهِرُ ذُاالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَايُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَاقَاهِرُ پڑھ کر دعا کریں۔ الٰہی فلاں بن فلاں کے مکر و فریب اور اس کے شر سے مجھے بچا۔" ۔ یہ عمل 3 روز تک پڑھنا چاہیے۔ شفائے مریض 3 روز تک 25 مرتبہ پڑھیں۔ جب بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَايَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ٥ پر پہنچیں تو کہیں: يَاشَافِي شفا بخش فلاں بن فلاں را از جمیع علل و امراض بِحَقِّ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

تسخیر حکام:

3 روز تک 21 مرتبہ پڑھیں، جب بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ (سورۂ یٰسین آیت نمبر 83) پر پہنچیں تو 70 مرتبہ کہیں "يَاعَزِيْزُ عزیز گرداں در چشم فلاں بن فلاں۔" اس کے بعد اَلَمْ نَشْرَحْ ایک بار اور اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ 30 بار پڑھیں۔ اس کے بعد جب حاکم کی عدالت یا اس کے مکان پر جائیں، پوری دعا حزب البحر پڑھ کر جائیں۔ ادائیگی قرضہ 2 دن تک روزانہ 15 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ جب وَارْزُقْنَا فَاِنَّكَ

خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ پر پہنچیں تو 70 مرتبہ پڑھیں: "اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ جَنَّتِكَ۔"

شادی کی بندش کھولنے کیلئے

3 روز تک کنویں کے پانی پر جو رات کے وقت نکالا گیا ہو۔ ایک بار پڑھ کر دم کریں۔ جب فَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ پر پہنچیں۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ سے بِغَیْرِ حِسَابٍ (سورۂ آل عمران آیت نمبر 27-26) تک پڑھیں اور اس پانی سے لڑکی کے ہاتھ پاؤں دھو کر پاک جگہ ڈالیں کہ اس پر کسی کا پاؤں نہ پڑے یا بہتے پانی میں ڈال دیں۔

برائے تونگری

3 روز تک 27 مرتبہ پڑھیں اور جب وَانْشُرْھَا عَلَیْنَا مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ پر پہنچیں 70 مرتبہ پڑھیں یَا غَنِیُّ اَغْنِنِیْ وَارْزُقْنِیْ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَاسِعًا بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ اور ہر روز 7 فقیروں کو شیرینی یا کھانا حسب استعداد کھلائیں۔ فتوحات کا دروازہ کھل جائے گا۔

برائے کمال معرفت وغلبہ حال

3 روز تک 19 مرتبہ پڑھیں، جب مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ o بَیْنَھُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ (سورۂ الرحمن آیت نمبر 20-19) پر پہنچیں تو 70 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ o (سورۂ انبیاء آیت نمبر 87) پڑھ کر کہیں: "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ كَمَالَ الْمَعْرِفَةِ وَ حَقِیْقَةَ الْیَقِیْنِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔"

سلامتی ایمان کیلئے

3 روز تک دس مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْهِ

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿توبہ ۱۲۹﴾ پر پہنچیں 70 مرتبہ یہ دعا پڑھیں: "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا صَادِقًا وَ يَقِيْنًا كَامِلًا وَ قُلْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ"۔

حزب البحر پڑھنے کا طریقہ

دعا شروع کرنے سے پہلے سورۃ الفاتحہ پڑھ کر اس کا ثواب حضرت امام شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کی روح مبارک کو بخشیں اور اگر توفیق ہو فقیر کو صدقہ دیں اور ہر روز اعتصام اختتام کے ساتھ شروع ہو ختم کریں اور پڑھتے وقت حصار کے اندر بیٹھیں۔ حصار کا قاعدہ یہ ہے کہ سات تار کالے ریشم کے لے کر اس کو اپنے گرد دائرہ کی شکل میں بنا لیں۔ منہ کھلا رہے اندر بیٹھ کر منہ بند رکھیں۔ صحت الفاظی کے ساتھ دعا پڑھیں اور تمام شرائط عامل پیش نظر رکھیں اور جب دن پورے ہو جائیں، بکری یا مرغا ذبح کر کے فقراء کو صدقہ کریں اور جس مقصد کیلئے پڑھیں گے حکم الٰہی سے پورا ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

* * *

حضرت مولانا محمد رمضان صاحب رحمۃ اللہ علیہ بوڑیوی

خواص سورۂ فاتحہ

(1) سورۂ فاتحہ میں سوائے موت کے ہر مرض کیلئے شفاء ہے۔ (2) جو شخص فرائض عشاء اور وتروں کے درمیان سورۂ فاتحہ 260 مرتبہ 260 روز تک پڑھے گا، اگر پڑھنے والا فقیر ہوگا تو مالدار ہوجائے گا۔ (3) اگر سورۂ فاتحہ 100 مرتبہ روزانہ پڑھا کریں تو ہر بلا سے امن میں رہیں اور دشمن مغلوب و مقہور ہوجائے گا۔ (4) جس شخص کو تہیئہ بخار آرہا ہو، ایک روئی کے پھایہ پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے مریض کے بائیں کان میں رکھ دیں، بخار جاتا رہے گا۔ (5) اگر کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہو تو دودھ پر 7 بار یا 21 بار سورۂ فاتحہ دم کر کے تھوڑا سا لہسن پیس کر ملا دیں اور مریض کو پلائیں۔ شفا پائے گا۔ (6) اگر کسی کا لڑکا بھاگ گیا ہو اور اس قفل کو ایک کوری ہانڈی میں رکھ کر تقریباً ایک سیر پانی ڈال کر چولہے پر رکھ کر آگ جلائیں اور گیارہ بار سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ لڑکا شام تک واپس آجائے گا۔ 7-21 دانہ گندم لیں ہر ایک دانہ پر ایک ایک بار سورۂ فاتحہ دم کر کے ان دانوں کو دودھ میں ڈال کر پکائیں۔ اگر دودھ پھٹ جائے تو اس عورت پر کارگر نہ ہوگا اور اگر نہ پھٹا تو اس دودھ پر 360 مرتبہ سورۂ فاتحہ دم کر کے اور 11 روز تک عورت اور مرد کو پلائیں یہ عمل اولاد کیلئے ہے۔ آیت کریمہ پڑھنے کی ترکیب رات کو ایک پیالہ پانی سے بھر کر مصلی پر رکھ لیں اور 360 مرتبہ آیت کریمہ پڑھنا شروع کریں جب ایک تسبیح پوری ہوجائے تو اس تسبیح کو پانی میں بھگو کر اپنے چہرہ اور بدن پر پھیریں یہی عمل 40 روز تک پڑھیں دوسری ترکیب میں نیت حصول مطلب 12 ہزار مرتبہ روزانہ 40 روز تک آیت کریمہ پڑھیں۔ اگر 12 ہزار مرتبہ نہ پڑھ سکیں تو 12 سو مرتبہ ضرور پڑھیں۔

سورہ مزمل پڑھنے کی ترکیب

پہلے 21 مرتبہ یہ درود پڑھیں: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِصِ اس کے بعد یہ دعا ایک بار پڑھیں: یَاحَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا یَاحَنَّانُ اس کے بعد سورہ مزمل 41 بار پڑھیں اور آخر میں 100 مرتبہ یہ دعا پڑھیں: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اس کے بعد درود شریف پڑھ کر اللہ سے دعا مانگیں۔ یہ عمل 40 روز کا ہے۔

سورہ مزمل پڑھنے کی دوسری ترکیب

سورہ مزمل ہر روز تین مرتبہ بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء 3 مرتبہ اس ترکیب سے پڑھیں کہ جب اس آیت پر پہنچیں رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ 450 بار پڑھ کر سورہ مذکورہ تمام کریں اور سجدہ میں دعا مانگیں۔

تنویر قلب:

جو شخص آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو منور کر دے گا۔ تمام پوشیدہ چیزیں ظاہر ہونے لگیں گی۔ تمام مکروہات سے امن میں رہے گا۔ تمام موذی جانوروں کی گزند سے محفوظ رہے گا۔ جادو اس پر اثر نہ کرے گا۔

دشمن، حاسد اور مفسد کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے:

سیسہ کے ایک ٹکڑے پر کندہ کر کے انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھ کر ہاتھ میں پہنیں۔ کسی شخص کی طاقت نہ ہوگی کہ اس کے سامنے یا پس غیب اس کو برا بھلا کہہ سکے، وہ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

خیر و برکت کیلئے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o ط ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ط وَاللّٰہُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ۔" (سورۂ جمعہ آیت نمبر 4) جمعہ کے دن لکھ کر صندوق یا مال خزانہ میں رکھیں، حق تعالیٰ غیب سے برکت عطا فرمائے گا۔

☆ اگر کسی کھانے پینے کی چیز سے نقصان یا ضرر کا اندیشہ ہو، سورۂ قریش پڑھ کر کھا لیں۔ انشاء اللہ مضر ثابت نہ ہوگی۔

☆ دیو، پری کے دفعیہ کیلئے مریض کو سامنے بٹھا کر سورۃ الطارق 3 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

☆ جس گھر میں آسیب کا عمل دخل ہو سورۂ مزمل گیارہ بار پانی پر پڑھ کر وہ پانی گھر کے چاروں کونوں میں ڈال دیں۔ آسیب بھاگ جائے گا۔

☆ سورۃ الناس کی تلاوت سے بھی آسیب شیاطین بھاگ جاتے ہیں۔ جن اور پری کے دفعیہ کیلئے سورۂ جن 7 مرتبہ دم کریں۔

☆ اگر مرد یا عورت پر دیو کا اثر ہو تو سورۂ حجرات لکھ کر مریض کے دائیں ہاتھ پر باندھیں۔ اگر مکان کی دیوار پر سورۂ حجرات لکھ کر لٹکا دیں۔ دیو اور جن اس گھر میں داخل نہ ہو سکے گا۔ 3 بار آیت الکرسی اور 3،3 بار چاروں قل اور 41 بار یَاحَفِیۡظُ تَحَفَّظۡتُ بِالۡحِفۡظِ وَ احۡفَظۡ فِیۡ حِفۡظِكَ یَاحَفِیۡظُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر ملیں۔ جنات، شیاطین اور ہر قسم کے آسیب سے حفاظت کیلئے بہترین حصار ہے۔

"ال م ص ر ک ہ ی ع ط ص ح ق۔ یہ 14 نورانی حروف ہیں لکھ کر پاس رکھنے والا حرق، غرق، سرق اور ہر بدی سے محفوظ رہے گا۔ اگر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پانی پر دم کر کے بخار کے مریض کو پلائیں، صحت یاب ہوگا۔

* * *

امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی عملیات

ذیل میں وہ دعائیں درج ہیں جو صحیفہ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ میں مذکور ہیں جن کی برکت سے بڑی بڑی مشکل چشم زدن میں حل ہو جاتی ہے۔

دعا طائر رومی

صاحب حیوۃ الحیوان نے لکھا ہے کہ میرا ایک ہمسایہ 20 سال تک بلاد روم میں اسیر رہا ہے۔ بیس سال بعد حق تعالیٰ نے خلاصی عطا فرمائی۔ میں نے اپنے ہمسایہ سے رہائی کے حالات دریافت کئے تو اس نے بیان کیا میں ایک رات بیوی بچوں کے غم میں اس قدر رویا، جس کی حد نہیں۔ اسی دوران مجھے دیوار پر ایک پرندہ یہ دعا پڑھتا ہوا نظر آیا۔ یہ دعا میں نے غور سے سن کر حفظ کر لی اور 3 رات مسلسل پڑھتا رہا۔ تیسری رات میں یہ دعا پڑھ کر سو گیا۔ جب آنکھ کھلی تو اپنے مکان کی چھت پر موجود تھا۔ چھت سے اتر کر اپنے گھر میں آیا۔ بیوی بچوں سے ملا۔ ان کی خوشی کی کوئی حد و غایت نہ تھی۔ اس کے بعد میں حج کو گیا۔ طواف بیت اللہ میں یہی دعا پڑھ رہا تھا کہ ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ یہ دعا تو روم میں ایک پرندہ پڑھا کرتا تھا۔ میں نے جواب دیا بالکل درست ہے۔ پھر میں نے اس سے اپنی طویل اسیری کا حال ذکر کیا۔ پھر میں نے اُس سے پوچھا کہ آپ کا اسم گرامی کیا ہے؟ تو آپ نے جواب دیا کہ میں خضر ہوں۔ اس دعا کی برکت سے تمام مشکلات دور ہو جاتی ہیں۔ قیدی قید سے رہا ہو جاتے ہیں۔ ہر مشکل مصیبت کے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے اس کے علاوہ دنیا کی ہر مشکل چاہے اس کا تعلق رب کائنات سے ہو یا انسان سے ہو۔ جادو، جنات، بندش، ٹونہ اور نظر بد اس دعا کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔ جتنی کثرت اور زاری سے یہ دعا پڑھی جائے گی تو انسان ہر مشکل کی قید سے نجات پائے گا۔ دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ یَا مَنْ لَا تَرَاہُ الْعُیُوْنُ لَا تُخَالِطُہُ الظُّنُوْنُ وَلَا تَصِفُہُ الْوَاصِفُوْنَ وَلَا تُغَیِّرُہُ

الْحَوَادِثُ وَلَا الدُّهُوْرُ تَعْلَمُ مَثَاقِيْلَ الْجِبَالِ وَمَكَائِيْلَ الْبِحَارِ وَعَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ وَعَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ وَعَدَدَ مَا يُظْلِمُ عَلَيْهِ الَّيْلُ وَيُشْرِقُ عَلَيْهِ النَّهَارُ وَلَا تُوَارِيْ مِنْهُ سَمَاءٌ سَمَاءً وَلَا اَرْضٌ اَرْضًا وَلَا جَبَلٌ اِلَّا وَيَعْلَمُ مَا فِيْ قَعْرِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ خَيْرَ عَمَلِيْ خَوَاتِيْمَهٗ وَ خَيْرَ اَيَّامِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ مَنْ عَادَانِيْ فَعَادِهٖ وَمَنْ كَادَنِيْ فَكِدْهُ وَمَنْ بَغٰى عَلَيَّ فَاَهْلِكْهُ وَمَنْ نَصَبَ لِيْ فَخُذْهُ وَاطْفِ عَنِّيْ نَارَ مَنْ اَشَبَّ اِلَيَّ نَارَهٗ وَاكْفِنِيْ هَمَّ مَنْ اَدْخَلَ عَلَيَّ هَمَّهٗ وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ دِرْعِكَ الْحَصِيْنِ وَاسْتُرْنِيْ بِسِتْرِكَ الْوَاقِيْ يَا مَنْ يَكْفِيْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَلَا يَكْفِيْ مِنْهُ شَيْءٌ۔ اِكْفِنِيْ مَا اَهَمَّنِيْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَصَدِّقْ لِيْ قَوْلِيْ وَفِعْلِيْ بِالتَّحْقِيْقِ وَفَرِّجْ عَنِّيْ كُلَّ ضِيْقٍ وَلَا تُحَمِّلْنِيْ مَا لَا اُطِيْقُ اَنْتَ اِلٰهِيْ اَنْتَ الْحَقُّ الْحَقِيْقُ يَا ظَاهِرَ الْبُرْهَانِ يَا قَوِيَّ الْاَرْكَانِ يَا مَنْ رَحْمَتُهٗ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ يَا مَنْ لَا يُحِقُّ مَكَانٌ وَلَا يَخْتَرُ مِنْهُ مَكَانٌ اُحْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنِيْ بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ قَدْ تَيَقَّنَ قَلْبِيْ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَاِنِّيْ لَا اَهْلِكُ وَاَنْتَ مَعِيْ وَيَا رَجَائِيْ فَارْحَمْنِيْ بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ يَا عَظِيْمًا يُرْجٰى لِكُلِّ عَظِيْمٍ يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ اَنْتَ لِحَاجَتِيْ عَلِيْمٌ وَعَلٰى خَلَاصِيْ قَدِيْرٌ وَهُوَ عَلَيْكَ سَهْلٌ يَسِيْرٌ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ يَا اَجْوَدَ الْاَجْوَدِيْنَ وَيَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ارْحَمْنِيْ وَاغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

ادائگی قرض ادائیگی قرض کے لیے

یہ دعا جمعہ کے دن پڑھنی چاہیے۔ "اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ" ایضاً یہ دعا خشوع و الحاح کے

ساتھ پڑھنی چاہیے: یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِحُرْمَةِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ اِقْضِ عَنِّيْ دَيْنِيْ ایضاً یہ تسبیح کثرت سے پڑھنی چاہیے: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَسْئَلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمام انبیاء سابقین یہ دعا پڑھا کرتے تھے اور اپنے اہل وعیال کو تعلیم کیا کرتے تھے۔ اس کی برکت سے ہر مشکل حل ہوجاتی ہے: ”یَا دَائِمًا لَمْ یَزَلْ یَا اِلٰهِیْ وَاِلٰهَ اٰبَائِیْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اِفْعَلْ بِنَا كَذَا (اس جگہ اپنی حاجت کا نام لیں)

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ چار تسبیحات باقیات الصالحات ہیں۔ حضور سرور کائنات کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص فرض نماز کے بعد یہ تسبیحات 30 مرتبہ پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس کو دشمن کے شر سے اپنی حفاظت میں رکھے گا اور آگ میں جلنے، پانی میں غرق ہونے، کنویں میں گرنے اور تمام درندے، جانوروں اور ہر قسم کی بلیات سے محفوظ رہے گا۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص فرض نماز کے بعد 73 مرتبہ یہ دعا پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس کے جان ومال، اولاد اور ہمسایوں کی حفاظت کرے گا۔ دعا یہ ہے۔ اُعِیْذُ نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ وَوَلَدِیْ وَ اِخْوَانِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَا رَزَقَنِیْ اَبِیْ وَ خَوَاتِیْمَ عَمَلِیْ وَمَنْ یُّعْنِیْنِیْ اَمْرُهٗ بِاللّٰهِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ وَبِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ط

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص بعد نمازِ عصر 70 مرتبہ

استغفار پڑھے گا حق تعالیٰ اسکے 700 گناہ بخش دے گا۔ حضرت جوادرحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ جو شخص نمازِ عصر کے بعد 10 مرتبہ سورۂ القدر پڑھے۔ اس کو اس روز کے تمام مخلوق کے نیک اعمال کا ثواب ملے گا۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص نمازِ فجر اور مغرب کے بعد 7 مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ○ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ 70 بلاؤں کو دور کر دے گا۔ ریاح، برص، دیوانگی جیسے امراض دور ہو جائیں گے اور اس کا نام نیک بختوں کے دیوان میں لکھا جائے گا۔

* * *

خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی مشکل کشا دعائیں

عمل حفاظت

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ بغداد میں ایک شخص کو شیر کے آگے ڈال دیا مگر شیر نے اس کو منہ بھی نہ لگایا معلوم ہوا کہ اس کے پاس اسم باری تعالیٰ تھا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَادَائِمُ بَلَا فَنَاءٍ وَیَاقَائِمُ بَلَا زَوَالٍ وَیَاآمِیْرُ وَیَانَذِیْرُ

دفعیہ تنگی معاش

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص افلاس یا تنگی معاش میں مبتلا ہو۔ اسے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کثرت سے پڑھنا چاہیے۔

عمل حفاظت

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ کثرت سے پڑھتا ہے۔ اسے کوئی چیز ضرر نہیں دیتی۔

عذاب قبر سے حفاظت

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ان پانچ سورتوں کو ہر روز پڑھا کرے وہ عذاب قبر سے امن میں رہے گا۔ وہ پانچ سورتیں یہ ہیں الواقعۃ، الرحمن، والشمس، وَالَّیلِ اور الم نشرح

ترقی وافزائش رزق

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے جو شخص فرض نمازوں کے بعد تین

مرتبہ سورہ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ آیت پڑھے گا: "وَمَنْ يَّتَّقِ اللهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا"۔ (سورۃ الطلاق آیت نمبر 3) اور آسمان کی طرف پڑھ کر پھونک دے تو حق تعالیٰ اس کو تین نعمتیں عطا فرمائے گا اول درازی عمر، مال و دولت کی کثرت سوم بہشت میں بے حساب داخلہ۔

دفعیہ افلاس

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ فتاویٰ ظہیریہ میں ہے کہ حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے نکلے تو اللہ 70 ہزار فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ واپس آنے تک اس کی مغفرت کے لئے دعا کرتے رہو اور جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر میں داخل ہو گا اللہ تعالیٰ اس کے گھر سے مفلسی کو دور کر دے گا۔

کشائش رزق

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کشائش رزق کے لئے یہ دعا نہایت موثر ہے۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْمُلْكِ وَالْبَقَا يَا ذَا الْمَجْدِ وَالْعَطَا يَا وَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ

حل مشکلات

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص ان اسماء کو ہزار بار پڑھے گا مشکل سے مشکل مہم ضرور بالضرور سر انجام ہو گی: اَقْوٰى مُعِيْنٍ وَّاَهْدٰى دَلِيْلٍ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اللہ کے دوستوں سے ملاقات جو شخص اللہ کے دوستوں سے ملاقات کا آرزومند ہو وہ یہ آیت بکثرت پڑھے:۔

اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (سورۃ آل عمران آیت نمبر 9)

قضائے حاجات وحل مشکلات

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اگر کسی شخص کو کوئی مہم درپیش ہو یا نیک بخت فرزند کا آرزومند ہو، یا کسی کا لڑکا بھاگ گیا ہو اس کو رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ پڑھنا چاہیے۔

(سورۃ آل عمران آیت نمبر 38)

برکت اور روزی میں فراخی

جو شخص اس بات کا خواستگار ہو کر اس پر برکت اور رحمت خداوندی نازل ہو، روزی فراخ ہو اور کسی کا محتاج نہ ہو تو یہ آیت پڑھا کرے: رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (سورۃ المائدہ آیت نمبر 114)

سلامتی ایمان

جو شخص چاہے کہ اس کی زندگی خیر سلامتی اور ایمان کے ساتھ گزرے تو یہ آیت بکثرت پڑھنی چاہیے: رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (سورۃ بقرہ آیت نمبر 250)

دیو پری کے شر سے حفاظت

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص دیو پری اور دشمنوں کے شر سے امن میں رہنا چاہے تو یہ آیت بکثرت پڑھنی چاہیے:

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ (سورۃ ابراہیم آیت نمبر 35)

بہشت میں جانے کا عمل

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس دعا کو معنی سمجھ کر ایک مرتبہ پڑھے اور اسی دن مر جائے تو بہشتی ہوگا اور اگر رات کو مرا تب بھی بہشتی ہوگا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ”

* * *

صاحب حزب البحر رحمۃ اللہ علیہ کے مجرب عملیات

(1) جو شخص سوتے وقت 21 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے گا۔ وہ جنات کے شر، چوری، آگ میں جلنے، ناگہانی موت اور ہر بلا و آفت سے محفوظ رہے گا۔

(2) مجنوں یا آسیب زدہ پر 41 مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے آسیب اور جنون جاتا رہے گا۔

(3) ظالم حاکم کے سامنے 50 مرتبہ پڑھ کر جانے سے ظالم حاکم کے دل میں ہیبت پیدا ہو جاتی ہے۔

(4) اگر بارش کی ضرورت ہو، بارش نہ ہوتی ہو، تو نیت خاص سے 12 مرتبہ پڑھیں۔

(5) اگر کوئی شخص جسمانی درد یا سر درد میں مبتلا ہو، تو 100 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر دم کریں، صحت یاب ہو جائے گا۔

(6) جس وقت امام جمعہ کے دن خطبہ کے لیے منبر پر آئے، 113 مرتبہ پڑھ کر خطیب کے ساتھ دعاء مانگ کر حق تعالیٰ سے حاجت طلب کرے، پوری ہو جائے گی۔

(7) طلوع آفتاب کے وقت اتوار کے دن قبلہ کی طرف منہ کر کے 313 مرتبہ پڑھیں، اور درود شریف 100 مرتبہ تو حق تعالیٰ بے حساب رزق عطا فرمائے گا۔

(8) جو شخص 788 مرتبہ ہر روز مداومت کے ساتھ نیت خالص سے پڑھتا رہے گا۔ اس کے تمام نیک مقاصد، بحکم الٰہی بر آئیں گے۔

(9) اگر روزہ رکھ کر 488 مرتبہ بسم اللہ پڑھیں، تو مقصد بہت جلد بر آئے گا۔

(10) اگر 313 مرتبہ مداومت کے ساتھ پڑھتے رہیں، تو تمام لوگوں کے دل اس کے لیے مسخر ہو جائیں گے۔

(11) اگر 1000 مرتبہ مداومت کے ساتھ پڑھتے رہیں، تو اس کی دین و دنیا کی تمام

حاجتیں پوری ہوں گی۔

(12) جو شخص قید میں ہو یا کسی غم و فکر میں مبتلا ہو تو اس کو دن میں ہزار اور رات کو ہزار مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

(13) اگر آپس میں الفت پیدا کرنی ہو تو بارش کے پانی پر 313 مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر دم کر کے پلانا چاہیے۔

(14) جو بچہ سوتے ہوئے چونک پڑتا ہو، ڈر جاتا ہو، ایک کاغذ پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ 21 مرتبہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں، بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

(15) اگر 35 مرتبہ لکھ کر گھر میں لٹکائیں، تو اس گھر میں شیطان اور جن داخل نہ ہوگا، اور بے حساب خیر و برکت ہوگی اور اگر دکان پر لٹکائیں تو خوب نفع ہو۔

(16) اگر محرم کی پہلی تاریخ کو 113 مرتبہ لکھ کر گلے میں حمائل کریں تو وہ شخص اور اس کے بال بچے ہر تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔

(17) اگر 111 مرتبہ سفید کاغذ پر لکھ کر باغ میں دفن کر دیں تو پیداوار خوب ہو اور اگر گلے میں ڈال لیں تو دشمن کے دل میں اس کی ہیبت بیٹھ جائے۔

(18) مچھلیوں کا شکار کرنے کے لیے سیسہ کے ایک ٹکڑے پر 3 مرتبہ لکھ کر جال میں باندھیں، تو شکار خوب ہاتھ آئے۔

(19) اگر کوئی شخص عوام اور خواص کی نظر میں معزز اور مکرم بننا چاہے، تو جمعرات کو روزہ رکھ کر چھوارے اور شکر سے روزہ افطار کرے اور 121 مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھے اور ہمیشہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ اس کے بعد مشک و زعفران اور گلاب سے حروف مقطعہ کی صورت میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھے اور اگر بتی کی دھونی دے کر بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے تو جو شخص بھی اسے دیکھے گا، دیکھتے ہی محبت کرنے لگے گا۔

(20) نیلے کپڑے پر اللہ لکھ کر اس کا ایک کنارہ جلا کر آسیب زدہ کو سنگھائیں تو آسیب محبوس ہو جائے گا۔ اگر آسیب سے بات کرنا چاہیں یا آسیب کا قتل کرنا مقصود ہو تو اسی فیتہ سے کام چلے گا اور کسی برتن میں اللہ مکرر لکھیں کہ برتن کا اندرونی حصہ خالی نہ رہے۔ پھر اس برتن کو دھو کر اس کا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ آسیب جل جائے گا۔

(21) اگر سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا ہو تو بسم اللہ حروف مقطعات کی صورت میں اور اس کے بعد سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ (الصافات 79) لکھ کر دھو کر پلائیں۔ زہر اتر جائے گا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

(22) لفظ الرحمن لکھ کر 150 مرتبہ یا رحمن پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس رکھ کر ظالم حاکم کے پاس جائیں۔ اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

(23) اگر الرحیم حروف مقطعات کی صورت میں 280 مرتبہ لکھ کر بطور تعویز گلے میں ڈالیں تو تلوار اور چھری کی دھار آپ پر اثر نہ کرے گی۔

(24) امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ رات کو بستر پر لیٹتے وقت جو شخص یہ دعا پڑھے گا وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی دعا لکھ کر حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے گلے میں بطور تعویذ ڈالی تھی۔ دعا یہ ہے

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللهِ اَعُوْذُ بِجَیَالِ اللهِ اَعُوْذُ بِسُلْطَانِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِجَبَرُوْتِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِمَلَكُوْتِ اللهِ ط وَاَعُوْذُ بِدَفْعِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِجَمْعِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِمُلْكِ اللهِ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَةِ اللهِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ وَ ذَرَاَ وَبَرَءَ وَمِنْ شَرِّ الْهَآمَّةِ وَالسَّآمَّةِ وَ مِنْ شَرِّ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَ مِنْ شَرِّ فَسَقَةِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَ مِن شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ فِی اللَّيْلِ والنَّهَارِ اَنْتَ تَاخُذُ بِنَا صِيَتِهَا اِنَّ رَبِّی عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

(25) اگر خواب میں کسی مردہ کی زیارت کرنی ہو تو یہ دعا پڑھ کر سو رہے "اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَا يُعْرَفُ وَالْاِيْمَانُ يُعْرَفُ مِنْكَ بَدَتِ الْاَشْيَاءُ

وَاِلَيْكَ تَعُوْدُ مَا اَقْبَلَ مِنْهَا كُنْتَ مَلْجَاءَهٗ وَ مَنْجَاهُ وَمَا اَدْبَرَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ مَلْجَاءٌ وَلَا مَنْجٰى مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ وَ اَسْئَلُكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَاسْئَلُكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحَقِّ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَبِحَقِّ عَلِيٍّ وَبِحَقِّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ فِي الْعَالَمِيْنَ وَبِحَقِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ الَّذِيْنِ جَعَلْتَهُمَا سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُرِيَنِيْ بِيْتِيْ فِي الْحَالِ الَّتِيْ هُوَ عَلَيْهَا۔ (26) اگر کوئی شخص بیمار ہو جائے اور اس کی بیماری کا علاج کسی کی سمجھ میں نہ آئے تو غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہن کر تنہائی میں پاک بستر پر لیٹ کر سورۂ الم نشرح 15 مرتبہ اور والضحیٰ 15 مرتبہ پڑھ کر اللہ سے دعا کرے کہ خواب میں ایسی دوا بتلا دی جائے جس سے مریض کو صحت حاصل ہو جائے۔ انشاءاللہ خواب میں مطلب حل ہو جائے گا۔ حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جو شخص یہ استغفار 2 ماہ تک روزانہ 400 مرتبہ پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس کو یا تو علم کا خزانہ عطا فرمائے گا یا مال و دولت کا:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَرِيْ اِسْرَافِيْ عَلٰى نَفْسِيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

* * *

نامراد لوگوں کے لیے بامراد ولی کے وظائف

سورہ قریش ہر نماز کے بعد 21 مرتبہ، پہلا فائدہ:

جس شخص کے پاس جائیں گے آپ کا جو بھی کام ہوگا ہو جائے گا۔ اس عمل کے ساتھ ساتھ میں آخری تینوں قل شریف بھی پڑھتا ہوں۔ مانسہرہ میں وقار نامی لڑکے کو میں نے یہی عمل بتایا۔ اس لڑکے نے مجھے بتایا کہ میرا کسی بھی شخص کے پاس کوئی بھی کام ہو، میں سورہ قریش 21 بار پڑھ کر چلا جاتا ہوں۔ میرا کام ہو جاتا ہے۔ اللہ کی مہربانی سے یہ عمل مجھ سے ایبٹ آباد کے ایک بوڑھے عالم مولوی ہارون صاحب (جن کی عمر تقریباً 70 سال ہے) نے بھی لیا اور اس کے فوائد دیکھے۔

ہر قسم کی پریشانی اور مصیبت سے نجات کیلئے دعا

پہلے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ (آیت نمبر 156) پڑھیں پھر یہ دعا پڑھیں، اَللّٰھُمَّ اٰجِرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَاO پہلی مرتبہ یہ دعا مجھے میرا موبائل گم ہونے پر افغانستان کے ایک عالم مولوی کاشف حمید بن صالح جو حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں، نے بتائی۔ پھر تو مجھے جب بھی کوئی ذرا سی پریشانی یا مصیبت آئی، یہ دعا پڑھی اور ادھر اللہ کی طرف سے مسئلہ حل ہوگیا۔ بڑے بھائی کے پاس موبائل فون نہیں تھا، مجھے کہا میں نے یہی دعا بتادی۔ چند دن کے اندر اندر غیب سے پیسے آئے اور بھائی نے نیا موبائل لے لیا۔ اس لیے جب بھی کوئی پریشانی آئے یہ دعا پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ پریشانی فوراً ختم کردیں گے۔ بوریوالہ کے مولوی عمران صدیقی صاحب کو یہی دعا بتائی ان کے سسرال والے نہیں مان رہے تھے یہ دعا پڑھی، مسئلہ حل ہوگیا۔

حضور نبی کریم ﷺ کا ہجرت کی رات کا عمل

وَجَعَلْنَا مِنْ م بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۝ (سورہ یٰسین آیت نمبر 9) مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ صاحب نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ مجھے نقصان پہنچانے آئے، میں نے یہی دعا پڑھی اور ان کو میں نظر ہی نہیں آیا۔ حضرت والد صاحب نے یہ عمل بتایا، پڑھا تو فائدہ ہوا۔ اس کے ساتھ یہ دعا بھی مجرب ہے۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ۝ (سورۂ انعام، آیت نمبر 103) اسی دعا کو فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ مرتبہ پڑھیں (اول و آخر تین مرتبہ درود شریف)۔ بہت جلد قرض اتر جائے گا۔

غیب سے رزق کیلئے

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ ۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ (سورۂ الشوریٰ، آیت نمبر 19) تہجد کے چار یا زائد جتنے بھی نفل پڑھیں نفلوں کے درمیان سلام پھیر کر اول و آخر درود پاک گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

شادی کیلئے 2

حضرت مولانا حسین احمد رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں بڑے بھائی کو یہ وظیفہ بتایا۔ پڑھا، چند دنوں میں کام ہو گیا۔ وظیفہ یہ ہے۔ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ۔ (سورۂ یوسف، آیت نمبر 86)

دشمن سے بچاؤ کیلئے

دشمن جب سر پر چڑھ آئے ایسے وقت کیلئے حضرت مولانا عمر پالن پوری رحمۃ اللہ علیہ کا یہ وظیفہ بہت کارگر ہے۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ (سورۂ انعام: آیت نمبر 45) میں نے جب یہ وظیفہ پڑھا تو اس وظیفے کی برکت سے اللہ پاک نے میرے دشمنوں کے شر سے مجھے محفوظ فرما دیا۔ دشمنوں کے درمیان عداوت کیلئے یہ وظیفہ بڑے بھائی نے بتایا جو عملیات کا کام کرتے ہیں۔ میں نے پڑھا تقریباً ایک

مہینے میں میرے دشمنوں کا آپس میں کچھ لین دین ہوا اور اس کی وجہ سے آپس میں لڑائی ہو گئی۔ مجرب وظیفہ یہ ہے وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ o (سورۃ المائدہ: آیت نمبر 64)

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی دعا

یہ دعا اللہ تعالیٰ نے امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کو خواب میں بتائی کہ جو شخص صبح و شام یہ دعا پڑھے گا میں قیامت والے دن اس کو بخش دوں گا۔ دعا یہ ہے۔ سُبْحَانَ الْاَبَدِیُّ الْاَبَدِ ط سُبْحَانَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ ط سُبْحَانَ الْفَرْدُ الصَّمَدُ ط سُبْحَانَ رَافِعُ السَّمَآءِ بِلَا عَمَلٍ ط سُبْحَانِ مَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ فَاَحْصَاهُمْ عَدَدًا ط سُبْحَانَ مَنْ قَسَّمَ الرِّزْقَ وَلَمْ یَنْسَ اَحَدًا ط سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ط سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ط وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط

باطنی آنکھیں اور کان کھولنے کیلئے

یہ دعا مجھے حافظ محمد صدیق صاحب نے بتائی جو کہ لیاقت پور کے رہنے والے اور عملیات میں بڑے بھائی کے استاد ہیں۔ فرمایا اس کے پڑھنے سے نماز میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب ملنے کی آواز آئے گی۔ دعا یہ ہے۔ اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی o (سورہ العلق: آیت نمبر 14)۔ 313 مرتبہ روزانہ۔

جنات سے حفاظت کیلئے

اس پر نزہتہ المجالس میں ایک واقعہ لکھا ہے کہ ایک لڑکی پر ایک جن عاشق ہو گیا۔ لڑکی کے رشتے کی بات اس کے چچا کے لڑکے سے طے تھی لیکن چچا نے انکار کر دیا۔ لڑکی کی شادی ایک اور لڑکے سے کر دی گئی۔ وہ جن لڑکی کے پاس برابر آتا رہا اور لڑکے کو مار دیا۔ اب چچا کے لڑکے نے پھر رشتہ مانگا لیکن چچا نے پھر انکار کیا اور ایک اور لڑکے

سے شادی کر دی۔ اس جن نے اس لڑکے کو بھی مار دیا۔ اب چچا کے لڑکے نے پھر رشتہ مانگا تو اس کے چچا نے اس لڑکے سے جان چھڑانے کیلئے اس کو یہ رشتہ دیدیا۔ جب یہ لڑکا پہلی رات اپنی بیوی کے پاس پہنچا تو وہ جن بھی آ گیا اور لڑکے کو کہنے لگا دیکھ میں اس لڑکی کا عاشق ہوں یا تو ایک رات تیری اور ایک رات میری۔ ورنہ میں تجھے مارتا ہوں۔ لڑکا مجبوراً راضی ہو گیا اور کہا اگر پہلی رات مجھے دیدے تو تیری مہربانی۔ جن نے کہا ٹھیک ہے۔ اب جن نے کہا آؤ اس خوشی میں میں تجھے سیر کرا کر لاؤں۔ یہ لڑکا جن کے کندھوں پر سوار ہوا اور جن آسمان کی طرف اڑا۔ اتنا اوپر گیا کہ اس لڑکے نے فرشتوں کی تسبیح سنی۔ فرشتوں نے جب جن کو دیکھا تو لاحول الخ پڑھا تو جن وہاں سے بھاگا اب یہ جن جب بھی لڑکے کے گھر آتا وہ یہی وظیفہ پڑھتا۔ یہاں تک کہ اس جن سے لڑکے کی جان چھوٹ گئی۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

* * * * *

سلطان اولیاء کے مجرب اور پر تاثیر وظائف

بیماری کا علاج

یہ آیات لکھ کر اور دھو کر مریض کو پلائیں: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَیَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِیۡنَ وَیُذۡهِبۡ غَیۡظَ قُلُوۡبِهِمۡ (سورہ توبہ: 15,14) انشاء اللہ ہر بیماری دور ہوگی۔

چور کو پکڑنا

ایک لوہے کی اتنی بڑی موٹی سیخ لیں، جس کے چار رخ ہوں۔ ایک رخ پر کٓھٰیٰعٓصٓ اور دوسرے پر یٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ تیسرے پر صٓ وَالۡقُرۡاٰنِ اور چوتھے پر قٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡدِ لکھ دیں اور جن لوگوں پر شبہ ہو ان کو زمین پر بٹھا دیں اور یہ کیل ان کے درمیان میں زمین پر رکھ کر چوٹ لگائیں اور ہر چوٹ پر سورہ ملک ایک مرتبہ پڑھیں جب 8 مرتبہ تلاوت پوری ہو جائے تو لوگوں سے کھڑے ہو جانے کو کہیں۔ جو شخص چور ہوگا وہ زمین سے نہ اٹھ سکے گا۔

ادائیگی قرض کا مجرب نسخہ

اگر کوئی شخص قرض کی ادائیگی سے قاصر ہو تو جمعہ کے دن 70 مرتبہ اور باقی دنوں میں ہر فرض نماز کے بعد 7 مرتبہ پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ اکۡفِنِیۡ بِحَلَالِكَ عَنۡ حَرَامِكَ وَاَغۡنِنِیۡ بِفَضۡلِكَ عَمَّنۡ مَنۡ سِوَاكَ

نافرمان اولاد

اگر کسی کا نافرمان لڑکا ہو تو صبح کے وقت لڑکے کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اپنا منہ آسمان کی اٹھا کر 21 مرتبہ اَلۡمُقِیۡتُ پڑھے۔ لڑکا نیک بخت اور فرمانبردار بن جائیگا۔

ظالم کے ظلم سے بچاؤ کیلئے

ہر نماز کے بعد 50 مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر تصور میں اس ظالم

شخص پر پھونکیں۔ انشاء اللہ بہت جلد اس کے ظلم سے نجات ملے گی۔

دفعیہ آسیب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ طٰہٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ حٰمٓعٓسٓقٓ نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنِ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ آسیب بھاگ جائے گا۔ ایضاً:۔ سورت صافات کی شروع کی آیتیں ثاقب (1 تا 10) تک پڑھ کر دم کریں۔

دردسر

جس کے سر میں درد ہو اس جگہ کو پکڑ کر 7 بار یہ دعا پڑھ کر دم کریں۔ وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ یَابُدُّوۡحُ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡعَظِیۡمُ بِرَحۡمَتِكَ یَآ اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ سر کا درد ختم ہو جائیگا۔

باری کا بخار

بیری کی لکڑی پر یَا نَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا (سورہ الانبیاء:69) لکھ کر جس دن بخار نہ چڑھے نیلے سوت میں باندھ کر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ دوسرے دن بخار نہ چڑھے گا۔

مرگی کے دورے

اگر کسی شخص کو دن میں بار بار مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو یہ اسماء لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں: طیوس مربوس تیلوس بارالساک حاشش۔ بائیں بازو پر باندھیں اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنۡ شَرِّ اُمِّ الصِّبۡیَانِ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ اور یہ لکھ کر گلے میں ڈالیں: یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

دفعیہ سانپ

ایک شخص نے حضرت غیاث الدین شاہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا میرے گھر

میں سانپ نکلتے رہتے ہیں جن کی وجہ سے مجھے بہت ڈر لگتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا سوتے وقت سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْیَاسِیْنَ (الصفت: 130) پڑھ لیا کرو اس نے ایسا ہی کیا۔ صبح کو چار پائی کے نیچے سے مرا ہوا سانپ نکلا۔

بچھو کی جھاڑ

جس جگہ بچھو نے کاٹ لیا ہو یہ ورد کئی مرتبہ پڑھ کر دم کریں بِسْمِ اللّٰہِ شَجَّۃٌ قَرْنِیَّۃٌ مِلْحَۃُ بَحْرٍ قَطَا

دردزہ

اگر بچہ پیدا ہوتے وقت سخت تکلیف ہو اور بچہ پیدا نہ ہوتا ہو تو یہ آیات کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران پر باندھیں۔ وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ (الانشقاق: 1 تا 5) اٰجِبْ اٰشْرَاھِیَا" اور اولاد سے براغت کے فوری بعد اتار لیں ورنہ خون نہ رکے گا۔

عمر درازی فرزند

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ اجوائن اور کالی مرچ پر پیر کے دن دوپہر کے وقت 40 مرتبہ سورہ والشمس مع اول و آخر درود شریف پڑھ کر ہر بار دم کریں۔ حمل کے دن سے دودھ چھڑوانے تک ایک ایک دو دو دانے روز کھاتی رہے۔

دودھ کی زیادتی کیلئے

جس عورت کے دودھ کم ہو اور بچہ کا پیٹ نہ بھرتا ہو۔ یہ کلمات کاغذ پر لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالیں اور پانی میں گھول کر سات روز تک پلائیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَذَلَّلْنٰھَا لَھُمْ فَمِنْھَا رَکُوْبُھُمْ وَمِنْھَا یَاْکُلُوْنَ ۝ وَلَھُمْ فِیْھَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ" (یٰسین: 73,72)

باؤلے کتے کے کاٹے کیلئے

کمہار کے ہاں سے وہ مٹی کہ جس کے برتن بناتے ہیں، لیکر اس مٹی کو چک، (جس پر

برتن بناتے ہیں) اس پر رکھ کر سات چکر دائیں طرف اور سات چکر بائیں طرف دیگر پہلے گیارہ دفعہ درود شریف اور پھر گیارہ بار سورۃ الفیل پڑھ کر مٹی پر دم کرے اور اس مٹی کو ایسے شخص کے تمام جسم پر پھیرے جس کو کتے نے کاٹا ہو اس کے بعد دیکھے کہ اس میں سے کوئی بال نکلا ہے یا نہیں۔ اگر بال نکلے ہوں تو ان کو نکال کر پھینک دے اور پھر مٹی کو دم کر کے دوبارہ مریض کے بدن پر ملے اور پھر بال دیکھے۔ حتیٰ کہ اس وقت تک جب تک کہ مٹی سے بال نکلنے بند نہ ہوں، کرتا جائے۔ جونہی بال نکلنے بند ہو نگے مریض کو آرام آجائیگا۔

* * * * *

کالا جادو، کالے جنات کا سچا توڑ

پیشاب کی بندش

اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو یہ آیت کاغذ پر لکھ کر مریض کے مثانہ پر باندھیں اور ایک کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں: وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا (سورہ بقرہ آیت نمبر 60)

ذہن اور حافظہ کی تیزی

چینی کی رکابی یا کاغذ پر آیت لکھ کر 7 روز پلائیں ذہن اور حافظہ تیز ہو جائے گا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ (سورہ طٰہٰ آیت نمبر 25 تا 28)

خواب میں ڈر لگنا یا چونک پڑنا

جو شخص خواب میں چونک پڑتا ہو یا نیند نہ آتی ہو یا خوف معلوم ہوتا ہو تو سوتے وقت یہ کلمہ پڑھنا چاہئے: ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ

بچے کا بہت رونا

جو بچہ بہت روتا ہو اس دعا کو لکھ کر گلے میں باندھیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْکَهْفِ وَالرَّقِیْمِ کَانُوْا مِنْ اٰیٰتِنَا عَجَبًا ٥ (سورہ الکھف، آیت 9) قُلْ کُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِیْدًا ٥ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا یَکْبُرُ فِیْ صُدُوْرِکُمْ (سورہ بنی اسرائیل، آیت 51,50) بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَاَوَّلُہٗ مِنَ اللّٰہِ وَاٰخِرُہٗ مِنَ اللّٰہِ وَلَا بَعْدُ کُمْ عَلٰی اَمْرِ اللّٰہِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥

بدن کی سرخی کیلئے

اگر بدن سرخ ہو جائے یا چٹے پڑ جائیں تو یہ دعا مع بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے 21 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکۡ وَسَلِّمۡ بِسۡمِ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ الۡحَکِیۡمِ الۡکَرِیۡمِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ رَبِّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدۡرَتِہٖ وَسُلۡطَانِہٖ اَیَّتُھَا الرِّیۡحُ اَجِیۡبِیۡ دَاعِیَ اللّٰہِ تَعَالٰی فَمَا لَہٗ مِّنۡ مَّلۡجَاٍ یَّوۡمَئِذٍ وَّ مَا لَہٗ مِّنۡ نَّکِیۡرٍ بِسۡمِ اللّٰہِ وَ بِالثَّنَاءِ الطَّیِّبِ عَلَی اللّٰہِ اَللّٰہُ یَکۡفِیۡکَ مِنۡ کُلِّ دَاءٍ یُّؤۡذِیۡکَ وَمِنۡ کُلِّ اٰیَۃٍ تُعَنِّبُکَ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ وَسَلَّمَ تَسۡلِیۡمًا کَثِیۡرًا کَثِیۡرًا بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ"٥

دفعیہ سحر

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو ان آیتوں کو پانی پر دم کر کے مریض پر ڈال دیا کریں سورہ اعراف کی فَوَقَعَ الۡحَقُّ سے رَبِّ مُوۡسٰی وَھٰرُوۡنَ تک (آیت نمبر 18 تا 122) اور یہ آیت سورہ طٰہٰ کی اِنَّمَا صَنَعُوۡا کَیۡدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفۡلِحُ السَّاحِرُ حَیۡثُ اَتٰی

آسیب کو حاضر کرنے کا عمل

یٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ لَشَمۡ لَشَمًّا ان تینوں کو ایک ساتھ سو بار پڑھ کر ان پر دم کریں اور آسیب زدہ کو ان کی دھونی دیں۔ آسیب حاضر ہو جائے گا اگر سر بھاری اور جسم پر کپکپی طاری نہ ہو تو سمجھنا چاہئے کہ آسیب نہیں بلکہ جسمانی بیماری ہے عزیمت یہ ہے: "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَبۡرَأۡتُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدۡرَتِہٖ اَسۡتَفۡتِحُ اَسۡتَفۡتِحُ فَھُوۡشُ قَوۡۃ شَتٍّ قَوۡۃِ شَتٍّ ھَوۡیَا بَرۡیَا اُحۡضُرُوۡا وَاُحۡضُرُوۡا یَا اَصۡحٰبَ الۡجِنِّ

وَالشَّیٰطِیْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْسَرِ وَمِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

آسیب سے مستقل نجات کیلئے

چاروں قُل اور سورۂ قریش اور یہ دو آیتیں مع تسمیہ پڑھے۔ فَکُبْکِبُوْا فِیْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ٥ وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ (سورہ الشعراء، آیت 95,94) پھر آسیب زدہ کے بال پکڑ کر چاروں قُل اور سورۂ قریش اور آیت اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْکٰفِرِیْنَ سَلٰسِلَا۟ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِیْرًا (سورہ الدھر، آیت 4) فَکُبْکِبُوْا فِیْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ٥ وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ پڑھ کر پیشانی کے بالوں پر دم کر کے گرہ لگا دیں۔ عامل کو چاہئے کہ اپنی حفاظت کے لئے حصار کرے۔ اس کے بعد ارنڈ کی لکڑی آسیب زدہ کو مارے۔ آسیب عاجز ہو جائے گا اور اگر آسیب عاجز نہ ہو تو ایک نیلے کپڑے کا فیتہ بنا کر یہ عزیمت تین بار دم کر کے جلا کر ناک میں دھونی دیں عزیمت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَلِیْقًا مَّلِیْقًا خَالِقًا مَّخْلُوْقًا مَّخْلُوْقٍ وَاَنْتَ تَعْلَمُ مَافِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّلِیْقًا مَافَرْقَهٗ مَالُوْقٌ وَرَالُوْقٌ فِرْعَوْنُ نَمْرُوْدُ شَدَّادُ اس کے بعد جب آسیب بہت گریہ وزاری کرے اور کہے مجھے چھوڑ دو دہائی سلیمان دہائی فیقطوش دہائی محمد رسول اللہ کی تو اس سے عہد کرائیں کہ وہ دوبارہ اس کو یا کسی انسان کو تکلیف نہ دے گا پھر قسم لے کر پیشانی کے بال کھول دیں۔ آسیب اگر کسی پر آسیب کا شبہ ہو تو یہ آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑکیں اور اگر مکان پر اثر ہو تو ان کو پانی پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دیں۔ آیات یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (پوری سورت) الٓمّٓ ٥ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ سے مُفْلِحُوْنَ (سورہ بقرہ آیت 1 تا 5) تک اور وَاِلٰهُکُمْ اِلٰه

وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (سورہ بقرہ، آیت 163) اور آیت الکرسی خٰلِدُوْنَ تک اور لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ سے كٰفِرِيْنَ (سورہ بقرہ، آیت 284 تا 286) تک اور شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سے حَكِيْمُ (سورہ ال عمران، آیت 18) تک اور اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ سے رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (سورہ الاعراف، آیت 54) تک اور فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ سے خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (سورہ المومنون، آیت 116 تا 118) تک اور سورۃ وَالصَّافَات کی شروع کی آیتیں لَازِبٌ تک اور هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سے هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (سورہ الحشر، آیت 22 تا 24) تک اور وَاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا (سورہ الجن، آیت 3) اور سورۃ اخلاص اور معوذتین۔

* * *

شاہ کلیم اللہ رحمۃ اللہ علیہ شاہجہان آبادی کے ذاتی وظائف

نظر کی کمزوری کیلئے

آنکھوں کی روشنی کیلئے بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھیں اور ہر رکعت میں سورۂ کوثر 5 مرتبہ، سلام پھیرنے کے بعد تین بار یہ دعا پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْھَا الْوَارِثَ مِنِّیْ وَعَافِنِیْ وَاعْفُ عَنِّیْ۔ دُعاء متذکرہ دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر ملیں۔

رنج و مصائب سے خلاصی

اگر کوئی شخص رنج و غم میں مبتلا ہو کہ اس سے خلاصی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو اور کوئی تدبیر کارگر نہ ہوتی ہو تو جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر مصلّے پر بیٹھے بیٹھے مغرب کی اذان تک یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ کے ذکر میں مشغول رہے۔ اللہ تعالیٰ یقیناً اس کی مشکل حل فرمائیں گے۔

ہر مشکل سے مشکل مہم کیلئے

سورۂ فاتحہ کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے م کو اَلْحَمْدُ کے ل کے ساتھ ملا کر 787 بار پڑھیں۔ اس طرح بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اور سورۂ فاتحہ میں اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو ہر بار پڑھتے وقت تین مرتبہ تکرار کریں اور سورۂ ختم ہونے پر آمین کہیں، مجرب ہے۔

انتہائی پریشانی سے نجات

انتظار اور انتہائی پریشانی کی حالت میں سورۂ یٰسین 40 مرتبہ پڑھیں۔ دوران تلاوت میں کسی سے بات نہ کریں اور 40 بار مکمل کرنے کے بعد خوب توجہ اور زاری سے دعا کریں ان شاء اللہ جلد ہی مشکل دور ہوگی۔

پھوڑے پھنسی اور نارو کیلئے

فجر کی دو سنتوں میں جو شخص سورۂ بروج مستقل پڑھے گا، وہ پھوڑے، پھنسی اور نارو جیسے امراض سے محفوظ رہے گا۔

قرآن مجید یاد کرنے کا عمل

حضرت معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ایام شباب میں حضرت خواجہ ابو یوسف چشتی کو قرآن شریف یاد نہیں رہتا تھا۔ حضرت خواجہ محمد چشتی نے خواب میں بتلایا کہ سوتے وقت سورۂ فاتحہ 100 مرتبہ پڑھ لیا کرو۔ اس کی برکت سے قرآن شریف یاد ہو جائے گا۔

عجیب برکات والا عمل

پانچوں وقت فرض نماز پڑھ کر سلام کے بعد فوراً آیت الکرسی ایک بار اور وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مَخۡرَجاً وَّيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ وَمَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُه اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيۡءٍ قَدۡرًا (الطلاق:3) ایک بار، سورۂ فاتحہ ایک بار، سورۂ اخلاص 3 بار اور درود شریف 3 بار پڑھ کر آسمان کی جانب دم کریں۔ ان دعاؤں کی برکت سے حق تعالیٰ بلاتوسط ملک الموت روح قبض فرمائے گا اور فوراً بہشت میں داخل فرمائے گا۔ موت کی سختی میں آسانی ہوگی۔ قبر میں راحت ملے گی اور دنیا میں رزق میں اضافہ ہوگا۔

قرض کی ادائیگی کیلئے

اگر کوئی شخص مقروض ہو اور قرض سے خلاصی چاہتا ہو تو وہ پانچوں فرض نمازوں کے بعد قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الۡمُلۡكِ سے بِغَيۡرِ حِسَابٍ (آل عمران:26 تا 27) تک 505 بار پڑھا کرے۔ حق تعالیٰ اس شخص کو قرض کے بوجھ سے سبکدوش فرما دے گا۔

بچوں کی عام بیماریوں اور نظر بد سے حفاظت کیلئے

یہ دعا لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں: اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ مردہ کو خواب میں دیکھنے کا عمل پاک وصاف لباس پہن کر سوتے وقت وضو کر کے سورۃ الشمس 7 بار سورۃ الیل 7 بار اور سورۃ اخلاص 7 بار پڑھ کر اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ پڑھیں اور سو جائیں۔ اگر پہلے روز نظر نہ آئے تو دوسرے تیسرے روز بھی پڑھیں۔ یہ عمل اسرار میں سے ہے۔

وقار و ہیبت پانے کیلئے

حضرت ابوبکر سراج قدس سرہ نے لکھا ہے کہ مشائخ کی ایک بڑی جماعت کا اس امر پر اتفاق ہے کہ جو شخص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو 625 مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ دنیا والوں کے دل میں اس کی ہیبت بیٹھ جائے گی اور کسی شخص کو اس پر تصرف کا ہاتھ بڑھانے کی ہمت نہ ہوگی۔

برائے قوت حافظہ

اتوار کے روز ایک چھوٹے سے کاغذ پر موٹے قلم سے اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (آل عمران:2) لکھ کر صبح کے ناشتہ کے ساتھ نگل جائیں۔ دوسرے اتوار کو اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہ (الانعام:124) اسی ترکیب سے نگل جائیں۔ تیسرے اتوار کو اَللّٰہُ لَطِیْفٌ م بِعِبَادِہٖ (الشوریٰ:19) لکھ کر کھا جائیں۔ چوتھے اتوار کو الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ اور پانچویں اتوار کو حٰمٓ عٓسٓقٓ حٰمٓ اور چھٹے اتوار کو طٰسٓمٓ طٰسٓ الٓمٓرٰ اور ساتویں اتوار کو صٓ قٓ نٓ اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ"۔ (یٰسین:82) یہ عمل شروع کرتے وقت یہ شرط پیش نظر رہے کہ چاند کی ابتدائی تاریخیں ہوں اس عمل کی برکت سے قوت

حافظہ اس قدر قوی ہو جائے گا کہ اس کا بیان کرنا دشوار ہے۔

مریض کی شفایابی کیلئے

یہ دعا مریض پر 70 بار پڑھ کر دم کریں: اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَ قُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ انشاء اللہ بہت جلد شفاء یابی نصیب ہوگی۔

سانپ اور بچھو کے کاٹنے کی جھاڑ

سورۂ فاتحہ 7 بار پڑھ کر دم کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایسے موقع پر پانی میں نمک ملا کر مقام گزیدگی پر ملنے کی ہدایت فرما کر سورۃ الکافرون اور معوذتین پڑھا کرتے تھے۔

بانجھ عورت کا علاج

ایک کاغذ پر ال ل ہ رح من ن لکھ کر گلاب اور قدرے مشک سے حل کر کے متواتر تین بار عورت کو پلائیں۔ یہ اسم اَلرَّحْمٰنُ مبارک لکھ کر بانجھ عورت گلے میں ڈالے اور مرد کے پاس جائے۔ جس درخت پر پھل نہ آتے ہوں، اس درخت پر یہ اسم باندھیں پھل آجائیں گے۔

* * *

مخدوم جہانیاں جہاں گشت رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف

ہر شر سے حفاظت دعا

خواجہ شیخ ابوسعید مخزومی رحمۃ اللہ علیہ نے تعلیم فرمائی تھی ضرورت کے وقت صبح کی نماز میں تین مرتبہ ورد کریں۔ یہ دعا مہینے کی پہلی جمعرات سے پڑھنا چاہئے: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ تَحَصَّنۡتُ سِرِّیۡ بِسۡمِ اللّٰہِ کَانَتۡ لَآاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ یَابَدُہُمَا لُمُوۡثَا ضِیۡ کَمَتۡ بِاَلۡفِ اَلۡفِ قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ

مخلوق میں عزت پانے والے تسخیر کے لئے

اس دعائے مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور ہر نماز کے بعد اور خصوصاً بعد نماز فجر 3 مرتبہ پڑھا کریں جو شخص دیکھے گا محبت کرنے لگے گا: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا وَدُوۡدُ اَنۡتَ الَّذِیۡ اَعۡلَنۡتَ سِرَّ الۡحُبِّ وَالۡمَوَدَّۃِ فِیۡ قُلُوۡبِ الۡاَبۡرَارِ وَاَنۡتَ الَّذِیۡ اَکۡمَلۡتَ اللَّذَّاتِ لِلطَّالِبِیۡنَ بِرَحۡمَتِکَ یَآاَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ

ہر میدان میں کامیابی

جو کوئی اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کا ورد کرے گا حق تعالیٰ اس کو ہر میدان میں فتح دے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔ بادشاہوں اور بڑے لوگوں کی نظروں میں اس کی عزت بڑھے گی۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سُبۡحَانَ ذِی الۡمُلۡکِ وَالۡمَلَکُوۡتِ سُبۡحَانَ ذِی الۡعِزَّۃِ وَالۡعَظَمَۃِ وَالۡھَیۡبَۃِ وَالۡقُدۡرَۃِ وَالۡجَمَالِ وَالۡکَمَالِ وَالۡجَبَرُوۡتِ سُبۡحَانَ الَّذِیۡ لَایَنَامُ وَلَا یَمُوۡتُ سُبُّوۡحٌ قُدُّوۡسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الۡمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوۡحِ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ

جادو کے توڑ کے لیے

جو شخص اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ہر نماز کے بعد اس کا ورد کرے، اگر کسی شخص نے اس پر جادو کیا ہوگا تو کرنے والے پر لوٹ جائے گا اور تمام جنات، شیاطین اور انسانوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ سَدَدَتْ اِخْوَةُ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالسَّحَرَةِ وَاِلَّا بِالسِّنَّةِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَيَلُوْذُبِهِمْ بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْاَعَزِّ وَبِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

شوہر اور بیوی میں محبت

اگر شوہر سے بیوی کم محبت کرتی ہو یا بیوی سے شوہر کم محبت کرتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے لیکن یہ صرف میاں بیوی کی محبت کیلئے ہے۔ بعد نماز عصر باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو ایک (101) بار یَاوَدُوْدُ پڑھے اس کے بعد تین بار درود شریف پڑھے اور مطلوب کا تصور باندھ کر اس کے سینہ پر تصور ہی میں دم کر دے۔ یہ عمل پڑھتے وقت منہ میں مصری کی ڈلی رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔ مجرب عمل ہے۔

کند ذہن اور موٹی عقل کا خاتمہ

اگر کوئی چاہتا ہے کہ بچے کا پڑھنے لکھنے میں ذہن کھل جائے اور اس کی عقل، سمجھ بوجھ سب صحیح کام کرے تو اس کیلئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے پھر سات سو چھیاسی 786 بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کرے اور وہ پانی صبح ناشتہ سے قبل اور سوتے وقت پلایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ذہن روشن ہوگا اور عقل و شعور میں اضافہ ہوگا۔

ہر قسم کی برکت کیلئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی آمدن میں برکت ہو، گھر میں خیر و برکت ہو، دکان میں برکت ہو، خوب گاہک اور خریدار آئیں۔ اسی طرح وقت میں برکت ہو۔ غرضیکہ ہر قسم کی برکت ہو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو گیارہ سو بار جمعہ کے روز بعد نمازِ جمعہ یا بعد نماز عصر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی برکت کے دروازے کھل جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے: ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔

گمشدہ چیز کا ملنا

گمشدہ چیز کے لئے یہ عمل بہت آسان ہے۔ ہر وقت، صبح و شام، دن رات برابر پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے اور بددل ہو کر نہ چھوڑے اور یہ خیال کر کے پڑھے کہ انشاء اللہ میری چیز آج ہی مل جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ چیز چند دن میں مل جائے گی ورنہ دو ماہ تک ضرور مل جائے گی۔ برابر بلا ناغہ پڑھنا شرط ہے۔ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ۔ (الکھف:24)

برائے دردِ سر

اگر کسی شخص کے سر میں درد ہو یا اسے چکر آتے ہوں۔ دماغی کمزوری میں مبتلا ہو اس کے لئے درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر یہ کلمات سات بار پڑھ کر سر پر پھونک مار دے۔ عورت خود اپنے سر کے درد کی جگہ کو پکڑ لے اور مرد پڑھ کر اس کے سر پر پھونک مار دے۔ چند مرتبہ کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ سر کا درد ختم ہو جائے گا اور دماغی کمزوری دور ہو گی۔

دماغی کمزوری کیلئے

یہ شرط ہے کہ یہ عمل روزانہ کسی وقت ایک ہفتہ (سات ۷ دن مسلسل کرے)۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ اُسْكُنْ سَكَنْتُكَ بِالَّذِىْ لَهٗ مَا فِى الَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

شاہ عزیز اللہ غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف

سفلی اور گندے علم سے حفاظت

اگر کسی شخص کو یہ شبہ ہو کہ اس پر سفلی یعنی گندہ علم کرایا گیا ہے یا آئندہ دشمن گندہ علم کرا کے نقصان پہنچائے گا تو اس سے حفاظت کے لئے ضروری ہے کہ انسان نماز کی پابندی کرے اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھے۔ نوافل کی کثرت رکھے’ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی اور تین تین بار قرآن پاک کی آخری دونوں سورتیں مکمل (قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ اور قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ o) تین تین بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیر لے اور ہر نماز کے بعد ایک سو (100) بار درود ابراہیمی پڑھے۔ اگر ہر نماز کے بعد درود ابراہیمی پڑھنا مشکل ہو تو بعد نمازِ عشاء پانچ سو بار درودِ ابراہیمی پڑھ لیا کرے۔ اس عمل کے ساتھ ساتھ ہر وقت پاک رہے اور باوضو رہنے کی کوشش کرے اگر وضو ٹوٹ جائے تو دوبارہ وضو کر لے۔ ایسا کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ سفلی جادو اور گندے علم سے محفوظ رہے گا۔

دل سے ڈر’ خوف’ بزدلی اور گھبراہٹ دور کرنا

بعض لوگوں کے دل میں بلا وجہ ڈر خوف پیدا ہوتا ہے’ طرح طرح کے وسوسے’ بزدلانہ خیالات اور وہم دل میں بزدلی اور گھبراہٹ پیدا کر دیتے ہیں۔ ایسا آدمی ہر طرح سے لائق اور قابل ہونے کے باوجود کسی کام کا نہیں رہتا۔ پریشانیاں قدم قدم پر رکاوٹ بنتی ہیں۔ بے جا ڈر’ خوف اس کو کسی سے بات کرنے اور کسی جگہ جم کر کام کرنے سے روکتا ہے۔ بعض مرتبہ زنا کاری’ عیاشی اور گناہوں کے سبب بھی آدمی بزدل بن جاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ گناہوں سے سچے دل سے توبہ کرے اور ہر وقت پاک صاف اور باوضو رہنے کی کوشش کرے اور نماز باجماعت ادا کرے۔ دل

سے ڈر خوف نکالنے کے لئے روزانہ باوضو تین سو ساٹھ (360) بار یہ کلمات پڑھیں۔ یَاسَلَامُ یَاحَفِیْظُ یَاقَوِیُّ یہ کلمات ہمیشہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دل سے ہر قسم کی بزدلی دور ہوگی۔ ڈر خوف نکل جائے گا۔ پڑھنے میں ناغہ نہ کریں۔

ناکامیوں سے کامیابی کی طرف

بعض مرتبہ انسان ہر طرح سے موزوں اور لائق ہوتا ہے۔ اس کی صحت' اس کا دماغ اس کی علمی قابلیت اور اس کا ہنر اس قابل ہوتا ہے کہ ہر شخص اسے آنکھوں پر بٹھائے۔ اس کی قدر کرے اور اس کے کام سے خود بھی فائدہ اٹھائے اور اس شخصیت کو بھی فائد پہنچائے لیکن بدقسمتی سے سب خوبیوں کے باوجود ایسا شخص تنگدست' بھوک نڈھال اور پیسے پیسے سے محتاج ہوتا ہے۔ جہاں قدم رکھتا ہے ناکامی ہوتی ہے' جہاں امید باندھ کر جاتا ہے صاف جواب مل جاتا ہے۔ ایسی صورت میں بعض لوگ ذہ مریض بن جاتے ہیں یا احساسِ کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ پھر آخر میں تنگ آ کر خو کشی کر لیتے ہیں۔ خودکشی سخت گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ و ایسے شخص سے سخت ناراض ہوتے ہیں۔ لہٰذا ایسی حرکت سے باز رہنا چاہیے۔ ایسے شخص کو چاہیے کہ گناہوں سے توبہ کرے۔ نماز باجماعت کی پابندی کرے۔ ہر وقت باوضو اور پاک وصاف رہنے کی کوشش کرے۔ جب گھر سے نکلے باوضو نکلے اور بعد نمازِ عشاء تین سو ساٹھ (360) مرتبہ یَامَالِكُ اور بعد نمازِ فجر تین سو ساٹھ (360) مرتبہ یَامَجِیْدُ پڑھا کرے۔ دونوں عمل کے اول و آخر درود شریف گیارہ بار ضرور پڑھے۔ یہ عمل تین چلے مسلسل بلا ناغہ کرے (یعنی ایک سو بیس دن) انشاء اللہ تعالیٰ رحمتِ حق کے دروازے کھل جائیں گے' باعزت روزگار ملے گا' رزق میں برکت ہوگی' دل و دماغ سے ناامیدی کی بیماری نکل جائے گی۔ رزق میں برکت قرض ہونے کی صورت میں حوصلہ ہارنے کی ضرورت نہیں بلکہ رب کا دروازہ کھٹکھٹانے کی ضرورت ہے۔ اسی کے قبضے میں ہر قسم کے خزانے ہیں۔ رزق کا مالک بھی وہی ہے

جب وہ راضی ہو جائے گا تو رزق بھی خوب ملے گا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے لئے یہ عمل ضروری ہے۔ نماز کی پابندی کی جائے۔ با جماعت نماز کی ادائیگی میں اللہ تعالیٰ کی رحمت زیادہ متوجہ ہوتی ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو (100) بار پڑھیں۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ نماز فجر کے بعد ایک سو (100) بار پڑھیں۔ الٓمّٓ o اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (آل عمران: 2,1) عشاء کی نماز کے بعد یہ کلمات تین سو ساٹھ (360) بار پڑھیں۔ یَا اَللّٰہُ یَا رَزَّاقُ یَا وَاسِعُ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ یہ عمل بلا ناغہ ہمیشہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ رزق میں برکت ہوگی، قرض سے نجات ملے گی۔

نظر بد کا علاج

بعض مرتبہ بچوں کو نظر لگ جاتی ہے جس کے سبب وہ بیمار ہو جاتے ہیں یا کھانا چھوڑ دیتے ہیں یا بعض مرتبہ الٹیاں شروع ہو جاتی ہیں اور بچہ چڑ چڑا اور بدمزاج ہو جاتا ہے۔

نظر بد کے لئے

یہ عمل بہت موثر اور مفید ہے۔ سات سرخ مرچ لے کر ہر ایک مرچ پر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر کے مریض کے اوپر سے سات مرتبہ اتار کر آگ میں جلا دیں۔ سات مرچ پر سات مرتبہ کے حساب سے یہ آیت انچاس (49) مرتبہ پڑھی جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (یٰسین: 58) جب مریض نظر بد کا شکار ہو گا تو مرچیں جلنے سے دھسک (دھانس) یعنی چھینکیں وغیرہ نہیں آئیں گی۔ جب تک مرچ سے جلنے سے دھسک نہ آئے برابر یہ عمل جاری رکھیں۔ عمل زیادہ سے زیادہ سات دن تک کریں۔

* * *

پیر توکل شاہ انبالوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف

قرض سے آزادی

بعض مرتبہ انسان اس امید پر کہ قرض لے لوں شاید کچھ نفع ہو جائے اور کاروبار چل نکلے لیکن ہر بار کاروبار میں نقصان ہوتا جاتا ہے اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے اور قرض اترنے کا نام نہیں لیتا۔ ایسی صورت میں قرضہ دینے والے طرح طرح سے پریشان کرتے ہیں۔ جس سے تجارت اور کاروبار میں توجہ قائم نہیں رہتی اور نقصان ہوتا ہے۔ دوسری طرف دل اور دماغ بوجھل رہتے ہیں۔ قرض سے نجات کے لیے سب سے بہتر عمل وہ ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا تھا۔ نماز مغرب کے بعد یہ دعا سو (100) مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ظالم پر فتح پانے کے لیے

بعض مرتبہ بلا وجہ لوگ دشمن بن جاتے ہیں۔ حسد اور جلن انسان کو اندھا اور بہرہ کر دیتی ہے اور ایسا شخص بلا وجہ تنگ کرتا ہے۔ بعض مرتبہ جان سے ختم کرنے کا ارادہ کر لیتا ہے۔ ایسے ظالم شخص سے حفاظت کے لیے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ وہ واقعی ظالم ہو ورنہ الٹا نقصان ہوگا۔ عمل یہ ہے کہ مظلوم شخص جو بے گناہ ہے۔ تین روزے مسلسل رکھے۔ ناغہ نہ کرے۔ چوتھے دن بعد نماز عشاء سات ہزار (7000) مرتبہ یَاخَافِضُ پڑھے۔ انشاءاللہ ایسے موذی دشمن سے جان و مال محفوظ رہے گا اور دشمن ناکام ہوگا اور دشمنی چھوڑ دے گا۔

شریر کی شرارتوں سے حفاظت

بعض مرتبہ کسی شخص کے بہت سے دشمن بلا وجہ ستاتے ہیں۔ روز ایک نیا منصوبہ تنگ

کرنے اور پریشان کرنے کا بناتے ہیں۔ شریف آدمی کا جینا مشکل کر دیتے ہیں اور نئے نئے فتنے پیدا کرتے ہیں اور طرح طرح کے الزامات لگاتے ہیں۔ دشمنوں کی ریشہ دوانیوں اور شرارتوں سے حفاظت کے لئے بعد نمازِ فجر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پانچ سو مرتبہ یَاخَافِضُ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایسا شخص اس اسم کو پڑھنے کی برکت سے رحمت الٰہی کے سایہ میں آجائے گا اور دشمنوں کی تمام شرارتوں سے محفوظ رہے گا اور دشمنی کرنے والے قدم قدم پر ناکام اور ذلیل ہوں گے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن اپنی شرارتوں سے باز نہ آجائیں۔

سامان کی جلد فروخت کیلئے

اگر کوئی شخص اپنی کوئی چیز جلد بیچنا چاہتا ہو لیکن وہ چیز جلد نہ بکتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ مندرجہ ذیل آیت کو باوضو تین مرتبہ پڑھ کر اس سامان یا چیز پر پھونک دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد فروخت ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۰ فَلَنۡ اَبۡرَحَ الۡاَرۡضَ حَتّٰی یَاۡذَنَ لِیۡ اَبِیۡ اَوۡ یَحۡکُمَ اللّٰہُ لِیۡ وَہُوَ خَیۡرُ الۡحٰکِمِیۡنَ۔ (یوسف:80)

برے اور ڈراؤنے خوابوں سے نجات کا عمل

بعض مرتبہ گھر میں جنات کا اثر ہوتا ہے تو سونے والوں کو طرح طرح سے ڈر لگتا ہے اور برے برے خواب نظر آتے ہیں۔ آدمی ڈر کی وجہ سے رات کو سو نہیں سکتا۔ ان چیزوں سے نجات کیلئے سورۃ المعارج (پارہ 29) یا سورۃ مرسلات (پارہ 29) باوضو سونے سے پہلے پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیطانی شرارتوں اور بدخوابی سے نجات حاصل ہوگی۔ اگر بچہ یا ایسا شخص ہے جو پڑھ نہیں سکتا تو اس کیلئے پڑھ کر پانی پر دم کر کے دے دیں اور وہ پانی رات کو سوتے وقت اسے پلا دیں اور چند قطرے اس کے بستر پر بھی ڈال دیں۔

رزق میں ترقی کیلئے

آج کل مہنگائی کے سبب ہر شخص کا کم آمدنی میں گزارہ مشکل ہو گیا ہے۔ آدمی ہر طرف ترقی کیلئے کوشش کرتا ہے لیکن ناکامی ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سوال کرنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ رزق میں ترقی کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو بعد نماز فجر تین سو بار روزانہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں ترقی ہو گی اور رزق بے حساب ملے گا۔ وہ آیت یہ ہے: وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا ہ وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا (الطلاق:3,2)

سخت مشکل کا آسان ہونا

کوئی شخص کسی کام سے عاجز ہو جائے اور اس کے سرانجام دینے کی کوئی صورت نہ ہو تو تنہائی میں پاک صاف ہو کر دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر سجدے میں 40 بار آیت کریمہ پڑھیں۔ یہ کل تعداد 160 ہو گی پھر خوب زاری سے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مشکل بآسانی حل ہو جائے گی اور کسی کام میں رکاوٹ ہے تو وہ رکاوٹ ختم ہو جائے گی اور وہ کام آسانی کے ساتھ ہو جائے گا۔ کم از کم 40 دن اس عمل کو کریں۔

عزت وتوقیر پانے کیلئے

ہر نماز کے بعد ایک سو ایک (101) مرتبہ یَااٰخِرُ کا ورد کرنے سے بندہ کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پروان چڑھتی ہے اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے سفر میں جاتے وقت یَااٰخِرُ ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اور اپنے اہل و عیال کے اوپر دم کر دیں جہاں جائے گا عزت وتوقیر حاصل ہو گی۔

نظر بد کے سبب شادی میں رکاوٹ

ایسی صورت میں کہ لڑکیوں کے رشتے آتے ہوں لیکن نظر بد کی وجہ سے طے نہ ہوتے ہوں تو لڑکی کی والدہ یا والد یا لڑکی خود الحمد شریف اس طرح پڑھے کہ جب اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ٥ پر پہنچے تو یہ آیت گیارہ بار پڑھ کر سورۃ پوری کر لے اور پانی پر دم کر لے۔ اسی طرح گیارہ بار یہ سورۃ پڑھے اور ہر بار پانی پر دم کرے اور یہ پانی تین گھونٹ میں لڑکی کو پلا دیا جائے یا لڑکی خود عمل کر کے پی لے۔ اس عمل کی مدت چالیس دن ہے یعنی چالیس روز برابر بلا ناغہ یہ عمل کرے۔

* * *

اولیاء اللہ کے مستند وظائف و عملیات

شیطان صفت انسان سے عورت یا لڑکی کی حفاظت

بعض شیطان صفت انسان کسی لڑکی یا عورت کی عزت کو پامال کرنے کے لئے ہر وقت منصوبے بناتے رہتے ہوں وہ عورت یا لڑکی اور اس کے گھر والے سخت تکلیف میں مبتلا رہتے ہیں۔ بعض مرتبہ ایسا شخص اگر مالدار اور اثر و رسوخ والا ہو تو اور زیادہ پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ وہ غریب والدین پر طرح طرح کے مقدمے قائم کر دیتا ہے اور طرح طرح کے الزامات لگا کر تھانے میں بند کرا دیتا ہے۔ ایسے ظالم اور موذی شخص کے ارادوں کو ناکام بنانے اور عورت یا لڑکی کی عزت محفوظ کرنے کیلئے یہ عمل بہت موثر اور تیر بہدف ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ شیطان صفت انسان ہر قسم کے برے ارادے سے ناکام ہو کر انتہائی ذلیل ہوگا۔ عمل یہ ہے: مسلسل لگاتار بلاناغہ ایک آدمی یا سب گھر والے مل کر اسم پاک یَاخَافِضُ کو گیارہ دن تک آٹھ ہزار آٹھ سو چھیاسی بار پڑھیں۔ یہ عمل دن میں کیا جائے اور سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے ختم کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن کے اندر اندر اس کی خباثتوں سے نجات مل جائے گی۔

شرارتی انسان سے حفاظت

اگر کسی شریف انسان کو کوئی شرارتی اور بد باطن انسان پریشان کرتا ہو اور طرح طرح سے ستاتا ہو تو اس برے آدمی کی شرارت و خباثت سے نجات کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ عمل یہ ہے: شریف انسان سات روزے متواتر اور لگاتار رکھے۔ ناغہ نہ کرے اور روزہ افطار کرنے کے بعد نمازِ مغرب ادا کرے۔ اس کے بعد دس ہزار مرتبہ یَاخَافِضُ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن کے اندر اندر شرارتی آدمی اپنی حرکتوں

سے باز آجائے گا اور تنگ کرنا چھوڑ دے گا۔ یَاخَافِضُ کی زکوٰۃ ادا کرنا زکوٰۃ ادا کرنے سے عمل میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بہت زیادہ تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ یَاخَافِضُ کو روزانہ باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے بارہ ہزار پانچ سو بار پڑھیں اور بلا ناغہ اکتالیس دن تک مسلسل پڑھیں۔ چلہ پورا کرنے کے بعد اس اسم کو روزانہ باوضو ایک سو بار پڑھ لیا کریں تاکہ عمل قابو میں رہے۔ اگر ایک دن چھوٹ جائے تو دوسرے دن دو سو بار پڑھیں اور اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تین سو بار پڑھ لے اور اگر لگاتار تین دن ناغہ ہو جائے تو چلہ ٹوٹ گیا۔ اب دوبارہ چلہ کرے۔

آسیب سے مکان کی حفاظت

اگر کسی مکان میں آسیب کا خطرہ ہے یا مکان میں رات کو آدمی چلتے پھرتے نظر آتے ہیں تو اسکے دفعیہ کیلئے لوہے کی پانچ نئی کیلیں لے کر مندرجہ ذیل آیات پانچ بار پڑھ کر ہر کیل پر دم کرے اور چار کیلیں مکان کے چاروں کونوں میں اور پانچویں کیل مکان کی مشرقی دیوار میں گاڑھ دو۔ (ٹھونک دو)۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکان آسیب کے خطرہ سے بالکل محفوظ ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ o اِنَّهُمۡ يَكِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا o وَّاَكِيۡدُ كَيۡدًا o فَمَهِّلِ الۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا o (الطارق 15 تا 17)

جابر و ظالم حکمران کے سامنے جانے کا عمل

اگر کسی جابر و ظالم حاکم کے سامنے جانا ہو یا کسی انتہائی غصے والے شخص سے بات کرنی ہو یا کام پیش آجائے تو باوضو یہ آیت مع بسم اللہ شریف ایک مرتبہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی چھنگلی (سب سے چھوٹی انگلی) پر پھونک مار کر انگلی موڑ کر بند کر لو۔ دوبارہ یہ آیت مع بسم اللہ شریف ایک مرتبہ پڑھ کر اس کے برابر والی انگلی بند کر لو۔ اسی طرح

سے برابر پڑھتے پڑھتے مٹھی بند کرلو۔ یہ مٹھی بند ہی رہے جب حاکم یا ظالم شخص کے سامنے جائے تو یہ مٹھی کھول کر اسی ہاتھ سے اسے سلام کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص انتہائی نرم اور موم ہو جائے گا اور جو اس کے اختیار میں ہو گا وہ کام کردے گا، انکار نہیں کرے گا مٹھی بند کرنے کے بعد راستے میں نہ کھولو۔ اگر دوسری جگہ یا غیر کے سامنے کھل گئی تو عمل جاتا رہے گا۔ مٹھی اس شخص کے سامنے کھولو جس کے مطیع کرنے کیلئے یہ عمل کیا گیا ہے۔ یہ عمل وقتی ہے جب تک اس حاکم کے پاس رہے گا وہ نرم رہے گا لیکن اس کے کمرے سے نکل کر دوبارہ اس کے کمرے میں جائے گا تو اثر نہ ہوگا۔ دوبارہ پڑھ کر مٹھی بند کرنی ہوگی۔ وہ آیت معہ بسم اللہ شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ (البقرہ:137)

قوت مردمی کیلئے

جس مرد میں قوتِ مردمی کی کمی ہو اور اس سلسلے میں بہت پریشان رہتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت مع بسم اللہ کے باوضو لکھ کر موم جامہ میں باندھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ قوت زیادہ ہو جائے گی۔ وہ تعویذ معظم یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ (آل عمران 191)

ہر قسم کی حاجت کیلئے

جو شخص یہ چاہے کہ اس کی حاجت حسب منشاء پوری ہو تو ان کلمات کو باوضو جمعہ کی رات (جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات) کو بارہ ہزار بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت حسبِ منشاء پوری ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ

الْقَوِیُّ الْکَافِیُ اگر ایک مرتبہ پڑھنے سے مطلب حل نہ ہو تو اگلی شب جمعہ کو پھر بارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ جب تک مقصد حل نہ ہو برابر پڑھتے رہیں۔

ہر مقصد میں کامیابی کیلئے

اس اسم مبارک کو ہر مقصد میں کامیابی کیلئے پڑھنا بہت جلد کامیابی کا سبب بنتا ہے۔ یہ اسم مبارک اکثر علماء ومشائخ کا مختلف طریقے اور مختلف تعداد سے معمول رہا ہے اور ان بزرگان دین نے اس عمل کی برکت سے بہت کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اتوار کی رات (ہفتہ کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ اتوار کی رات ہے) سے مسلسل آٹھ رات برابر ہر رات کو تین ہزار بار اس اسم کو پڑھے۔ پڑھنے میں کمی زیادتی نہ کرے بلکہ پوری تعداد کے مطابق پڑھے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ جو مراد ہوگی وہ پوری ہوگی۔ اسمِ معظم یہ ہے: یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

بچہ کا بات بات پر رونا

اگر بچہ چڑچڑا ہو گیا ہو اور ذرا ذرا سی بات پر روتا اور مچلتا ہو تو اس آیت کو باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے رک جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ھَمْسًا ○ (طٰہٰ:108)

* * *

شاہ قطب الدین گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف

غریبی اور تنگ دستی دور کرنا

جو شخص غریب ہو اور اس کا ہاتھ خرچ کے معاملے میں تنگ رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نمازِ مغرب یا بعد نمازِ عشاء باوضو سورہ مزمل (پ 29) گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورہ مزمل پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سورہ مزمل پڑھتے وقت جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ اس عمل کی برکت سے گھر سے غربت اور تنگ دستی کا خاتمہ ہوگا اور روزی میں برکت پیدا ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ بلا ناغہ کرے اور پابندی سے کرے گا تو اس کا پھل پائے گا۔

ہر رنج و غم، مصیبت سے خلاصی

ہر رنج و غم کو دور کرنے، مصیبت سے نجات دینے کیلئے اور رزق کی تنگی کو دور کرنے کیلئے ایک تسبیح، صبح کو بعد نمازِ فجر اور ایک تسبیح شام کو بعد نمازِ مغرب یا عشاء پابندی سے پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ کلمات استغفار یہ ہیں۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

سر درد کیلئے

مریض کے سر کو پکڑ کر سات بار یہ دعا پڑھ کر مریض کے سر پر دم کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس دعا کی برکت سے سر کا درد دور ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

نظرِ بد کا علاج

بعض مرتبہ کسی خوبصورت انسان، حیوان یا اچھی چیز کو نظر بھر کر دیکھ لیا جائے اور اس

وقت بَارَكَ اللهُ یا مَا شَآءَ اللهُ کہہ دیا جائے تو وہ چیز نظر بد سے محفوظ ہو جائے گی اور اگر یہ الفاظ نہ کہے اور اس پر گہری نظر ڈالی یا اس کی خوبی کا تذکرہ کر دیا تو نظر بد لگ جائے گی۔

اگر کسی کو نظر لگ جائے تو

مندرجہ ذیل آیات اور ان سورتوں کو تین دن مسلسل بلا ناغہ صبح و شام کے وقت تین تین بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاءاللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔ بچہ ہو یا بڑا ہر ایک کیلئے یہ عمل مفید ہے۔ جو آیات اور سورتیں پڑھی جائیں گی وہ یہ ہیں۔ 1۔ سورۃ الفاتحہ۔ 2۔ سورۃ البقرۃ الٓمّٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک۔ 3۔ آیت الکرسی۔ 4۔ سورہ اخلاص۔ 5۔ سورہ فلق۔ 6۔ سورہ الناس۔ 7۔ یہ آیت وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ سے اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ (القلم: 52) تک ان کے پڑھنے کا طریقہ ہے کہ پہلے ایک ایک مرتبہ سب آیتیں اور سورتیں پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ پھر دوبارہ ایک ایک مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں آخر میں تیسری بار ایک ایک مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ اس طرح تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام کو دم کریں اور مسلسل تین دن تک کریں۔

برا خواب دیکھنا

بُرا خواب دیکھے تو تین مرتبہ شیطان اور برے خواب کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے۔ مثلاً تین بار یوں کہے: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا۔ اس کے بعد تین مرتبہ بائیں جانب تھتکار دے یعنی تھوتھو کر دے اور جس کروٹ سو رہا ہو اس کروٹ کو بدل دے۔ بخاری شریف کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اٹھ کر وضو کر کے نماز پڑھنے لگے۔ کسی سے اس خواب کا تذکرہ نہ کرے اس طرح انشاءاللہ تعالیٰ یہ خواب اس کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائے گا۔

رزق کی تنگی دور کرنا

جو شخص رزق کی تنگی کا شکار ہو اور پریشان رہتا ہو اس کے لئے یہ عمل بہت کارآمد اور مفید ہے۔ جو شخص فجر کی نماز کے بعد باوضو اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد ستر (70) مرتبہ یہ آیت پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درد شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ شخص رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا۔ اس سلسلے میں یہ مجرب عمل ہے۔ شرط یہ ہے کہ مسلسل روزانہ بلاناغہ پڑھے۔ اس طرح نہ کرے کہ کبھی عمل کرلیا اور کبھی چھوڑ دیا۔ اس سے عمل کامیاب نہیں ہوتا۔ وہ آیت یہ ہے۔ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿الشوریٰ ۱۹﴾

استخارہ کرنے کا طریقہ

استخارہ کے بہت سے طریقے ہیں اور یہ استخارہ بہت مجرب ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (پوری سورۃ) ایک مرتبہ اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص ایک مرتبہ پڑھے اور نماز پوری کر کے سلام پھیرنے کے بعد اول تین بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اس کے بعد سورۂ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سیدھے (دائیں) ہاتھ پر پھونکے (دم کرے) وہی دایاں ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر منہ قبلہ کی طرف کرے اور دائیں کروٹ سو جائے۔ یہ عمل تین دن یا سات دن کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ اگر ایک دن میں معلوم ہو جائے تو پھر کرنے کی ضرورت نہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس استخارہ سے صحیح جواب مل جائے گا۔

* * *

محدث کبیر عطا واسطی رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف

ہر قسم کے شر و فتنہ سے حفاظت

ہر قسم کے شر و فتنہ سے حفاظت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ سو بار: حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل بعد نماز عشاء مسلسل پابندی کے ساتھ کرے، ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا شر و فتنہ از خود ختم ہو جائے گا۔

مقصد میں کامیابی

اپنے مقصد میں کامیابی کیلئے: یَاعَزِیْزُ کثرت سے پڑھے۔ اگر زیادہ نہ پڑھ سکے تو کم از کم ایک سو بار ضرور کسی بھی وقتِ مقررہ پر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

ہر قسم کے خطرات سے حفاظت

آیتِ کریمہ کا ختم ہر قسم کے خطرات و آفات سے حفاظت کا بڑا ذریعہ ہے۔ یہ حصولِ مقاصد میں بھی بہت مددگار ہے۔ ایک وقتِ مقررہ پر تین سو بار یا پانچ سو بار جتنی مقدار میں آسانی سے پڑھ سکے پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حکامِ بالا اور افسرانِ بالا کے شر سے حفاظت رہے گی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ آیۃ کریمہ یہ ہے: لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

روزی میں برکت کیلئے

روزی میں برکت اور آمدنی میں تنگی کو دور کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید اور موثر ہے۔ وقتِ مقررہ پر روزانہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو

بار یَامُغْنِیُ پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر روزی میں برکت کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تنگدستی دور ہو گی اور رزق کی پریشانی دور ہو گی۔ یہ عمل مستقل کرے۔

رزق کی فراخی کیلئے

رزق کی فراخی کیلئے یہ عمل بھی بہت مجرب ہے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ سو بار یَابَاسِطُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر رزق کی فراخی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تھوڑے رزق میں برکت ہو گی اور رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ یہ عمل بعد نماز عشاء پابندی سے کرے۔

پھوڑے اور زخم سے نجات

اگر کسی کو پھوڑا ہو گیا ہو یا کسی طرح کا زخم ہو اس کیلئے باوضو سات بار آیتِ ذیل پڑھ کر پھوڑے یا زخم پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن دم کرنے سے پھوڑا اور زخم صحیح ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿الزخرف ۷۹﴾

حمل گرنے سے محفوظ

بعض مرتبہ رحم کی کمزوری اور بعض دیگر بیماریوں کے سبب عورت کا حمل قائم نہیں رہتا اور بار بار گر جاتا ہے۔ حمل کو قائم رکھنے اور گرنے سے محفوظ رکھنے کیلئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے لپیٹ کر عورت کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور بچہ پیدا ہو گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ وَلَبِثُوْا فِیْ کَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ٥ قُلِ اللّٰہُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا (کہف 26،25)

خوبصورت بچہ پیدا ہو

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کا بیٹا خوبصورت اور نیک پیدا ہو۔ برائی سے محفوظ رہنے والا ہو اس کو چاہیے کہ سورہ یوسف مع بسم اللہ شریف کے صاف صاف باوضو لکھے اس طرح لکھے کہ کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو۔ اس سورت کو لکھ کر موم جامہ میں بند کر کے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا خوبصورت اور نیک سیرت اور شہرت کا مالک ہوگا۔

دعا قبول ہونے کا عمل

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کی دعا ضرور قبول ہو اور رَد نہ ہو اور نہ اس کی قبولیت میں دیر لگے تو اس کے لئے یہ کلمات بہت بابرکت ہیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ دل اور دماغ دونوں پوری طرح اللہ رب العزت کی طرف متوجہ ہوں۔ دھیان کسی اور طرف نہ ہو۔ دعا کرنے سے پہلے یہ کلمات ایک سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی اور ویسے بھی باوضوء بے وضو جس حالت میں بھی ہو ہر وقت ان کلمات کو پڑھتا رہا کرے تاکہ ان کی تاثیر میں شدت پیدا ہو۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

قرض سے نجات کیلئے

فضیل بن فضالہ رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ میں ایک بار قرض دار ہو گیا اور میں گریہ زاری کے ساتھ پڑھا کرتا تھا یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِحُرْمَةِ وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ اَقْرِضْ عَنِّیْ دَیْنِیْ (اے ذوالجلال والاکرام اپنے وجہ کریم کی حرمت سے میرا دین ادا کر دیجئے)۔ کسی کہنے والے نے مجھے خواب میں کہا اللہ تعالیٰ کے وجہ کریم کے طفیل سے تو کب تک اللہ تعالیٰ گریہ زاری کرتا رہے گا فلاں مقام پر جا اور وہاں سے اپنے قرض کے موافق لے لے۔

شاہ عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف

عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے

یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے ظالموں کے ظلم سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار یَاعَزِیْزُ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔

احتلام سے حفاظت

احتلام کی کثرت آدمی کو کمزور کر دیتی ہے اس کیلئے رات کو سوتے وقت باوضو سورۂ نوح (پ 29) کی تلاوت کرنے سے پڑھنے والا احتلام سے محفوظ رہتا ہے۔ احتلام سے بچنے کا دوسرا عمل اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ احتلام سے محفوظ رہے تو اس کیلئے سورۃ الناس (مکمل) باوضو تین بار پڑھے اور اس کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور سو جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔ اگر پڑھنے کے بعد بات کر لی تو دوبارہ پڑھ لے۔

مرد کا عورت پر قادر ہونا اور حمل کا ٹھہرنا

اگر کوئی مرد شرم کی وجہ سے یا کسی مرض کے سبب عورت پر قادر نہ ہو تو اس کیلئے دو انڈے لے اور دونوں کو دھو کر اُبال لے اور ایک انڈے پر باوضو روشنائی سے لکھے۔ وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿الذّٰرِیٰت ۴۷﴾ اور یہ انڈہ مر رات کو کھالے۔ وَ الْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿الذّٰرِیٰت ۴۸﴾ او یہ انڈا عورت کو دے کہ رات کو کھالے اس کے بعد ہمبستری کریں انشاء اللہ حمل قائم گا اور اولاد ہوگی۔

اپنے مقصد میں کامیابی کیلئے

اگر کسی آدمی کے دل میں کوئی مقصد مقرر ہو اور وہ چاہتا ہو کہ وہ اپنے مقصد میں کامیا

ہو جائے اور اس کی مراد پوری ہو جائے تو اس کیلئے جمعہ کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک تنہائی کی جگہ بیٹھے اور باوضو مغرب تک یہ کلمات پڑھتا رہے۔ اس جگہ سے صرف نماز کے وقت اور حاجات ضروریہ سے فراغت کیلئے نکلے ورنہ اسی جگہ بیٹھا ہوا مسلسل پڑھتا رہے۔ سات جمعے یہ عمل برابر کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں: یَآ اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ عمل شروع کرنے سے قبل ایک سو ایک (101) بار درود شریف پڑھے اور عمل ختم کرنے کے بعد ایک سو ایک (101) بار درود شریف ضرور پڑھے۔ عمل ختم کرنے کے بعد اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا مانگے۔

قیدی کی رہائی کیلئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور اس کی رہائی مشکل ہو رہی ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک نشست میں (یعنی درمیان میں نہ اٹھے اور عمل مکمل کر کے اٹھے) دو ہزار مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے۔ اوّل و آخر میں درودِ ابراہیمی اکیس اکیس بار ضرور پڑھے۔ وہ کلمات یہ ہیں: مَاشَآءَ اللّٰہُ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ۔

غلبہ شہوت ختم کرنے کیلئے

شہوت کا غلبہ ختم کرنے کیلئے اوّل تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو بار: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ مِنْ نَفَخِہٖ وَ نَفَثِہٖ وَ ھَمَزَتِہٖ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے غلبہ شہوت ختم ہو گا اور عبادت میں دل لگے گا لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ کرے۔

ہر قسم کے غم اور فکر کا خاتمہ

یہ عمل ہر قسم کے غم کو دور کرتا ہے اور پریشانی سے مکمل نجات دیتا ہے۔ بعد نمازِ عشاء

اوّل درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد تین سو بار: اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿یوسف ۸۶﴾ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے ہر قسم کی پریشانی اور ہر قسم کے فکر کو دور کرنے کیلئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام غم وفکر دور ہو جائینگے اور دل ہر وقت خوش رہے گا۔

تبلیغ ودعوت کے کام میں برکت کیلئے

جو لوگ وعظ ونصیحت یا تبلیغ ودعوت کا کام کرتے ہیں ان کیلئے یہ عمل بہت ضروری ہے تاکہ ان میں کشش پیدا ہو ہر شخص ان سے محبت کرے اور ان کی بات سنے اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کرے۔ اس کیلئے پہلی شرط یہ ہے کہ تبلیغ میں اخلاص نیت ہو یعنی نیت میں کوئی خرابی نہ ہو۔ واہ واہ کیلئے تقریر نہ کرے اور نہ واہ واہ کرنے سے خوش ہو۔ دوسرے یہ کہ بیان میں اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود ہو غیر کو راضی کرنے کا دل میں خیال نہ آئے۔ خود کو چھوٹا جانے اور اللہ کے دین کی بات پہنچانے میں پوری کوشش کرے چاہے لوگ شاباشی نہ دیں اور نہ اس کی تعریف کریں۔ اخلاص نیت کے بعد مندرجہ ذیل عمل بھی کرتا رہے تاکہ دعوت وتبلیغ کا کام آگے بڑھے اور دین پر عمل کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ عمل یہ ہے۔ ہر نماز کے بعد اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس بار: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے اور دعاء کیا کرے کہ: اے اللہ! میری نیت کو خالص کر دے اور ریاء اور دکھاوے سے حفاظت فرما اور میری زبان میں تاثیر پیدا فرما اور میرے کام میں برکت پیدا فرما۔

ہر قسم کی پریشانی سے نجات کیلئے

اگر کسی کا مالی نقصان ہو جائے یا جان کو خطرہ پیش آ جائے دشمن ہر وقت گھات میں ہو کہ

موقع ملے اور وار کرے۔ ان تمام پریشانیوں سے نجات کیلئے روزانہ کسی وقت بھی باوضو اوّل و گیارہ بار درود شریف اس کے بعد تین سو بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے ہر قسم کے شر سے حفاظت اور امان کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر پریشانی اور فکر دور ہو جائے گی اور امن و چین حاصل ہوگا۔ یہ عمل روزانہ بلا ناغہ پابندی کے ساتھ کرے۔ اگر ایک دن چھوٹ جائے تو دوسرے دن دو مرتبہ پڑھ لے۔

عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے

عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے ظالموں کے ظلم سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار يَا عَزِيْزُ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ معاشرتی زندگی میں عزت و عظمت کا مقام حاصل ہوگا۔ دشمن ناکام ہوں گے۔

مسافر کی حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص سفر پر روانہ ہوتا ہے اور اہل خانہ چاہتے ہیں کہ مسافر کو راستہ میں کوئی تکلیف یا حادثہ پیش نہ آئے اور وہ صحت و سلامتی کے ساتھ گھر واپس آئے اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے جب مسافر سفر پر روانہ ہو جائے تو گھر کے افراد میں سے کوئی بھی مرد یا عورت باوضو اکتالیس بار سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) پڑھے اور دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ مسافر کو سفر کے دوران محفوظ رکھے اور سلامتی کے ساتھ واپس آئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسافر صحت و سلامتی کے ساتھ گھر واپس لوٹ کر آئے گا۔

* * *

علامہ عثمان مرزوقی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف

دشمن سے بچنے کی دعا

اگر کسی شخص کا کوئی خواہ مخواہ دشمن بن جائے لیکن انسان خود راہ راست پر ہو اس ظالمانہ دشمنی سے بچنے کے لئے اس آیت کا ورد بہت موثر ہے۔ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ دن یا رات کا کوئی بھی وقت مقرر کر لیں لیکن پھر اس وقت کی پابندی کریں اور 144 مرتبہ روزانہ اس آیت کو 12 دن تک پڑھیں اور بعد میں سجدہ ریز ہو کر اللہ سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ وظیفہ ختم ہونے تک یا ہوتے ہی دشمن کے دل میں خوف الٰہی پیدا ہو گا اور وہ دشمنی ترک کر دے گا یا وہ علاقہ ہی چھوڑ جائے گا یا وہ اپنے حالات کی بناء پر فوراً عاجز ہو جائے گا اور اس میں دشمنی کی سکت ہی نہیں رہے گی۔ یہ بے انتہا آزمودہ وظیفہ ہے لیکن ناجائز مت کریں۔ سورۂ رحمٰن کی آیات یہ ہے۔ کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿سورۂ رحمٰن ۲۷﴾ کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ترجمہ: زمین پر جتنے ہیں سب کو فنا ہے اور باقی ہے تمہارے رب کی ذات، جو عظمت اور بزرگی والا ہے۔ (سورۃ رحمن)

فقر و فاقہ دور کرنے کی دعا

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ایک حدیث میں ہے کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے شدید فقر و فاقہ کی شکایت کی کہ ایک ماہ ہو گیا گھر میں چولہا جلانے کی نوبت تک نہیں آئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہو تو پانچ بکریاں دے دوں اور چاہو تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ابھی ابھی ایک دعا سکھائی ہے بتا دوں۔ یہ دعا پڑھو۔ یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ یَا اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ، ذَاالْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ، وَ یَارَاحِم

الْمَسَاكِيْنَ. وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اگر کسی کو فقر کا خوف ہو اور تنگی معاش ہو تو اس مذکورہ دعا کو کثرت توجہ و دھیان سے پڑھے انشاء اللہ بہت جلد حیرت انگیز اثرات مرتب ہوں گے۔

دل کی تکلیف سے حفاظت کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد دل پر سیدھا ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھیں، پھر ہتھیلی پر دم کر کے سینے پر پھیر لیں، دعا یہ ہے۔ يَاقَوِيُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِيْ وَقَلْبِيْ اس کے بعد شہادت کی انگلی دل پر رکھ کر سات مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ (ھود112) اس کے بعد 7 مرتبہ يَاقَوِيُّ پڑھیں انشاء اللہ بیماری سے حفاظت رہے گی۔

عزت وقار کیلئے

عزت اور آبرو اور وقار حاصل کرنے کے لئے، بخار کے لئے، زخم کو ٹھیک کرنے کے لئے اور اچھے کاموں میں نام پیدا کرنے کے لئے، عمل کا وزن بھاری کرنے کے لئے روزانہ 7 دفعہ پڑھیں۔ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿الجاثیہ ۳۷﴾

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے

اولاد کی فرمانبرداری کے لئے اور اللہ کے پسندیدہ عمل کرنے کے لئے 3 دفعہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ بہت مفید ثابت ہوگا۔ رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿الاحقاف ۱۵﴾

غیب سے مدد

عشاء کی نماز کے بعد 101 دفعہ پڑھنے سے ہر رنج و غم دور کرنے کے لئے غیب سے

مدد کا دروازہ کھلتا ہے۔ آیت یہ ہے۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ o

ترقی حافظہ کیلئے

درد حافظہ میں زیادتی کیلئے آیات ذیل اور دعا تین تین بار صبح وشام پڑھا کرے سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ o قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ o وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ o وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ o یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ o رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا o اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ وَ زِدْ قُوَّةَ سَمْعِیْ وَ بَصَرِیْ وَ حِفْظِیْ

شدید مالی پریشانی

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا۔ فقر وفاقہ اور تنگی معاش کی شکایت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا جب تم اپنے گھر میں داخل ہوتو سلام کرو خواہ کوئی ہو یا نہ ہو، پھر مجھ پر سلام بھیجو۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ پھر ایک بار سورۂ اخلاص پڑھو۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس پر رزق کی بارش فرما دی۔ یہاں تک کہ وہ اقرباء اور پڑوسیوں پر پیسہ بھی بہانے لگا۔ (القول البدیع 124)

گمشدگی اولاد کیلئے

اگر کسی کی اولاد کھو گئی ہو، گم ہو گئی ہو اور وہ اس کی تلاش میں حیران وسرگرداں ہو اور ان پر مایوسی کے بادل چھا گئے ہوں تو اس کو چاہیے کہ ان آیات کو پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓی اُمِّهٖ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ

لٰکِنَّ اَکْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿القصص ۱۳﴾

خوفناک خواب کا علاج

اگر کسی کو خوفناک اور بھیانک خواب ستاتے ہوں تو سونے سے پہلے تین دفعہ تعوذ پڑھے اور تین ہی مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور اس میں کلمہ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کو تین دفعہ دہرائے پھر سو جائے۔ انشاء اللہ امن و راحت میں سوتا رہے گا۔ حب اللہ کیلئے جو صبح کی نماز کے بعد یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ اس اسم کو سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ کی محبت اس کو ملے گی۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اس پر کوئی مشکل نہ پڑے گی۔ سرمے کی سلائی پر دم کر کے آنکھوں میں لگائیں انشاء اللہ نظر میں تیزی پیدا ہوگی۔

* * * * *

شاہ نصیر الدین چراغ رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف

مرادیں پوری ہونگی

نماز فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے 41 بار سورۃ فاتحہ ہر بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ پڑھی جائے۔ اول اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اس کے بعد جو بھی دعا مانگی جائے۔ اگر 40 دن تک کی جائے تو الجھی ہوئی حاجتیں سلجھ جاتی ہیں۔

اولاد نرینہ کے لیے

جو والدین اولاد نرینہ کی نعمت سے محروم ہوں وہ روزانہ 101 دفعہ سورۃ الکوثر پڑھیں انشاء اللہ عنقریب اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے نوازیں گے اور یہ انتہائی مجرب عمل ہے توجہ اور دھیان سے عمل کریں۔

کاروبار کی ترقی کے لیے

روزگار کے سلسلے میں پریشان حضرات اور کاروبار شروع کرنے والے حضرات اس آیت لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الۡغَنِیُّ الۡحَمِیۡدُ ﴿لقمان ۲۶﴾

اولاد کی شادی کے لیے

جو حضرات اپنے بچوں کے رشتوں کے سلسلے میں پریشان ہوں اور مایوس ہو چکے ہوں۔ اس آیت وَ ھُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ مِنَ الۡمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَہٗ نَسَبًا وَّ صِہۡرًا کَانَ رَبُّکَ قَدِیۡرًا ﴿الفرقان ۵۴﴾ کو کثرت سے پڑھیں۔

جھوٹے مقدموں سے نجات کے لیے

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو یا کسی نے کسی پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی

عزت پر کوئی حرف آیا ہو وہ اس وظیفہ کو اٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھے۔ ان شاء اللہ اسے مکمل کامیابی و کامرانی حاصل ہوگی وَ يُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ کو کثرت سے پڑھیں۔ (سورہ یونس 82)

دنیا اور آخرت کے امور کی کفالت

دنیا کی معاشی تنگی اور گھریلو جھگڑوں سے مایوس اور پریشان حضرات کے لیے لاجواب وظیفہ۔ ایک صاحب گھر کے جھگڑوں اور معاشی تنگی اور رزق کے معاملے میں پریشان تھے انہوں نے بتایا کہ اللہ نے میرے تمام مسائل حل کر دیئے اور گھر میں سکون و آرام آ گیا وہ وظیفہ یہ ہے۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ صبح و شام 7 مرتبہ پڑھیں۔

رزق غیبی کا لاجواب عمل

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ہر دن مومن مرد اور عورتوں کے لیے 25 یا 27 مرتبہ مغفرت کی دعا کرے گا تو وہ ان مستجاب الدعوات لوگوں میں سے ہوگا جن کی وجہ سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے۔

راحت و سکون کیلئے

گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ یٰسین پڑھی جائے۔ ہر مُبِيْنٌ پر رک کر ہر بار بسم اللہ کے ساتھ سات بار سورہ فاتحہ اس طرح پڑھی جائے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی م کو الحمد للہ کی ل کے ساتھ ملائے جیسے (بِسْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ)۔ سورہ یٰسین ختم کرنے کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھا جائے۔ اس کے بعد اپنی حاجت براری کی دعا مانگی جائے۔ یہ تلاوت ہر روز جاری رکھی جائے جب تک دل میں اپنی حاجت کے بارے میں سکون اور اطمینان پیدا نہیں ہو جاتا۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اور بِسْمِ اللّٰهِ کے بعد سورہ فاتحہ پڑھنا شروع کر دے۔ جب

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ پر پہنچے تو دہرائے اس آیت کو اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں کے ساتھ اسی طرح دہرائے اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیۡمُ اسی طرح ننانوے نام پورے کرلے اور اس کے بعد سورۃ فاتحہ کا باقی حصہ پورا کرے۔ یہ گردان اسی طور پر کرے کہ جب اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ کہے تو انتہائی خشوع کے ساتھ سجدہ میں چلا جائے جب اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کہے تو اٹھ کر فقیروں کی طرح دامن پھیلا کر دل کی گہرائیوں سے الفاظ کہے کہ آپ پر رقت طاری ہو جائے۔

تمام مصیبتوں سے نجات کیلئے

28 پارے میں سورۃ الحشر کا تیسرا رکوع آیت نمبر 18 سے لے کر سورۃ کے آخر تک یعنی آیت نمبر 24 تک اس طرح پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پھر اعوذ باللہ اور بسم اللہ کے ساتھ تیسرا رکوع سورۃ الحشر کا پڑھنا شروع کریں۔ آیت نمبر 21 میں جب ان الفاظ پر پہنچے تو یہاں پر رک جائے۔ تو لَوۡ اَنۡزَلۡنَا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیۡتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡیَةِ اللّٰهِ

ترجمہ: اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو اس کو دیکھتا کہ خشیت سے دب جاتا اور پھٹ جاتا۔ ان الفاظ کو پڑھنے کے بعد اپنی مشکل یا مصیبت کو تصور میں لائے اور انتہائی خلوص سے اللہ تعالیٰ کے حضور التجا کرے کہ میری مشکل یا مصیبت ہی میرے لیے ایک پہاڑ ہے اور اپنی قدرت سے قرآن حکیم کی اس تلاوت کے صدقے اس پہاڑ کو میرے لیے ریزہ ریزہ کر دے یہ دعا کرنے کے بعد آگے پڑھنا جاری رکھے۔ آخری آیات نمبر 24 میں جب ان مذکورہ الفاظ پر پہنچے تو انہیں پڑھ کر رک جائے۔

* * * * *

حضرت واثق بن علی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف

داغ دھبے دور کرنے کیلئے

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۝ (پ 1، آیت 71 سورۃ البقرۃ) کسی کے بدن پر ناسور ہو یا کوئی داغ دھبہ ہو تو 41 بار دوا یا مرہم پر پڑھ کر پھونکیں اور پھر استعمال کریں۔ انشاء اللہ جسم سے داغ دھبے دور ہو جائیں گے۔

پتھری سے نجات کیلئے

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ط وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ط وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ (پ 1 آیت 74 سورۃ البقرۃ) گردے اور پتے کی پتھری دور کرنے کیلئے 41 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں جب تک کامیابی نہ ہو۔ یقین اور توجہ شرط ہے۔

موذی جانور سے حفاظت کیلئے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿بقرہ ۱۸﴾ راستے میں کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف محسوس ہو تو چند مرتبہ اس پر پڑھ کر پھونکیں۔

افعالِ بد سے چھٹکارے کیلئے

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿البقرہ ۵﴾ جو دین سے غافل ہو سیدھے راستے سے بھٹک جائے یا برے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس کو پانی پر 101 دفعہ پڑھ کر دم کر کے 41 دن تک پلائیں۔ اخلاص اور توجہ کے ساتھ عمل کریں۔

جملہ امراض سے شفاء کیلئے

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿انعام، ۱۷﴾ ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرنے کیلئے 7 یا 11 دفعہ جس جگہ تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھیں اور جھٹک دیں۔

رزق میں فراوانی کیلئے

رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ (114 مائدہ) رزق کی تنگی دور کرنے کیلئے یا کسی خاص چیز کے کھانے کی حاجت ہو تو 7 دفعہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں۔ خبردار! دعا پوری ہونے کے بعد اللہ کا شکر ادا کریں۔

گھبراہٹ دور کرنے کیلئے

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؁ (سورہ الرعد پارہ 13، آیت 28) دل کی بیماری اور گھبراہٹ دور کرنے کیلئے 41 بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاءاللہ! اللہ کے حکم سے بہت جلد افاقہ ہوگا۔

ناحق مقدمے سے نجات کیلئے

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ؁ (پ 15، آیت 81) مقدمہ کی کامیابی کیلئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد 133 دفعہ پڑھیں حق پر ہو تو پڑھے ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

غصہ دور کرنے کیلئے

وَالْكَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ؁ غصہ کو دور کرنے کیلئے چینی پر 101 دفعہ 21 دن تک پڑھیں اور پلائیں۔ انشاءاللہ غصہ طبیعت سے بہت جلد ختم ہو جائیگا اور طبیعت میں نرمی پیدا ہوگی۔

اولاد کے رشتے کیلئے

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ ؁ (پ 20، آیت 61

جس کی اولاد کا رشتہ نہ ہوتا ہو یا اس کے اسباب پیدا نہ ہو رہے ہوں تو اولاد کے والدین اٹھتے بیٹھتے اس کا ورد جاری رکھیں۔ بہت جلد اللہ تعالیٰ نیک صالح رشتے کا انتظام فرما دیں گے۔

مکان کے حصول کیلئے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَّاتَشْكُرُوْنَ o (پ 8 آیت نمبر 10 سورۃ الاعراف) اگر کسی کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو یا روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق سے تنگ ہو یا مسافر ہو اور اس کے پاس کوئی سامان نہ ہو تو وہ اس آیت کو 15 دفعہ روزانہ پڑھے جب تک کامیابی نہ ہو۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

عزت بنانے کیلئے

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿یٰسین ۸۳﴾ اگر کوئی شخص لوگوں کی نظر سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی عزت قائم ہو جائے تو وہ اس آیت کو 11 دفعہ روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لے۔ انشاء اللہ اسے کامیابی ہوگی۔

اولاد نرینہ کیلئے

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿نوح ۱۲﴾ کسی کے ہاں اولاد نرینہ نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی 9 مہینے تک 111 مرتبہ روزانہ پڑھیے۔ رزق کی تنگی دور کرنے کیلئے بھی اس دعا کو روزانہ سات مرتبہ پڑھا جائے۔

* * *

شاہ حسین رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

عزت کی حفاظت کیلئے

اپنی عزت جان و مال کی حفاظت کیلئے رات کو سوتے وقت ضرور پڑھیں۔ بے نمازیوں کو نماز کی طرف رغبت دلاتی ہے۔ بے ہودہ اور بری باتوں سے روکتی ہے اور جنت الفردوس کا وارث بنا دیتی ہے۔ یقین اور توجہ شرط ہے۔ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ

اولاد کی زندگی کیلئے

اگر کسی شخص کی اولاد مر جاتی ہو، زندہ نہ رہتی ہو یا وہ کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتا ہو تو ان تمام مسائل میں مبتلا افراد اس دعا کو روزانہ صبح و شام 11 دفعہ پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ بہت جلد ایسی اولاد عنایت کریں گے جو صالح اور نیک ہو گیا ور اللہ تعالیٰ اس بابرکت آیت کی وجہ سے دنیا و آخرت کی مشکلات حل فرما دینگے وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿الملک ۱۴﴾

اولاد نرینہ کیلئے

ایسے تمام ازدواجی جوڑے جو اولاد کی نعمت سے محروم ہیں تو وہ اس عمل کو نہایت یقین اور توجہ کے ساتھ پڑھیں وہ یہ دعا 133 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے فجر کی نماز کے بعد دونوں میاں بیوی پئیں۔ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ۔ (روم 4،5)

ہر جائز مراد کیلئے

اپنی ہر جائز مراد کی تکمیل کیلئے اور ہر مشکل کی آسانی کیلئے درج ذیل آیت کو 113 دفعہ

نہایت یقین اور توجہ کیساتھ پڑھیں۔

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿یوسف ۵۶﴾

بچے کی صحت کیلئے

اگر کوئی بچہ یا شخص بیمار ہو یا کمزور ہو یا سوکھتا چلا جا رہا ہو اور بظاہر کوئی بیماری نظر نہ آتی ہو تو اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر 21 دن تک 141 دفعہ اس آیت کو پڑھے۔ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿حج ۳۸﴾

خوف سے نجات کیلئے

اگر کسی شخص کو ہر وقت دشمن سے خوف رہتا ہو یا اس کی دشمنی بڑھتی جا رہی ہو تو دشمن سے حفاظت کیلئے ان کلمات کو 11 دفعہ روزانہ پڑھیے۔

يَامَالِكُ، يَاقُدُّوْسُ، يَاسَلَامُ

پھوڑے پھنسی سے نجات

ہر شخص کو چاہیے کہ سرطان یا طاعون یا پھوڑے پھنسی کی بیماری سے بچنے کیلئے اس آیت کو صبح و شام گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان خطرناک بیماریوں سے اس نورانی عمل کی برکت سے محفوظ رہے گا۔

وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿النزعت ۱۹﴾

افعال بد سے نجات کیلئے

جو سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہو یا برے افعال میں پڑ گیا ہو یا اللہ کی طرف توجہ سے غافل ہو گیا ہو تو وہ اس آیت کو روزانہ 101 مرتبہ پانی پر دم کر کے اسے پلائے۔

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿الرعد ۲۴﴾

فتوحات کیلئے

اگر کسی شخص کو اللہ کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچی ہو یا غم یا کسی سے دکھ پہنچا ہو تو وہ اس دعا کو پڑھے انشاء اللہ اس کیلئے دین و دنیا میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿یونس ۸۲﴾

جھوٹے مقدمہ سے نجات کیلئے

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو یا کسی نے کسی پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو وہ اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھے انشاء اللہ اسے کامیابی حاصل ہوگی۔

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

بدنامی سے حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص کسی کو بدنام کرنے پر تلا ہے اور اس کو اپنی عزت کا خطرہ ہے تو وہ اس دعا کو صبح و شام 41 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک دے۔

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿بنی اسرائیل ۸۷﴾

زبان کی حفاظت کیلئے بیش بہا وظیفہ

جو بھائی اور بہن یہ چاہتے ہیں کہ ان کی زبان گالی گلوچ، بے حیائی اور غیبت و بہتان جیسے خطرناک گناہوں سے محفوظ رہے وہ اس مبارک عمل کو کریں۔

انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ درود شریف 41 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور سارا پانی پی لیں۔ یہ عمل باوضو حالت میں بلاناغہ 40 دن کریں۔

اس کے علاوہ دوران وظیفہ اگر روزانہ تین سو مرتبہ کوئی بھی مختصر یا بڑا استغفار بھی پڑھیں تو انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

وسعت رزق کیلئے

جو شخص رزق کی تنگی میں مبتلا ہو وہ کثرت سے فرض نمازوں اور نوافل کے بعد ان آیتوں کا اٹھتے بیٹھتے کثرت سے ورد کرے اللہ تعالیٰ اسے روزی اور اس کے مال میں ترقی اور تنگدستی دور فرمائیں گے۔ قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ تک پڑھیں (آل عمران 25)

* * *

مخدوم جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف

رزق میں ترقی کیلئے

حلال رزق میں ترقی و فراوانی کیلئے درج ذیل آیت کو 141 بار صبح کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں۔ انشاء اللہ رزق میں ترقی اور مقصد میں کامیابی نصیب ہوگی۔ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿القصص ۵۷﴾

ترجمہ: کیا ہم نے انہیں جگہ نہ دی امان والی حرم میں۔ جس کی طرف ہر چیز کے پھل لائے جاتے ہیں ہمارے پاس کی روزی لیکن ان میں اکثر کو علم نہیں۔

تنگدستی سے نجات کیلئے

تنگدستی اور افلاس سے نجات کیلئے اٹھتے بیٹھتے اس آیت کو پڑھیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿العنكبوت ۶۰﴾

ترجمہ: اور زمین پر کتنے ہی چلنے والے ہیں کہ اپنی روزی ساتھ نہیں رکھتے۔ اللہ روزی دیتا ہے انہیں اور تمہیں۔ اور وہی سنتا جانتا ہے

اولاد نرینہ کیلئے

جو ازدواجی جوڑے اولاد کی نعمت سے محروم ہوں وہ اس آیت کو 41 بار پڑھ کر دودھ پر پھونکیں اور پھر دونوں میاں بیوی پئیں اس عمل کو تین مہینے تک انتہائی یقین کیساتھ کریں۔ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ط

غصے سے نجات کیلئے

وہ شخص جس کو بات بات پر غصہ آجاتا ہو یا کسی کی بات برداشت کرنے کی ہمت نہ رکھتا ہو یا اپنے جذبات پر قابو رکھنے کی صلاحیت نہ ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ درج ذیل آیت کا اٹھتے بیٹھتے کثرت سے ورد کرے۔ وَ اَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ﴿سبا ۱۰﴾

گھریلو جھگڑوں سے یقینی نجات

جب مشکلات، گھریلو ناچاقیاں روزانہ کے گھریلو جھگڑے آپ کو مایوس کر دیں تو اس پریشانی کے عالم میں اس دعا کو پڑھیں اللہ اپنے حکم سے اس پریشانی کو دور کر دے گا۔ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۴﴾ اور کہیں گے سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمارا غم دور کیا۔ بیشک ہمارا رب بخشنے والا قدر فرمانے والا ہے۔

ترقی حافظہ کیلئے

دین سے غافل لوگوں کیلئے یا جن لوگوں سے یاد نہیں ہوتا یا وہ یاد کر کے بھول جاتے ہیں۔ وہ دن میں کسی بھی نماز کے بعد اس آیت کو 41 بار پڑھ کر اپنے سینے پر پھونک لیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ (زمر 23) ترجمہ: تو کیا وہ جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا (ف ۵۴) تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے

ذہنی سکون کیلئے

ذہنی سکون اور قلبی راحت کیلئے صبح اور عشاء کی نماز کے بعد 33 دفعہ درج ذیل آیتوں کو بلاناغہ تسلسل کیساتھ پڑھیں۔

فَهُوَ فِیْ عِیْشَةٍ رَّاضِیَةٍ ۔ فِیْ جَنَّةٍ عَالِیَةٍ ۔ قُطُوْفُهَا دَانِیَةٌ ۔ كُلُوْا وَ

اشْرَبُوْا هَنِيْٓـئًا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿الحاقة ۲۴﴾

جادو جنات سے نجات کیلئے

اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا اسے جادو کی علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کیلئے 11 دن تک 100 دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں یا اور کسی پر شک ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکیں۔ اس دعا کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھیں۔

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى۔ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿طٰهٰ ۶۹﴾

شوہر کو راہ راست پر لانے کیلئے

اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلقات رکھتا ہو یا حرام کی کمائی گھر میں لاتا ہو تو اسے باز رکھنے کیلئے 11 دن تک 141 مرتبہ اس دعا کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

قُلْ لَّا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰاُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿مائدہ ۱۰۰﴾

بچیوں کے پیغام نکاح کیلئے

اگر کسی لڑکی کیلئے رشتہ نہ آتا ہو یا رشتہ آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو تو وہ 113 دفعہ اس دعا کو اور تین دفعہ سورۃ الضحیٰ پڑھے۔ اور 3 مہینے یہ عمل جاری رکھیں۔ یہ عمل بچی خود پڑھے اور اس کے والدین بچی کا نام لیکر مقصد کا تصور کر کے توجہ اور یقین کیساتھ پڑھیں۔ انشاءاللہ جلد حاجت پوری ہوگی۔ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ (پ 20، آیت 24 سورۃ القصص)

* * *

حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

ہر مشکل اور پریشانی کیلئے

زندگی بھر روزانہ کا عمل ایک تسبیح استغفار، پہلا کلمہ، تیسرا کلمہ، درود شریف، کو کثرت سے پڑھیں۔ ہر مشکل کے حل کیلئے اور ہر بیماری کیلئے خاص کر دشمن کے مقابلے میں بہت نفع بخش ہے۔ بِسْمِ اللهِ رَبِّیَ اللهُ، حَسْبِیَ اللهُ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ اِعْتَصَمْتُ عَلَى اللهِ فَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَى اللهِ مَاشَآءَ اللهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ ط

تمام امور میں آسانی کیلئے الجھا ہوا کام ہو تو لاتعداد پڑھیں (آسانی کو مدنظر رکھتے ہوئے) (i) وَاللهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ، (ii) یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ، (iii) سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبِّ الرَّحِیْمِ (iv) وَاللهُ غَالِبٌ عَلٰۤى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ (v) لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿توبہ ۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿توبہ ۱۲۹﴾

مسائل کے حل کیلئے

کسی خاص اور مشکل مسئلہ کے حل کیلئے بعد از نماز عشاء ستر بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ بار یَاشَفِیْقُ، یَارَفِیْقُ، نَجِّنِیْ مِنْ كُلِّ ضِیْقٍ۔ صبح و شام ذکر کرنا۔ تلاوت قرآن حسب مقدور استغفار اور درود شریف کی کثرت بہت ضروری ہے۔ آیت کریمہ دو سو بار بعد از نماز عشاء باقاعدگی سے پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ بار بہت ضروری ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ آپ کی تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی اور ہر طرح کی مشکلات حل ہو جائینگی۔

غم کے خاتمہ کیلئے

ہر قسم کے غم کے خاتمہ کیلئے اور ادائے قرض کی مجرب دعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسْلِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ۔ اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں دکھ سے اور پریشانی (رنج وغم) سے اور پناہ چاہتا ہوں عجز اور کسل سے اور پناہ چاہتا ہوں بخل اور بزدلی سے اور پناہ چاہتا ہوں قرض کی زیادتی سے اور لوگوں کے غلبہ پالینے سے۔ جنت میں داخلے کیلئے روزی کی برکت، عذاب قبر سے نجات، موت کے وقت اس کی روح کے جنت میں داخلے کیلئے تمام دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِیْن ط۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو انسان روز سو بار اس کا ورد کریگا اس کی روزی میں برکت ہوگی، عذاب قبر سے بچا رہے گا، موت کے وقت اس کی روح کے جنت میں داخلہ کیلئے تمام دروازے کھل جائیں گے۔ (یہ کلمہ روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جالی مبارک پر بھی لکھا گیا ہے)۔

وسعت رزق کیلئے

وسعت رزق و فتح ابواب کیلئے مفید و مجرب ہے روزانہ نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ایک تسبیح اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھیں۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ط

پورے جسم پر جہاں بھی درد ہو

مرض جسمانی ہو یا روحانی ہر قسم کے مرض سے نجات کیلئے یقین اور توجہ سے پڑھیں۔ انتہائی مجرب اور تیر بہدف ہے۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ) بنی

اسرائیل 105) "اور حق کے ساتھ ہم نے اسے نازل کیا اور حق کے ساتھ وہ نازل ہوا" 41 مرتبہ پڑھ کر دم کریں یا ہاتھ پر دم کر کے پھیریں اول و آخر 3 مرتبہ درود پاک رزق حلال کمانے کا وظیفہ 1۔ صبح طلوع فجر کے وقت 100 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ 2۔ اذان فجر اور نماز فجر کے درمیان خوب رو رو کر اپنے گناہوں سے معافی کے بعد دعائیں مانگیں۔ 3۔ نماز فجر اور تمام نمازوں کے سلام پھیرنے کے بعد 10 بار کلمہ طیبہ اور 10 بار یَابَاسِطُ پڑھ کر چہرے پر ہاتھ پھیر لیں۔ 4۔ نماز فجر کے بعد 500 بار یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھیں۔ 5۔ دن بھر میں 500 بار درود شریف صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ۔ 6۔ نماز عشاء کے بعد 100 بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ (پاکی ہے (ہر عیب سے) رب تعالیٰ اور اسی کی حمد ہے، میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں) گھر میں داخل ہوتے ہوئے السلام علیکم کے بعد ایک بار درود شریف اور ایک بار سورۃ اخلاص پڑھیں۔ گھر سے نکلتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ (نوٹ: ممکن ہو تو ضرور تہجد کی نماز بھی پڑھیں) دن بھر چلتے پھرتے کام کرتے وضو بے وضو مسلسل پڑھتے رہیں۔ یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ۔

* * *

حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے خاص وظائف

ہر قسم کی آفات و بلیات سے نجات

قتل و غارت گری، لوٹ مار، ظلم و زیادتی کے دور میں ختم خواجگان ہر قسم کے ظلم و زیادتی سے محفوظ رہنے کا بڑا ذریعہ ہے۔ اکیلے پڑھ لے یا سب گھر والے یا اہل محلہ مل کر پڑھ لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی ناگہانی آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے اور دشمن ذلیل و ناکام ہوگا۔ ختم خواجگان پڑھنے کا طریقہ یہ ہے: اول دس بار درود شریف (کوئی بھی درود شریف جو یاد ہو پڑھے ورنہ نماز والا درود شریف پڑھ لے) نماز والا درود شریف درود ابراہیمی ہے۔ اس کے بعد 360 بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔ اس کے بعد 360 مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھے۔ اس کے بعد 360 مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔ اس کے بعد دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہیں گے۔

جادو کا اثر زائل کرنے کیلئے

اگر کسی نے کسی پر جادو کیا ہو یا کالے علم کے ذریعے تباہی و بربادی کا وار کیا ہو تو اس سے بچنے کیلئے یَا مُمِیْتُ کو سات روز تک سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں اور پانی پر پھونک کر خود پئیں یا جادو سے متاثر آدمی کو پلائیں۔ انشاءاللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا بلکہ الٹا جادو کرنے والے پر اسی کا اثر پڑے گا اگر کبھی محسوس کریں کہ کہیں سفلی وار ہونے والا ہے تو پھر بھی اسے پڑھیں انشاءاللہ آپ حفاظت سے رہیں گے۔

ہائی بلڈ پریشر کا علاج

یہ اسم ہائی بلڈ پریشر کے مرض کیلئے بہت مفید ہے لہٰذا ہائی بلڈ پریشر میں جب پانی

پیئیں تو مندرجہ ذیل وظیفہ سات مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ہائی بلڈ پریشر نارمل رہے گا۔

یَا حَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَا حَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ

پاگل کتے کے کاٹنے کا علاج

اگر کسی کو اللہ نہ کرے پاگل کتا کاٹ لے یا کسی کو کاٹ کر کتا پاگل ہو جائے تو اول گیارہ بار یہ درود شریف پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ نَبِیِّکَ۔ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ط اِنَّا کَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ط اس کے بعد تیسرا کلمہ، کلمہ تمجید گیارہ بار پڑھیں۔ اس کے بعد مندرجہ بالا درود شریف گیارہ بار پڑھیں۔ ان سب کو پڑھ کر چکنی مٹی کو پانی سے گوندھ کر اس پر دم کریں اور اس کی سات گولیاں بنائیں اور وہ گولیاں سات نابالغ بچوں کو دیں پھر ہر بچے سے ایک ایک گولی لے کر زمین پر مار کر توڑ دیں۔ یہ عمل تین دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔ تیسرے دن ایک نمازی آدمی سے جو سگریٹ، بیڑی، حقہ نہ پیتا ہو اور نہ تمباکو کا پان کھاتا ہو۔ سوا پاؤ سوجی کا حلوا تیار کرائیں۔ حلوا تیار کرنے سے قبل اس کو وضو کرائیں اور اس حلوے کا ثواب حضرت خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ کی روح مبارک کو بخشیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض باولے کتے کے کاٹے کے اثرات بد سے محفوظ رہے گا۔ یہ عمل مکمل توجہ اور یقین سے کیا جائے تو فائدہ ہوگا۔

گمشدہ کی واپسی کیلئے

رات کو جب گھر کے سب افراد گہری نیند سو جائیں تو اٹھ کر تازہ وضو کرے اور گھر کے چاروں گوشوں (کونوں) میں کھڑے ہو کر ہر گوشے میں ستر (70) بار پڑھے یَا مُجِیْبُ، رَدِّ عَلَیَّ (فلاں بن فلاں) (فلاں بن فلاں کی جگہ گمشدہ کا نام لے) یہ عمل سات دن متواتر کرے انشاء اللہ تعالیٰ سات دن میں گمشدہ آجائے گا یا اس کی خبر مل جائے گی۔[

* * *

شریر آدمی کے شر سے حفاظت کیلئے

شریر آدمی کے شر سے بچنے کیلئے اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد دس بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ پڑھے آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ اس عمل کی برکت سے پتھر دل نرم ہو جائے گا اور کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ رشتہ دار ناراض ہو گئے ہوں تو اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا کوئی عزیز، رشتہ دار، بیٹا، بیٹی، والد، والدہ اس سے ناراض ہو گئے ہوں اور کسی صورت راضی نہ ہوتے ہوں تو سات سو چھیاسی (786) بار پانی کی ایک بوتل پر باوضو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر دم کریں اور وہ پانی اس شخص کو پلا دیں۔ انشاءاللہ آپس میں محبت کا رشتہ دوبارہ قائم ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔ شاندار حافظہ کیلئے اگر کند ذہن بچے کو یا طالب علم کو 131 مرتبہ پانی پر دم کر کے درج ذیل آیت روزانہ پلائیں انشاءاللہ اسکی برکت سے وہ عالم فاضل ہو جائیگا۔ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا ﴿نساء ۱۱۳﴾

* * * * *

شیخ ابوالفضل قتلی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

بخار سے یقینی نجات

اگر کسی کو بخار نے پکڑ لیا اور بخار نہ جاتا ہو تو فجر کی نماز کے بعد باوضو پیپل کے پتے پر یہ آیت لکھے اور مریض کو وہ پتہ چٹا دے جب تک بخار نہ جائے روزانہ لکھ کر ایک پتہ چٹاتا رہے چند دن عمل کرنے سے انشاء اللہ بخار چلا جائیگا۔ وہ آیت یہ ہے: یٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ (انبیاء69)

پیدائش میں آسانی کیلئے

بچہ کی با آسانی پیدائش کیلئے اس آیت کو باوضو لکھے اور پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی ران پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی کپڑا فوراً کھول دے ورنہ آنتیں باہر آجائیں گی۔ لہٰذا کسی محتاط کو یہ تعویذ دے جو احتیاط سے استعمال کرے استعمال شدہ تعویذ کو کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر یا اینٹ کے ساتھ باندھ کر کنویں یا نہر یا دریا یا سمندر یا چشمے یا جھیل میں ڈال دے تاکہ آیت کی بے حرمتی نہ ہو۔ وہ آیت یہ ہے: وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۔ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿یٰسین38﴾

حاسدوں کے شر سے نجات

جس شخص کے بلاوجہ دشمن پیدا ہو گئے ہوں یا لوگ حسد اور بغض کی وجہ سے دشمنی کرتے ہوں تو ان آیات کو باوضو ایک پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر ان آیات کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو چینی کی پلیٹ (جو بغیر پھول کے سادہ ہو)

پر لکھے گا اور اس کو پاک پانی سے دھو کر تین دن برابر نہار منہ (ناشتہ اور چائے سے قبل) پیے گا تو اس کی برکت سے ہر قسم کے وسوسوں اور برے اور ڈراؤنے خوابوں سے حفاظت رہے گی اور نماز پڑھنے کے دوران جو وسوسے آتے ہیں بند ہو جائیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ذہن کا تمام بوجھ اتر جائے گا اور طبیعت ہشاش بشاش ہو جائے گی۔ وہ آیات یہ ہیں: وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿مائدہ 8،7﴾

باعزت رشتوں کیلئے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ نہ آتا ہو تو اس کے لئے باوضو یہ آیت لکھے اور موم جامہ میں بند کر کے مرد ہے تو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو اپنے بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ جلد ہی مناسب جگہ رشتہ ہو جائیگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۔ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿آل عمران 74،73﴾

تنبیہ: اگر پھر بھی رشتہ نہیں آتا ہے یا شادی نہیں ہوتی ہے تو بندش کرائی ہوئی ہے۔ بندش کھولنے کا عمل کرے اور سحر جادو سفلی کا علاج کرے۔ انشاءاللہ سحر جادو کا اثر ختم ہوتے ہی فوراً رشتہ ہو جائیگا۔

سواری کی حفاظت کیلئے

اگر آدمی پانی کے جہاز یا کشتی میں سوار ہو اور سمندر یا دریا میں طوفانی ہوائیں چل رہی ہوں اور جہاز یا کشتی ڈوبنے کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں باوضو سات کاغذ کے ٹکڑوں

پر یہ آیت لکھے اور سمندر یا دریا میں جہاز یا کشتی کے مشرق میں ایک ایک کر کے ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طوفان تھم جائے گا اور سمندر کی لہروں کا تلاطم رک جائے گا اور جہاز کشتی ڈوبنے سے محفوظ ہو جائیگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ الۡفُلۡكَ تَجۡرِىۡ فِى الۡبَحۡرِ بِنِعۡمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمۡ مِّنۡ اٰيٰتِهٖ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوۡرٍ ۔ وَاِذَا غَشِيَهُمۡ مَّوۡجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰهُمۡ اِلَى الۡبَرِّ فَمِنۡهُمۡ مُّقۡتَصِدٌ وَمَا يَجۡحَدُ بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوۡرٍ ﴿لقمان 32،31﴾

وساوس سے نجات کیلئے

اگر اللہ نہ کرے کسی کو وہم کا مرض ہو گیا ہو اور دل و دماغ میں طرح طرح کے وسوسے آتے ہوں اور طبیعت ہر وقت پریشان رہتی ہو تو ایسی صورت میں باوضو جمعہ کے دن بعد نماز فجر کاغذ کے سات ٹکڑوں پر الگ الگ یہ آیت لکھے اور پاک پانی سے دھو کر روزانہ وہ پانی نہار منہ ناشتہ سے قبل پی لے۔ سات دن بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس کا وہم دور ہو جائے گا اور وہ ہر قسم کی ذہنی پریشانی سے نجات حاصل کر لے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَاِمَّا يَنۡزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيۡطٰنِ نَزۡغٌ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ۔ اِنَّ الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا اِذَا مَسَّهُمۡ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيۡطٰنِ تَذَكَّرُوۡا فَاِذَا هُمۡ مُّبۡصِرُوۡنَ ﴿اعراف 200،201﴾

قلبی سکون کیلئے

کسی انجانے خوف کے سبب یا کمزوری کے باعث یا کسی مرض کی وجہ سے دل اکثر دھڑکتا رہتا ہے اور اس کے سبب کوئی کام کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے اور انسان بے کار ہو جاتا ہے اس کے لیے چینی کی پلیٹ میں جس پر پھول پتیاں یا ڈیزائن نہ

ہوں بلکہ سادہ پلیٹ ہو اس پر سورہ قریش باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے لکھے اور بارش کے پانی سے یا آب زم زم سے (اگر یہ پانی نہ مل سکے تو) تو کنویں، نہر، دریا، چشمے یا پھر 7 نلکوں کا پانی لے کر اس سے دھو کر روزانہ ایک پلیٹ کا پانی پی لیا کرے۔ چند دن پینے سے انشاء اللہ دل کے دھڑکنے کا مرض ختم ہو جائیگا۔

پیشاب میں بندش کا علاج

اگر اللہ نہ کرے کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو اور پیشاب میں بندش کے سبب رکاوٹ ہو اور پیشاب نہ آتا ہو اور مریض بے چین ہو ایسی صورت میں باوضو درج ذیل آیت عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر پیئے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ پیشاب کی بندش کھل جائے گی وہ آیت یہ ہے:

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ط (بقرہ 60)

* * * * *

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا اسم اعظم

مال کی حفاظت کے لئے

انمول وظیفہ جب بچے سو ہو رہے ہوں تو ان پر حفاظت کا حصار ضرور بنا لیا کریں۔ ہمارے مشائخ نے ایک حفاظت کا حصار بتایا اور اس کی اتنی برکتیں ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ موت کے سوا کوئی مصیبت نہیں آسکتی۔ میرے پیر و مرشد نے جب اس عاجز کو اس حصار کی اجازت دی تو فرمانے لگے کہ ہم نے اس حصار کو کئی مرتبہ مرنے والوں کو جو قبر میں پہنچ چکے تھے ان کے گرد بھی باندھا تو کشف کی نظر سے دیکھا کہ اللہ نے ان سے اس رات کے عذاب قبر کو معاف فرما دیا تو یہ بہت سے مشائخ کی طرف سے ایک قیمتی عمل ہے اور اس عاجز کو اس کی اجازت ہے اور آج یہ عاجز سب کو اجازت دے رہا ہے تاکہ یہ اللہ رب العزت کی حفاظت میں آجائیں۔ وہ حصار یہ ہے کہ پہلے درود شریف پڑھ لیا کریں’ پھر الحمد شریف پوری سورۃ پڑھ لیا کریں۔ پھر آیت الکرسی پڑھ لیں اور چاروں قل پڑھیں اور آخر میں درود شریف پڑھ لیں اور یہ سب کچھ پڑھ کر اپنے گرد’ بچوں کے گرد’ گھر کے گرد’ جہاں تجارت’ دکان’ دفتر وغیرہ ہو ان سب کا تصور کر کے ان کے گرد اپنے تصور میں ایک دائرہ بنائیں۔ جس چیز کے گرد آپ دائرہ بنا دیں گے وہ سب چیزیں اللہ رب العزت کی حفاظت میں آجائیں گی۔ کلام اللہ کی ہم نے بڑی برکتیں دیکھیں اور سینکڑوں واقعات ہیں’ یہ حصار جس دن میں اور جس رات میں آپ بچوں کے گرد بنائیں گے آپ کے بچے فتنوں سے’ آفتوں سے’ مصیبتوں سے محفوظ رہیں گے اور جس دن مصیبت آنی ہوگی آپ دیکھنا کہ اس عمل کو بھول بیٹھیں گے تب کوئی مصیبت آئے گی ورنہ تو اللہ رب العزت کی حفاظت میں رہیں گے۔

پہاڑ کے برابر قرض اتارنے کا عمل

حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی سورہ تحریم کو پڑھا کرے اگر

اس پر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ کے کرم سے ادا ہو جائے گا۔ جو کوئی سورہ والعادیات کو پڑھا کرے اس کا قرض ادا ہو جائے گا اگرچہ بے حساب ہو۔

شیطان کے شر، چوری، ناگہانی موت سے حفاظت

جو شخص رات کو سوتے وقت اول تین بار درود شریف اور اکیس بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور آخر میں درود شریف پڑھ کر سوئے گا تو وہ انشاءاللہ تعالیٰ اس رات میں شیطان کی شرارت' چوری' ڈاکے' ناگہانی موت اور تمام آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا اور اس رات اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔

دانتوں کے درد کے لیے

اگر کسی بچے یا بڑے کے دانت میں سخت تکلیف ہو جس کی وجہ سے بے چین ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک موٹے کاغذ پر لکھ کر درد والے دانت پر رکھ کر اوپر سے دانت سے دبا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی دانت کا درد دور ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے: كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ (بقرہ 73)

بچہ کا رونا اور ضد کرنا

جو بچہ بلا وجہ ضد کرتا ہو اور روتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت ایک کاغذ پر باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔ وہ آیت اور کلمات یہ ہیں: وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿طٰهٰ ۱۰۸﴾ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

ہر قسم کے شر سے حفاظت کے واسطے

بعد نمازِ عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد 101 بار سورہ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشِ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دفع شر کی دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی برائی اور شر سے حفاظت رہے گی۔

پریشانیوں سے نجات

ہر قسم کی پریشانیوں سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے وہ عمل یہ ہے۔ باوضو تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورہ قریش ایک سو بار پڑھے اس کے بعد درود شریف تین بار پڑھے۔ یہ عمل صبح کو بعد نمازِ فجر کرے اور رات کو بعد نمازِ عشاء روزانہ بلاناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام پریشانیاں دور ہوجائیں گی۔

ملازمت حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کو اچھی جگہ ملازمت مل جائے اور باعزت روزی کا سامان پیدا ہوجائے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل عمل بہت کارآمد اور مفید ہے۔ عمل یہ ہے: بعد نمازِ عشاء باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ سو 75 بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پھر باعزت ملازمت کی دعا کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہترین جگہ ملازمت مل جائے گی۔ درود شریف نماز والا پڑھیں۔ عزت کا مقام حاصل کرنے کے لیے عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے دشمنوں کے شر سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نمازِ عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار یَا عَزِیْزُ پڑھے آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ معاشرتی زندگی میں عزت وعظمت کا مقام حاصل ہوگا۔ دشمن ناکام ہونگے۔

نیک اولاد کے لیے

ہر شخص چاہتا ہے کہ اس کی اولاد نیک اور صالح ہو۔ اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے خصوصی دعائیں کی جائیں اور صبح وشام باوضو پڑھ کر خود اور بیوی پر دم کرے۔ اس سلسلہ میں سورہ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس کو باوضو تین بار پڑھیں اور اول وآخر درود شریف ضرور پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولادِ صالح پیدا ہوگی۔ پابندی سے عمل کریں

انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ شوگر کے لیے جسے شوگر ہو اسے چاہیے اعتقاد کے ساتھ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے‘ چار مرتبہ سورۃ کافرون‘ چار مرتبہ سورہ اخلاص اور چار مرتبہ سورہ یونس کی آخری دعا پڑھیں۔ سورہ یونس کی آخری آیات:

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَ كُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَ مَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ۔ وَ اتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَ هُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿یونس 109،108﴾

* * * * *

حضرت خواجہ بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف

بے ہوش کو ہوش میں لانا

اگر کوئی شخص کسی صدمہ سے، کسی انجانے مرض کے سبب بے ہوش ہو گیا ہو تو اس کو ہوش میں لانے کیلئے باوضو یہ کلمات تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے حلق میں ڈال دیں اور کچھ پانی بچا کر اس پانی کے چھینٹے مریض کے چہرے پر ماریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوم (آیت الکرسی)

بہن بھائی، بھائی بھائی میں لڑائی

بعض بچے شرارتی ہوتے ہیں اور بہن بھائی یا بھائی بھائی ہر وقت لڑتے رہتے ہیں اور ان کا جھگڑا کسی صورت ختم ہونے میں نہیں آتا۔ اس کے لیے ایک سو بار باوضو یہ آیت پڑھ کر تکیہ پر دم کر لے اسی طرح ایک سو بار پڑھ کر دوسرے کے تکیہ پر دم کیا جائے اور وہ تکیے الگ الگ استعمال کریں یعنی ایک کا تکیہ دوسرا استعمال نہ کرے اس کی آسان شکل یہ ہے کہ دونوں کے تکیوں کے غلافوں کا رنگ الگ الگ ہوتا کہ پہچان رہے یا ان کے نام لکھدیئے جائیں۔ یہ عمل چالیس روز کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس کی لڑائی ختم ہوجائے گی۔ وہ آیت یہ ہے اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيدُ كَيْدًا ۝ (سورہ طارق)

تبادلہ رکوانا

اگر کسی شخص کا تبادلہ ہو گیا اور اپنی بعض مجبوریوں کے سبب اس پر عمل نہیں کر سکتا تو اس کو منسوخ کرانے کیلئے بعد نماز عشاء سورہ لہب مکمل انیس (19) بار پڑھے اور اس عمل کے اول و آخر میں درود شریف نہ پڑھے اور پڑھتے وقت سر کھول لے یعنی

سر سے ٹوپی، رومال، پگڑی اتار کر رکھ دے پھر پڑھے۔ جب تک تبادلہ رک نہ جائے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا تبادلہ منسوخ ہو جائے گا اور وہ بدستور اپنی جگہ پر کام کرتا رہے گا۔

نیند میں بچہ کا ڈرنا، دودھ نہ پینا، نظر بد

اگر بچہ سوتے سوتے چونک کر اٹھ جاتا ہو یا اسے سوتے میں ڈر لگتا ہو یا بچہ دودھ نہ پیتا ہو اور اکثر بات بات پر ضد کرتا اور روتا ہو یا اسے کسی کی نظر لگ گئی ہو تو مندرجہ ذیل سورتیں پڑھ کر چینی پر دم کر کے مریض بچے کو کھلائیں یا پانی پر دم کر کے پلائیں یا مریض بچے پر روزانہ دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ صحت مند ہو جائے گا۔ وہ سورتیں یہ ہیں۔ اول تین بار درود شریف ☆ سورہ فاتحہ تین بار ☆ آیت الکرسی تین بار ☆ سورۃ الکوثر تین بار ☆ سورۃ الکافرون تین بار، سورہ اخلاص تین بار ☆ سورۃ الفلق تین بار ☆ سورۃ الناس تین بار اور یہ کلمات تین بار پڑھے۔ یَاحَیُّ حِیۡنَ لَاحَیَّ فِیۡ دَیۡمُوۡمَةِ مُلۡکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَاحَیُّ۔ آخر میں تین بار درود شریف۔

حاجت پوری ہونے کیلئے

کسی شخص کی کوئی سخت حاجت ہو تو اسے چاہیے کہ 40 دن پوری سورۂ بقرہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت جلد پوری ہوگی۔ قرآن شریف حفظ کرنے کیلئے اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی قرآن شریف حفظ کرنا چاہتا ہے تو سورۂ یوسف کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ قرآن شریف جلد حفظ ہو جائے گا۔

ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہنے کے واسطے

ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہنے کیلئے ضروری ہے کہ آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے باہر نکلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ گھر اور اہل خانہ ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہیں گے۔

درد سینہ

سینہ کے درد کیلئے یہ آیت لکھ کر گلے میں پہننا بہت مفید ہے۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ (زمر آیت 22)

کھانسی کیلئے

اگر کسی کو کھانسی ہوگئی ہو تو یہ آیت 21 مرتبہ سیاہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔ وَ شَدَدْنَا مُلْکَہٗ وَاٰتَیْنٰہُ الْحِکْمَۃَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿ص ۲۰﴾

عورت کی پستان (چھاتی) کا درد

اگر کسی عورت کی پستان میں درد ہوتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو سات بار پڑھ کر عامل اپنی مخالف پستان پر دم کرے۔ یہ عمل تین بار کرے۔ مثلاً عورت کی دائیں پستان میں درد ہے تو عامل اپنے بائیں (الٹی طرف) پستان پر دم کرے مریضہ کا عامل کے سامنے ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ اس کا شوہر یا قریبی عزیز عامل کو اگر بتائے کہ مریضہ کے فلاں پستان میں درد ہے۔ عامل آیت ذیل باوضو سات بار پڑھ کر اپنے مخالف پستان پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت کو پستان کے درد سے آرام آجائیگا۔ وہ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ﴿النحل ۶۶﴾

اولاد نرینہ کیلئے

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو یا لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو اس کیلئے میاں بیوی نماز کی پابندی کریں اور باوضو ہر نماز کے بعد یہ آیت ایک سو بار پڑھیں۔ بلاناغہ پابندی کے ساتھ پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ○ (الانبیاء آیت 89)

* * *

واصف بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف

آدھا سیسی کا درد

بعض مرتبہ آدھا سر کا درد بہت تکلیف دہ ہوتا ہے سورج نکلنے کے بعد جیسے جیسے سورج بلند ہوتا جاتا ہے سر کا درد شدید ہوتا جاتا ہے۔ سورج ڈھلتے ہی سر کا درد کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اس درد کیلئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو سات مرتبہ پڑھ کر سر پر دم کرے اور سات ہی مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ یہ عمل تین دن یا سات دن متواتر کرے۔ انشاء اللہ مریض کو جلد ہی اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں: یَامَنْ سَکَنَ لَهٗ مَا فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

دفع آسیب اور دیگر امراض کے واسطے

اگر کسی کو شبہ ہو کہ مریض پر دیو، پری، جن، بھوت، چڑیل یا آسیب کا اثر ہے یا جن حاضر ہو کر باتیں کرتا ہو تو اس کیلئے اور اگر کوئی مرض ہے تو اس کو دور کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ مندرجہ ذیل کلمات اور سورتوں کو باوضو اول بارہ بار درود شریف (جو درود چاہے پڑھے) اس کے بعد سورۂ فاتحہ تین بار بسم اللہ کے ساتھ۔ آیت الکرسی تین بار، سورۂ کافرون تین بار، سورۂ اخلاص تین بار، سورۂ فلق تین بار، سورۂ ناس تین بار، تیسرا کلمہ تین بار، دورد شریف بارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد اچھا ہو جائے گا۔ یہ عمل سات دن مسلسل بلاناغہ کرے۔

روزی میں برکت اور زیادتی کیلئے

نماز عشاء کی سنت نفل پڑھ کر وتر سے پہلے اول درود شریف گیارہ بار پڑھیں پھر چودہ سو بار یَاوَهَّابُ پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ اس عمل

کی برکت سے قرض سے نجات حاصل ہوگی۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ گھر میں خیر و برکت ہوگی۔

دشمنوں کے شر سے حفاظت کیلئے

بعد نماز مغرب سورۂ قریش ایک سو بار پڑھا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ناکام ہوجائینگے اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

کثرت احتلام سے نجات کیلئے

نوجوانوں کو اکثر کثرت احتلام کا مرض لاحق ہوجاتا ہے جس سے کمزوری دن بدن بڑھتی جاتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ دونوں اسماء گرامی یَااَللّٰہُ۔ یَاحَفِیْظُ چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر وہ پانی روزانہ پیئے۔ رات کو سونے سے قبل وضو کرے اور سورۂ اخلاص ایک بار، سورہ فلق ایک بار اور سورہ ناس ایک بار اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ احتلام میں کمی آجائے گی۔

بچوں کی نظر بد اور ہر قسم کے شر سے حفاظت کیلئے

چھوٹے بچے پھول کی مانند ہوتے ہیں، ناسمجھ ہوتے ہیں۔ اس لیے ان پر نظر بد کا اثر جلد ہوجاتا ہے اور ناسمجھی کی وجہ سے ان کی حفاظت بھی ایک مستقل مسئلہ ہے۔ لہٰذا اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے بچہ ہر قسم کی نظر بد اور ہر طرح کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ وہ عمل یہ ہے:۔ صبح کو ایک مرتبہ اور شام کو ایک مرتبہ کرنا ہے۔ باوضو اول تین بار درود شریف، تین بار سورۂ فاتحہ، تین بار سورۂ اخلاص، تین بار سورۂ فلق، تین بار سورۂ ناس، آخر میں تین بار درود شریف۔ یہ سب پڑھ کر بچوں پر دم کر دیا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچے ہر طرح سے محفوظ رہیں گے۔ دودھ کم پینے والے یا کم کھانے والے بچوں کیلئے جو بچے کھانے سے بھاگتے ہیں اور ان کو بھوک کم لگتی ہو جس کے سبب کمزور و ناتواں رہتے ہیں۔ کم کھانے کے سبب اکثر بچے ضدی اور چڑچڑے

مزاج کے ہوجاتے ہیں۔ ان کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی بدولت انشاءاللہ تعالیٰ خوراک پوری استعمال کریں گے اور خوب پیٹ بھر کر کھائیں گے جس کے سبب ان کی صحت بحال ہوگی اور چہرے پر رونق آئے گی اور ضد اور چڑچڑا پن بھی ختم ہوجائے گا۔ وہ عمل یہ ہے:۔ باوضو اول درود شریف تین بار، سورہ فاتحہ تین بار، سورۂ اخلاص تین بار، سورۂ فلق تین بار، سورۃ الناس تین بار درود شریف تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔

قوت حافظہ تیز ہونے کیلئے

اگر کسی بچہ کی قوت حافظہ کمزور ہوجائے اور اسے سبق یاد نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے سورۂ الم نشرح باوضو چینی کی پلیٹ (بغیر پھول والی سادہ) پر لکھ کر دھو کر نہار منہ (صبح کو جب بچے نے کچھ کھایا نہ ہو) وہ پانی پلائیں۔ یہ عمل اکتالیس دن بلاناغہ کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچے کا حافظہ تیز ہوگا اور وہ جو پڑھے گا یاد ہوجائے گا۔

برائے تسخیر مخلوق

اگر کوئی آدمی چاہتا ہے کہ لوگ اس کا کہنا مانیں اس کی اطاعت کریں اور کسی معاملے میں اس کی مخالفت نہ کریں تو اس کی چاہیے کہ بعد نماز عشاء روزانہ ایک سو بار سورۂ کوثر پڑھا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے لوگ ادب واحترام سے پیش آئیں گے۔ شرط یہ ہے جب اس عمل کے اثرات ظاہر ہونے لگیں تو کسی کو نہ بتائے کہ میں یہ عمل کرتا ہوں ورنہ اس کی برکات ختم ہوجائیں گی۔

* * *

حضرت طاہر بندگی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف

اچھی فصل کیلئے

نیا درخت یا کھیت میں بیج پھینکتے وقت اگر کوئی شخص کسی پھل کا نیا درخت لگاتا ہے یا سایہ کیلئے درخت لگاتا ہے اور چاہتا ہے کہ درخت محفوظ طریقے سے پروان چڑھے یا کھیتی میں ہل چلا کر بیج پھینکتا ہے اور چاہتا ہے کہ بیج ضائع نہ ہو اور فصل اچھی ہو اور ہر قسم کے موذی جانوروں سے محفوظ رہے تو اس کے لیے مندرجہ ذیل کلمات باوضو پڑھے۔ جب درخت لگا رہا ہو مسلسل پڑھتا رہے اسی طرح جب بیج کھیت میں پھینک رہا ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ درخت ہر طرح سے محفوظ رہے گا اور فصل بھی ہر طرح سے محفوظ رہے گی اور خوب پیداوار ہوگی وہ کلمات یہ ہیں

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ۔ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا وَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ (ابراہیم آیت 24,25)

سوتے میں بچے کا ڈرنا

اگر کوئی بچہ یا بڑا سوتے میں ڈر کر اٹھ جاتا ہو یا اسے سوتے وقت ڈر لگتا ہو تو اس کے لیے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین بار سورۃ الزلزال (مکمل سورت) پڑھے اس کے بعد مندرجہ ذیل آیت تین بار پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو پلا دے اور مریض کے بستر پر بھی چھڑک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین دن یا سات دن عمل کرنے سے ڈر خوف ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بٰلِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿طلاق ۳﴾

تہجد نصیب ہونے کیلئے

تہجد شروع کرنے سے پہلے یہ کلمات دس دس بار پڑھیں۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ پھر تہجد کی دو رکعت ادا کریں۔ اس طرح کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین بار سورۂ اخلاص۔ دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص ایک بار پڑھ کر دونوں رکعات مکمل کرلیں۔ کم درجہ تہجد کا دو رکعت ہے۔ زیادہ بارہ رکعت، آٹھ رکعت بھی پڑھ سکتے ہیں۔ سوتے وقت سبحان اللہ، الحمد للہ 33 بار اور اللہ اکبر 34 بار پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تہجد کی نماز پڑھنا نصیب ہوجائے گی۔

جادو سے نجات

اگر کسی پر جادو کا اثر ہو تو باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے بعد اس کے سات بار آیۃ الکرسی اور اذان اور تکبیر کے کلمات پڑھے آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے وہ پانی سحر یا جادو میں مبتلا شخص کو چار وقت پلائیں۔ مثلاً صبح ناشتے سے پہلے، دوپہر گیارہ بجے، بعد نماز عصر، سوتے وقت یہ پانی پلائیں۔

ظالم کے شر و فتنہ سے حفاظت اور نجات کیلئے

جب ظالم چاروں طرف سے نئے نئے طریقوں سے تنگ کرنے لگیں اور ستانے اور نقصان پہنچانے کا موقع خالی نہ چھوڑتے ہوں ایسے موذی دشمنوں سے حفاظت کیلئے مندرجہ ذیل عمل کافی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دشمن ہمیشہ ناکام رہے گا اور اللہ نے چاہا تو جلد دفع ہوجائے گا۔ وہ عمل یہ ہے:۔ بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو بار یہ آیت پڑھے: اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط (سورہ یوسف، 86) اس کے بعد 575 بار یہ آیت پڑھے:۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط (آل عمران 173) پڑھے اس کے بعد 112

مرتبہ سورۃ لایلف قریش پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر رو رو کر گڑ گڑا کر اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور دشمنوں کی اصلاح اور ہدایت کی دعا کرے اور ان کے شر سے حفاظت کی دعا مانگے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دشمن کا ہر داؤ بیکار ہو جائے گا۔

پنڈلیوں اور ٹانگوں کے پٹھوں کا بیکار ہونا

اگر خدانخواستہ کسی کی ٹانگوں کے پٹھے کمزور ہو گئے ہوں اور بار بار پنڈلیوں کی ایک نس دوسری پر چڑھ جاتی ہے یا پٹھوں کی کمزوری کے سبب چلنے میں دشواری ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ کالے تلوں کا تیل آدھا کلو کسی لکڑی کے کولہو سے نکلوائیں۔ تیل کیلئے تل اتنی مقدار میں لیں کہ ان کا آدھا کلو تیل نکل آئے۔ اس تیل کو کسی بڑی بوتل میں رکھ لیں جس میں ڈھکن یا کارک لگا ہو۔ اس بوتل پر گیارہ ہزار بار باوضو یہ کلمات پڑھ کر دم کریں۔ اگر ایک نشست میں پڑھنا مشکل ہو تو ایک ہزار بار پڑھ کر دم کر کے بوتل کا منہ ڈھکن یا کارک سے بند کر دیں اسی طرح ایک بیٹھک میں ایک ہزار بار پڑھ کر دم کریں۔ جب تعداد گیارہ ہزار پوری ہو جائے تو اس تیل میں سے تھوڑا سا تیل روٹی پر لگا کر وہ روٹی کھائیں اور تھوڑا تھوڑا تیل گھٹنوں اور پنڈلیوں پر مالش کریں۔ انشاء اللہ ٹانگوں کی رگ اور پٹھے مضبوط ہو جائیں گے اور چلنا پھرنا آسان ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ كُلُّ شَيْءٍ يَرْجِعُ اِلٰٓى اَصْلِهٖ

تپ دق (ٹی بی) کا علاج

تپ دق (ٹی۔ بی) جان لیوا مرض ہے۔ اس کے علاج میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس کیلئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور لکھنے کیلئے چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی استعمال کریں۔ روزانہ تین وقت تین پلیٹ پانی سے دھو کر مریض کو استعمال کرائیں۔ صبح فجر کی نماز کے بعد۔ بعد نماز عصر۔

بعد نماز عشاء۔ جب تک مریض پوری طرح صحت یاب نہ ہو جائے برابر پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ٹی بی کے مرض سے نجات حاصل ہوگی اور مریض تندرست ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ (یوسف 1)۔

اَلرَّحِیْمُ۔ اَلرَّحِیْمُ۔ اَلرَّحِیْمُ۔

* * *

شاہ اسحاق قادری کے رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

جب دشمن کے حملے کا شدید خطرہ ہو جیسا کہ موجودہ صورت حال ہے اس وقت مسلمانوں کو چاہیے کہ نمازوں کے بعد اور دیگر اوقات میں دل و جان سے درج ذیل دعائیں مانگیں۔ قرآن کریم اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے موقعہ پر ان دعاؤں کا مانگنا ثابت ہے

گمشدہ چیز کا ملنا

یہ عمل بہت آسان ہے ہر وقت، صبح و شام دن رات برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے اور بددل ہو کر نہ چھوڑے اور یہ خیال کر کے پڑھے کہ انشاءاللہ تعالیٰ میری چیز آج ہی مل جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ چیز چند دن میں مل جائے گی ورنہ دو ماہ تک ضرور مل جائے گی۔ برابر بلا ناغہ پڑھنا شرط ہے۔ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ إِذَا نَسِيْتَ (کہف، 24)

برائے حب

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا کوئی عزیز، رشتہ دار، بیٹا، بیٹی، والد، والدہ اس سے ناراض ہو گئے ہوں اور کسی صورت بھی راضی نہ ہوتے ہوں تو 786 بار پانی کی ایک بوتل پر باوضو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر دم کریں اور وہ پانی اس شخص کو پلا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آپس میں محبت کا رشتہ دوبارہ قائم ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

سخت خطرے کے وقت کی دعا

جب دشمن کے حملے کا شدید خطرہ ہو (جیسا کہ موجودہ صورت حال ہے) اس وقت مسلمانوں کو چاہیے کہ نمازوں کے بعد اور دیگر اوقات میں دل و جان سے درج ذیل دعائیں مانگیں۔ قرآن کریم اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے موقع پر ان دعاؤں کا مانگنا ثابت ہے۔ ☆ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ (آل عمران،

173) ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہمارے لیے کافی ہے اور وہی بہتر مدد گار ہے۔ ☆ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا۔ (مسند احمد) ترجمہ: اے اللہ! ہماری پردہ پوشی فرما اور ہماری گھبراہٹ کو بے خوفی اور اطمینان میں تبدیل فرما۔ ☆ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِ ھِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔ (ابوداوٗد) ترجمہ: اے اللہ! ہم آپ کو ان دشمنوں کے مقابلے میں کرتے ہیں اور ان کے شر سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں۔

ام الصبیان کیلئے عمل

ام الصبیان بچوں کیلئے بہت خطرناک مرض ہے بچہ روز بروز سوکھتا جاتا ہے۔ گوشت گھل کر صرف ہڈیاں باقی رہ جاتی ہیں اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ باریک دھاگہ خواہ کسی رنگ کا ہو سفید ہو یا سیاہ، اور کوئی مقدار تاروں کی بھی نہیں (یعنی دھاگوں کی کوئی مقدار تعداد نہیں ہے۔ پانچ یا سات یا گیارہ بلکہ جتنے دھاگے چاہے لے لے) مگر سات یا نو یا گیارہ ہوں تو بہتر ہے۔

اس پر اکتالیس بار سورہ فاتحہ مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر ہر بار فاتحہ پڑھنے کے بعد ایک گرہ لگائیں۔ اکتالیس بار پڑھ کر گرہ لگائیں گے تو گرہ بھی اکتالیس ہو جائیں گی۔ وہ دھاگہ بچے کے گلے میں ڈال دو حق تعالیٰ شانہ کے فضل سے بچہ اس بیماری سے محفوظ ہو جائے گا اور صحت مند ہو جائے گا۔

جادو، آسیب اور ہر بیماری کا علاج

مندرجہ ذیل اسم مبارک کو چینی کی رکابی (پلیٹ) پر باوضو لکھا جائے اور وہ پانی یا عرق گلاب یا عرق کیوڑہ سے دھو کر ہر روز پلاؤ اور اس اسم کے ساتھ سورہ فاتحہ بمع بسم اللہ کے بھی لکھے تو بہت مفید ہے۔ وہ اسم یہ ہے:۔ یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَاحَیُّ۔

ظالموں اور حاسدوں کے شر سے حفاظت

بعض مرتبہ حسد اور کینہ کے سبب لوگ بلا وجہ دشمن بن جاتے ہیں اور قدم قدم پر دشمنی کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے شر و فتنہ سے حفاظت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس کی کوئی تعداد مقرر نہیں ہے نہ ہی وقت مقررہ پر پڑھنا ہے بلکہ جس قدر ہو سکے اور جس وقت ہو سکے وہ پڑھے۔ کلمات یہ ہیں:۔

لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔ یہ عمل باوضو اور بے وضو دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام و نامراد ہوگا اور حصول مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ ناجائز کرنیوالا خود ذمہ دار ہوگا۔

سحر و جادو سے حفاظت

جس شخص پر جادو کا اثر ہو یا ظالموں کی طرف سے ظلم و زیادتی کا ڈر ہو اس کو چاہیے کہ پانچ سو بار روزانہ ایک ہی بیٹھک میں یا ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھے اس طرح پانچ سو بار پورا ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ ☆ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ (آل عمران' 173) انشاء اللہ تعالیٰ جادوگر ہر طرح سے ناکام ہوگا۔

سحر و جادو کے دفعیہ کیلئے

یہ آسان عمل باوضو کرنا ضروری ہے۔ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین بار آیۃ الکرسی ایک بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لیا کریں اور اسی طرح کو صبح فجر کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد اسی طرح پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کسی کا سحر و مکر اثر نہ کرے گا۔

اولاد ہونے کیلئے

جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ بانجھ ہو اس کیلئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو سات عدد لکھ کر رکھ لے اور روزانہ باوضو ایک عدد پانی میں گھول کر عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے:۔ اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ۝ یَاحَلِیۡمُ۔ یَاحَلِیۡمُ۔ یَاحَلِیۡمُ۔ یَاحَلِیۡمُ۔ یَاحَلِیۡمُ۔ یَاحَلِیۡمُ۔ یَاحَلِیۡمُ۔ یَاحَلِیۡمُ۔ بِحَقِّ اٰھۡیَا اَشۡرَاھِیَا۔ تنبیہ: یہ عمل ہر ماہ ایام بند ہونے کے بعد غسل کر کے شروع کریں اور روزانہ ایک عدد تعویذ پئیں۔ جب تک حمل نہ ٹھہرے تعویذ پینے کا عمل جاری رکھیں۔

* * * * *

سلطان اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور وظائف

تبادلہ کرانے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی دوسری جگہ تبادلہ ہو کر چلا گیا ہے اور واپس اپنی پرانی جگہ آنا چاہتا ہے یا کوئی ایک شعبہ سے دوسرے شعبہ میں تبادلہ کرانا چاہتا ہے لیکن رکاوٹ ہو رہی ہے تو اس کیلئے عشاء کی نماز کے بعد باضو اکتالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھا کرے۔ یہ عمل چالیس دن کرے اور عمل کے بعد دعا کرے۔ اگر درمیان میں ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دوگنا پڑھ لے یعنی بیاسی بار پڑھ لے۔ ناغہ نہ کرے تو بہتر ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حسب پسند تبادلہ ہو جائے گا۔

پیشاب رک رک کر آنا

بعض مرتبہ غدود کے ورم کی وجہ سے یا پتھری کے سبب پیشاب رک رک کر قطرہ قطرہ آتا ہے۔ اس کے جاری کرنے کیلئے صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب گیارہ بار یہ کلمات باوضو پڑھ کر اپنے پیٹ پر پھونک مارے۔ یہ عمل بیماری ختم ہونے تک جاری رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد صحت حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

بچھو کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو بچھو کاٹ لے اور وہ تڑپ رہا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر جھاڑ دے۔ جھاڑنے کا طریقہ یہ ہے کہ یا تو ہاتھ کے اشارے سے یا کسی درخت کی ٹہنی سے جس پر پتے ہوں مریض کے بدن کے اوپر سے نیچے کی طرف اشارہ کرتا جائے اور یہ کلمات پڑھتا جائے۔ مریض کے جسم سے درد جہاں پر اترے مریض اس جگہ کو پکڑ لے۔ اسی طرح زہر کا اثر ختم ہو جائے گا اور انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحیح

ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ شَجَّةٌ قَرْنِيَّةٌ مِلْحَةُ بَحْرٍ قَطًا۔ درد کے خاتمہ کیلئے جسم کے جس حصے میں بھی درد ہو اس جگہ ہاتھ رکھ کر تین بار باوضو یہ آیات پڑھ کر دم کرے۔ اسی طرح تین مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد موقوف ہو گا۔ وہ آیات یہ ہیں:۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ٥ (بنی اسرائیل 105)

بڑھاپے میں کم سنائی دینا

اگر کسی آدمی کی سننے کی طاقت کم ہو گئی ہو اور اسے کم سنائی دیتا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس بار مندرجہ ذیل آیت باوضو پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تین مرتبہ ہاتھ اپنے چہرے پر اور کانوں پر پھیر لے۔ اکتالیس روز بلا ناغہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ کان کی قوت سماعت بحال ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا (حٰم سجدہ 12)

بغل میں گلٹیاں

اگر کسی کی بغل میں گلٹیاں (پھوڑے) نکلتی ہوں اور ایک ختم ہوئی اور دوسری نکل آئی دوسری ختم ہوئی اور تیسری نکل آئی اسی طرح سلسلہ چلتا رہتا ہے تو اس کے خاتمہ کیلئے ان کلمات کو بعد نماز فجر سورج نکلنے سے پہلے اور شام کو سورج غروب ہونے کے بعد ایک سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے۔ اس عمل کے اول اور آخر میں درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔ جب تک پوری طرح مرض ختم نہ ہو اس عمل کو جاری رکھیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ٥ اَلرَّحِيْمُ۔ اَلرَّحِيْمُ۔ اَلرَّحِيْمُ۔

پیچش کا خاتمہ

اگر کسی آدمی کی آنتوں میں خراش پیدا ہو جائے تو اسے سادہ یا خونی پیچش ہو جاتی ہے

اور اکثر یہ مرض کافی عرصہ چلتا ہے جس سے مریض کمزور اور نڈھال ہوجاتا ہے۔ اس کیلئے باوضو تین بار مندرجہ ذیل کلمات کو بعد نماز فجر سورج نکلنے سے پہلے پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے نہار منہ پی لے۔ یہ عمل اکتالیس دن کریں اور ناشتہ ایک گھنٹہ بعد کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس مرض سے جلد نجات مل جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ۝

جسم کے کسی حصے کا اکڑ جانا یا جھٹکے لگنا

اگر کسی شخص کے جسم کا کوئی حصہ اکڑ جائے یا پٹھہ اکڑ کر کام نہ کرنے کے قابل بن جائے یا مریض کو کسی طرح کے جھٹکے لگتے ہوں تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل کلمات عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو بغیر پھول والی پلیٹوں پر لکھ لیں اور صبح بعد نماز فجر ایک پلیٹ دھو کر مریض کو پلائیں اور اسی طرح بعد نماز عشاء ایک پلیٹ دھو کر مریض کو پلائیں۔ یہ عمل گیارہ دن تک کریں انشاءاللہ تعالیٰ اس عرصہ میں مریض صحت یاب ہوجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَاحَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَاحَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ یَاحَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ یَاحَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ

جریان کے مرض کا علاج

اگر کسی کو جریان کا مرض ہو اور اس کی وجہ سے اس کے کپڑے ناپاک ہوجاتے ہوں تو ایسی حالت میں مندرجہ ذیل کلمات باوضو پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کریں اور نہار منہ بعد نماز فجر مریض کو وہ پانی پلادیا کریں۔ چند دن کے علاج سے مریض صحت یاب ہوجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَاشَافِیُ۔ یَاشَافِیُ۔ یَاشَافِیُ۔ یَاکَافِیُ۔ یَاکَافِیُ۔ یَاوَدُوْدُ۔ یَاوَدُوْدُ۔ یَاوَدُوْدُ۔ یَارَحِیْمُ۔ یَارَحِیْمُ۔ یَارَحِیْمُ۔

شاہ فرید احمد دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

جن کا اثر، آسیب زدہ اور مرگی کا دورہ دور کرنا

اگر کسی بچے، بڑے یا عورت پر جن بھوت کا اثر ہو گیا ہو یا کسی کو آسیب لپٹ گیا ہو یا کسی کو مرگی کا دورہ پڑ گیا ہو تو اس کیلئے ایک بوتل یا صاف برتن میں پانی لے اور سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی اور سورۂ جن کی شروع کی (ابتدائی) پانچ آیات پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی کے چھینٹے مریض کے منہ (چہرے) پر مارے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے مریض ہوش میں آجائے گا جب بھی ایسا ہو اسی پانی کے چھینٹے اس مریض کے منہ پر مار دیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا۔

ہر تکلیف اور پریشانی سے حفاظت

اگر کسی شخص کو کسی پریشانی سے واسطہ پڑ جائے اور وہ ہر طرح سے عاجز آجائے یا انسان کو کسی کی طرف سے تکلیف پہنچے یا کسی طرف سے برائی کے پیش آنے کا ڈر ہو تو یہ عمل کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ ہر ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا اور ہر تکلیف اور برائی سے بچا رہے گا۔ عمل یہ ہے:۔ فجر کی نماز کی دو رکعت سنت میں اول رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۂ فیل پابندی سے پڑھے اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک ظلم یا برائی کے ہونے کا اندیشہ اور ڈر ہو۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ہر طرح محفوظ رہے گا اور اسے کوئی تکلیف اور گزند نہ پہنچے گا۔

کھیتی میں برکت

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے کھیت میں فصل خوب اگے اور اس فصل کو کوئی نقصان نہ پہنچے اور خوب برکت ہو تو اس کیلئے جب کھیت میں بیج ڈالے اس وقت اول درود

ابراہیمی گیارہ بار پڑھے اس کے بعد ایک سو بار پڑھے: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْبَاعِثِ الْوَارِثِ اس کے بعد گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے اس کے بعد بیج ڈالنا شروع کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کھیت میں بہت برکت ہوگی اور خوب فصل پیدا ہوگی کہ نہال ہوجائے گا۔

پیشاب رک رک کر آنا

بعض مرتبہ غدود کے ورم کی وجہ سے یا پتھری کے سبب پیشاب رک رک کر قطرہ قطرہ آتا ہے۔ اس کے جاری کرنے کیلئے صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب گیارہ بار یہ کلمات باوضو پڑھ کر اپنے پیٹ پر پھونک مارے۔ یہ عمل بیماری ختم ہونے تک جاری رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد صحت حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ہر قسم کے درد سے حفاظت

اگر کسی شخص کے بدن میں بادی کا زور ہو اور اس کے بدن کے کسی نہ کسی حصے میں درد ضرور رہتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل آیت باوضو نماز فجر کے بعد سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھ تمام بدن پر پھیر لے سر سے پیر تک کوئی حصہ باقی نہ بچے۔ اسی طرح بعد نماز عشاء یہی آیت باوضو سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھ سر سے پاؤں تک تمام بدن پر پھیر لے یہ عمل اسی طرح کرتا رہے گا تو بدن کے کسی بھی حصے میں درد نہ ہوگا اور ہر قسم کے درد سے محفوظ رہے گا۔

وہ آیت یہ ہے:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ط ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ٥ (سورہ انعام 1)

غریبی اور تنگ دستی دور کرنا

جو شخص غریب ہو اور اس کا ہاتھ خرچ کے معاملے میں تنگ رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نمازِ مغرب یا بعد نماز عشاء باوضو سورۂ مزمل (پ 29) گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورۂ مزمل پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سورۂ مزمل پڑھتے وقت جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اس عمل کی برکت سے گھر سے غربت اور تنگ دستی کا خاتمہ ہو گا اور روزی میں برکت پیدا ہو گی۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ بلا ناغہ کرے اور پابندی سے کرے گا تو اس کا پھل پائے گا۔

نظر بد کا مجرب علاج

بعض مرتبہ کسی خوبصورت انسان، حیوان یا اچھی چیز کو نظر بھر کر دیکھ لیا جائے اور اس وقت بَارَكَ اللّٰهُ یا مَا شَآءَ اللّٰهُ کہہ دیا جائے تو وہ چیز نظر بد سے محفوظ ہو جائے گی اور اگر یہ الفاظ نہ کہے اور اس پر گہری نظر ڈالی یا اس کی خوبی کا تذکرہ کر دیا تو نظر بد لگ جائے گی۔ اگر کسی کو نظر لگ جائے تو مندرجہ ذیل آیات اور ان سورتوں کو تین دن مسلسل بلا ناغہ صبح و شام کے وقت تین تین بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔ بچہ ہو یا بڑا ہر ایک کیلئے یہ عمل مفید ہے۔ جو آیات اور سورتیں پڑھی جائیں گی وہ یہ ہیں۔ 1۔ سورۃ الفاتحہ۔ 2۔ سورۃ البقرۃ الٓمّٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک۔ 3۔ آیت الکرسی۔ 4۔ سورۂ اخلاص۔ 5۔ سورۂ فلق۔ 6۔ سورہ الناس۔ 7۔ یہ آیت وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿القلم 52،51﴾

ان کے پڑھنے کا طریقہ ہے کہ پہلے ایک ایک مرتبہ سب آیتیں اور سورتیں پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ پھر دوبارہ ایک ایک مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں آخر میں

تیسری بار ایک ایک مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ اس طرح تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام کو دم کریں اور مسلسل تین دن تک کریں۔

برا خواب آئے تو.....!

برا خواب دیکھے تو تین مرتبہ شیطان اور برے خواب کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے۔ مثلاً تین بار یوں کہے: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرُّؤْیَا۔ اس کے بعد تین مرتبہ بائیں جانب تھتکار دے یعنی تھوتھو کر دے اور جس کروٹ سو رہا ہو اس کروٹ کو بدل دے۔ بخاری شریف کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اٹھ کر وضو کر کے نماز پڑھنے لگے۔ کسی سے اس خواب کا تذکرہ نہ کرے اس طرح انشاء اللہ تعالیٰ یہ خواب اس کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائے گا۔

* * * * *

شاہ عزیز الحق بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

اولاد ہونے کیلئے جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اسے اولاد کی بہت زیادہ خواہش ہو اور اولاد کیلئے ہر وقت بے چین رہتا ہو اس کیلئے یہ عمل بہت فائدہ مند ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ضرور ہوگی۔ وہ عمل یہ ہے:۔ سورہ نساء شروع سے لے کر رَقِیْبًا (پہلی مکمل آیت) تک ایک حلوے کے ٹکڑے پر شب جمعہ میں باوضو آدھی رات کو لکھے (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے) لکھنے کا عمل ایسی تنہائی میں کرے جہاں اسے لکھتے ہوئے کوئی نہ دیکھے۔ یہ حلوہ وہ عورت کھائے جس کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اس رات اس کا خاوند ہمبستری کرے۔ تین جمعرات یہ عمل کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت کے اولاد ہوگی۔ تنبیہ: بعض مرتبہ عورت یا مرد پر سحر یا جنات کا اثر ہوتا ہے جس کے سبب حمل نہیں ہوتا۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے سحر، جنات کا بندش کا علاج کرے اس کے بعد یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اولاد ہوگی۔

قوت حافظہ قوی ہونے کیلئے

اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو اور اکثر باتیں بھول جاتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے:۔ سورہ بقرہ کی شروع آیات سے مُفْلِحُوْنَ تک جمعرات کے دن اول وقت چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور اس پلیٹ کو بارش کے پانی سے دھو کر صبح صادق سے پہلے تہجد کے وقت پی لے اور اس دن روزہ رکھے تین دن یا پانچ دن یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہوگا اور جو چیز یاد کرے دماغ میں محفوظ ہو جائیگی۔ تنبیہ: بعض مرتبہ سحر، جادو، سفلی کے سبب بھی حافظہ کمزور ہو جاتا ہے، بھول چوک بڑھ جاتی ہے، اس کیلئے سحر، جادو، سفلی کا علاج کرنے سے حافظہ صحیح ہو جائے گا۔

ترقی کاروبار، تجارت میں برکت

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کا کاروبار ترقی کرے اور گاہک زیادہ سے زیادہ آئیں تو اسے چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد یہ آیت ایک سو ایک بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی ہوگی اور گاہک بے شمار آئیں گے۔ وہ آیات یہ ہیں:۔

عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَ بَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً وَ اللّٰہُ قَدِیْرٌ وَ اللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿الممتحنۃ، ﴾

درد کے خاتمہ کیلئے

جسم کے جس حصے میں بھی درد ہو اس جگہ ہاتھ رکھ کر تین بار باوضو یہ آیات پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح تین مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد موقوف ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں:۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا o (بنی اسرائیل۔105)

بدبختی کے سبب پریشانی آجائے

اگر کسی سخت گناہ یا بڑی عظیم بُرائی کے سبب یا کسی بے گناہ مظلوم پر ظلم کے سبب یا کسی کا دل دکھا کر اس کی بددعا کے باعث کسی آدمی پر بدبختی چھا جائے اور اسے طرح طرح کے مصائب اور مشکلات گھیر لیں تو اس بدبختی اور ہر قسم کی مصیبت سے بچنے کیلئے یہ استغفار کرے اور اللہ تعالیٰ سے رحم کی بھیک مانگے اور عشاء کی نماز کے بعد ایک سو بار یہ کلمات باوضو پڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے دونوں ہاتھ اپنے چہرے اور تمام بدن پر پھیر لے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ اس دوران اگر حالت درست ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ ایک چلہ اور کرے اس میں بھی حالات ٹھیک نہ ہوں تو ایک چلہ اور کرے۔ (چلہ چالیس دن عمل کرنے کو کہتے ہیں) توبہ استغفار کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل نماز توبہ ظہر، مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر یہ

کلمات سو مرتبہ پڑھے:۔ اَستَغفِرُ اللہَ رَبِّی مِن کُلِّ ذَنبٍ وَّ اَتُوبُ اِلَیہِ۔ پھر رو رو کر اپنے گناہوں کی معافی اللہ تعالیٰ سے مانگے کہ وہ غفور الرحیم ہے۔ (یعنی گناہوں کا بخشنے والا اور بے حد رحم کرنے والا ہے) بدبختی سے نجات کیلئے یہ کلمات بعد نماز عشاء ایک سو بار پڑھنے ہیں۔

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ یَاوَدُودُ۔ یَاوَدُودُ۔ یَاوَدُودُ۔ اَللہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الحَیُّ القَیُّومُ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنتَ سُبحٰنَکَ اِنِّی کُنتُ مِنَ الظّٰلِمِینَ۔ قُل ہُوَ اللہُ اَحَدٌ ۝ یُحِبُّونَہُم کَحُبِّ اللہِ ط وَالَّذِینَ اٰمَنُوا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ط

پیشاب میں خون آنا

بعض مرتبہ مثانہ یا گردوں میں پتھری پیدا ہو جاتی ہے اس کی وجہ سے پیشاب میں خون آتا ہے اور بعض مرتبہ بہت گرم چیزیں کھانے سے بھی یہ شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی طرح حد سے زیادہ لال مرچ کا استعمال بھی پیشاب میں جلن پیدا کرتا ہے۔ لہٰذا اس شکایت کو دور کرنے کیلئے پتھری کا علاج گرم چیزوں اور لال مرچ کے استعمال سے پرہیز کریں اور روحانی علاج اس طرح کریں کہ اول باوضو تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد یہ آیت تین بار پڑھیں اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھیں اور پانی پر دم کر کے یہ پانی پی لیں یہ پانی ہر دو گھنٹہ بعد ایک گلاس پینا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ ہُوَ اللہُ الخَالِقُ البَارِئُ المُصَوِّرُ لَہُ الاَسمَآءُ الحُسنٰی یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ وَہُوَ العَزِیزُ الحَکِیمُ ﴿الحشر ۲۴﴾

* * *

شاہ فضل علی قریشی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

سبق آسانی سے یاد ہو، حافظہ قوی ہو

اگر کوئی بچہ کند ذہن ہو اور اس کا دماغ کمزور ہو اور اسے سبق یاد نہ ہوتا ہو یا قرآن پاک حفظ کر رہا ہو اور اس دوران پچھلا سبق بھول جاتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور اس کاغذ کو لپیٹ کر اپنی کتاب میں سبق کی جگہ رکھ لے یا قرآن مجید حفظ کر رہا ہے تو قرآن مجید کے اس مقام پر رکھ لے جہاں اس کا سبق ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے سبق جلد یاد ہوگا اور پڑھا ہوا اور حفظ کیا ہوا یاد رہے گا اور حفظ اور فہم بہت کامل ہو جائے گی۔ وہ آیت ہے:۔ وَ اِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿اعراف ۱۷۱﴾

اولاد کیلئے

اگر کوئی عورت بانجھ مشہور ہو اور حمل نہ ٹھہرتا ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو کوئی سنار چاندی کی تختی پر کندہ کر دے اور اس تختی کو پلاسٹک کوٹنگ کرا کے (تعویذ کی طرح) وہ عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے اس دوران اپنے مرد سے قربت کرتی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد حاملہ ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَ النَّوٰى يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ مُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿الانعام ۹۵﴾

جان و اولاد کی حفاظت کیلئے

جو شخص کسی دشمن سے اپنی یا اپنی اولاد کی جان کو خطرے میں محسوس کرتا ہے یا اسے وہم ہے کہ اس کی یا اس کی اولاد کی جان محفوظ نہیں ہے تو اسے چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت

کو باوضو کسی سنار سے چاندی کی تختی پر نقش کرا لے اور چالیس مرتبہ یہی آیت باوضو پڑھ کر اس تختی پر دم کر دے اور وہ چاندی کا ٹکڑا انگوٹھی میں نگینے کے نیچے رکھ لے۔ اس انگوٹھی کو اپنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے اور کبھی نہ اتارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جان و مال اور اولاد محفوظ رہیں گے۔ وہ آیت یہ ہے:۔

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ (الحجر 9)

ظالم کے ظلم سے محفوظ رہنے کیلئے

اگر کسی کا معاملہ ظالم آفیسر سے پڑ گیا ہو جو بات بات پر ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہو اور ہر وقت بے عزت کرتا ہو یا اور کسی ظالم سے اختلافات چل رہے ہوں اور اس کا سامنا ہونے سے جان کا خطرہ محسوس ہوتا ہو تو جب اس ظالم آفیسر کے پاس جائے یا ظالم شخص سے سامنا ہو تو معوذتین پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان سورتوں کی برکت سے اس ظالم کے شر اور شرارت سے محفوظ رہے گا اور وہ اسے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ (معوذتین سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو کہتے ہیں)

جگر کی خرابی کا علاج

اگر کسی کا جگر کام نہ کرتا ہو اسے پیلیا ہو گیا ہو یا کھانا ہضم نہ ہوتا ہو یا اس کے چہرے اور پاؤں پر ورم آ گیا ہو تو ایسی تمام صورتوں میں مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے اور یہی آیت چینی کے بغیر پھول والی پلیٹوں پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور ایک پلیٹ روزانہ پانی سے دھو کر نہار منہ (صبح کچھ کھانا نہ ہو) مریض کو پلائیں۔ چند دن کے علاج سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو فائدہ ہوگا اور وہ صحت یاب ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ

لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّىْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿الکھف ۱۰۹﴾

مرگی کا دورہ دور کرنا

اگر خدانخواستہ کسی کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس دورہ سے خلاصی کیلئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو تین بار پڑھ کر مریض پر دم کریں (مریض کے جسم پر پھونک ماریں) اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دورہ ختم ہوگا اور مریض صحیح حالت میں آ جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ الٓمّٓصٓ ٥ طٰسٓمّٓ ٥ كٓهٰيٰعٓصٓ ٥ يٰسٓ ٥ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ٥ حٰمٓ ٥ عٓسٓقٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ٥

تیسرے دن کا بخار

اگر کسی کو ایک دن چھوڑ کر اگلے دن (یعنی تیسرے دن) کا بخار آتا ہو تو سورہ الم نشرح (پارہ 30) ایک مرتبہ پڑھ کر پاک روئی پر دم کریں اور اسے بیمار کے کانوں کے سوراخوں میں لگوا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تیسرے دن کا بخار آنا بند ہو جائے گا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

نظر بد‘ جنات کا سایہ

دیگر بیماریوں کا علاج بچوں کی نظر بد سے حفاظت‘ جنات کے اثرات سے بچاؤ اور بہت سی بیماریوں سے (چیچک‘ خسرہ‘ انفلوئنزا ہیضہ وغیرہ کی وباء سے) حفاظت کیلئے مندرجہ ذیل الفاظ تین مرتبہ کالے دانے پر یا لوبان پر پڑھ کر کوئلے کی آگ پر تھوڑا تھوڑا ڈال کر اس کی دھونی تمام مکان میں دن میں دو بار صبح سورج نکلنے کے بعد شام کو سورج غروب ہونے سے پہلے‘ دھونی کے الفاظ یہ ہیں:۔ عَلِيْقًا۔ مَلِيْقًا۔ تَلِيْقًا۔ اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ۔

حضرت شاہ چراغ رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے

یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے ظالموں کے ظلم سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار یَا عَزِیْزُ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے ظلم کرنے والوں سے حفاظت

اگر کسی شخص کا واسطہ حاکم سے پڑ گیا ہو یا کسی ظالم آدمی سے مقابلہ ہو گیا ہو تو ایک سفید کاغذ پر چھٹے پارے کی ابتدائی آیت باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اور عورت ہے تو دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اور اس ظالم شخص کے پاس جائے یا اس کا سامنا ہو جائے تو انہی آیات کو پڑھنا شروع کر دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا اور وہ اس کا خیر خواہ بن جائے گا اور اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کریگا۔ وہ آیت یہ ہے: لَا یُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِیْعًا عَلِیْمًا ﴿النساء ۱۴۸﴾

مرد کا عورت پر قادر ہونا اور حمل کا ٹھہرنا

اگر کوئی مرد شرم کی وجہ سے یا کسی مرض کے سبب عورت پر قادر نہ ہو تو اس کیلئے دو انڈے لے اور دونوں کو دھو کر اُبال لے اور ایک انڈے پر باوضو روشنائی سے لکھے۔ وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ (سورہ ذاریات 47) اور یہ انڈہ مرد رات کو کھالے۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ (سورہ ذاریات 48) اور یہ انڈا عورت کو دے کہ رات کو کھالے اس کے بعد ہمبستری کریں انشاء اللہ حمل قائم ہوگا اور اولاد ہوگی۔

ہر قسم کے غم اور فکر کا خاتمہ

یہ عمل ہر قسم کے غم کو دور کرتا ہے اور پریشانی سے مکمل نجات دیتا ہے۔ بعد نمازِ عشاء اوّل درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد تین سو بار: اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ (سورہ یوسف آیت 86) آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے ہر قسم کی پریشانی اور ہر قسم کے فکر کو دور کرنے کیلئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام غم و فکر دور ہو جائینگے اور دل ہر وقت خوش رہے گا۔

عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے

عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے ظالموں کے ظلم سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار یَاعَزِیْزُ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ معاشرتی زندگی میں عزت و عظمت کا مقام حاصل ہوگا۔ دشمن ناکام ہوں گے۔

مسافر کی حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص سفر پر روانہ ہوتا ہے اور اہل خانہ چاہتے ہیں کہ مسافر کو راستہ میں کوئی تکلیف یا حادثہ پیش نہ آئے اور وہ صحت و سلامتی کے ساتھ گھر واپس آئے اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے جب مسافر سفر پر روانہ ہو جائے تو گھر کے افراد میں سے کوئی بھی مرد یا عورت باوضو اکتالیس بار سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) پڑھے اور دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ مسافر کو سفر کے دوران محفوظ رکھے اور سلامتی کے ساتھ واپس آئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسافر صحت و سلامتی کے ساتھ گھر واپس لوٹ کر آئے گا۔

غریبی اور تنگ دستی دور کرنا

جو شخص غریب ہو اور اس کا ہاتھ خرچ کے معاملے میں تنگ رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد

نمازِ مغرب یا بعد نماز عشاء باوضو سورہ مزمل (پ 29) گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورہ مزمل پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سورہ مزمل پڑھتے وقت جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ اس عمل کی برکت سے گھر سے غربت اور تنگ دستی کا خاتمہ ہوگا اور روزی میں برکت پیدا ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اور پابندی سے کریگا تو اس کا پھل پائیگا۔

استخارہ کرنیکا طریقہ

استخارہ کے بہت سے طریقے ہیں اور یہ استخارہ بہت مجرب ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (پوری سورۃ) ایک مرتبہ اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورۃ) ایک مرتبہ پڑھے اور نماز پوری کر کے سلام پھیرنے کے بعد اول تین بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ اس کے بعد سورۂ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سیدھے (دائیں) ہاتھ پر پھونکے (دم کرے) وہی دایاں ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر منہ قبلہ کی طرف کرے اور دائیں کروٹ سو جائے۔ یہ عمل تین دن یا سات دن کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ اگر ایک دن میں معلوم ہو جائے تو پھر کرنے کی ضرورت نہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس استخارہ سے صحیح جواب مل جائے گا۔

کسی کے سامان کی جلد فروخت کیلئے

اگر کوئی شخص اپنی کوئی چیز جلد بیچنا چاہتا ہو لیکن وہ چیز جلد بکتی نہ ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ مندرجہ ذیل آیت کو باوضو تین مرتبہ پڑھ کر اس سامان یا چیز پر پھونک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد فروخت ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِىْٓ اَبِىْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِىْ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿یوسف ۸۰﴾

عطا بن حسین رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

ظالم آدمی کے شر سے حفاظت

ظالم حاکم یا ظالم آدمی کے شر سے بچنے کیلئے اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد دس بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o پڑھے آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے ظالم کا دل نرم ہو جائے گا اور کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کیلئے

اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور اس کے بعد گیارہ بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر جج، حاکم اور گواہوں کی طرف منہ کر کے روزانہ صبح کو دم کیا کریں۔ سورۂ اخلاص، سورۂ الفلق، سورۂ الناس مکمل باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح اور شام کو پیا کریں اور مقدمہ کی تاریخ کے دنوں میں ضرور پیا کریں۔

جادو اور سحر سے نجات کیلئے

جادو، سحر اور سفلی علم کے ذریعہ لوگوں کی صحت برباد کی جاتی ہے اور ان کا کاروبار تباہ کیا جاتا ہے، وہ آدمی جو دولت میں کھیلتا تھا، پائی پائی کو محتاج ہو جاتا ہے اور اسی کے ساتھ ساتھ اس کی صحت بھی برباد ہو جاتی ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اور اس کے ذریعے سے سحر، جادو، سفلی کرنے والے پر لوٹ جاتا ہے۔ عمل یہ ہے:۔ صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء تین تین بار بہ نیت رد سحر پڑھتا رہے: اَعُوۡذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ط اور مندرجہ ذیل سورتیں اور آیتیں ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے وہ سورتیں اور آیتیں یہ ہیں:۔

سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس، سورۃ الفاتحہ اور آیۃ الکرسی مکمل۔ نیز "منزل"، کی تینتیس آیات کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے جادو، سحر اور سفلی سے حفاظت ہو جائے گی۔ تنبیہ آیات قرآنی کو باوضو لکھنا چاہیے بغیر وضو لکھنا، قرآن پاک کو چھونا اور بغیر موم جامہ کیے تعویذ کا باندھنا سخت گناہ ہے۔ لہٰذا بغیر وضو کے قرآن پاک، قرآنی سورتوں کا ہاتھ میں لینا منع ہے اسی طرح ان کو بغیر موم جامہ کیے باندھنا بھی سخت گناہ ہے۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

پسوؤں اور مچھروں سے حفاظت

اگر کسی جگہ پسوؤں یا مچھروں کی بہتات ہو اور وہ کاٹ کاٹ کر بُرا حال کرتے ہوں اور رات کو آرام سے سونے نہ دیتے ہوں تو مندرجہ ذیل آیت باوضو سات بار پڑھے اور ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لے۔ وہ آیت یہ ہے:۔ وَمَالَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ط (ابراہیم 12) اس کے بعد یہ الفاظ ایک بار کہے:۔ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اَيَّتُهَا الْبَرَاغِيْثُ وَالْبَعُوْضَاتُ فَكُفُّوْا عَنَّا شَرَّكُمْ وَاَذَاكُمْ اور بوتل والے پانی پر دم کرے اور اس پانی کو چار پائی یا بستر کے چاروں طرف ہلکا ہلکا چھڑک دے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ رات کو آرام سے سوئے گا۔

قوت مردانگی کی بندش کھولنا

بعض مرتبہ دشمنی کے سبب یا سحر و آسیب کے باعث مرد کی قوت مردانگی بند کر دی جاتی ہے جس کے سبب مرد ازدواجی تعلقات سے محروم ہو جاتا ہے۔ قوت مردانگی کی بندش کھولنے کیلئے سورۃ البینۃ پارہ 30 باوضو ایک پاک برتن میں عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے یا کالی روشنائی سے لکھے اس طرح کہ کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو اس

کو پانی سے دھو کر وہ پانی دن میں چار وقت پیئے: صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر گیارہ بجے، بعد نماز عصر، بعد نماز عشاء۔ یہ عمل مسلسل تین دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ قوت مردانگی بحال ہوگی اور عورت پر قادر ہوگا۔

نظر بد دور کرنے کیلئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر لگ گئی ہو یا کسی جانور پر نظر بد کا اثر ہو تو اس کیلئے باوضو یہ آیات تین مرتبہ پڑھ کر نظر والے انسان یا جانور پر ایک دفعہ دم کرے اس کے بعد دوبارہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے تین بار اسی طرح دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی اور نظر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصٰرِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿القلم 52،51﴾

بُرے خواب سے حفاظت

اگر کسی کو ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں یا سوتے میں ڈرتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر اس شخص کے گلے میں موم جامہ کر کے باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بُرے اور ڈراؤنے خوابوں سے محفوظ رہے گا اور سوتے میں ڈر خوف ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ o (یونس 64)

استخارہ کا عمل

اگر کسی شخص کو کسی معاملے میں تذبذب ہو اور خیالات ڈانواڈول ہوں کہ یہ کام کروں یا نہ کروں اس کیلئے استخارہ اس ترکیب سے کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل مکمل یقین کے ساتھ ہاں یا ناں کی طرف ہو جائے گا یا خواب میں کوئی ایسا اشارہ مل جائے گا جس کے سبب کام میں یکسوئی پیدا ہوگی۔ مثلاً ہرا رنگ، ہرا کپڑا یا کھیت یا ہری گھاس کا میدان

نظر آئے یہ کامیابی کا رنگ ہے یا خواب میں سیلاب، طوفان یا سخت اندھیر انظر آیا یا جنگ ہو رہی ہے یا آگ جل رہی ہے یہ اشارہ ہے کہ یہ کام کرنا صحیح نہیں ہے اس کام کے کرنے سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ استخارہ کا طریقہ یہ ہے:۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل دو رکعت نفل پڑھے اس میں استخارہ کی نیت ہو اس کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ کلمات ایک سو بار پڑھے:۔ یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَارَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ بِحَالِہٖ یَاخَبِیْرُ۔ آخر میں گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے اور کسی سے بات کیے بغیر سو رہے اور اس طرح کہ قبلہ کی طرف چہرہ اور سینہ ہو۔ دایاں ہاتھ سر کے نیچے دبا ہو بعد میں نیند کی حالت میں کروٹ لی جائے تو کچھ حرج نہیں ہے۔ یہ عمل تین یا سات دن کرے۔ اگر پہلے ہی دن معلوم ہو جائے تو پھر عمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

* * *

شاہ صدرالدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

آسیب کے دفع ہونے کیلئے

جس گھر میں جن یا آسیب کا شبہ ہو یا جن یا آسیب اہل خانہ کو نظر آتا ہو اس گھر میں مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر ہر کمرے میں دروازے کے اوپر لگادے اور کمرے کے اندر دروازے کے بالکل سامنے دیوار پر بھی لگادے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جن آسیب اس گھر سے چلے جائیں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَالَمۡ یَشَاۡءُ لَمۡ یَکُنۡ وَلَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ہ فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حَافِظًا وَّھُوَاَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ یَابُدُّوۡحُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ۔

جلندر، پھوڑا، سوجن ختم کرنا

اگر کسی کے جلندر ہو، پھوڑا، بد ہو یا دنبل ہو اور اس جگہ سوجن آگئی ہو تو باوضو مندرجہ ذیل آیات سات دن تک برابر روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ سات دن میں مرض دور ہوجائے گا۔ بَلَآءً حَسَنًا ط اِنَّ اللّٰہَ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ خَرَجُوۡا مِنۡ دِیَارِھِمۡ وَھُمۡ اُلُوۡفٌ حَذَرَ الۡمَوۡتِ فَقَالَ لَھُمُ اللّٰہُ مُوۡتُوۡا (البقرہ243)

ہر قسم کے درد سے حفاظت

اگر کسی شخص کو سردی کے موسم میں یا برسات میں کوئی پرانا درد تنگ کرتا ہو تو اس سے حفاظت کیلئے بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء باوضو آیات ذیل کو سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر ہاتھ پھیر لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ط
ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ ○ (سورۃ الانعام 1)

بڑھاپے میں کم سنائی دینا

اگر کسی آدمی کی سننے کی طاقت کم ہوگئی ہو اور اسے کم سنائی دیتا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد 41 بار مندرجہ ذیل آیت باوضو پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تین مرتبہ ہاتھ اپنے چہرے پر اور کانوں پر پھیر لے۔ اکتالیس روز بلا ناغہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ کان کی قوت سماعت بحال ہوجائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ فَقَضٰھُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِیْ یَوْمَیْنِ وَاَوْحٰی فِیْ کُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَھَا ط (حم سجدہ 12)

خونی بواسیر کی تکلیف سے نجات

خونی بواسیر بہت تکلیف دہ مرض ہے اس کا علاج کسی باقاعدہ حکیم حاذق اور مستند طبیب سے کرایا جائے اگر بواسیر کی تکلیف حد سے زیادہ بڑھ جائے اور ناقابل برداشت بن جائے تو مریض باوضو یہ کلمات پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کرے اور اس انگلی کو پانی کے برتن میں ڈبو دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر کی تکلیف سے فوراً آرام آجائے گا اور بے چینی ختم ہوجائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿الحشر ۲۳﴾

تشخیص (پہچان) جنات

اگر کسی مریض کی بابت معلوم نہ ہو کہ اس پر سحر کیا ہوا ہے یا جنات کا اثر ہے یہ معلوم کرنے کیلئے مریض کو وضو کرا کے ایک پاک کپڑے پر سامنے بٹھا لیا جائے اور عامل گیارہ مرتبہ باوضو یہ کلمات پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ اگر مریض پر جنات‘ آسیب یا پری کا اثر ہے تو وہ حاضر ہو کر بات کرنے لگیں گے۔ اس کے بعد گیارہ بار یَاحَفِیْظُ

پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاءاللہ جنات کا اثر فوراً ختم ہوجائے گا اور مریض صحیح حالت میں ہوجائے گا۔ وہ الفاظ جو پڑھ کر مریض پر دم کرنے ہیں یہ ہیں:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ یَاحَفِیۡظُ یَاحَفِیۡظُ یَاحَفِیۡظُ یَابَدِیۡعُ یَابَدِیۡعُ یَابَدِیۡعُ یَابَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ یَابَدِیۡعُ۔

آسانی کے ساتھ بچہ کی پیدائش

اگر عورت کے بچہ ہونے کا درد ہو لیکن بچہ پیدا ہونے میں دشواری ہو اور عورت سخت تکلیف میں مبتلا ہو تو ایسی صورت میں گڑ کی تین ڈلی (گڑ کے ٹکڑے) لے اور اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ درج ذیل آیت پڑھے اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور اس گڑ کی ایک ڈلی پر دم کردے۔ اسی طرح بار بار پڑھ کر ایک ایک ڈلی پر دم کرے اور وہ تینوں ڈلیاں عورت کو کھلا دیں۔ اس گڑ کی ڈلیوں کے کھاتے ہی انشاءاللہ تعالیٰ جلد بچہ پیدا ہوجائے گا۔ وہ آیت اور کلمات یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ فَلۡیَنۡظُرِ الۡاِنۡسٰنُ مِمَّ خُلِقَ۔ خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ۔ یَّخۡرُجُ مِنۡ بَیۡنِ الصُّلۡبِ وَ التَّرَآئِبِ۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ ط (طارق، 4 تا 7)

تیسرے دن کے بخار کا خاتمہ

اگر کسی کو تیسرے دن بخار چڑھتا ہو اور درمیان کے ایک دن بخار نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے پاک روئی لے کر سات بار سورہ فاتحہ باوضو پڑھ کر روئی پر دم کر کے مریض کے دائیں کان میں لگا دیں اس کے بعد سورہ فاتحہ پانچ بار پڑھ کر روئی پر دم کریں اور مریض کے بائیں کان میں لگا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بخار ختم ہوجائے گا۔

* * * * *

شاہ عظیم شمسی کبیری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف

تیسرے دن کے بخار کا خاتمہ

اگر کسی کو تیسرے دن کا بخار چڑھتا ہو اور درمیان کے ایک دن بخار نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے پاک روئی لے کر سات بار سورہ فاتحہ باوضو پڑھ کر روئی پر دم کر کے مریض کے دائیں کان میں لگا دیں اس کے بعد دوبارہ سورہ فاتحہ پانچ بار پڑھ کر روئی پر دم کریں اور مریض کے بائیں کان میں لگا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بخار ختم ہو جائے گا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

ہر قسم کے ہتھیار سے حفاظت

جو شخص ان آیات کو صبح نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ اور بعد نماز عشاء ایک بار پڑھے گا وہ ہر قسم کے ہتھیار کی مار سے محفوظ رہے گا وہ آیات مبارکہ یہ ہیں:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ عَزِیۡزٌ عَلَیۡہِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِیۡصٌ عَلَیۡکُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ۔ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ۔ (توبہ)

حمل کی حفاظت کیلئے

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور بار بار گر جاتا ہو تو اس کی حفاظت کیلئے مندرجہ ذیل آیات و کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اِنۡ کُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَیۡہَا حَافِظٌ ٥ فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حٰفِظًا وَّہُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ٥ اَللّٰہُمَّ احۡفِظۡ حَمۡلَ ہٰذِہِ الۡمَرۡاَۃِ مِنۡ جَمِیۡعِ الۡاٰفَاتِ بِحَقِّ لَآ

اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اٰمِیْن۔ اٰمِیْن۔ اٰمِیْن۔

ظالم سے حفاظت کیلئے

اگر کسی کو ظالم شخص سے نقصان کا اندیشہ ہو' اس کے نقصان سے محفوظ رہنے کیلئے بلاتعداد بغیر گنتی کے کثرت سے یہ کلمات پڑھیں۔ ان کلمات کے پڑھنے کیلئے وضو بھی ضروری نہیں ہے بغیر وضو بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظالم ہر ہر قدم پر ناکام ہوگا اور ذلیل وخوار ہو کر پیچھا چھوڑ دے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنَاہُ بِمَا شِئْتَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

گاڑی کا حادثات سے بچاؤ

اگر گاڑی کے پرزے ٹوٹ جاتے ہوں یا گاڑی بار بار ٹکراتی ہو یا گاڑی بار بار اُلٹ جاتی ہو یا قابو میں نہ رہتی ہو یا بریک فیل ہو جاتے ہوں تو اس کیلئے مندرجہ ذیل الفاظ باوضو لکھ کر سامنے والے شیشہ کے اوپر ٹیپ یا گوند سے چپکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ کی رحمت سے گاڑی ہر قسم کے حادثات سے محفوظ ہو جائے گی۔ وہ الفاظ یہ ہیں:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ

لڑکے' لڑکی کی شادی

گزشتہ دور میں لڑکے لڑکی کی شادی کوئی مسئلہ نہ تھا کیونکہ باہمی طور پر خاندان میں شادیاں ہوتی تھیں لیکن اب اچھا رشتہ تلاش کرنا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ اس کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ بالغ ہوتے ہی لڑکی کا رشتہ کر دیا جائے۔ شادی کیلئے یہ عمل بہت کامیاب ہے: اول ایک لاکھ 25 ہزار بار آیت کریمہ کا ختم کیا جائے بہت سے لوگ مل کر پڑھ لیں یا ایک ہی فرد تھوڑا تھوڑا کر کے مکمل کر لے دونوں طرح درست ہے۔

پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب بھی پڑھنے بیٹھیں باوضو ہوں' الفاظ صحیح ادا کریں' تعداد صحیح ہو اور آیت کریمہ شروع کرنے سے قبل ہر شخص نماز والا درود شریف گیارہ بار

پڑھے اور جب پڑھنا ختم کریں اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پہلے دن جتنی مقدار میں پڑھا ہے اس کو کسی کاغذ پر لکھ لیں جب تعداد ایک لاکھ 25 ہزار ہوجائے تو پڑھنا ختم کردیں۔ ایک لاکھ پچیس ہزار سے تعداد نہ زیادہ ہو نہ کم ہو بلکہ پوری تعداد ہو۔ آیت کریمہ یہ پڑھنی ہے:۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط جب سوا لاکھ مرتبہ آیت کریمہ کی تعداد مکمل ہوجائے تو اس کے بعد سوا لاکھ مرتبہ یَا لَطِیْفُ کا ختم کریں چند افراد مل کر پڑھ لیں یا ایک ہی شخص (مرد ہو یا عورت) پڑھ لے جب بھی پڑھنا شروع کرے اول درود شریف گیارہ بار پڑھے اس کے بعد یَا لَطِیْفُ پڑھنا شروع کرے اور جب پڑھنا ختم کرے گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے جب سوا لاکھ کی تعداد پوری ہوجائے پھر لڑکا یا لڑکی خود یا گھر کا کوئی بھی فرد روزانہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ سو بار یَا لَطِیْفُ پڑھے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے جب تک شادی مکمل نہ ہوجائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد شادی ہوجائے گی۔

روزی میں فراخی کے واسطے

جس شخص کی روزی تنگ ہو اور گھر میں کھانے اور خرچ کی پریشانی رہتی ہو اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ روزانہ ان کلمات کو ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ روزی میں فراخی پیدا ہوگی اور رزق زیادہ تعداد میں ملے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ یَا دَآئِمَ الْعِزِّ وَالْمُلْكِ وَالْبَقَاءِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْعَطَاءِ یَا وَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ۔

* * * * *

شیخ کمال الدین مخفی رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف

مرض، آسیب، سحر، جن معلوم کرنیکا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گزاری ہو، پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے۔ پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب سے ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے:۔ ☆ سورہ فاتحہ مکمل تین مرتبہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥۔ ☆ والصفت سے لے کر لفظ "لازب" تک ایک بار۔ (آیت نمبر 11) ☆ سورہ جن شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (آیت نمبر 1) ایک بار۔ ☆ سورۃ الفلق آخر تک ایک بار۔ ☆ سورۃ الناس آخر تک ایک بار۔

مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہتے ہو تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے تو آسیب ہے اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔ عزیمت یہ ہے:۔ ☆ الحمد شریف (پوری سورہ فاتحہ) سات مرتبہ۔ ☆ آیۃ الکرسی سات مرتبہ۔ ☆ سورہ کافرون آخر تک سات مرتبہ۔ ☆ سورہ اخلاص آخر تک سات مرتبہ۔ ☆ سورہ فلق آخر تک سات مرتبہ۔ ☆ سورۃ الناس آخر تک سات مرتبہ۔

مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپ لیں۔

پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد سورہ مزمل سات بار پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ڈورے پر دم کریں پھر ڈورے کو ناپیں اگر ڈورا ناپ سے چھوٹا رہ جائے تو شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور اگر ڈورا ناپ سے بڑا (لمبا) ہو جائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر ڈورا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے۔ ڈاکٹر، حکیم سے علاج کرائے۔

سفر میں حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر جا رہا ہو اور چاہتا ہو کہ سفر میں حفاظت رہے اور ہر قسم کے جانی ومالی نقصان سے محفوظ رہے تو باوضو ایک بار آیۃ الکرسی اور تین بار سورہ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر سے واپسی تک پڑھنے والا امن وامان میں رہے گا۔ اگر اپنے وطن میں رہتے ہوئے کوئی شخص صبح کو ایک بار آیۃ الکرسی اور تین بار سورہ اخلاص پڑھ لے تو صبح سے شام تک ہر طرح کی مصیبت وپریشانی سے محفوظ رہے گا اور رات کو پڑھ کر دم کر لے تو صبح تک چوری ڈاکے، قتل اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

جسمانی امراض سے نجات کیلئے

اگر کوئی شخص کسی جسمانی بیماری میں مبتلا ہو یا خارش، کھانسی یا کسی اندرونی بیماری سے پریشان ہو تو باوضو روزانہ گیارہ بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے (پھونک مار کے) تمام جسم پر سر سے پاؤں تک پھیر لے اور گیارہ مرتبہ باوضو آیۃ الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے۔ اگر کوئی دوسرا مریض ہے تو پڑھ کر اس کے دونوں ہاتھوں پر دم کر دے تاکہ وہ اپنے تمام جسم پر پھیر لے اور گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو دے دے کہ وہ اس میں سے تھوڑا تھوڑا پانی پیتا رہے۔ انشاء اللہ چند دن میں مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

سفر میں کامیابی

اگر کوئی شخص تذبذب کا شکار ہو کہ یہ سفر کامیاب ہوتا ہے یا ناکام رہتا ہے تو اس کیلئے

سفر میں جانے سے قبل باوضو ایک ہزار بار **یَا حَفِیْظُ** پڑھ کر گھر سے روانہ ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ سفر میں ہر قسم کے حادثات سے حفاظت رہے گی اور سفر ہر طرح سے کامیاب رہے گا۔

روزگار کیلئے

جو شخص روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو اور بہت زیادہ کوشش کے باوجود اسے روزگار نہ ملتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ عمل یہ ہے:۔ چاند دکھائی دینے کے بعد پہلی جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے۔ جمعرات کا روزہ کھولنے کے بعد جو رات آئے اس میں سات مرتبہ سورہ یوسف پڑھے۔ جمعہ کے دن روزہ کی حالت میں جمعہ کی نماز کے بعد مندرجہ ذیل آیات باوضو ایک سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے آیت لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے (عورت بائیں بازو پر باندھے) اور عصر کی نماز سے قبل ایک مرتبہ سورہ یوسف پڑھے۔ اس کے بعد افطار سے قبل بعد نماز عصر ایک مرتبہ سورہ یوسف پڑھے۔ عشاء کی نماز کے بعد بھی ایک مرتبہ سورہ یوسف پڑھے۔ سونے سے قبل پہلے پچاس مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو مرتبہ **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ۔ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ** پڑھے۔ آخر میں پھر پچاس مرتبہ درود شریف پڑھے جو آیت عرق گلاب میں زعفران حل کر کے لکھی جائے گی وہ یہ ہے:۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ۔ قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ۔ وَ كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿یوسف 56،55،54﴾

بھولی ہوئی چیز یاد آنے کیلئے

اگر کوئی چیز رکھ کر بھول گئے اور یاد نہیں آرہی ہے اور اس کی وجہ سے طبیعت پریشان ہو

تو ایک رومال میں سات گرہ لگائیں اس کے بعد سورہ الم نشرح پوری سورۃ پڑھ کر ایک گرہ کھولیں۔ اسی طرح ایک بارہ سورہ الم نشرح پڑھ کر ایک ایک گرہ کھولتے جائیں اور اسی طرح ساتوں گرہ کھولیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے دوران ہی وہ چیز جو رکھ کر بھول گئے ہیں فوراً یاد آ جائے گی۔

* * *

شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

گمشدہ اور کھوئی چیز کے لیے

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اس کیلئے بے شمار و لاتعداد مرتبہ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھے اور تلاش جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز یا گمشدہ بچہ ضرور مل جائے گا۔

سماعت (اونچا یا کم سنائی دینا) کیلئے

اگر کوئی شخص اپنی کمزور سماعت کے باعث پریشان ہو یا اسے اونچا سنائی دیتا ہو تو روغن بادام (بادام کے تیل) پر باوضو پانچ سو بار یَا سَمِیْعُ پڑھ کر دم کریں۔ پڑھنے سے قبل بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک مرتبہ ضرور پڑھ لیں اور عمل پڑھنے کے بعد ایک بار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کہہ دیں پھر تیل پر دم کردیں اور اس تیل کو حفاظت سے رکھ لیں۔ اسے سوتے وقت ایک ایک قطرہ دونوں کانوں میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہرے پن کی شکایت دور ہوجائے گا۔ نوٹ: یہ بات یاد رکھیں کہ تیل ڈالنے سے قبل اسے ذرا سا گرم کرلیں اور نیم گرم ڈالیں۔

مکان سے جن بھوت بھگانے کا طریقہ

اگر کسی مکان میں جن بھوت پریت آسیب نے قبضہ کرلیا ہو اور گھر کے لوگ اکثر طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا رہتے ہوں تو پانچ ٹھیکریاں کورے مٹکے کی لیں (کورا مٹکا وہ ہے جس کو بھٹہ سے نکال کر پانی سے نہ دھویا گیا ہو) اور تمام نمازوں کے بعد باوضو ہر ٹھیکری پر پانچ پانچ مرتبہ سورہ عصر پڑھ کر دم کریں اور چار ٹھیکریاں مکان کے چار کونوں میں اور ایک ٹھیکری مکان کے صحن میں دفن کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام جنات وشیاطین کے اثرات سے گھر محفوظ ہوجائے گا یہی عمل دکان اور کارخانے کیلئے بھی

کر سکتے ہیں۔ چاروں ٹھیکریاں چاروں کونوں میں اور ایک ٹھیکری دکان یا کارخانے کے بیچ میں دفن کریں۔

ہر مصیبت سے مکان کی حفاظت

رات کو سونے سے قبل تین مرتبہ آیۃ الکرسی مع بسم اللہ پڑھ کر تصور میں لا کر مکان کے چاروں طرف پھونک مار دیں۔ انشاء اللہ اس گھر میں کبھی بھی چور، ڈاکو اور بُری بلائیں داخل نہ ہوں گی۔

کھیت اور باغ کی حفاظت کیلئے

اگر کھیت کو جانور کھا جاتے ہوں یا چوہے اور دیگر موذی جانور نقصان پہنچاتے ہوں یا باغ میں چوری ہوتی ہو اور پھل غائب ہو جاتے ہوں تو اس کیلئے دریا یا سمندر کے کنارے کی پاک ریت لیں اور باوضو چار مرتبہ آیۃ الکرسی مع بسم اللہ کے پڑھ کر ریت پر دم کریں اور یہ ریت تھوڑی کھیت یا باغ کے چاروں کونوں میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے کھیت اور باغ محفوظ ہو جائیں گے اور کوئی بھی ان کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

آنکھوں کی بینائی محفوظ رہنے کیلئے

اگر کسی کی آنکھوں سے کم دکھائی دیتا ہو آنکھوں کی بینائی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو بعد نماز عشاء باوضو تین بار یَا بَصِیْرُ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر دم کر کے انہیں اپنی آنکھوں پر پھیر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہو جائیگی اور قائم رہے گی۔ یہ عمل ناغہ کر کے کرنا یا چھوڑ دینا نہیں ہے بلکہ ہمیشہ کرتا رہے تب ہی فائدہ ہوگا۔

مرگی کے دفعیہ کیلئے

جس کو مرگی کا مرض ہو اور دورہ پڑتا رہتا ہو تو جس وقت مریض کو دورہ پڑ جائے تو بیہوشی میں اس کے سیدھے کان میں ایک بار اذان کے کلمات اور دوسری کان میں ایک بار

اقامت کے الفاظ پڑھ دیئے جائیں۔ اس طرح سات مرتبہ کرنے سے انشاءاللہ تعالیٰ مرض ختم ہو جائے گا۔ مطلب یہ ہے کہ سات دورے پڑیں گے اور ہر دورہ پر بے ہوشی کے عالم میں اذان واقامت کہنی ہے۔

اولاد ہونے کا عمل

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو اور ہر طرف سے لوگ طعنے دیتے ہوں اور ہر شخص نفرت کی نگاہ سے دیکھتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ گود اولاد سے بھر جائے گی اور اولاد کا سلسلہ قائم ہوگا۔ وہ عمل یہ ہے:۔ ایک سُرخ انار قندھاری خریدیں وضو کر کے اس کو دھو کر اس کے چار ٹکڑے اس طرح کریں کہ ٹکڑے الگ الگ نہ ہوں بلکہ آپس میں جڑے رہیں یعنی اوپر کی طرف سے کاٹیں لیکن نیچے کا حصہ آپس میں ملا رہنے دیں۔

اس کے بعد کسی نیک نمازی سے سورہ یٰسین شریف اس طرح پڑھوائیں کہ پہلے مبین پر پہنچ کر انار پر دم کرے اس کے بعد دوبارہ پڑھنا شروع کرے اور دوسرے مبین پر پہنچ کر انار پر دم کر کے اس کے بعد پھر شروع سے پڑھنا شروع کرے اور تیسرے مبین کو پڑھ کر انار پر دم کرے۔ اسی طرح سات مبین پڑھ کر انار پر دم کرے اس کے بعد شروع سے سورہ یٰسین پڑھنا شروع کرے اور پوری سورۂ پڑھ کر انار پر دم کرے اور اس کو بحفاظت رکھ دے۔ رات کو میاں بیوی خلوت کرنے سے پہلے ایک ٹکڑا میاں کھالے اور ایک ٹکڑا بیوی کھالے' پھر خلوت کر کے ایک ٹکڑا میاں کھالے اور دوسرا ٹکڑا بیوی کھالے انار کے دانے کھانے کے وقت ہی انار کی پھانک سے نکالیں۔ پہلے سے نکال کر نہ رکھیں۔ یہ عمل ماہواری سے فراغت کے فوراً بعد پہلی ہی رات میں کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ اس عمل کے کرنے سے پہلے ایک پاؤ بھنے ہوئے چنوں کی دال اور ایک پاؤ کشمش سات معصوم اور نابالغ بچوں کو تقسیم کر دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی۔

شاہ سراج الحق وسطی رحمتہ اللہ علیہ کے وظائف

نامعلوم امراض سے نجات

اگر کوئی شخص بیمار رہتا ہے اور مختلف امراض نے گھیر رکھا ہے اور سر چکراتا ہے علاج پر علاج ہو رہا ہے لیکن فائدہ نہیں ہو رہا ہے تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب اور تیر بہدف ہے۔ ایک بوتل پانی پر باوضو پندرہ سو بار سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ o پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھ لیں۔ اس کے بعد اس پانی کو اکیس دن تک بلا ناغہ صبح کو نہار منہ رات کو سوتے وقت ایک ایک گھونٹ پانی پی لیا کریں اور اسی پانی کے چند قطرے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر لگا کر دونوں ہاتھوں اور چہرے پر مل لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام بیماریوں سے نجات ملے گی اور جلد صحت حاصل ہو گی۔

گھر سے اثرات بد ختم کرنا

اگر گھر میں اثرات ہوں، پریشانی رہتی ہو اور گھر میں وحشت معلوم ہوتی ہو۔ گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو۔ ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں۔ گھر میں خیر و برکت ختم ہو گئی ہو اور گھر میں کسی کا دل نہ لگتا ہو تو اس کیلئے سورہ بقرہ کم از کم چالیس روز بلند آواز سے باوضو مقررہ وقت پر پڑھوائیں یا خود پڑھ لیں۔ عورت بھی پڑھ سکتی ہے لیکن ایام کے دوران ناغہ کر کے پاک ہونے پر غسل کر کے دوبارہ شروع کر دیں اور چالیس دن پورے کر لیں۔ اگر ایسا کرنا مشکل ہو تو چالیس آدمی یا عورتیں جمع ہوں، باوضو ایک ایک مرتبہ پڑھ لیں اور ایک بڑے مٹکے پر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ چار وقت مکان کے ہر کونے میں وہ پانی ہلکا ہلکا چھڑکیں غسل خانہ اور پاخانہ میں نہ چھڑکیں پڑھنے کی حالت میں روزانہ ایک بڑے مٹکے پر دم کر کے وہ پانی مکان کے ہر کونے میں چھڑکیں اور سب اہل خانہ کو چار وقت پلائیں اگر ایسا ممکن نہ ہو تو صبح اور رات

سوتے وقت پلا دیں۔ چھڑکنے اور پانی پینے کے چار اوقات یہ ہیں:۔
صبح ناشتہ سے قبل، دو پہر گیارہ بجے، بعد نماز عصر، بعد نماز عشاء۔ اس عمل کی برکت سے گھر میں رونق بحال ہوگی سب گھر والے باہم محبت و اتفاق سے رہیں گے اور گھر میں خیر و برکت ہوگی۔ پریشانیاں دور ہوں گی ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

جادو سفلی کی کاٹ کا عمل

اگر کسی پر کوئی شخص سفلی جادو کراتا رہتا ہو جس سے کاروبار تباہ ہو گیا ہو اور صحت برباد ہوگئی ہو اور ہر قسم کے ڈاکٹری اور حکیمی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے پانچوں وقت یعنی ہر نماز کے بعد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مکمل تین تین بار پڑھ کر اپنی دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور انگلیوں پر دم کر کے دونوں ہاتھ تمام جسم پر پھیر لے۔ بدن کا کوئی حصہ ہاتھ پھیرنے سے نہ رہ جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ سحر، جادو، سفلی، جنات سے محفوظ رہے گا اور اگر مبتلا ہو جائے تو ان سورتوں کے عمل کی برکت سے تمام سحر، سفلی، جادو اور جنات سے کامل نجات حاصل ہو جائے گی اور جادو کرانے والے کا عمل ضائع ہو جائے گا۔

خوف سے نجات کیلئے

اگر کسی آدمی کو رات کو انجانا خوف محسوس ہوتا ہو یا اسے ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں تو اس سے نجات حاصل کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے رات کو ڈر، خوف محسوس نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے کہ رات کو سونے سے پہلے تازہ وضو کر لیں اور دائیں کروٹ سوئیں اگر نیند میں کروٹ بدل جائے تو کچھ حرج نہیں۔ اگر ڈراؤنا خواب دیکھنے سے آنکھ کھل جائے تو فوراً بائیں کروٹ کی طرف تھتکار دیں۔ رات کو سونے سے قبل ایک سو مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے صحیح نیند آئے گی اور ڈر اور خوف ختم ہو جائے گا اسی طرح ڈراؤنے خواب بھی بند ہو جائیں گے۔

ہاتھ پاؤں میں یا جسم میں درد کیلئے

اگر کسی کے ہاتھ پاؤں میں درد رہتا ہے اور کسی دوا علاج سے فائدہ نہیں ہوتا تو اس کیلئے پچاس گرام زیتون کا تیل لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیات باوضو گیارہ بار پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور رات کو سوتے وقت روزانہ اس تیل کو درد کی جگہ ہلکے ہلکے مالش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے چند دن میں درد ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:۔ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿الملك ٢٢﴾ ٥ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ٥ اور سورہ اخلاص ساتھ پڑھنی ہے۔

حاسدین کے حسد اور شر سے حفاظت

دنیا میں جو شخص ترقی کرتا ہے۔ آگے بڑھتا ہے اور روز بروز بلندی پر چڑھتا جاتا ہے اس کی ترقی سے بعض لوگ حسد کرنے لگتے ہیں اور اس کوشش میں لگے رہتے ہیں کہ یہ شخص دوبارہ بھوکا ننگا ہو جائے اور پائی پائی کا محتاج ہو کر بیکار ہو جائے ذہنی مریض بن جائے۔ اس کا علاج اور حاسدین کے حسد سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کی پابندی کرے اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے صدقہ خیرات کرتا رہے۔ ہر شخص سے ہنس کر ملے اور کسی سے تلخ کلامی نہ کرے اس کے علاوہ یہ عمل بھی کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاسدین کے ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مکمل سورۃ ایک سو بار اس کے بعد درود شریف گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔

* * *

شاہ عبدالرحیم دہلویؒ کے مستند روحانی وظائف

شوہر، بیوی یا گھر کا کوئی فرد لاپتہ ہوجائے

اگر کسی عورت کا شوہر، بیٹا یا بیٹی یا بھائی بہن گھر سے ناراض ہو کر چلا جائے یا کسی کی بیوی، بیٹی، بیٹا، ناراض ہو کر گھر سے بغیر بتائے چلا جائے تو اس کی واپسی کیلئے بعد نماز عشاء روزانہ اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے اس کے بعد 1300 بار یہ کلمات پڑھے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پھر اس کی واپسی کیلئے دعا کرے۔ انشاء اللہ لاپتہ شخص واپس آجائے گا۔

شکوک وشبہات اور وہم سے نجات

بعض لوگ وہم کا شکار ہوجاتے ہیں طرح طرح کے خیالی پلاؤ پکاتے پکاتے خود کو بیجا اور انجانے خوف میں مبتلا کرلیتے ہیں، کبھی مستقبل کے بارے میں سوچتے ہیں کبھی اپنی زندگی کو ناکام زندگی قرار دیتے ہیں اور کچے خیالات اور بے ہودہ وہم کے سبب کوئی کام نہیں کرتے۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہر طرح محتاج اور پیسے پیسے سے ترستے ہیں اور طرح طرح کے اندیشوں میں مبتلا رہ کر طرح طرح کے امراض کا شکار بن جاتے ہیں۔ ان تمام خرافات سے نجات کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ تمام بے جا شکوک وشبہات اور وہم وخیال ختم ہوجائیں گے۔ اول نماز پنجگانہ باجماعت ادا کرے اور ہر نماز کے بعد باوضو گیارہ بار درود شریف (درود ابراہیمی) پڑھ لے اس کے بعد ایک سو پچاس بار حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے رات کو سونے سے قبل بھی یہ عمل کرکے سوئے۔ انشاء اللہ حالات بہتر ہوتے چلے جائیں گے۔

بعض لوگوں پر مختلف حالات اور حادثات کے گزرنے سے عجیب وغریب قسم کے وہم مسلط ہوجاتے ہیں اور وہ اس میں اس حد تک آگے بڑھ جاتے ہیں کہ نہ صرف ان کی

زندگی بلکہ متعلقین اور دوست احباب کیلئے بھی وہ بڑی مصیبت بن جاتے ہیں۔ مثلاً کسی آدمی کو وہم ہوجاتا ہے کہ اگر میں نے کسی سے ہاتھ ملایا تو میرے ہاتھوں میں خارش ہوجائے گی میں نے کسی کا جھوٹا گلاس پانی پی لیا تو بیماری لگ جائیگی۔ کسی بیمار کی عیادت کو گیا تو میں خود اس مرض میں مبتلا ہوجاؤنگا اگر کسی کا ہاتھ جسم کو لگ گیا تو اس جگہ کو اور کپڑے کو دھویا جارہا ہے کہ جراثیم میرے جسم میں لگ کر مجھے نقصان پہنچائیں گے۔ اس کا آسان علاج یہ ہے کہ نماز کی پابندی کی جائے اور ہر وقت باوضو رہے اور درود شریف کا ورد رکھے اور ایک بوتل پانی پر اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پھر تین سو بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کردے اور اس پانی کو چار وقت پیے۔ صبح ناشتہ سے قبل۔ دوپہر کو گیارہ بجے۔ بعد نماز عصر اور سوتے وقت انشاء اللہ بے جا وہم دور ہوگا اور زندگی میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا ص وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ o (یوسف 64)

بیروزگاری سے پریشان متوجہ ہوں!

اگر کوئی شخص بیروزگاری سے پریشان ہو یا کاروبار بندش کا شکار ہو یا اکثر کام طرح طرح کی رکاوٹوں کے سبب نہ ہوتے ہوں تو اس کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد اکتالیس روز یہ عمل کریں۔ عشاء کی نماز پڑھ کر باوضو قبلہ رخ پاک مصلے پر بیٹھ کر روزانہ 2500 بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں اکتالیس روز مسلسل اور بلاناغہ پڑھنے کے بعد پھر تمام زندگی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ انیس مرتبہ پڑھنی ہے تاکہ عمل قبضے میں رہے اور اس کے اثرات زائل نہ ہوں۔ اکتالیسویں روز عمل ختم ہونے کے بعد اگلے دن ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الگ الگ حروف میں لکھیں۔ اس دن نفلی روزہ بھی رکھیں اور روزہ کی حالت میں لکھیں۔ بسم اللہ شریف کو الگ الگ حروف میں اس طرح لکھیں۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ان ال ر ح ی م

اس کے بعد اس کے نیچے یہ عبارت لکھیں۔

هٰذَا مَكْتُوْبٌ مِّنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ الْفَقِيْرِ (یہاں نام اور والدہ کا نام لکھیں) اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ الْكَبِيْرِ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِكْشِفْ ضُرِّيْ وَاَغْنِ فَقْرِيْ وَاَجَابَ كَسْرِيْ وَاَزِلْ هَمِّيْ وَغَمِّيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پھر اس کاغذ کا تعویذ بنا کر اسے لمبا موڑ کر ایک بانس کی نلکی میں ڈال دیں اور بانس کے دونوں سروں پر موم لگا دیں۔ اس بانس کے ٹکڑے کو پتھر سے باندھ کر دریا' نہر' تالاب' جھیل یا سمندر میں ڈال دیں۔ اس کے بعد میٹھے چاول پکا کر گیارہ کم عمر معصوم بچوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر اللہ تعالیٰ کی طرف سے غیبی مدد آئیگی اور رکے ہوئے کام چل جائیں گے۔ کاروبار میں زبردست ترقی ہوگی۔ بیروزگاری دور ہو جائیگی۔ غیبی نصرت ظہور میں آئیگی جس کی پہلے کبھی امید ہی نہ تھی۔

سفر کے خطرات سے حفاظت

ہر قسم کے حادثے چور' ڈاکو کے لوٹنے اور جان سے مارنے سے حفاظت کیلئے یہ عمل بہت کامیاب ہے۔ سفر پر جانے سے پہلے باوضو تین بار درود شریف پڑھیں' ایک بار آیۃ الکرسی پڑھیں اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھیں اور میں آخر تین بار درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر اور سامان پر دم کر لیں۔ انشاء اللہ سفر کے دوران ہر قسم کے شر' بم دھماکہ' ایکسیڈنٹ اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

شاہ عبدالحق قندھاری رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

جنات سے حفاظت

اگر کسی گھر میں جنات نے گھر کرلیا ہو یا جادو سفلی کے اثرات سے گھر کے اکثر افراد طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا رہتے ہوں اور گھر میں خیر و برکت ختم ہو گئی ہو، گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو یا گھر میں کسی کا دل نہ لگتا ہو یا طرح طرح کے ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں یا رات کو چھوٹے بچے سوتے سوتے چونک کر اٹھ جاتے ہوں اور رونا شروع کردیتے ہوں تو اس کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے گھر کے حالات درست ہو جائیں گے اور گھر ہر قسم کے اثرات بد سے محفوظ ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے:۔ صبح سورج نکلنے کے بعد اور شام کو سورج غروب ہونے سے پہلے کسی ایک کمرے میں کوئی شخص باوضو کمرے کے درمیان کھڑے ہو کر درمیانی آواز سے اذان دے اور آسمان کی طرف پھونک مار دے۔ پھر اسی جگہ کھڑے ہو کر دوبارہ اذان دے اور اذان ختم کرنے کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے پھونک مار دے پھر اسی جگہ کھڑے ہو کر تیسری مرتبہ اذان دے کر شمال کی طرف (یعنی اپنے داہنی طرف) پھونک مار دے۔ پھر اسی جگہ کھڑے ہو کر چوتھی مرتبہ اذان دیکر جنوب (قبلہ کی طرف منہ کر کے اذان دیں گے تو جنوب بائیں طرف ہوگا) کی طرف پھونک ماردیں۔ پانچویں بار اذان دے کر مشرق کی طرف پھونک ماردیں۔ چھٹی بار اذان دے کر زمین کی طرف پھونک ماردیں۔ اس طرح کل چھ مرتبہ اذان پڑھی جائے گی۔ اس کے بعد اسی جگہ اذان دینے والا یہ دعا کرے۔ ”اے پروردگار عالم! غیبی مخلوق اور ارواح خبیثہ کے اثرات بد اور نقصان سے ہماری حفاظت فرما اور انہیں کسی اور جگہ منتقل ہونے کی توفیق عطا فرما۔“

اس کے بعد تین بار درود شریف پڑھ کر جملہ اہل خانہ پر دم کردے۔ اس طرح یہ عمل

اکتالیس دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکان جنات اور تمام برے اثرات سے پاک وصاف ہو جائے گا۔

اٹکے کام حل ہو جائیں گے

جس شخص کا جو کام اٹک گیا ہو اور مقصد میں کامیابی نظر نہ آتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل تیر بہدف اور نہایت پر تاثیر ہے۔ عمل یہ ہے:۔

اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو ستر بار آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ یہ عمل ستر دن تک بلا ناغہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر جائز مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

خطرناک بیماریوں سے نجات

اگر کوئی شخص کسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہو یا علاج کے دوران کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا مرض روز بروز بڑھتا جا رہا ہو تو ایسی حالت میں باوضو تین بار درود شریف پڑھے‘ اس کے بعد گیارہ بار آیۃ الکرسی پڑھے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے اگر خود نہ پڑھ سکتا ہو تو کسی بھی عورت مرد بچے سے پڑھوا کر ہتھیلیوں پر دم کرا کر تمام بدن پر پھیر لے۔ اسی طرح اول و آخر تین تین بار درود شریف اور اس کے بعد گیارہ بار آیۃ الکرسی باوضو پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کرے اور وہ پانی تمام دن پیتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے امراض جسمانی سے نجات حاصل ہوگی۔

قرض سے جان چھڑوانے کا آزمودہ عمل

کسی شخص نے قرض لیا مگر حالات اتنے بگڑ گئے کہ قرض کا بوجھ اترنا مشکل ہو گیا اور قرض خواہ اپنی رقم کے لیے گھر کے چکر لگا رہے ہیں یہ منہ چھپاتا پھر رہا ہے۔ قرض سے جان چھڑانے کے تمام راستے بند ہیں کوئی حل سمجھ میں نہیں آتا۔ اس سلسلے

میں یہ عمل بڑا مفید اور کارآمد ہے۔ عمل یہ ہے:۔

رات کو سوتے وقت تازہ وضو کر کے پاک وصاف بستر پر لیٹ جائیں اور اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک سو ستر مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر کسی سے بات نہ کریں اور قبلہ کی طرف چہرہ کر کے سو جائیں۔ سو جانے کے بعد کسی طرف چہرہ گھوم جائے یا دوسری طرف کروٹ لے لی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں راستہ بتا دیا جائے گا یا قرض سے نجات کا عمل بتا دیا جائے گا یا پھر قرض کی ادائیگی کے اسباب غیب سے پیدا ہوں گے۔

شدید لاعلاج مرض سے نجات

اگر کوئی شخص شدید اور لاعلاج مرض میں مبتلا ہو' علاج کے باوجود مرض بڑھتا چلا جاتا ہو۔ افاقہ کی جگہ مرض میں اضافہ ہوتا جا رہا ہو تو ایسی صورت میں مریض کے سرہانے بیٹھ کر ایک تسبیح یَاسَلَامُ یَاالله کی پڑھے اور تسبیح پوری ہونے پر تسبیح کو مریض کے سرہانے (تکیہ) کے نیچے رکھ دے۔ پھر اگلے دن اسی وقت ایک تسبیح پڑھ کر پھر تسبیح مریض کے تکیہ کے نیچے رکھ دے۔ یہ عمل اسی طرح کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ یہ بہت مجرب عمل ہے۔

بے ہوش کو ہوش میں میں لانا

اگر کوئی شخص کسی بیماری یا کمزوری کے سبب بے ہوش ہو گیا ہو یا اثرات بد یا جن بھوت پریت کے سبب ہوش وحواس کھو بیٹھا ہو اور بہکی بہکی باتیں کر رہا ہو تو اس کے سرہانے بیٹھ کر تین سو بار یَارَحْمٰنُ یَاسَلَامُ پڑھے۔ اس کے پڑھتے ہی انشاء اللہ تعالیٰ مریض ہوش میں آ جائے گا۔

* * *

شیخ عبدالحمید خیاط رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

ہر قسم کے فتنہ سے حفاظت

اگر کسی شخص سے شیطان صفت لوگ دشمنی کر رہے ہوں اور ہر روز ایک نیا فتنہ کھڑا کرتے ہوں تو ان کے شر سے حفاظت کیلئے۔ پانچ وقت نماز کی پابندی کی جائے اور ہر نماز سے قبل باوضو تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی دونوں ہتھیلیوں پر دم کرے اور اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شر پسند لوگوں کے شر سے حفاظت رہے گی ان کا شر و فتنہ انہی پر لوٹ جائے گا۔

ہر قسم کے مرض سے نجات

اگر کسی مریض کا مرض سمجھ میں نہ آتا ہو اور اسے کوئی دوائی فائدہ نہ دیتی ہو اور مریض کی حالت دن بدن گرتی جا رہی ہو تو اس کیلئے یہ عمل باعث شفاء ہوگا۔ مریض جلد ہی صحت یاب ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے: سورج نکلنے سے پہلے باوضو جا کر بیری کے سات پتے توڑ کر لائیں اور باوضو ان کو سل پر باریک پیس لیں پھر پسے ہوئے پتوں کو ایک بالٹی پانی میں ملا دیں اور بیری کے اس آمیزے کو پانی میں خوب حل کریں اور ہاتھ پانی میں چلاتے وقت آیۃ الکرسی سات مرتبہ پڑھیں اور اس پانی پر دم کر دیں اور اس پانی سے مریض نہا لے۔ اس وقت صابن وغیرہ لگانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ پانی سے تمام بدن بھیگ جائے۔ سات روز بلاناغہ یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کتنا ہی خطرناک مرض ہوگا اس سے مریض ٹھیک ہو جائے گا۔ یہ احتیاط رہے کہ نہانے کے دوران گرنے والا پانی گندی نالی یا گٹر میں نہ جائے بلکہ کسی زمین پر گرے۔ اگر ایسا مکان ہو جس کا پانی گندی نالی یا گٹر میں جاتا ہو تو مریض کو کسی ٹب میں بٹھا کر پانی ڈال دیا جائے اور وہ پانی دور کسی جگہ ڈال دیا جائے یا سڑک، گلی یا راستے میں چھڑک دیا جائے۔

اولاد کے لیے

اگر کسی عورت کو حمل قائم نہ ہوتا ہو جس کے سبب اولاد سے محروم ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو ہرن کی جھلی پر لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حمل قرار پائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا (الرعد 30)

بچے کی ام الصبیان کے مرض سے حفاظت

جس عورت کے بچے ام الصبیان کے مرض میں مرجاتے ہوں، شروع حمل سے یعنی حمل ٹھہر جانے کے بعد یہ عمل شروع کرے اور بچے کے دودھ پینے تک برابر یہ عمل جاری رہے۔ وہ عمل یہ ہے:۔ تین مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ط روٹی کے ٹکڑے یا بسکٹ پر باوضو لکھ کر حاملہ کو کھلائیں یا زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں پانی سے دھو کر پانی حاملہ عورت کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا اور عمر طبعی کو پہنچے گا۔ یہ عمل روزانہ کرنا ہے ناغہ نہیں کرنا ناغہ کرنے سے عمل ٹوٹ جائے گا۔ لہٰذا پابندی لازمی ہے اور نماز پابندی سے ادا کریں۔

وسوسہ نفسانی سے نجات

جو شخص طرح طرح کے وسوسوں میں مبتلا ہو اور اس کے سبب ذہنی سکون برباد ہو گیا ہو اور الٹے سیدھے خیالات نے اسے اور اس کی صحت کو تباہ کر دیا ہو اور ہر وقت پریشان رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ نماز پنج گانہ کی پابندی کرے اور باوضو اَلسَّلَامُ 66 بار کسی پاک چینی کے برتن پر باوضو لکھے اور پانی سے دھو کر وہ پانی پی لے۔ لکھنے کیلئے زعفران کو عرق گلاب میں گھول لے۔ روزانہ یہ عمل اکتالیس دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وساوس شیطانی اور وساوس نفسانی سے مکمل نجات حاصل ہوگی۔ اگر خود لکھنا نہ جانتا ہو یا

لکھ نہ سکتا ہو تو دوسرے سے لکھوالیا کرے یا آٹھ دس دن کیلئے آٹھ دس چینی کی پلیٹوں میں کسی سے باوضو لکھوالے اور باوضو گھول کر پانی پی لیا کرے۔

گردوں کی بیماری کا علاج

اگر کوئی شخص گردوں کی بیماری کا شکار ہو اور اس کا پیشاب قطرے قطرے آتا ہو یا پیشاب میں جلن اور چبھن ہوتی ہو اور کوئی دوا کارگر نہ ہوتی ہو تو بارش کے پانی پر یا عرق گلاب کی بوتل پر سورۂ الم نشرح (پ 30) کوئی بھی نماز کا پابند شخص چاہے مرد ہو یا عورت باوضو گیارہ بار پڑھ کر دم کردے اور وہ پانی دن میں چار بار (صبح ناشتہ سے قبل، ظہر کے وقت، عصر کے بعد، سوتے وقت) پانی پینے سے پہلے سات بار درود ابراہیمی پڑھنا ہے پھر تین تین گھونٹ مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ گردے کی بیماری، پیشاب کی جلن دور ہو جائے گی اور پیشاب فطری انداز میں آنے لگے گا اور آپریشن کرانے کی ضرورت بھی نہیں پڑے گی۔

اوپری اثرات کے سبب باہر گھومنا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی ہر وقت باہر گھومتا ہے گھر میں نہیں رہتا اور نہ ہی کسی کا کہنا مانتا ہے اور نہ کوئی کام کاج کرتا ہے۔ گھر والے اس سے بہت پریشان ہیں تو اس کا حل یہ ہے کہ معوذتین یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس باوضو ایک سو بار پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کردیں اور چار وقت (صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر کو کھانے سے قبل، عصر کے بعد اور بعد نماز عشاء) مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عمل اکتالیس دن روزانہ کرنا ہے۔ ناغہ نہیں کرنا۔ نماز کی پابندی لازمی کریں۔

بدنیت اور ٹھگ سے نجات

اگر کوئی بدنیت اور ٹھگ ذہنیت کا مالک ہو اور کسی کے مال پر جائیداد پر ناجائز قبضہ کرلے یا رقم لے کر واپس نہ کرے تو اس کیلئے روزانہ تین بار سورۂ یٰسین شریف ایک

وقت مقررہ پر پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے جب تک قرضہ وصول نہ ہو جائے یا جائیداد کا قبضہ بحال نہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے مال وصول ہو جائے گا اور جائیداد کا قبضہ بھی مل جائیگا۔

* * * * *

شاہ عبدالغنی دہلویؒ کے روحانی وظائف

ہاتھ پاؤں، گھٹنے کا درد

ہاتھ پاؤں اور گھٹنے کے درد سے نجات کیلئے اسی طرح دیگر جسمانی دردوں کیلئے زیتون کے سوا پاؤ (تین سو گرام) تیل پر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ سو بار یَاقَوِیُّ پڑھیں۔ اس کے بعد آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کردیں۔ روزانہ رات کو سونے سے قبل کوئی باوضو شخص ہاتھ پیروں پر مالش ہلکے ہلکے ہاتھوں سے کرے یا پھر خود وضو کی حالت میں یہ تیل درد کی جگہ لگالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن مالش کرنے سے درد دور ہوجائے گا۔

پڑوسی کے شر اور فتنہ سے حفاظت

اگر کسی کے پڑوسی خراب ہوں اور پریشانی کا سبب ہوں اور طرح طرح سے تنگ کرتے ہوں، ستاتے ہوں اور لڑائی جھگڑا کرتے ہوں یا جادو سفلی کراتے ہوں تو ان کے شر اور فتنہ سے بچنے کیلئے بعد نماز عشاء باوضو اول پانچ بار درود شریف پڑھے (نماز والا درود سب سے بہتر ہے وہی پڑھ لے) اس کے بعد پانچ سو مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ پڑھے اس کے بعد پانچ بار درود شریف پڑھ کر پڑوسیوں کی اصلاح و ہدایت کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پڑوسی ہر قسم کے شر اور فتنہ انگیزی سے باز آجائیں گے۔

شوہر کے بے جا ظلم اور مار پیٹ کا خاتمہ

اگر شوہر ظالم ہو اور بیوی کو بات بات پر گالیاں دیتا ہو، ظلم کرتا ہو، مار پیٹ کرتا ہو اور سب بچوں کے سامنے بیوی کو مارتا ہو تو اس کی اصلاح اور اس کے ظلم سے نجات کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ بیوی کو چاہیے کہ وہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (یٰسین

58) کثرت سے پڑھے اور روزانہ ایک تسبیح (ایک سو بار) قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ط (یوسف 30) پڑھے۔ اول و آخر درود شریف تین تین بار ضرور پڑھے۔ نیز سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ (یٰسین 58) کو ایک سو بار پڑھ کر چینی' شربت' دودھ پر دم کر کے شوہر کو پلائے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر کے مزاج میں نرمی آئے گی اور ظلم و زیادتی کرنے سے رک جائے گا۔

سب گھر والوں کی بیماری اور پریشانی سے نجات

اگر مکان میں ہر وقت کوئی نہ کوئی بیمار رہتا ہو' ایک اچھا ہوا اور دوسرا بیمار ہو گیا' دوسرا ابھی اچھا ہونے نہ پایا کہ تیسرا بیمار ہو گیا تو ایسی صورت میں گھر بھر پریشان رہتا ہے اور گھر میں طرح طرح کی پریشانیاں بڑھتی جاتی ہیں۔ لوگوں کا قرض ادا نہیں ہوتا کہ نیا قرض چڑھ جاتا ہے اس مصیبت سے نجات کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ہر جمعرات کو بعد نماز ظہر ایک بوتل میں سات نل کا یا سات کنوؤں کا یا سات برموں (ہینڈ پمپ) یا ندی' نہر' دریا' تالاب کا پانی بھر لیں۔

سات بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں اس کے بعد سورۂ یٰسین شریف پڑھنا شروع کریں جب پہلا مبین آئے تو سات بار الحمد شریف (سورۂ فاتحہ مکمل) پڑھیں پھر آگے پڑھنا شروع کریں جب دوسرا مبین آئے سات بار سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ پھر آگے سورۂ پڑھنا شروع کر دیں اسی طرح ہر مبین پر سات بار الحمد شریف پڑھتے جائیں۔ پھر سورۂ ختم کر کے سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس بوتل پر دم کر دیں۔ پھر اس بوتل کے پانی میں سے تھوڑا تھوڑا صبح و شام گھر کے ہر فرد کو روزانہ پلایا جائے۔ یہ پانی اگلی جمعرات تک ختم ہو جائے۔ اگلی جمعرات کو پھر ظہر کے بعد یہی سورۂ یٰسین شریف اسی ترکیب سے پڑھنی ہے اور ایک بوتل پانی پر دم کر کے اس سے اگلی جمعرات تک سب گھر والوں کو پانی پلانا ہے۔ یہ عمل ہر جمعرات کو کرے' چالیس دن میں جتنی جمعرات آئیں ان میں یہ عمل برابر کرتے رہیں۔ یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ گھر

کا ہر ہر فرد صحت مند اور چاق و چوبند ہو جائے گا اس سے سستی، کاہلی دور ہو جائے گی۔ بہت مجرب عمل ہے۔

پریشان حالی اور بے روزگاری

بعض لوگ اپنے غلط کاموں کی وجہ سے پریشانیوں میں گھر جاتے ہیں اور انہیں احساس نہیں ہوتا کہ ہم جو غلط کام کرتے رہے یا کر رہے ہیں یہ اسی کار بد کا نتیجہ ہے لیکن ایسے لوگ اپنی غلطی ماننے کے بجائے دوسرے اہل خاندان اور اپنے بزرگوں، والدین اور بھائی بہنوں کو اس کا ذمہ دار سمجھتے ہیں اور ایسا شخص سب سے بدگمان رہتا ہے اور سب خاندان والوں سے جھگڑا کرتا رہتا ہے اور اپنی محرومی اور پریشانی کو سفلی جادو کا اثر سمجھتا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ وہ خود اپنے کیے کی وجہ سے پریشان رہتا ہے اور پورے خاندان کو پریشان کر کے رکھتا ہے۔ ایسی صورت میں ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ شخص نماز باجماعت پانچوں وقت کی پابندی کرے اور بعد ہر نماز اکیس بار درود شریف پڑھے اور بعد نماز عشاء کھلے صحن میں آسمان کے نیچے (یعنی اس کے سر پر کسی چھت، سائبان یا درخت کی ٹہنیوں کا سایہ نہ ہو) ننگے پاؤں (پاک زمین پر، اگر زمین پاک نہ ہو تو دھولیں) ننگے سر پانچ سو مرتبہ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ پڑھا کرے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک چلہ پورا نہیں ہوگا کہ کسی جگہ روزگار لگ جائے گا اور جیب خالی نہیں رہے گی۔

شادی کیلئے لاجواب تعویذ

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا شادی کی بات بن کر ٹوٹ جاتی ہو یا بالکل رشتہ ہی نہ آتا ہو یا آتا ہو تو ایک مرتبہ آ کر دوبارہ نہ آتے ہوں تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل تعویذ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکے یا لڑکی کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں ختم ہو کر رشتہ ہو جائے گا۔

وہ تعویذ یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
وَیَنۡصُرَكَ اللّٰهُ نَصۡرًا عَزِیۡزًا o (الفتح 3)
نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتۡحٌ قَرِیۡبٌ (الصّف 13)
اِنۡ تَسۡتَفۡتِحُوۡا فَقَدۡ جَآءَكُمُ الۡفَتۡحُ (الانفال 19)
اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِیۡنًا (الفتح 1)

نوٹ: لکھنے والا دو رکعت صلوٰۃ توبہ پھر دو رکعت صلوٰۃ حاجت پھر اول آخر درود شریف پڑھ کر یہ تعویذ لکھنا شروع کر دیں۔

* * *

مخدوم جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

برص (سفید داغ) کا مرض

بعض مرتبہ جسم کے مختلف حصوں پر سفید سفید داغ ظاہر ہو جاتے ہیں اور بعض مرتبہ وہ پھیلتے اور جسم کے مختلف حصوں پر ظاہر ہوتے رہتے ہیں جس سے انسانی جسم کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے اور انسان دوست احباب میں تنقید کا نشانہ بنتا ہے یا شرمندگی کے باعث اپنے احباب کی ملاقات سے گھبراتا ہے۔ ایسا اکثر ناقص غذا کے استعمال سے ہوتا ہے۔ اس کا روحانی علاج یہ ہے۔

ہر چاند کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو روزہ رکھیں اور افطار سے قبل برص سے نجات کی دعا کریں۔ اس کے علاوہ روزانہ بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف (نماز والا درود) پڑھیں اس کے بعد ایک سو بار یَا مُجِیْدُ پڑھیں۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر برص سے نجات کی دعا کریں۔ پنج وقت نماز کی پابندی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ برص کے داغ آہستہ آہستہ بالکل مٹ جائیں گے یہ عمل مسلسل کریں، ناغہ نہ کریں اور جب تک داغ دور نہ ہوں برابر کرتے رہیں۔

بے جا بزدلی و غلط خوف کا علاج

بعض مرتبہ آدمی بلاوجہ بزدلی کا شکار ہو جاتا ہے اور انجانا خوف اس پر طاری ہو جاتا ہے اس کے سبب وہ چند آدمیوں کے سامنے بھی بات کرنے سے خود کو مجبور پاتا ہے اور اگر کسی شادی بیاہ کی تقریب میں شرکت کا معاملہ ہو تو اس سے دل گھبراتا ہے اور اگر کوئی زور زور سے گفتگو کرے تو اس کا دل ملنے لگتا ہے۔

اس کا آسان علاج یہ ہے کہ مذکورہ شخص ہر وقت باوضو رہے جب بھی وضو ٹوٹے فوراً وضو کر لے وضو کر کے رات کو سوئے۔ دوسری بات یہ ہے کہ روزانہ ایک مرتبہ باوضو سورہ یٰسین شریف پڑھ لے، ناغہ نہ کرے۔ روزانہ صبح کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار

یا مُؤْمِنُ پڑھا کرے اور عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار یَاقَادِرُ پڑھا کرے اور چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے یعنی ہر حالت میں درود شریف (درود ابراہیمی) کا ورد رکھے اس کی کوئی تعداد مقرر نہیں ہے جتنا پڑھ سکے پڑھ لے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کاملہ پر پورا بھروسہ کرکے اور یقین پکا کرکے عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بزدلی اور بے جا خوف سے نجات حاصل ہوگی۔

حافظہ تیز ہونے کیلئے

اگر کسی کا حافظہ کام نہ کرتا ہو یا وہ کوئی کتاب یا قرآن پاک یاد کرکے بھول جاتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ نماز کے بعد روزانہ باوضو سورۂ مدثر (پ 29) پڑھا کریں۔ قرآن شریف میں دیکھ کر نہیں پڑھنی بلکہ زبانی بلا دیکھے پڑھنی ہے۔ دوسرے یہ کہ باوضو سورۂ الم نشرح (پ 30) عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر نہار منہ (ناشتہ سے قبل) پانی سے دھو کر پی لیں یہ عمل چالیس دن تک مسلسل بلاناغہ کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ قرآن حکیم بھی یاد ہوگا اور دیگر چیزیں بھی یاد رہیں گی۔ یہ بہت مجرب عمل ہے۔

طبیعت میں استقلال اور غصہ میں کمی کا عمل

اگر کسی کو بات بات پر غصہ آتا ہو اور ذرا ذرا سی بات پر آپے سے باہر ہو جاتا ہو تو ایسی صورت میں کثرت سے درود شریف (درود ابراہیمی) نماز والا پڑھا کرے۔ اس میں وضو بے وضو کی قید نہیں ہے ہر وقت پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بے جا غصہ میں کمی آجائے گی اور طبیعت میں اعتدال پیدا ہوگا۔ طبیعت میں مستقل مزاجی کیلئے باوضو اول سات بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو ستاسی بار یَاوَدُوْدُ پڑھیں۔ آخر میں سات بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل کسی بھی نماز کے بعد کیا جاسکتا ہے بہتر یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد کرے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ طبیعت میں مستقل مزاجی پیدا ہوگی اور ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ شرط یہ ہے کہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کیلئے

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار یَاحَسِیْبُ پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ امتحان میں اچھے نمبروں میں کامیابی حاصل ہوگی شرط یہ ہے کہ یہ عمل مسلسل بلاناغہ کیا جائے اور نماز کی پابندی کی جائے۔ اچھے کالج میں داخلہ کیلئے ایک سو بار یَاعَظِیْمُ ہر جمعرات کو بعد نماز عشاء باوضو پڑھ لیا کریں۔ اول و آخر سات بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

لوگوں کی نظروں میں عظمت حاصل کرنا

کوئی شخص معاشرہ میں بے عزت ہو اور کوئی شخص اس کی عزت نہ کرتا ہو بلکہ اسے حقارت سے یاد کیا جاتا ہو تو معاشرہ میں عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے چاند کی شروع کی پہلی جمعرات سے یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کی نظروں میں عزت و وقعت قائم ہوگی ہر شخص محبت کی نگاہ سے دیکھے گا۔ وہ عمل یہ ہے:۔ بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف (درود ابراہیمی) پڑھے اس کے بعد روزانہ ایک ہزار مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

عزیز خلائق بننے کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وہ لوگوں میں ہر دلعزیز بن جائے اور ہر شخص اس کی عزت کرے اور اس کو عزت و تکریم سے دیکھے اس کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ نیا چاند طلوع ہونے کے بعد پہلی جمعرات کو سفید نئے کپڑے پہنے پھر زعفران کے پانی سے مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنی ٹوپی میں رکھ لے اور عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا میں خوب عزت

پائے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسٰنَ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ طِيۡنٍ ﴿۱۲﴾
ثُمَّ جَعَلۡنٰهُ نُطۡفَةً فِىۡ قَرَارٍ مَّكِيۡنٍ ﴿۱۳﴾
ثُمَّ خَلَقۡنَا النُّطۡفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقۡنَا الۡعَلَقَةَ مُضۡغَةً فَخَلَقۡنَا الۡمُضۡغَةَ عِظٰمًا
فَكَسَوۡنَا الۡعِظٰمَ لَحۡمًا ثُمَّ اَنۡشَاۡنٰهُ خَلۡقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحۡسَنُ
الۡخٰلِقِيۡنَ ﴿۱۴﴾ (سورہ مومنون)

* * * * *

شاہ ابوالخیر نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف

مقصد میں کامیابی کیلئے

جس شخص کا جو کام اٹک گیا ہو اور مقصد میں کامیابی نظر نہ آتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل تیر بہدف اور نہایت پر تاثیر ہے۔ عمل یہ ہے:۔ اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھے اس کے بعد ایک سو ستر بار آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھ کر دعا مانگے۔ یہ عمل ستر دن تک بلاناغہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ ہر جائز مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

ہر قسم کی فتح' کامیابی اور حفاظت کیلئے

جو شخص کسی مقدمہ میں پھنس گیا ہو یا غلط الزام کے تحت گرفتار ہو گیا ہو یا دشمنوں سے جھگڑا چلتا رہتا ہو یا طرح طرح کے مسائل اور بے شمار پریشانیوں میں مبتلا ہو وہ اگر روزانہ بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو انشاء اللہ مقدمہ سے نجات' دشمنوں پر غلبہ اور ہر قسم کی پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا شرط یہ ہے کہ یہ عمل کم از کم اکتالیس دن تک کریں۔

دشمن کو مہربان کرنا

اگر کسی کا دشمن خطرناک اور ہر قسم کے نقصان پہنچانے میں لگا رہتا ہو تو اس کے دل کو نرم کرنے اور اپنے اوپر مہربان کرنے کیلئے یہ عمل انتہائی مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دشمنی چھوڑ دے گا اور مہربانی سے پیش آتا رہے گا۔ عمل یہ ہے:۔ تین سو اٹھارہ مرتبہ **یَاسَلَامُ** پڑھ کر میٹھی چیز پر دم کر کے کسی ترکیب سے دشمن کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مہربان ہو جائے گا اور دوستی کا ہاتھ بڑھائے گا۔

مریض کی صحت یابی کیلئے

مریض کی ہر قسم کی بیماری سے صحت یابی کیلئے یہ عمل مجرب اور باعث شفاء ہے۔ عمل یہ ہے:۔ عمل کرنے والا شخص اول غسل کرے اس کے بعد سفید کپڑے پہن کر قبلہ کی طرف منہ کر کے مصلّے پر بیٹھ جائے اور تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَّبِیِّنَا فِی الْاَنْبِیَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رَسُوْلِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اس کے بعد تین ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَاسَلَامُ پڑھ کر پھر تین بار اوپر والا درود پڑھے اور اس کے بعد مریض پر دم کرے۔ دوا پر دم کرے اور ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لے اور مریض کو اس بوتل کا پانی ایک ایک گھونٹ کر کے روزانہ چار وقت پلائیں۔

☆ صبح ناشتہ سے قبل ☆ دوپہر کو کھانے سے قبل

☆ عصر کی نماز کے بعد ☆ سوتے وقت

یہ پانی لگاتار تین دن یا سات دن مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض چند دن میں صحت یاب ہو جائے گا۔

گھر میں دل نہ لگنا، لڑائی جھگڑا، بیروزگاری

کسی سفلی، جادو اور گندے علم سے گھر بھر کا سکون برباد ہو جاتا ہے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے بات بات میں آپس میں اختلاف پیدا ہوتا ہے گھر سے باہر مزاج درست ہونا لیکن جیسے گھر میں داخل ہوا کہ مزاج بگڑ جاتا ہے۔ بلاوجہ غصہ آتا ہے۔ لڑنے کو طبیعت چاہتی ہے۔ گھر میں بے رونقی اور بے برکتی رہتی ہے، گھر کے افراد جو کچھ کماتے ہیں اس میں گزارہ نہیں ہوتا اور بیروزگار ہوتے جاتے ہیں جہاں کامیابی کیلئے کوشش کرتے ہیں وہیں ناکامی ہوتی ہے۔ قرض کا بوجھ روز بروز

بڑھتا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت مفید اور کامیاب ہے۔ سب سے پہلے سمندر، دریا یا سات کنویں کا پانی لاکر نل کے پانی میں ملا کر پورا گھر اس طرح دھوئیں کہ سارا پانی بہہ جائے۔

دوسری بات یہ کہ باوضو خود یا کسی مخلص حافظ یا قرآن پڑھنے والے سے سورۃ البقرہ وقت مقررہ پر روزانہ اکتالیس دن تک پڑھوائیں اور ایک بڑے نئے کورے مٹکے کو دھو کر اس میں پانی بھر کر دم کرالیں اور وہ پانی چار وقت مکان کے ہر کونے میں چھڑکیں اور چاروں وقت سب گھر والوں کو پلائیں۔ نیز ہر جمعرات کو سورۂ یٰسین شریف تین مرتبہ باوضو خود پڑھیں یا کسی سے پڑھوا کر پانی پر دم کرائیں۔ سورۂ یٰسین شریف پڑھنے سے پہلے گیارہ بار درود ابراہیمی اور یٰسین ختم کرنے کے بعد گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں، پانی غسل خانے یا پاخانے میں نہ چھڑکا جائے البتہ باورچی خانے میں اور کمروں اور صحن میں چھڑکا جائے۔ چھڑکنے اور پانی پینے کے اوقات یہ ہیں:۔

☆ صبح ناشتہ سے قبل ☆ دوپہر زوال سے قبل (گیارہ بجے)

☆ بعد نماز عصر ☆ بعد نماز عشاء

گھر کا ہر بالغ فرد نماز باجماعت ادا کرے۔ نماز نہ ترک کرے نہ قضا کر کے پڑھے۔ ہر پنج وقتہ نماز کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھے اور ایک تسبیح لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کی پڑھے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ گھر کے حالات بدل جائیں گے۔ روزگار کا انتظام ہوجائے گا۔ گھر کی بے رونقی ختم ہوجائے گی تمام پریشانیوں اور لڑائی جھگڑے سے نجات ملے گی۔

تسخیر عالم کیلئے

دنیا کے لوگوں میں عزت کا مقام پانے اور تسخیر عالم کیلئے یہ عمل بہت مجرب اور فوراً اپنی تاثیر دکھانے والا ہے۔ چاند دکھائی دینے کے بعد پہلی جمعرات کو بعد نماز عشاء اول

سات بار درود شریف پڑھے پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر چنبیلی کے تیل پر دم کرے۔ یہ عمل مسلسل سات دن تک کرنا ہے ناغہ نہیں کرنا۔ روزانہ اس روغن چنبیلی کو وقت ضرورت اپنے دونوں رخساروں اور ابروؤں پر ملے جس کسی حاکم یا افسر کے پاس جائے گا وہ اس کی خوب عزت کرے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یٰۤاَیُّہَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ شٰہِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیۡرًا سے لیکر وَ کَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیۡلًا تک پڑھیں o (احزاب 45 سے 48)

* * *

شاہ حبیب اللہ دوشی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

بے اولاد کیلئے

بے اولاد افراد کیلئے یہ بہت قیمتی اور تیر بہدف عمل ہے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ گود اولاد سے بھر جائے گی۔ عمل یہ ہے:۔ دو مرغی کے انڈے ابال کر ان کے چھلکے اتار کر باوضو ایک انڈے پر یہ کلمات لکھیں۔ وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ اور دوسرے انڈے پر یہ کلمات لکھیں۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ (الذاریت 48,47) پہلا انڈہ مرد کھائے اور دوسرا انڈہ عورت کھائے۔ اور لگاتار اکیس روز تک یہ عمل مسلسل جاری رکھیں اور اس دوران میاں بیوی خلوت کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا اور اولاد ہوگی۔

سانپ بچھو اور کیڑے مکوڑوں سے حصار

اگر کوئی شخص ایسی جگہ ٹھہرا ہو جہاں کیڑے مکوڑے اور سانپ بچھو کا ہر وقت خطرہ ہو اور ان سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو تو دلی توجہ اور قلبی حضوری کے ساتھ پندرہ بار یَاسَلَامُ پڑھے اور کلمے کی انگلی (دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) پر دم کرے اور اس انگلی سے اپنے چاروں طرف حصار کھینچے اور پھر دوبارہ یَاسَلَامُ پندرہ مرتبہ پڑھے اور انگلی پر دم کرے اور حصار کھینچے اور اسی طرح تیسری مرتبہ بھی پندرہ بار یَاسَلَامُ پڑھے اور انگلی پر دم کر کے حصار کرے۔ یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں مسلسل کرنا ہے۔ اس کے بعد اس حصار (انگلی سے کھینچے ہوئے دائرے) میں کھڑے ہو کر تصور کر کے پھونک مار دیں (یعنی زور زور سے تین مرتبہ چاروں طرف پھونک مارنی ہے) انشاء اللہ تعالیٰ وہاں سانپ بچھو اور کیڑے مکوڑے اور موذی جانور نہ آسکیں گے اور ہر طرح سے حفاظت رہے گی۔

جسم کے ہر حصہ کا درد ختم

اگر کسی شخص کے جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہوتا ہو اور اس کے سبب بہت پریشان ہوتا ہو اور کام کاج مشکل ہو گیا ہو تو اس کیلئے باوضو 1470 بار یہ آیت پڑھ کر تیل پر دم کریں اس کے ساتھ ایک کورے مٹکے پانی پر بھی دم کر دیں۔ یہ تیل رات کو سوتے وقت جسم میں جہاں جہاں درد ہے ہلکی مالش کر لیں۔ دم کیا ہوا پانی تین گھونٹ رات کو سوتے وقت پی لیں۔ انشاء اللہ جسم کے ہر حصے کا درد ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾

چہرے کی جھائیاں

بعض مرتبہ معدہ کی گرمی کے سبب چہرے پر جھائیاں پیدا ہو جاتی ہیں جس کے سبب چہرہ بدنما اور بدصورت ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے یہ عمل مفید ہے۔ لیموں کا عرق نکال کر اس پر وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ (تغابن 3) اکیس بار پڑھ کر دم کریں۔ یہ عرق سوتے وقت چہرے پر مل لیا کریں۔ صبح کو اٹھ کر نیم اگرم پانی سے وضو کریں۔ اکیس دن مسلسل یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چہرے کی جھائیاں ختم ہو جائیں گی۔

عورتوں کی بیماری

عورت کو حمل کے دوران بہت کمزوری ہو جاتی ہے اور ان کی طبیعت ہر وقت گری گری رہتی ہے۔ کام کاج کو دل نہیں چاہتا۔ ایسی صورت میں رات کو سوتے وقت ایک گلاس پانی کا بھر کر اس پر باوضو اکیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے عورت کو پلا دیا جائے۔ اول وآخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

ہر قسم کی بندش کھولنے کیلئے

آج کل حسد و بغض اور دشمنی کا دور دورہ ہے۔ ہر شخص دوسرے کو خوش حال، آرام سے

رہنے نہیں دیتا اور اس فکر میں دبلا ہوجاتا ہے کہ یہ شخص اس قدر مال ودولت میں کیوں کھیل رہا ہے۔ اس کو کوئی بیماری کیوں نہیں ہے۔ اس کی سب لڑکیوں کی شادی کیوں ہوگئی اس کے سب لڑکے پڑھ لکھ کر برسر روزگار کیوں ہوگئے؟ بس یہ دکھ اسے چین نہیں لینے دیتا اور ہزاروں لاکھوں روپیہ اس شخص کی اور اس کی اولاد کی زندگی تباہ کرنے میں لگا دیتا ہے عاملوں، جادو سفلی کرنے والوں کی چوکھٹوں پر سر رگڑتا رہتا ہے کہ کسی طرح یہ خوش حال شخص فقروفاقہ کا شکار ہوجائے اور اسے طرح طرح کی بیماریاں لپٹ جائیں جو لاعلاج ہیں۔

اگر اس طرح کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ اس کا روزگار کم ہوتا جا رہا ہے اس کی صحت گرتی جا رہی ہے، اولاد نافرمان بن گئی ہے، لوگ اس سے ملنے سے گریز کرتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔ جوان لڑکیاں شادی کی آس میں بڑھاپے کی حد میں داخل ہوگئی ہیں تو اسے چاہیے کہ یہ عمل کرے تاکہ ہر قسم کے جادو سفلی کی کاٹ ہوسکے اور اس کی زندگی پھر سے کامیابی کی راہ پر رواں ہوجائے۔ عمل یہ ہے:۔

سب گھر والے نماز باجماعت کی پابندی کریں اور اگر ممکن ہو تو چالیس آدمی جمع کر کے ہر ایک آدمی سورۂ بقرہ ایک مرتبہ پڑھ کر ایک مٹکے پانی پر دم کرے اسی طرح چالیس آدمی سورۂ بقرہ پڑھ کر مٹکے پر دم کردیں۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو یہ کرے کہ خود ہی یا کسی حافظ سے سورۂ بقرہ اکتالیس دن پڑھوالے اور سورۂ بقرہ پڑھ کر ایک مٹکے پانی پر روزانہ دم کرائے۔

اگر سورۂ بقرہ زبانی یاد نہ ہو تو قرآن شریف میں دیکھ کر بھی پڑھی جاسکتی ہے عورت بھی پڑھ سکتی ہے۔ مرد، لڑکی، لڑکا بھی پڑھ سکتا ہے۔ ایک بوتل کے ڈھکن میں تین سوراخ کرکے اس کے ذریعہ یا گلاب پاش کے ذریعے پانی ہر کمرے، باورچی خانے کے کونوں میں چار وقت یہ پانی چھڑکیں اور چار وقت ہی سب گھر والوں کو یہ پانی پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے نوکریاں لگ جائیں گی، لڑکیوں کی

شادیاں ہوجائیں گی’ لڑائی جھگڑا ختم ہوجائے گا’ گھر میں اور آمدنی میں خیروبرکت ہوگی’ تمام بیماریاں دور ہوجائیں گی۔ چار وقت پانی چھڑکنے اور پینے کے یہ ہیں:۔ 1۔ بعد نماز فجر ناشتہ سے قبل۔ 2۔ دوپہر کو گیارہ بجے۔ 3۔ بعد نماز عصر۔ 4۔ بعد نماز عشاء۔ اگر چار وقت نہ چھڑک سکے اور نہ چار وقت پی سکے تو صبح وشام ہی چھڑک لے اور پی لے۔

* * *

شاہ ولایت اللہ بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

حافظہ میں تیزی اور امتحان میں کامیابی

حافظہ میں ترقی اور تیزی کے لیے ہر پڑھا ہوا سبق یاد رکھنے کیلئے۔ ہر فرض نماز کے بعد سورۂ الم نشرح (پوری سورۃ) تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لے۔ امتحان میں کامیابی کے لیے روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو بار یَاحَسِیْبُ پڑھے اور سینے پر دم کر لے۔ امتحان کے دوران کثرت سے یَاحَسِیْبُ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہو گی۔

نفرت کو محبت اور دشمنی کو دوستی میں بدلنا

اگر دو دوستوں میں باہمی اختلاف پیدا ہو گیا ہو یا دو خاندان میں کسی وجہ سے میل ملاپ ختم ہو گیا ہو اور آپس میں ملنا جلنا ختم ہو گیا ہو تو ایسی صورت میں یہ عمل بہت مفید اور کارگر ہے۔ ایک کلو مصری یا شکر یا مٹھائی پر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ بار سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس مصری، شکر یا مٹھائی پر دم کر کے ناراض لوگوں کو کھلا دیں۔ اگر کھلانا ممکن نہ ہو تو سجدے کی حالت میں اکیلے کمرے میں تین سو تیرہ مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر سجدے ہی میں ناراض لوگوں کی محبت اور میل ملاپ کی دعا کریں۔ انشاء اللہ دشمنی دور ہو کر دوستی میں بدل جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔

سر کے بالوں کا جھڑنا

اکثر لڑکیوں کے سر کے بال جھڑنے لگتے ہیں بعض مرتبہ تو یہ دماغ کی کمزوری کا سبب ہوتا ہے۔ دوسرے کسی سحر، جادو، سفلی اور آسیبی اثرات کے سبب ہوتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بال جھڑنا بند ہو جائیں گے۔ عمل یہ ہے:۔

سرسوں یا کھوپرے کے تیل پر باوضو اکتالیس مرتبہ سورۃ واللیل اذا یغشی (پوری سورۃ) پارہ 30 پڑھ کر دم کرلیں۔ اس تیل کی روزانہ سوتے وقت رات میں سر پر مالش کرلیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کچھ دن عمل کرنے سے سر کے بال جھڑنا بند ہو جائیں گے اور اسی طرح اگر کسی کے ڈاڑھی کے بال گرنے لگیں تو اس کیلئے بھی یہ عمل مفید ہے۔

حافظہ کی کمزوری دور کرنا

اگر کسی کا دماغ اور حافظہ کمزور ہو اور اسے سبق یاد نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے حافظہ کی کمزوری دور کرنے کیلئے اول باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک پاؤ روغن بادام (بادام کے تیل) پر اکتالیس بار سورۂ الم نشرح پڑھ کر دم کرے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور دم کرے۔ اس روغن بادام کو رات کو سوتے وقت ایک چمچہ ایک کپ گرم دودھ میں ڈال کر بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دماغ کی کمزوری دور ہوگی اور بچہ کا حافظہ کام کرے گا۔ وہ جو کچھ پڑھے یاد رہے گا۔

بے جا وہم کا علاج

بعض مرتبہ لوگوں کے وہم کا مرض بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے جس سے نہ صرف ان کی زندگی عذاب بن جاتی ہے بلکہ وہ دوسروں کے لیے بھی عذاب بن جاتے ہیں۔ وہم کے سبب بار بار وضو کرنا، کپڑے پاک کرنا، کرسی، میز، پلنگ، مسہری، دری، چادر، بستر سب بار بار پاک کرنا پھر بھی شک وشبہ دور نہیں ہوتا کہ پاک ہوئے یا ابھی ناپاک ہیں ان کو بار بار پانی میں نکالنا اس طرح سارا دن لگ جاتا ہے لیکن شک اور وہم پھر بھی باقی رہتا ہے۔ گھر والے اس مرض سے پریشان اور مصیبت میں گھرے رہتے ہیں۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے اس سے وہم کا مرض ہمیشہ کیلئے دور ہو جاتا ہے۔

مریض خود پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرلے یا کسی سے پڑھوا کر پانی پر دم کرا کے وہ پانی

پی لے۔ وہ عمل یہ ہے:۔ رات کو سوتے وقت ایک سو بار لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ پڑھ کر سینے پر دم کر لیں اور اسی طرح صبح کو بعد نماز فجر ایک سو بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر سینے پر دم کر لیں۔ اکتالیس دن بلا ناغہ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہم کا مرض بالکل ختم ہو جائیگا۔

شادی کی رکاوٹیں ختم

بعض مرتبہ کچھ مجبوریوں کے سبب بہت سے لڑکے اور لڑکیاں کنوارے رہ جاتے ہیں۔ ان کی شادی میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس کیلئے یہ عمل مجرب ہے:۔ شادی کیلئے ہر بدھ کو یا ہر جمعہ کے دن بعد نماز عصر باوضو سورۂ یوسف پارہ 12 کی تلاوت کرے۔ لڑکا یا لڑکی خود پڑھ لے یا گھر کا کوئی فرد پڑھ لے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی کوئی مناسب رشتہ ہو جائے گا۔

گھر میں رزق کی فراوانی

گھر میں رزق کی کمی محسوس ہو یا گھر میں برکت نہ ہو جس کے سبب ہاتھ تنگ رہتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ رات کو عشاء کی نماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر ایک سو بار یَاوَاسِعُ پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ یہ عمل اکتالیس دن تک کرے انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں برکت ہوگی اور رزق زیادہ تعداد میں حاصل ہوگا نیز برکت کیلئے سب گھر کے افراد نماز کی پابندی کریں۔

دردسر کا علاج

سر کے درد سے نجات کیلئے سورۂ کوثر پوری سورۃ باوضو سات بار پڑھ کر کوئی شخص سر میں دم کر دیا کرے ورنہ خود سات بار پوری سورت پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے تمام سر پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کرنے سے سر کا درد دور ہو جائے

گا۔ نیز یہ کہ مندرجہ ذیل حروف:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ پڑھ کر ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر سر میں یا ٹوپی میں اور عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے بھی سر میں درد نہ ہوگا۔

وہ حروف یہ ہیں:۔ د م ہ م ل ہ

* * *

شاہ وجاہت اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

اوپری (آسیبی) اثرات سے نجات

بعض مرتبہ آسیبی اثرات کے سبب کچھ نہ کچھ پریشانیاں بیماریاں اور وہمی خیالات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ آدمی کو ایک پریشانی سے نجات نہیں ملتی کہ مزید دو پریشانیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ آسیبی اثرات ختم ہوجائیں گے اور طرح طرح کے وہم اور قسم قسم کی بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔ باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں، پھر گیارہ بار سورۂ مزمل پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور ایک بوتل پانی پر دم کرلیں پھر اس پانی کو چار وقت پی لیں:۔ صبح کے ناشتہ سے قبل، گیارہ بجے دن، بعد نماز عصر، بعد نماز عشاء۔ یہ عمل اکتالیس دن کریں۔ نماز کی پابندی کریں اور روزانہ ایک بار سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت کرلیا کریں۔ اگر خود پڑھنا نہ جانتا ہو تو کسی دوسرے سے پڑھوالے اور پانی پر دم کرالے اسی طرح سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت بھی کسی سے کرالے۔ (کوشش کرے کہ خود پڑھے)

رات کی ناپاکی کا مؤثر علاج

چڑھتی عمر میں اکثر نوجوانوں کو احتلام کا مرض ہوجاتا ہے اس کا آسان علاج یہ ہے کہ رات کو سوتے وقت دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی (انگوٹھے کے برابر والی انگلی) سے اپنے پیٹ پر عمر فاروق اعظم (رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ) لکھ لیا کریں۔ بغیر روشنائی کے صرف انگلی سے لکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن یہ عمل کرنے سے اس بیماری سے نجات مل جائے گی۔ یہ عمل مجرب اور آزمودہ ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے شیطان بہت ڈرتا تھا اسی طرح ان کے نام سے بھی بہت ڈرتا ہے اس نام کی برکت سے وہ انسان سے دور رہے گا۔

خونی بواسیر سے نجات

خونی بواسیر کا مرض بہت خطرناک ہے اس سے انسان کا خون بہہ جاتا ہے اور کمزوری بہت محسوس ہوتی ہے اس کا فوری علاج کرانا ضروری ہوتا ہے۔ یہ روحانی عمل بہت آسان اور قابل عمل ہے۔ اس عمل کو اکتالیس دن کرنے سے انشاء اللہ خونی بواسیر سے نجات حاصل ہوگی۔ عمل یہ ہے:۔ ہر فرض نماز کے بعد صرف ایک بار سورۃ اعلیٰ (پارہ 30) پڑھ لیا کرے۔

دکان کی ترقی

بعض مرتبہ دکان اور کاروبار ایک دم سے ٹھپ ہوجاتا ہے اور سارا سارا دن بیٹھ کر دکاندار پریشان ہوجاتا ہو لیکن گاہک نہیں آتا۔ دکان کی آمدنی اتنی کم ہوجاتی ہے کہ دکان کا کرایہ اور گھر کا خرچہ نکالنا مشکل ہوجاتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت مجرب ہے۔ کسی نیک آدمی کے کُرتے کا ایک ٹکڑا اس سے مانگ لیں اس کو دھو کر سکھا دیں۔ سوکھنے کے بعد اس کپڑے کے ٹکڑے پر یہ آیت باوضو لکھیں اور تعویذ کی شکل میں لپیٹ کر دکان میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دکان چل پڑے گی اور اس قدر خیر و برکت ہوگی کہ خوشحال ہوجائیں گے یہ عمل ہر کاروباری شخص کرسکتا ہے۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ وَاَنَّ الۡفَضۡلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَ اللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ﴿الحدید ۲۹﴾

قوت حافظہ کیلئے

جس کا حافظہ کمزور ہو جو یاد کرتا ہو بھول جاتا ہو اس کے سبب پڑھائی کا بہت حرج ہوتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت کارآمد اور مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ تیز ہوگا بلکہ جو کچھ یاد کرے گا وہ یاد رہے گا۔ وہ عمل یہ ہے:۔ جس کا حافظہ کمزور

ہو تو اس کو چاہیے کہ سات روز تک مندرجہ ذیل آیات کو روٹی کے ٹکڑے یا بسکٹ پر باوضو کالی روشنائی سے لکھے اور روزانہ ٹکڑا یا بسکٹ نہار منہ کھاتا رہے۔ انشاء اللہ قوت حافظہ انتہائی تیز ہو جائے گی۔ آیات لکھنے کی ترتیب یہ ہے:۔

ہفتہ کے دن: رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا o (طٰہٰ 113)

اتوار کے دن: سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ﴿الاعلیٰ 6

منگل کے دن: اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى (الاعلیٰ 7)

بدھ کے دن: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ (القیٰمۃ 16)

جمعرات کے دن: اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ (القیٰمۃ 17)

جمعہ کے دن: فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ (القیٰمۃ 18)

لگاتار چار ہفتے تک یہ عمل کریں جس ترتیب سے لکھیں اسی ترتیب سے کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ عمل کرنے والا جو کچھ پڑھے گا نقش ہو جائے گا اور یاد رہے گا۔

دانت کے درد کا علاج

دانت کے درد کی تکلیف کو دور کرنے کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے اس طرح کیلنے سے دانت کا درد کافور ہو جاتا ہے دانت کو کیلنے کی ترکیب یہ ہے:۔

پاک زمین پر کچھ ریت ڈال دیں اور شہادت کی انگلی (دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) سے یا پاک لکڑی سے یہ حروف لکھیں:

اب ج د ہ و ز ح ط ی

اس کے بعد سب سے پہلے حرف پر لکڑی، کیل، چاقو یا چھڑی کی نوک رکھ کر اسے دبائیں اور سورۂ فاتحہ ایک بار پڑھیں پھر لکڑی یا کیل سے حرف پر زور دیں اور اس سے درد کی بابت دریافت کریں جس کے دانت میں یا ڈاڑھ میں درد ہو رہا ہے مریض اپنی انگلیوں سے اس دانت یا ڈاڑھ کو پکڑ لے جس کے دانت یا ڈاڑھ میں درد ہے اس

سے دریافت کرے کہ درد میں اب کوئی کمی ہوئی یا نہیں اگر درد باقی ہے تو مریض اپنی ڈاڑھ کو جہاں درد ہے دو انگلیوں سے پکڑ لے اور عامل دوسرے حرف پر لکڑی رکھے اور اسی طرح اس لکڑی سے حرف پر زور دے کر سورۂ فاتحہ دو مرتبہ پڑھے اور پھر مریض سے درد کی بابت دریافت کرے۔ مریض دانت سے انگلی ہٹا کر بتائے کہ اب درد ہے یا نہیں۔ اگر درد موقوف ہو گیا تو ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح ہر اگلے حرف پر سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ اور زیادہ پڑھ کر مریض سے دریافت کرے۔ اسی طرح عمل کرتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ آخری حرف تک پہنچنے سے پہلے ہی درد ختم ہو جائے گا۔ یہ بارہا کا آزمودہ نسخہ ہے اور بہت ہی مجرب عمل ہے۔

* * *

شاہ رفیع الدین دہلویؒ کے روحانی وظائف

جسمانی کمزوری کا علاج

بعض مرتبہ تھوڑے تھوڑے عرصہ کے بعد صحت بگڑتی رہتی ہے اور انسان بہت زیادہ کمزوری محسوس کرتا ہے۔ اس کمزوری اور طرح طرح کی بیماریوں کے دفعیہ کیلئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوجائے گی اور ہر قسم کی کمزوری دور ہوجائے گی وہ عمل یہ ہے:۔ باوضو سورۂ یٰسین شریف اس ترکیب سے پڑھیں کہ ہر مُبِین کے لفظ پر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اسی طرح سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر ختم کرلیں اور ایک بوتل میں پانی بھر کر اس پر دم کردیں پھر اس پانی کو صبح نہار منہ اور سوتے وقت ایک ایک گھونٹ پی لیا کریں۔ اکیس روز مسلسل یہ پانی استعمال کریں انشاء اللہ تعالیٰ کمزوری دور ہوجائے گی۔ اگر اکیس دن میں یہ بیماری اور کمزوری دور نہ ہو تو دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اکیس دن پھر استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیالیس دن کے استعمال پر ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل ہوگی اور جسم کی کمزوری اور نقاہت ختم ہو کر بدن میں چستی اور پھرتی پیدا ہوجائے گی۔

دُبلے پن کا علاج

بعض مرتبہ بہت دُبلا پن اور دھان پان آدمی سب کی تضحیک اور ہنسی کا باعث بنتا ہے۔ جسمانی کمزوری دور کرنے کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ دُبلے پتلے آدمی اپنے نام کے اعداد کے برابر روزانہ سوتے وقت یَاقَوِیُّ پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند وہ اس عمل کی پابندی کرنے سے جسم موٹا اور فربہ ہوجائے گا اور دُبلا پن ختم ہو کر بدن میں چُستی پیدا ہوگی۔

حکیم، ڈاکٹر، وید، عامل کے ہاتھ میں شفاء

بعض مرتبہ حکیم، ڈاکٹر، وید، عامل ہر طرح سے باکمال اور اپنے فن کے ماہر ہوتے ہیں

لیکن ان کے ہاتھ میں شفاء نہیں ہوتی۔ وہی دوائیں جو یہ حکیم، ڈاکٹر، وید تجویز کرتے ہیں کوئی دوسرا کرے تو مریض صحت یاب ہو جاتا ہے لیکن ان کا سارا کمال دھرا کا دھرا رہ جاتا ہے۔ ہاتھ میں شفاء کے لیے یہ عمل مجرب ہے۔ سب سے پہلے معالج جسمانی ہو یا معالج روحانی، تکبر اور غرور نہ کرے اور بدنیت نہ بنے اور اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ نماز کی پابندی کرے۔ اللہ تعالیٰ سے ہر وقت اس کی رحمت اور ہاتھ میں شفاء کی دعا کرتا رہے اس کے بعد صدقہ، خیرات اور غرباء کی مالی امداد کرتا رہے۔ ہر ماہ تین پرندے، طوطے، چڑیا، پدی خرید کر آزاد کرے۔ انشاء اللہ چند ماہ اس طرح کرنے سے شفاء کا سلسلہ شروع ہو جائے گا اور لوگ ہر طرف سے آنے لگیں گے اور حکمت و ڈاکٹری کی خوب شہرت ہو جائے گی۔

تعلیم سے دل اُچاٹ ہونے کا علاج

بعض مرتبہ کسی بچے یا بڑے کا تعلیم سے دل اُچاٹ ہو جاتا ہے۔ کتنا ہی مارو پیٹو، سزا دو وہ پڑھنے پر آمادہ نہیں ہوتا اور گھر سے بھاگنے لگتا ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک بوتل میں پانی پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں درمیان میں تین سو تیرہ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ سوتے وقت تین گھونٹ پانی بچے کو پلا دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن پانی پلانے کے بعد اس کو تعلیم کا شوق پیدا ہوگا اور بُری عادتوں سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

گھر کو جنات سے پاک کرنا

بعض مرتبہ خالی مکان پر جنات قبضہ کر لیتے ہیں جب کوئی شخص اس مکان میں رہائش اختیار کرتا ہے تو یہ اسے طرح طرح سے تنگ کرتے ہیں۔ آئے دن لوگ مکان میں آتے ہیں اور چند دن کے بعد رخصت ہو جاتے ہیں۔ اس کا مستقل علاج یہ ہے کہ چالیس حفاظ قرآن پاک کو جمع کر کے ان سے ایک ایک مرتبہ سورۂ بقرہ پڑھوائی جائے

سب الگ الگ کمروں میں بلند آواز سے پڑھیں اور ایک کورے نئے مٹکے کو دھو کر پاک کر کے اس میں پانی بھر کر سب حافظوں سے دم کرا کر رکھ لیں، وہ پانی غسل خانہ اور بیت الخلاء کو چھوڑ کر سب کمروں، صحن، باورچی خانے کے کونوں میں چار وقت ہلکا ہلکا چھڑکا جائے۔ یہ پانی اکتالیس دن تک مسلسل چھڑکیں ناغہ نہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام جن اس مکان سے نکل جائیں گے۔ اگر چالیس حفاظ کا انتظام نہ ہو سکے تو کسی ایک حافظ یا ناظرہ خواں کو مقرر کر دیں جو روزانہ وقت مقررہ پر ایک بار سورۂ بقرہ پڑھ کر پانی کے مٹکے پر دم کر دیا کرے اسی میں سے پانی لے کر چار وقت چھڑک دیا کریں۔ (سب سے بہتر یہ ہے کہ خود گھر والے پڑھیں) پانی چھڑکنے کے چار وقت یہ ہیں:۔ 1۔ صبح سات بجے، 2۔ دوپہر گیارہ بجے، 3۔ شام کو بعد نماز عصر، 4۔ بعد نماز عشاء۔

قوت حافظہ اور امتحان میں کامیابی

بعض مرتبہ ذہین اور پڑھائی کے شوقین بچے قوتِ حافظہ کی کمزوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس سے ان کی تعلیم اور ترقی متاثر ہوتی ہے وہ جس معیار پر پہنچنا چاہتے ہیں اس میں حافظہ کی کمزوری رکاوٹ بن جاتی ہے۔ حافظہ کی کمزوری دور کرنے کیلئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ عمل یہ ہے:۔ ایک بوتل میں پانی بھر کر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد تین سو بار سورۂ الم نَشْرَح (مکمل) پڑھیں آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں پانی پر دم کر دیں اس پانی کو سوتے وقت تین گھونٹ پلا دیا کریں۔ یہ پانی مسلسل اکتالیس دن پلائیں۔ صرف ایک دفعہ کا پڑھا ہوا پانی اکتالیس دن استعمال کریں۔ صبح نہار منہ بھنے ہوئے چنے پابندی سے کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوت حافظہ تیز ہوگی۔ پڑھا ہوا یاد رہے گا۔ امتحان کے شروع ہونے سے چند دن قبل بلاتعداد یَاحَسِیْبُ پڑھتا رہے اور امتحان کے

کمرے میں بھی اس کو پڑھتا رہے جب پرچہ شروع کرے تب پڑھنا بند کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے کامیابی ہوگی۔ تنبیہ: صرف وظیفہ کی بنیاد پر امتحان میں کامیابی کی امید رکھنا غلط ہے۔ اپنی کتابوں کو خوب اچھی طرح سے یاد کیا کرے امتحانی تیاری مکمل کرکے وظیفہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہوگی۔ پہلے اسباب اختیار کرو کہ دنیا اسباب کا ذریعہ ہے پھر اللہ رب العزت کی ذات پر مکمل بھروسہ کرکے ذکر الٰہی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی مدد طلب کرو۔

* * * * *

مخدوم سلطان الحق اجمیریؒ کے روحانی وظائف

بچہ کا بار بار گھر سے باہر نکل جانا

بعض بچے باہر گھومنے اور باہر جانے اور کھیلنے کے اس قدر عادی ہو جاتے ہیں کہ انہیں نہ بھوک پیاس کا احساس ہوتا ہے اور نہ ہی گھر جانے کا خیال آتا ہے۔ گھر والے اس کا انتظار کر کر کے پریشان ہو جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں رات کو جب بچہ سو جائے تو سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ 300 بار پڑھ کر اس بچے پر دم کر دیا کریں۔ گیارہ دن لگاتار یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ گھر میں رہنے لگے گا۔

نوکری کی تلاش

جو شخص روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ جلد نوکری لگ جائے یا نوکری سے برخاست کر دیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد ملازمت بحال ہو جائے تو اسے چاہیے کہ اول تین روزے رکھے اور روزے کی حالت میں سات بار یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اس کے بعد نماز فجر میں روزانہ تین دن تک دس ہزار مرتبہ روزانہ یَا رَزَّاقُ پڑھے اس کے بعد یہ درود شریف سات بار پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ملازمت مل جائے گی یا ملازمت سے برخاست ہوا ہے تو ملازمت بحال ہو جائے گی۔

گھر میں خیر و برکت کے اثرات ظاہر ہونا

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے گھر میں خیر و برکت پیدا ہو اور گزارہ بآسانی ہو کسی کی محتاجگی باقی نہ رہے۔ اسے چاہیے کہ وہ باوضو بعد نماز فجر سات بار یہ اسماء مبارکہ پڑھے۔ اول و آخر ایک بار درود شریف پڑھ کر گھر میں خیر و برکت کی دعا کر لیا کریں۔ وہ اسماء یہ ہیں:۔

یَااَللّٰہُ۔ یَاسَمِیْعُ۔ یَاعَلِیْمُ۔ یَاسَرِیْعَ الْحِسَابِ۔ یَاوَاسِعُ۔ یَاعَدْلُ۔ یَاعَظِیْمُ۔ یَامُتَعَالِ۔ یَاعَزِیْزُ۔ یَاغَفُوْرُ۔ یَابَاعِثُ۔ یَافَعَّالاً لِّمَا یُرِیْدُ۔ یَارَافِعُ۔ یَامُعِیْدُ۔ یَامَانِعُ۔ یَانَافِعُ۔ یَاجَامِعُ۔ یَابَدِیْعُ۔

مرض معلوم کرنے کا عمل

مریض کے پاؤں کے ناخن سے لے کر سر تک ایک نیلے رنگ کا ڈورا (موٹا دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر سات مرتبہ اس پر سورۂ مزمل پ 29 پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔ اگر چھوٹا ہو جائے تو سحر ہے اور اگر بڑھ جائے تو جن وغیرہ کا اثر ہے۔ جوں کا توں (برابر) رہے تو جسمانی بیماری ہے۔

بانجھ عورت کے لیے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو تو اسے چاہیے کہ سات روزے مسلسل رکھے درمیان میں ناغہ نہ کرے اور روزانہ روزہ کھولنے سے قبل باوضو یَامُصَوِّرُ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لے اور اسی پانی سے روزہ افطار کرے۔ اس دوران میاں سے قربت کرتی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو گی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نیک لڑکا پیدا ہو گا۔

سخت سے سخت مشکل آسان

اگر کوئی شخص کسی مشکل میں پھنس گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس مشکل سے آسانی سے نجات مل جائے تو اسے چاہیے کہ روزانہ سات دن تک ایک وقت مقرر کر کے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر پانچ ہزار بار یَامُصَوِّرُ پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مشکل کے آسان ہونے کی دُعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہو گی یہ عمل قرض سے نجات حاصل کرنے، مقدمہ میں کامیابی کیلئے اور مفرور یا

غائب کی واپسی کیلئے کیا جائے تو بھی کامیابی ہوگی۔

زبردست آسیب کا آسان علاج

جس گھر میں آسیبی اثر ہو یا کسی لڑکے یا لڑکی پر جن بھوت پریت آسیب کا اثر ہو اس گھر میں ایک وقت مقررہ پر باوضو سورۂ بقرہ پڑھی جائے اور ایک کورے اور نئے مٹکے میں پانی بھر کر اس پر دم کیا جائے سب گھر کے افراد اس پانی کو چار وقت پئیں اور مریض کو ہر وقت جب بھی پیاس لگے وہ پانی پلائیں اور چار وقت مکان کے ہر ہر کونے میں وہ پانی چھڑکیں صرف غسل خانہ اور بیت الخلاء میں نہ چھڑکیں۔ اسٹور، باورچی خانہ اور تمام کمروں کے کونوں میں ضرور چھڑکیں۔ پینے اور چھڑکنے کے اوقات یہ ہیں:۔ ☆ صبح سات بجے، دوپہر گیارہ بجے، شام پانچ بجے (بعد نماز عصر)، بعد نماز عشاء (رات دس بجے)۔

دوسرا عمل آسیب کیلئے

فجر کی نماز پڑھ کر جنگل میں جا کر باوضو ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر بیری کا ایک پتہ توڑیں پھر آیۃ الکرسی پڑھیں اور دوسرا پتہ توڑیں اسی طرح آیۃ الکرسی پڑھتے جائیں اور بیری کے پتے توڑتے جائیں۔ سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنی ہے اور سات پتے توڑنے ہیں۔ اگر گھر میں یا گھر کے قریب بیری ہو تو اس سے ہی پتے توڑ لیں دور جانے کی ضرورت نہیں۔ لیکن یہ خیال رہے کہ پتے سورج نکلنے سے پہلے توڑنے ہیں۔

ان پتوں کو ایک بڑے برتن میں ڈال کر کئی بار جوش دیں اس طرح کہ پانی ہر بار کھولنے لگے۔ اس کے بعد پانی ٹھنڈا ہونے پر اس سے مریض کو روزانہ سات دن تک بلاناغہ اور مسلسل پلائیں۔

تیسرا عمل آسیب کیلئے

سات دن تک بیری کے پتوں سے غسل دینے کے بعد ایک ایک روپے والے

اکتالیس سکے لیں اور سورۂ علق ایک ہی نشست (بیٹھک) میں اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور ان سکوں پر دم کر دیں پھر ان سکوں کو ایک ایک کر کے مریض کے سر سے پیروں کی طرف سے اتاریں یعنی سر سے نیچے پیروں کی طرف لائیں اور پھر ان سکوں کو اکتالیس فقیروں میں تقسیم کرا دیں۔ یہ سکے ایک ہفتہ کے اندر اندر تقسیم کر دیں۔ اس سے زیادہ دن نہ لگیں۔

چوتھا عمل آسیب کیلئے

اول باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اس کے بعد سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کر دے اور ہر مبین پر رک کر سات مرتبہ معوذتین (سورۂ فلق و ناس) پڑھ کر بوتل پانی پر دم کر دیں۔ سورۂ یٰسین شریف میں سات مبین ہیں ہر مبین پر رُک کر سات مرتبہ معوذتین پڑھ کر بوتل پر دم کریں۔ سورۂ یٰسین شریف کے اختتام پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر بوتل پر دم کر کے بوتل کا منہ ڈھکن سے بند کر دیں۔ یہ پانی اکیس روز تک ایک گھونٹ صبح اور ایک گھونٹ شام کو مریض کو پلاتے رہیں۔

تنبیہ:

تیسرا عمل دوسرے عمل کے بعد کرنا ہے۔ ان اعمال کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ جن آسیب، بھوت، پریت سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

* * *

شاہ عظمت سلطان رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

بیکار، بیروزگار، ملازمت سے برخواست

جو شخص بیکار ہو، بیروزگاری کے سبب پریشان رہتا ہو یا ملازمت سے نکال دیا گیا ہو اب پریشانی میں مبتلا ہو، گزارے کی دوسری شکل موجود نہ ہو اس عمل کی برکت سے باعزت روزگار مل جائے گا۔ اس کیلئے سب سے پہلے ان تین اسماء کی زکوۃ ادا کرے

وہ اسماء یہ ہیں:۔

یَاسَمِیْعُ۔ یَاوَاسِعُ۔ یَارَزَّاقُ

زکوۃ کا طریقہ ترک حیوانات کے ساتھ یَاسَمِیْعُ کو ایک سو اکیانوے بار یَاوَاسِعُ کو ایک سو اڑتالیس بار اور یَارَزَّاقُ کو تین سو انیس بار ایک ہی بیٹھک میں پڑھے۔ پڑھتے وقت لوبان کی دھونی دیتا رہے۔ اس طرح کہ لوہے کے برتن میں کوئلے جلا کر رکھ لے اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد اس پر پسا ہوا لوبان چھڑکتا رہے اس طرح چالیس دن تک بعد نماز عشاء باوضو پڑھ کر چلہ ختم کرے اور چھوٹے بچوں کو شیرینی (مٹھائی) تقسیم کر دے۔ اس طرح تینوں اسموں کا عامل ہو جائے گا۔ پھر بوقت ضرورت اپنے لیے یا کسی ضرورت مند کے لیے یہی تین اسماء باوضو تین روز یا سات روز اسی تعداد میں پڑھے گا تو فوراً ملازمت ملے گی۔ جب کسی دوسرے کے لیے پڑھے تو اس کے لیے عمل ختم ہونے کے بعد یہ کلمات کم از کم تین مرتبہ ہاتھ اٹھا کر زبان سے ادا کرے۔

وہ الفاظ یہ ہیں:۔

اَللّٰھُمَّ انْصُرْ فلاں بن فلاں۔ فلاں کی جگہ ضرورت مند کا نام لے اور بن کے بعد جو فلاں ہے اس کی جگہ اس کی والدہ کا نام لے۔ مثلاً:۔ بشیر احمد بن شمیم بانو۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات روز کے اندر اندر ملازمت مل جائے گی یا کسی اچھے روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔ ترک حیوانات کا مطلب ہے کہ چلے کے دوران ان چیزوں سے پرہیز

کرے۔ ہر قسم کا گوشت، مرغی، انڈا، دودھ، گھی، دہی، چمڑے کی جوتی، چمڑے کے ڈول سے کھنچا ہوا پانی، مٹھائی، پکوان تیل، کھیر، زچہ خانہ میں جانا ان سب باتوں کا پرہیز ہے۔

ناجائز قبضہ ختم کرانا

اگر کسی کے مال، زمین یا کسی اور اسباب پر یا عزت وآبرو کا کوئی ناحق دعویدار بن کر ظلم کر رہا ہے اور مظلوم چاہتا ہو کہ اس ظالم قابض کے ناحق قبضہ سے نجات ملے تو اسے چاہیے کہ سات دن تک ظہر کی نماز کے بعد گیارہ سو بار باوضو یہ آیت پڑھ کر دشمن کے دفع ہونے کی دُعا کرے۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے مسلسل عمل سے دشمن سے نجات ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿بقرہ ۹۵﴾۔ اس آیت سے قبل اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

ہر بار پڑھنا ضروری ہے۔

سامان کی حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر جا رہا ہو اور اس کے ساتھ سامان بھی ہو تو تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر سامان پر پھونک مار دے تو اس کا سامان انشاء اللہ تعالیٰ گم ہونے سے محفوظ رہے گا اور نہ ہی اس کو چور چرا سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿بقرہ ۱۱۰﴾

موذی جانور، جن، بھوت آسیب سے مکان کی حفاظت

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ موذی جانوروں سے مثلاً سانپ، بچھو اور دیگر کیڑے مکوڑوں

اور آسیب و جن سے مکان محفوظ ہو تو اس آیت کو باوضو تین دن تک لگاتار ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے کوئی موذی جانور اور آسیب، جن بھوت اس مکان میں داخل نہ ہو سکے گا۔ اگر اس آیت کو باوضو لکھ کر ہر کمرے کے دروازے کے سامنے والی دیوار پر لگا دیا جائے تب بھی موذی جانور اور آسیب جن اس کمرے میں داخل نہ ہو سکیں گے اور مکان ہر قسم کے اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

أُولَٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَنْ يَّدْخُلُوْهَآ إِلَّا خَآئِفِيْنَ ط لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (بقرہ ۱۱۴)

مکان ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ

ہر قسم کے وبائی امراض مثلاً بخار، ہیضہ، طاعون، ملیریا، خسرہ، چیچک سے محفوظ کرنے کیلئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو لکھ کر ایک کاغذ دروازے پر چسپاں کر دیں اور دوسرا کاغذ دروازے کے اندر کی طرف لگا دیں جس مکان پر یہ آیت لکھی ہوئی ہو گی انشاء اللہ تعالیٰ وہ مکان اور اس میں رہنے والے ہر قسم کے وبائی اور اُڑ کر لگنے والی بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔ وہ آیت یہ ہے اس آیت کے ساتھ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بھی لکھیں۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ۔ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللهِ اِنَّ اللهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿بقرہ ۱۱۵﴾

گھر والوں کی سلامتی

اگر کوئی شخص طویل سفر پر جا رہا ہو اور سفر میں بہت لمبی مدت صرف ہو گی اور اہل خانہ کی فکر و تشویش پردیس میں پریشان کرے گی تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت کو بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ باوضو لکھ کر دروازے باہر کی طرف پلاسٹک کوٹنگ

کر کے یا فریم کرا کے لگا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام گھر والے صحت وسلامتی کے ساتھ رہیں گے اور انہیں کوئی حادثہ پیش نہ آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ رَبِّ اجۡعَلۡ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارۡزُقۡ اَهۡلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنۡ اٰمَنَ مِنۡهُمۡ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ط (بقرہ 126)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ وَاِذۡ جَعَلۡنَا الۡبَيۡتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمۡنًا (بقرہ 125)

جوڑوں کے درد کا علاج

جوڑوں کا درد ہو یا جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے:۔ زیتون کے تیل پر ایک سو پچیس بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور جسم کے جس جس حصے میں درد ہوتا ہو اس اس جگہ میں روزانہ رات کو سونے سے قبل اس تیل کی مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کرنے سے درد ختم ہو جائے گا۔ پرہیز: پرہیز یہ ہے کہ جس رات جسم ناپاک ہو یا بیوی سے قربت کرنی ہو اس رات اس تیل کی مالش نہ کریں۔ دوسری بات یہ کہ ایک بوتل پانی پر ایک سو پچیس بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر لیں (ایک ہی نشست) میں پڑھیں (تھوڑا تھوڑا پڑھ کر دم نہ کریں) اور اس پانی کو سوتے وقت چند گھونٹ پی لیا کریں۔

* * *

شاہ عبدالہادی ولایتی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

مشکلات کے حل کیلئے سورۂ فاتحہ کا عمل

ہر قسم کی مشکلات کو آسان کرنے اور ہر قسم کی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے سورۂ فاتحہ کا عجیب وغریب عمل ہے۔ اس عمل کو نیا چاند دیکھنے کے بعد شروع کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے جملہ مسائل حل ہوں گے' مشکلات اور رکاوٹیں دور ہوں گی اور ہر کام میں کامیابی حاصل ہوگی۔ عمل یہ ہے:۔

یہ عمل صبح فجر کی نماز کی سنتوں اور فرض نماز کے درمیان پڑھا جائے گا۔ فجر کی دو سنت پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد بسم اللہ کی میم کو الحمد کے ل سے ملا کر تین بار اس کو پڑھیں اس طرح:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

اس کے بعد تین بار آمین کہیں اس کے بعد پوری سورت اس طرح اکتالیس بار پڑھ کر تعداد پوری کریں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور اپنے مقصد کی یا مشکل کی آسانی کیلئے دعا مانگیں۔ اس کے بعد فجر کے دو فرض پڑھیں۔ اکتالیس روز کا عمل ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔ کوئی بندش ہوگی تو کھل جائے گی۔ یہ عمل کسی بھی حاجت اور ضرورت کیلئے پڑھا جا سکتا ہے مثلاً ملازمت کیلئے' شادی کیلئے' کاروبار میں ترقی کیلئے۔

شادی کے لیے

اکثر لڑکے لڑکیوں کے رشتے طے ہو کر ٹوٹ جاتے ہیں کہیں بات بن کر بگڑ جاتی ہے

کہیں رشتے تو بہت آتے ہیں لیکن پلٹ کر واپس نہیں آتے۔ یہ عمل شادی کیلئے بہت مؤثر اور کارآمد ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتہ ہو جائے گا۔ وہ عمل یہ ہے:۔ بدھ کے دن سورۂ یوسف بعد نماز ظہر تلاوت کریں اور بعد نماز عصر کے سورۂ احزاب کی تلاوت کریں۔ لگاتار چالیس دن یہ عمل کریں گویا پانچ بدھ تک یہ عمل جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کسی بھی جگہ رشتے کی بات بن جائے گی۔

جریان اور پیشاب کے قطرے کی بیماری

اکثر نوجوانوں کو پیشاب کے قطرے گرنے کی بیماری ہو جاتی ہے جو بڑھاپے میں زیادہ پریشان کُن ہو جاتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے ایک بوتل میں پانی بھر کر باوضو اول سات بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد تین بار سورۂ حجرات پڑھیں۔ پھر اس پانی کو رات کو سونے سے پہلے پی لیا کریں۔ لگاتار چالیس دن تک یہ پانی پیتے رہیں اور ان چالیس دنوں میں روزانہ عصر کی نماز کے بعد اول سات بار درود شریف پڑھیں پھر ایک سو بار یہ آیت شریف پڑھیں

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿التحریم ۸﴾

پھر آخر میں سات بار درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جریان کی بیماری سے نجات ملے گی اور پیشاب کے قطرے آنے بند ہوں گے۔

فقر و فاقہ دور کرنے کا عمل

فقر و فاقہ سے نجات حاصل کرنے کے لیے یہ تسبیح بہت مفید اور مؤثر ہے اس تسبیح کو صبح نماز فجر سے پہلے ایک سو بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔:سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

بڑھاپے میں ہذیان کا مرض

بڑھاپے میں بعض لوگوں کا دماغی توازن بگڑ جاتا ہے جس کے سبب وہ ہر وقت فضول

بکتے رہتے ہیں۔ بعض مرتبہ گالیاں بکنا شروع کر دیتے ہیں اور بعض مرتبہ پاگل پن میں لوگوں سے لڑنے لگتے ہیں اور ان کے کپڑے پھاڑ دیتے ہیں یا لوگوں کو پتھر مارتے ہیں اس طرح گھر والے ہر وقت پریشان اور مصیبت میں گرفتار رہتے ہیں۔

اس کا آسان علاج یہ ہے کہ رات کو جب مریض سو جائے تو باوضو پانچ سو بار یَامُقِیْتُ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور ایک گلاس پانی پر باوضو ایک سو بار یہ کلمات پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کی ہذیانی کیفیت ختم ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ

کھانسی، خسرہ، ام الصبیان، مرگی، نظر بد کا علاج

چرخے سے کاتا ہوا سوت لے کر اسے لال رنگ میں رنگ لیا جائے یا ڈی، ایم سی سُرخ رنگ کی لے کر اس کے نو تار تین بالشت لمبے لے لیں اور سورۃ الم نشرح پڑھنا شروع کریں جب ''ک'' کا لفظ آئے اس نو تاروں کے گنڈے میں ایک گرہ لگا دیں۔ اس طرح آٹھ گرہ لگیں گی کیونکہ الم نشرح میں آٹھ کاف (ک) ہیں۔

اولاد کی نافرمانی اور شرارت سے حفاظت

اولاد اگر نافرمان ہو تو گھر کا سارا نظام بگڑ جاتا ہے۔ اسی طرح نافرمانی کے ساتھ ساتھ شرارت بھی شامل ہو جائے تو ایسی اولاد والدین کے لیے عذاب بن جاتی ہے۔

ایسے بچے جب سو جائیں تو باوضو یہ آیت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر تین بار دائیں کان میں دم کریں اور اسی طرح تین بار پڑھ کر بائیں کان میں دم کریں۔ چند دن یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد فرماں بردار اور نیک عادت بن جائے گی اور شرارت چھوڑ کر اچھے اچھے کام کرے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا

وَّ کَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿آل عمران ۸۳﴾

احتلام سے نجات

اکثر نوجوانوں کو احتلام کا مرض ہو جاتا ہے اور وہ اس کے سبب بہت کمزور ہو جاتے ہیں اور نماز پڑھنے میں بھی دشواری ہوتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ جب سونے کا ارادہ کریں تو تازہ وضو کریں۔ بستر پر لیٹ کر سورۂ طارق مکمل پڑھیں اور دائیں (سیدھے) ہاتھ کی شہادت کی انگلی (کلمے کی انگلی) سے بغیر روشنائی اپنی پیشانی (ماتھے) پر عمر کا لفظ لکھیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے نجات ملے گی۔ یہ عمل چالیس دن کریں تو بہت بہتر ہے۔ ورنہ جس دن یہ عمل کریں گے۔ احتلام سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہیں گے۔

* * *

شاہ عبدالقدوس رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

تبادلہ رکوانا

اگر کسی کا تبادلہ خلاف مرضی اور بلا کسی سبب کے دور دراز علاقہ میں ہو گیا ہو یا وہ چاہتا ہو کہ دوبارہ اسی پوسٹ پر اسی شہر میں واپس آجاؤں تو سورۂ لہب پارہ نمبر 30 مکمل باوضو ہر روز عشاء کی نماز کے بعد انیس مرتبہ انیس روز تک بلا ناغہ پڑھیں اور متبادلہ کی منسوخی کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تبادلہ منسوخ ہو جائے گا۔

گم شدہ کیلئے

اگر کوئی لڑکا، لڑکی یا جانور گم ہو جائے یا کوئی چیز چوری ہو جائے چیز رکھ کر بھول جائے یا کوئی بٹوہ، رقم گر جائے تو کثرت سے یہ پڑھے یَا مُعِیْنُ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکے، لڑکی، جانور کا پتہ چل جائے گا یا گھر آجائے گا۔ اسی طرح بھولی ہوئی چیز یاد آجائے گی۔ گم شدہ بٹوہ یا رقم مل جائے گی۔ اسی طرح اس کے پڑھنے سے چوری شدہ مال بھی واپس مل جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

مقدمہ میں کامیابی

بعض لوگ اپنی غلطی سے یا بعض مرتبہ دشمنوں اور حاسدوں کی چال کے سبب مقدمات میں اُلجھ جاتے ہیں اور عدالت کے چکر لگا لگا کر وقت اور رقم دونوں برباد کر دیتے ہیں لیکن مقدمہ میں جگہ جگہ ناکامی ہوتی ہے۔ مقدمہ میں کامیابی کیلئے گھر کے سب افراد مرد عورت کثرت سے یَا حَفِیْظُ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہو گی۔

ذہن اور علم میں برکت

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا ذہن روشن ہو جائے اور اس کے علم میں اضافہ ہو جائے تو اسے چاہیے کہ یہ دُعا پڑھے۔ یہ دعا حضرت امام اعظم امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے

بچپن میں پڑھتے تھے وہ دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ عَلٰی طَاعَتِكَ ط

بابرکت تعویذ

حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ سے جب کوئی تعویذ طلب کرتا تو یہ تعویذ لکھ کر دے دیتے تھے اللہ تعالیٰ اسی سے فائدہ عطا فرما دیتے تھے۔ سید صاحب کی عبارت والا تعویذ یہ ہے: ”خداوندا اگر منظور داری حاجتش برآری“

ایک مولانا لکھ کر دیا کرتے تھے انہی الفاظ سے اللہ تعالیٰ فائدہ کر دیا کرتے تھے وہ الفاظ یہ ہیں: ۔ خداوند! یہ مانتا نہیں اور میں جانتا نہیں' یہ تیرا غلام تو جانے اور تیرا کام“ دراصل بزرگوں کے قول اور لفظ میں برکت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ انہی الفاظ سے کام بنا دیتا ہے۔

کھیت سے چوہے دور کرنا

چوہے اگر کھیتی کو خراب کریں۔ تمام فصل کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں تو یہ آیت باوضو لکھ کر مٹی کی ہنڈیا میں رکھ کر ڈھکن لگا کر کھیت کے ہر کونے پر دفن کر دیں اور وہ جگہ زمین سے اونچی رکھیں تاکہ لوگوں کے قدم اس جگہ نہ پڑیں۔ وہ آیت یہ ہے: ۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ۔ تک

(سورۂ ابراہیم، آیت نمبر 13)

جن کو بھگانا

جن کو بھگانے کے لیے مریض کے کان میں اذان دیں انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا۔ سورۂ طارق مکمل سورۂ پڑھ کر مریض پر دم کر دے اس سے بھی انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا۔

مقبولیت اور عزت

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا چہرہ پرکشش و پرنور بن جائے۔ اس کی ہیبت ہر شخص کے

دل پر قائم ہو جائے اور وہ لوگوں کو جو بھی حکم دے وہ اس کی تعمیل کریں تو اسے چاہیے کہ ہر روز تازہ غسل کر کے بالکل سفید لباس پہن کر بعد نماز عشاء مکمل تنہائی میں دو نفل ادا کرنے کے بعد اَلْمُؤْمِنُ سات سو چھیاسی مرتبہ روزانہ پڑھے تو اکتالیس دن کے بعد دیوار پر ایک نور ظاہر ہو گا اور اس کو ایسا محسوس ہو گا کہ جیسے یہ نور اس کے دل میں منتقل ہو رہا ہے اور اس کے بعد اس میں یہ صفت پیدا ہو جائے گی کہ جو بھی وہ لوگوں کو حکم دے گا۔ لوگ اس کی تعمیل کریں گے اور اس کے چہرے پر ایک خاص قسم کا نور ہر وقت جلوہ گر رہے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کی قدر و منزلت میں خوب اضافہ ہو گا۔

وساوس سے نجات

بعض لوگوں کو شیطان مختلف وسوسے ڈال کر گمراہ کرتا ہے اور انہیں طرح طرح سے پریشان رکھتا ہے جو شخص روزانہ ایک جگہ بیٹھ کر باوضو 167 بار اسم مبارک اَلْمُؤْمِنُ پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ شیطان کے وسوسوں سے نجات پائے گا۔

امراضِ خبیثہ سے نجات

بعض لوگ بلاوجہ کسی نہ کسی کی بدگوئی میں لگے رہتے ہیں ایسے لوگوں کی بدگوئی سے محفوظ رہنے کیلئے اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک گیارہ سو بتیس مرتبہ باوضو پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بدگو کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ ہو جائے گا۔

وہ اسم مبارک یہ ہے اَلْمُؤْمِنُ

خوف سے حفاظت

جو شخص خوف اور دہشت کے وقت اس اسم مبارک کو باوضو ۶۳۰ چھ سو تیس مرتبہ روزانہ پابندی وقت کے ساتھ پڑھے گا اس کا دل ہر قسم کے خوف اور ہر قسم کی دہشت سے نجات پائے گا۔ وہ اسم مبارک یہ ہے:۔ اَلْمُؤْمِنُ

بواسیر کا علاج

خونی بواسیر کے مرض سے نجات کیلئے ہر فرض نماز کے بعد ایک بار سورۂ اعلیٰ پ 30 پڑھیں، اس سورۂ کے شروع میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بواسیر خونی سے نجات مل جائے گی۔

پڑھائی میں دل لگنا

بعض بچوں کا پڑھائی میں بالکل دل نہیں لگتا، وہ شرارتوں میں تیز اور کام میں سست رہتے ہیں، ہر طرف سے ان کی شکایات ملتی رہتی ہیں۔ اگر طالبِ علم جوان ہے تو عصر کی نماز پڑھ کر مغرب تک اعتکاف کی نیت سے مسجد میں بیٹھے اور اس دوران درود شریف پڑھتا رہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ پڑھائی میں دل لگے گا اور وساوس شیطانی سے نجات حاصل ہوگی اور درود شریف پڑھنے کی برکت سے لوگوں میں عزت حاصل ہوگی۔ ہر شخص محبت کی نگاہ سے دیکھے گا اور اس کی عزت کرے گا۔

* * * * *

شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

سوکھے پن کا علاج

بعض مرتبہ بچے سوکھے کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور یہ مرض انہیں ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا دیتا ہے، بچے کا گوشت گھل کر ختم ہو جاتا ہے وہ چمڑے اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ جاتا ہے اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر یَارَحِیْمُ گیارہ بار عرق گلاب میں زعفران گھول کر یا کالی پکی روشنائی سے لکھیں اور شروع میں بسم اللہ شریف لکھ کر روزانہ پانی سے دھو کر بچے کو پلائیں۔ اکتالیس دن تک مسلسل بلاناغہ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے صحت یاب ہوگا اور تندرست وتوانا ہو جائے گا۔

جانور کے پیٹ میں درد کا علاج

اکثر گھریلو جانور جن میں گائے، بھینس، بکری، بھیڑ، اونٹ کھانے میں بداحتیاطی کے سبب پیٹ کے درد کا شکار ہو جاتے ہیں اور کئی کئی دن تکلیف میں مبتلا رہتے ہیں۔ اس کے سبب دودھ بھی کم دیتے ہیں اور بعض مرتبہ کھانا پینا چھوڑ کر سست ہو جاتے ہیں جس سے کمزور ہو کر کسی قابل نہیں رہتے اس کا علاج یہ ہے کہ ایک بوتل پانی بھر کر اس پر سورۂ لہب تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض جانور کو وہ پانی صبح وشام تین دن تک مسلسل پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین دن پلانے سے جانور تندرست ہو جائے گا۔

رزق کی زیادتی اور رزق میں برکت

بعض مرتبہ انسان تنگی رزق کا شکار ہو جاتا ہے، چاہے کتنا ہی کما لے لیکن قرض سے چھٹکارا نصیب نہیں ہوتا۔ طرح طرح کے تفکرات اس کو سنبھلنے نہیں دیتے۔ وہ جتنا کماتا ہے اس سے زیادہ خرچ ہو جاتا ہے اس کیلئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔ مغرب کی

نماز کے بعد باوضو یَاعَلِیْمُ دو سو بیالیس بار پڑھا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ رزق میں خوب برکت ہوگی اور روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔

ملازمت کیلئے

بعض لوگ بے روزگاری سے تنگ آکر خودکشی کر لیتے ہیں، بعض مرتبہ مایوس ہوکر چوری، ڈاکے اور غلط لائن میں لگ جاتے ہیں جس کے سبب اہل خانہ اور پورا خاندان متاثر ہوتا ہے اور بعض مرتبہ جیل میں بند ہوجاتے ہیں اور بعض مرتبہ ایسے لوگ کسی سخت جرم میں پھانسی چڑھ جاتے ہیں۔ نوکری اور ملازمت کیلئے یہ عمل بہت مناسب اور کارآمد ہے۔ سات روز تک مسلسل بلاناغہ جمعرات، جمعہ ہفتہ، اتوار، پیر، منگل، بدھ کے دنوں میں مغرب کی نماز کے بعد مسجد میں اعتکاف کی نیت کر کے بیٹھ جائیں اور یہ عمل کریں:۔ تین ہزار مرتبہ یَاکَافِیُ، یَاغَنِیُّ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو بار آیۃ الکرسی پڑھیں اور دل میں ملازمت ملنے کی نیت رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن پورے ہونے سے پہلے ہی ملازمت مل جائے گی۔ ورنہ ایک ہفتہ یہ عمل اور کر لیں انشاء اللہ تعالیٰ اگلے ہفتے تک کوئی روزگار ضرور مل جائے گا۔

قحط سالی دور اور بارش برسنا

اگر کسی ملک میں قحط سالی ہوجائے اور بارش کی شدید ضرورت ہو اور بارش نہ ہوتی ہو تو اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام کا ورد انشاء اللہ تعالیٰ رحمت خداوندی کے نزول کا باعث ہوگا۔ خوب بارش ہوگی اور قحط سالی ختم ہوجائے گی۔ عمل یہ ہے:۔ گیارہ آدمی مل کر باوضو اول انیس مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر اکہتر ہزار بار یَاوَھَّابُ پڑھیں اس کے بعد انیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر بارش ہونے کی دعا کریں اور قحط سالی دور ہونے کی اللہ رب العزت سے دعا مانگیں یہ عمل تین دن مسلسل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب بارش ہوگی۔ جل تھل ہوجائے گی اور قحط سالی کا خاتمہ ہوجائے گا جو درود شریف انیس

مرتبہ پڑھا جائے گا وہ یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ۔

پستان (چھاتی) سے خون بہنا

بعض عورتوں کے ایک یا دونوں پستانوں سے خون بہنے لگتا ہے اور بعض مرتبہ کسی دوا سے بھی اس کا علاج نہیں ہوتا۔ بال بچے دار عورت اس سلسلے میں بہت پریشان رہتی ہے۔ اس کے علاج کیلئے یہ عمل تیر بہدف ہے اور آسان علاج ہے۔ یہ عمل اگر خود نہ کر سکے تو کسی سے کرالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر حال میں فائدہ ہوگا۔ عمل یہ ہے:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ کے اعداد سات سو چھیاسی ہیں۔ اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر ایک سو بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ پڑھے اس کے بعد گیارہ بار یَاسَلَامُ پڑھے۔ اسی طرح سات سو مرتبہ ہر سو پر گیارہ مرتبہ یَاسَلَامُ پڑھے۔ آخر میں چھیاسی مرتبہ پڑھنے کے بعد گیارہ بار یَاسَلَامُ پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ایک بوتل میں پانی بھر کر اس پر دم کر دے۔ یہ پانی روزانہ صبح کو تین چمچے اور شام کو تین چمچے کے حساب سے پی لیا کریں۔ اس کے علاوہ رات کو سونے سے پہلے یَاسَلَامُ ایک سو ساٹھ بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرلیا کریں۔ نماز کی پابند کریں اور قرآن شریف کا جتنا حصہ پڑھ سکتی ہوں اس کی روزانہ تلاوت کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

رزق کا دروازہ کھلنے کا عمل

رزق کی تنگی دور کرنے اور غیب سے رزق کا دروازہ کھلنے کے واسطے یہ عمل مکمل اور مسلسل بلا ناغہ چالیس روز کرنا ہے۔ ایک وقت مقررہ کرکے باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے اور گیارہ سو گیارہ مرتبہ یَامُغْنِیُ پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سورۂ مزمل پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل بہت مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے روزگار کے دروازے کھل جائیں گے عمل شرط ہے۔

خواجہ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

احساس کمتری سے نجات کیلئے

باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ یَاقَوِیُّ پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دل و دماغ میں تقویت ہوگی اور یہ عمل مسلسل کرنے سے احساس کمتری کا مرض ختم ہوجائے گا۔

اہل خانہ کی بیماریاں اور روزگار کی بندشیں

بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ گھر بیماریوں کا مسکن بن جاتا ہے' ایک اچھا ہوا تو دوسرا بیمار ہوجاتا ہے اور روزگار کی بندش سے روزگار ختم ہوجاتا ہے' روز بروز قرض بڑھتا جاتا ہے' گھر کا سکون و آرام سب ختم ہوجاتا ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے بعد نماز فجر باوضو اول تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں۔ اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پریشانیوں اور بیماریوں سے نجات کی دعا کریں اور رزق کی بندش کھلنے کی دُعا کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ پریشانیاں رفع ہوں گی اور گھر میں خیر و برکت کا سلسلہ شروع ہوگا اور کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اس کے ساتھ یہ عمل بھی کرلیں تو بہتر ہے:۔

چاند نظر آنے کے بعد پہلی جمعرات سے عمل شروع کریں اور تین روز تک لگاتار تین روزے رکھیں (جمعرات، جمعہ، ہفتہ) افطار سے پہلے ایک گلاس پانی بھر کر رکھ لیں اور اس پر ایک سو پچیس مرتبہ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿الشوریٰ ۱۹﴾ پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور اسی پانی سے افطار کریں۔ بعد مغرب کے دودھ یا چائے پی لیں۔ (کھانا نہ کھائیں)۔

عشاء کی نماز کے بعد تقریباً دو گھنٹے بالکل تنہائی میں قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر باضو گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد 313 مرتبہ سورۂ فلق پڑھیں اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدے میں چلے جائیں اور اللہ رب العزت سے اپنی گھریلو پریشانیوں سے نجات کی دُعا کریں۔ یہ عمل صرف تین دن کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد گھریلو پریشانیوں سے نجات ملے گی اور روزگار میں اضافہ اور خیر و برکت ہوگی۔

احساس کمتری کا خاتمہ

بعض مرتبہ انسان احساس کمتری کا شکار ہو جاتا ہے جس کے سبب نہ وہ کسی سے صحیح ڈھنگ کی بات کر سکتا ہے اور نہ ہی وہ کسی سے ملتا اور ملاقات کر سکتا ہے۔ اس کی عادت تنہائی پسند ہو جاتی ہے۔ احساس کمتری سے نجات کیلئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ یَاقَوِیُّ پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دل و دماغ میں تقویت ہوگی اور یہ عمل مسلسل کرنے سے احساس کمتری کا مرض ختم ہو جائیگا۔

جان و مال کی حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص اپنی جان کو خطرہ اور مال کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ محسوس کرے تو جان و مال کی حفاظت کیلئے ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی کے ساتھ دس ہزار مرتبہ یَاعَزِیْزُ پڑھے تو قاضی الحاجات کی طرف سے اس کے لیے فرشتے نگہبان ہو جائیں اور اس کے جان و مال کی حفاظت کریں گے اور اس شخص پر مسلسل عجائب و غرائب ظاہر ہوں گے۔ ترکِ حیوانات میں ہر قسم کا گوشت، دودھ، دہی، پرائے گھر کا دودھ، کھیر، ماش کی دال، میت میں شرکت، چمڑے کا جوتا، چمڑے کے ڈول سے پانی کھینچا ہوا، مشک کا پانی، چمڑے کی دستر خوان کا استعمال، چمڑے کے مصلے پر بیٹھنا یا نماز پڑھنا، زچگی

میں جانا، پکوان، تیل، دال مسور، گاجر، مولی، بینگن وغیرہ ان چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔ دورانِ عمل حصار کر کے پڑھے اور ان تمام چیزوں کے استعمال اور تعلق سے بچے ورنہ فائدہ کی جگہ نقصان ہوگا۔

حصار کی ترکیب:

آیۃ الکرسی ایک دفعہ، سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے اور چاروں طرف پھونک مارے اور چاقو پر دم کر کے چاقو سے اپنے چاروں طرف لکیر کھینچ لے، لکیر کہیں کٹی ہوئی نہ ہو۔

سر پر آئی ہوئی مصیبت سے نجات

اگر کسی شخص یا بہت سارے آدمیوں کو اپنے قتل یا غارت گری کا کھٹکا ہو یا کسی ظالم کی طرف سے کوئی مصیبت پیدا کرنے کا اندیشہ ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک موٹا تازہ مینڈھا جو قربانی کے جانور کی طرح تمام عیوب سے پاک وصاف ہو حاصل کرے۔ پھر اس کو کسی سنسان جگہ پر قبلہ کی طرف اس کا منہ کر کے ذبح کر دے۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ذبح کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے:۔ اَللّٰهُمَّ هٰذَا لَكَ وَمِنْكَ هٰذَا فِدَائِيْ فَتَقَبَّلْهُ مِنِّيْ۔ لیکن ذبح سے قبل یہ اہتمام ضرور کر لے کہ ایک گڑھا ضرور کھودے تا کہ اس مینڈھے کا خون اس گڑھے میں مٹی ڈال کر اچھی طرح بند کر دے اور اس مینڈھے کی کھال اُتار کر خیرات کر دے اور اس کے گوشت کے ساٹھ حصے کرے اور ساٹھ مسکینوں کو وہ گوشت تقسیم کر دے لیکن اس گوشت کا کوئی حصہ نہ خود کھائے نہ اپنے گھر کے لوگوں کو کھلائے نہ اپنے رشتہ داروں کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اس کے سر پر آنے والی مصیبت ٹل جائے گی۔ ذبح کیے جانے والا مینڈھا سال بھر کا ہو ہاں اگر اتنا موٹا تازہ ہو کہ سال بھر کا معلوم ہوتا ہو اور سال بھر والے

بھیڑ دنبوں میں چھوڑ دو تو کچھ فرق نہ معلوم ہوتا ہو تو ایسے وقت چھ مہینے کا مینڈھا بھی ذبح کرنے کے لائق ہے۔ اسی طرح اندھا' کانا' جانور نہ ہو' کان یا دُم ایک تہائی یا اس سے زیادہ کٹی ہو وہ بھی قربانی کے لائق نہیں۔ جو جانور اتنا لنگڑا ہے کہ فقط تین پاؤں سے چلتا ہے وہ بھی قربانی کرنے کے لائق نہیں ہے اسی طرح مریل جانور بالکل دبلا ہڈیوں کا ڈھانچہ اسی طرح جس جانور کے بالکل دانت نہ ہوں اس کی بھی قربانی درست نہیں ہے۔

کھیت کو چوہوں سے بچانا

بعض مرتبہ کثیر تعداد میں چوہے کھیت کی پوری فصل کو برباد کر دیتے ہیں چوہوں کو کھیت سے بھگانے اور کھیت کو محفوظ رکھنے کیلئے یہ عمل بہت مفید اور لاجواب ہے۔ اس عمل کی برکت سے چوہے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔ ایک کلو ریت لے کر باوضو تین بار سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر اس ریت پر دم کریں اور پھر اس ریت کو تمام کھیت میں تھوڑا تھوڑا چھڑک دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چوہے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔ چوہوں کو بھگانے کا دوسرا عمل یہ ہے:۔ ایک مٹکا پانی کا بھر کر رکھ لیں اور باوضو ایک سو بار یہ آیت پڑھ کر اس پانی پر دم کر دیں اور وہ پانی تمام کھیت میں چھڑک دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کھیت سے تمام چوہے بھاگ جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے:۔ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا (الاعراف 143)

* * *

شاہ سلیم چشتی رحمۃ اللہ علیہ جہان آبادی کے روحانی وظائف

رزق میں برکت

اگر کوئی شخص غریب ہے اور غربت سے نجات نہیں ملتی بلکہ روز بروز اس میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس کا آسان عمل یہ ہے کہ دن کے دس بجے تازہ وضو کرے پھر چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت ادا کرے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدے میں جائے اور ایک سو چار مرتبہ یَاوَھَّابُ پڑھے۔ ہر مہینے میں سات مرتبہ یہ عمل کر لیا کرے تو اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ چند ماہ میں مالدار ہو جائے گا اور غربت دور ہو جائے گی۔ رزق میں خوب برکت ہوگی۔

بیٹی کی شادی اور اسباب مہیا ہونا

اگر کوئی شخص بہت غریب ہو جس کے سبب بیٹی کی شادی کرنے سے مجبور ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو بعد نماز عشاء یَاوَھَّابُ یَارَزَّاقُ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے اول اور آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ اس کے بعد سجدے میں جا کر اپنے ظاہری، باطنی، چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور اپنی بیٹی کی شادی کیلئے اسباب اور رقم مہیا ہونے کی دُعا کرے اس عمل کو مسلسل بلاناغہ چالیس دن کرے۔ چالیس دن میں سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) تعداد پوری کرے، انشاءاللہ تعالیٰ چالیس دن سے پہلے ہی رقم کا بندوبست ہو جائے گا لیکن عمل چالیس دن ہی کرنا ہوگا اور سوا لاکھ تعداد پوری کرنی ہوگی۔

نوکری اور ملازمت، صحت و تندرستی

بعض لوگ صحت میں خرابی کے سبب کچھ کام نہیں کر سکتے اور کام کرنا چاہتے ہیں تو نوکری یا ملازمت نہیں ملتی اسی پریشانی میں وقت گزرتا رہتا ہے اور قرض پر قرض چڑھتا رہتا

ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے:۔

اول نماز کی پابندی کریں' باجماعت نماز ادا کرنے کی کوشش کریں۔ دوسرے یہ کہ روزانہ بعد نماز فجر باوضو اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل اس کے بعد گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر روزی کی دعا کریں۔ تیسرے یہ کہ ہر فرض نماز کے بعد سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ جمعہ کی نماز کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد باوضو روزانہ یَاوَاسِعُ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھا کریں۔ گناہوں سے بچیں اور لوگوں کی دل آزاری اور ان کو تکلیف دینے سے خود کو بچائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ ان اعمال کو کرنے سے جسمانی بیماریوں سے نجات ملے گی اور روزگار کا غیب سے انتظام ہو جائے گا۔

مالی پریشانیوں کا حل

بعض مرتبہ اخراجات زیادہ اور آمدنی کم ہونے کے سبب آدمی ہر وقت پریشان رہتا ہے اور قرض کا بوجھ بھی چڑھتا رہتا ہے' اس کے لیے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ ہمیشہ باوضو رہنے کی کوشش کرے اور نماز پابندی سے جماعت سے پڑھنے کی کوشش کرے۔ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورۂ الم نشرح (پ 30) پڑھے اور بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد دو سو تینتیس بار یَاسَلَامُ یَابَاسِطُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مالی مشکلات سے نجات کی دعا کرے اور اپنے گناہوں کی معافی چاہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام مالی مشکلات سے نجات حاصل ہوگی۔

عزت وعظمت میں اضافہ

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی مقبولیت' عزت وعظمت اور شان و بزرگی کی لوگ قدر

کریں اور اسے عزت دیں تو اسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء روزانہ پابندی کے ساتھ اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد چورانوے بار یَاعَزِیْزُ پڑھے۔ اس کے بعد تین بار یہ پڑھے۔ یَاعَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِكَ یَاعَزِیْزُ۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت وعظمت میں اضافہ کی دُعا کرے۔ چند ہفتے کرنے کے بعد انشاءاللہ تعالیٰ اس کی عزت وعظمت میں اضافہ ہوگا۔

بچے بچیوں کی شادی کیلئے

بعض مرتبہ لڑکے لڑکی شادی سے رہ جاتے ہیں ان کی عمریں ڈھل جاتی ہیں لیکن کوئی مناسب اور موزوں رشتہ نہیں ملتا' لڑکیوں کی بے بسی پر رونا آتا ہے' اس کا آسان روحانی عمل یہ ہے:۔ جس لڑکی یا لڑکے کا پیغام نہ آتا ہو اسے چاہیے کہ وہ خود پنج وقتہ نماز کی پابندی کرے اور بعد نماز عشاء باوضو سورۂ اخلاص اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ نوے دن تک کریں اور عمل کے ختم پر اللہ تعالیٰ سے اپنے رشتہ کی دعا کریں۔ انشاءاللہ

رزق میں زیادتی کا عمل

جو شخص روزی کی کمی یا نہ ہونے سے تنگ ہو یا قرض کے بوجھ میں دبا ہو کسی طرح قرض اترنے کا نام نہ لیتا ہو جس کے سبب ہر وقت پریشانی رہتی ہو یا نوکری نہ ہو جس کے سبب گھر فقر و فاقہ کا مسکن بن گیا ہو تو ایسا شخص خود یا اس کے گھر کا کوئی بھی فرد چالیس دن تک بلاناغہ بعد نماز عشاء باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے پاک دری پر بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے چار سو بار یہ دعا پڑھتا رہے۔ اس عرصہ میں ناغہ نہ کرے۔ ناغہ ہو جانے کی صورت میں دن کو کسی بھی وقت پڑھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ غیب سے روزی اور نوکری کا انتظام ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قرض بھی اُتر جائے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔ وہ دعا یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِیْعِ جُرْمِیْ وَظُلْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔

نظر بد کا علاج

بعض مرتبہ کسی کی نظر اتنی خطرناک ہوتی ہے کہ بچہ یا بڑا کھانا کھانا چھوڑ دیتا ہے اور روز بروز صحت گرتی جاتی ہے اس صورت میں ڈاکٹر' حکیم اور وید کا علاج غیر مؤثر ہوجاتا ہے کمزوری بہت زیادہ ہوجاتی ہے۔ یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر نظر والے پر دم کردیں یا عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کر کے بچے یا بڑے جس کو نظر لگی ہو اس کے گلے میں ڈال دے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَمَا اُغْنِیْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ
وَعَلَیْهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿یوسف ۶۷﴾

* * *

شاہ فتح اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

قرض کی ادائیگی کا عمل

جو شخص بُری طرح قرض میں بندھا ہوا ہو اور آمدنی کی کمی کے سبب قرض کی ادائیگی ناممکن ہو اور قرض خواہ صبح و شام اسے پریشان کرتے ہوں تو اسے چاہیے کہ بعد نماز جمعہ چند افراد چاہے اس کے دوست احباب ہوں یا گھر کے مرد و عورت وضو کریں اور پاک و صاف دری، چادر یا قالین پر مرد علیحدہ خواتین علیحدہ بیٹھ کر اول اکیس بار درود شریف پڑھیں، پھر گیارہ بار استغفار پڑھیں اس کے بعد سب مل کر اکتالیس ہزار سات سو مرتبہ یَاوَھَّابُ پڑھیں۔ آخر میں پھر گیارہ بار استغفار پڑھیں اور اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ قرض سے نجات عطا کرے۔ اس عمل کے بعد اگلے دن سے روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ یَاوَھَّابُ مقروض لگاتار چالیس دن تک خود پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس دوران ایسی جگہ سے اس کی مدد ہوگی جس کا وہ پہلے سے کوئی گمان نہیں کرسکتا تھا۔ استغفار یہ ہے:۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

وہ عمل جس کے کرنے سے ہر دعا قبول ہو

یہ عمل بہت مجرب ہے اس کی برکت سے آدمی مستجاب الدعوات بن جاتا ہے یعنی ایسا شخص جس مقصد کیلئے بھی ہاتھ اٹھا کر دعا کرے گا اس مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا جس شخص کیلئے دعا کرے گا اس کی مراد پوری ہوگی۔ عمل یہ ہے:۔ بعد نماز عشاء مکمل تنہائی کی جگہ میں یا خالی گھر میں جس میں کوئی دوسرا نہ ہو، کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر نو مرتبہ درود شریف پڑھے (نماز والا درود شریف افضل ہے وہی پڑھے) اس کے بعد پانچ ہزار چار سو بار یَاوَھَّابُ پڑھے اس کے بعد آخر میں نو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ چالیس دن تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ چالیس دن یہ عمل کرنے کے بعد تین

دن مسلسل بلاناغہ باوضو بعد نماز عشاء کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہوکر گیارہ سو بار یہ استغفار پڑھے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ تین دن یہ استغفار پڑھنے کے بعد چوتھے دن باوضو بعد نماز عشاء کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہوکر تنہائی میں اول نو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ ہزار چار سو بار یَاوَهَّابُ پڑھے، اس کے بعد نو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ یہ عمل مسلسل چالیس دن تک کرے۔ اس چلے کے بعد تین دن بعد نماز عشاء باوضو کھلے آسمان کے نیچے تنہائی میں کھڑے ہوکر گیارہ سو بار درود شریف پڑھے یہ عمل تین دن کرنے کے بعد چوتھے دن بعد نماز عشاء باوضو کھلے آسمان کے نیچے تنہائی میں کھڑے ہوکر اول نو بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ ہزار چار سو بار یَاوَهَّابُ پڑھے۔ اس کے بعد نو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ چالیس دن تک کرے۔

یہ عمل تین چلے کا مکمل ہوا۔ اس کے بعد روزانہ بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ یَاوَهَّابُ پڑھ لیا کرے۔ اول و آخر نو نو مرتبہ درود شریف ضرور پڑھ لیا کرے۔ اس میں تنہائی یا کھڑے ہوکر پڑھنا ضروری نہیں ہے۔ اس عمل کی برکت سے کرنے والا زبردست قوت کا مالک بن جائیگا۔ وہ جو بھی دعا کریگا، اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ضرور قبول ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ ظلم کی یا خلاف عادت دعا نہ کرے مثلاً بغیر شادی کے دعا کرے کہ لڑکا ہو جائے تو یہ ناممکن ہے۔ شادی کرے پھر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ جل شانہٗ ضرور بیٹا دیں گے۔

ہر قسم کا رنج وغم دور کرنا

اگر کوئی شخص فکر و رنج میں مبتلا ہو اسے چاہیے کہ صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء باوضو یہ اول تین مرتبہ درود شریف اس کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھے۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ہر قسم کا فکر و رنج دور ہو جائے گا۔

بدکار عورت سے جدائی

اگر کسی عورت کے خاوند نے یا کسی نوجوان لڑکے یا لڑکی نے کسی سے ناجائز تعلقات قائم کر رکھا ہے اور اس کو کسی صورت چھوڑنے کیلئے تیار نہیں ہے تو اس آیت کو باوضو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز پانی یا کھانے کی کسی بھی چیز پر دم کر کے ایسے شخص کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ناجائز تعلق ختم ہو جائے گا اور سخت نفرت ہو جائیگی اور ناجائز تعلق ازخود ختم ہو جائے گا۔ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰاُولِي الْاَلْبٰبِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿مائدہ ۱۰۰﴾

نوکری کیلئے انٹرویو میں کامیابی

اگر کسی عہدہ ملازمت پر بہت سے امیدواروں کی درخواستیں آئی ہوں اور انتخاب صرف چند کا ہونے والا ہو تو ایسی صورت میں کوئی امیدوار چاہے کہ میری درخواست منظور ہو تو اس کیلئے تین روز تک ایک وقت مقرر کرے باوضو سات سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام امیدواروں میں سے اس آیت کا پڑھنے والا عہدہ ملازمت پر منتخب کر لیا جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿یوسف ۷۶﴾

بدمزاج خاوند کو بااخلاق بنانا

جس عورت کا خاوند بداخلاق اور بدمزاج ہو وہ عورت باوضو تین سو مرتبہ یَابَاسِطُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خاوند کو پلائے یا کھانے پر دم کر کے کھلائے۔ یہ عمل تین روز تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خاوند اخلاق اور محبت سے پیش آئے گا۔

کنواری لڑکی کی شادی

جس شخص کی کنواری بیٹی ہو اور کوئی شخص پیغام نہ دیتا ہو اور نہ کوئی رشتہ آتا ہو تو تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے پھر ایک سو بار لڑکی کی شادی کی نیت ہے: یَالَطِیْفُ پڑھے۔ چالیس دن یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ رشتہ آجائیگا۔

شاہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

چور وغیرہ سے گھر کی حفاظت

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائیں، اگر چور آ بھی جائے تو گھر سے مال چرا کر بھاگ نہ سکے گا۔ تمام راستے اس کے لئے بند ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿بنی اسرائیل ۱۱۰﴾

استخارہ

یہ استخارہ بہت مجرب ہے، جو شخص اپنے کام کا انجام معلوم کرنا چاہتا ہے کہ اس کے حق میں یہ کام کرنا بہتر ہے یا نہیں؟ اس کو چاہیے کہ بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد دس بار سورۂ فاتحہ پڑھے اس کے بعد گیارہ سو بار سورۂ اخلاص پڑھے' آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور پاک بستر پر داہنی کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے کام کا انجام خواب میں دیکھ لے گا۔ اگر خواب کی تعبیر سمجھ میں نہ آئے تو کسی عالم دین سے اس کی تعبیر پوچھ لے۔

آسیب اور جن کو گھر سے بھگانا

ایک سفید کپڑا لیں اور اس کو ہلدی میں رنگ کر چالیس فیتے بنا لیں اور روزانہ ایک فیتا جلائیں۔ بعد نماز عشاء جلائیں، روزانہ چالیس دن تک مسلسل بلا ناغہ جلانا ہے اور اس کمرے میں فیتا جلائیں جس میں سوتے ہیں، انشاء اللہ تعالیٰ آسیب اور جن بھاگ جائیگا۔

لڑکیوں کے اچھے رشتے کے لئے

بعض مرتبہ لڑکیاں اچھے رشتوں کی تلاش میں اپنی شادی کی عمر سے آگے بڑھ جاتی ہیں

اور پھر رشتے نہیں آتے یا آتے ہیں تو اس قدر خراب ہوتے ہیں کہ اس ماحول میں لڑکی کا زندگی گزارنا جہنم سے کم نہیں ہوتا' ایسی صورت میں والدین کی پریشانی ان کو قبل از وقت بوڑھا اور بیمار بنا دیتی ہے۔ لڑکیوں کی جلد شادی اور اچھے رشتوں کیلئے یہ عمل مجرب ہے، پابندی شرط ہے اگر اس عمل کی پابندی کی جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ لڑکی کا اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے:

لڑکی خود یا اس کی والدہ یا بہن، بھائی، والد وغیرہ ہر بدھ کو باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۂ یوسف (پارہ نمبر 12) مکمل تلاوت کرے' آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر شادی کی دعا کرے۔ اسی طرح ہر پیر کو باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۂ احزاب (پارہ نمبر 21) کی تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل مسلسل کرے، ناغہ نہ کرے اور اس وقت تک کرے جب تک شادی نہ ہو جائے۔ شادی ہو جانے کے بعد چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اچھی اور مناسب جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

ہر قسم کے جادو ٹونے اور بُرے اثرات سے حفاظت

آج کل سفلی، جادو ٹونے عام ہیں، یہ سب اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے کمزور تعلق کے سبب پھیلتا جا رہا ہے اور بے شمار لوگ اس کا شکار ہو کر کاروبار، صحت، عزت، نوکری سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ لڑکیوں کے رشتے ٹوٹ گئے یا ہوتے ہی نہیں۔ بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ انسان چلا جا رہا ہے وہاں سفلی جادو کی کوئی چیز پڑی ہے اس کی جھپیٹ میں آ جاتا ہے اور ناکردہ گناہ کی سزا بھگتنے لگتا ہے۔ جادو، ٹونہ، سفلی اور جھپیٹ سے حفاظت کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے اس کی برکت سے ان سب کرتوتوں سے حفاظت رہتی ہے، وہ عمل یہ ہے۔

اول نماز پنجگانہ باجماعت پڑھیں، عورتیں اپنے گھر میں اذان ہوتے ہی نماز پڑھ لیں، نماز میں ناغہ نہ کریں نہ نماز چھوڑیں۔

ہر فرض کے بعد آیت الکرسی ایک بار، سورۂ فلق (مکمل) ایک بار، سورۂ ناس (مکمل سورت) ایک بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لیں اور سینے پر بھی پھونک مار کر دم کر لیں۔

رات کو سونے سے پہلے وضو کر لیں اور سونے سے قبل آیت الکرسی تین بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر لیں تمام بدن پر پھیر لیں، عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد باوضو ایک سو ایک بار یہ عمل پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں وہ عمل یہ ہے۔

یَاحَافِظُ یَارَزَّاقُ یَا کَرِیْمُ یَاحَلِیْمُ یَانَاصِرُ

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے سفلی اور جادو ٹونہ اور بُرے اثرات سے حفاظت رہے گی۔

بلغم اور کھانسی دور کرنے کیلئے

اگر بلغم کی وجہ سے کھانسی کی شکایت ہو تو لاہوری نمک کی سات ڈلیاں چنے کے برابر لیں اور ہر ڈلی پر سات سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں اور نہار منہ ایک ڈلی روزانہ چوس لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات روز میں بلغمی کھانسی سے کلی طور پر نجات مل جائے گی۔

ہر قسم کی دعا کی قبولیت کیلئے

اگر کوئی مشکل مرحلہ پیش آ گیا ہو اور اس کیلئے دعا کرنی ہو تو باوضو تین سو تیرہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ کے کلام کی برکت سے اس کی دُعا ضرور قبول ہو گی۔

قلب و جگر اور ہر قسم کی بیماری کیلئے

اگر دل میں درد رہتا ہو ذرا چلنے پھرنے سے دل زور زور سے دھڑکتا ہو۔ ذرا سا بھاری

کام کرنے سے سانس پھول جاتا ہو، ضعف جگر کی تکلیف ہو، معدہ کمزور ہو، پھیپھڑے متاثر ہوں ان تمام صورتوں میں یہ روحانی علاج بہت مفید اور کارآمد ہے۔ ہر جمعہ کو جمعہ کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد چینی کی تین پلیٹ سادی بغیر پھول والی لیں اور ہر پلیٹ پر باوضو ایک ایک بار آیۃ الکرسی زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر لکھیں اور ایک پلیٹ جمعہ کے دن بعد نماز عصر باوضو پانی میں گھول کر وہ پانی پی لیں۔ دوسری پلیٹ پر پیر کے دن بعد نماز عصر باوضو پانی سے دھو کر وہ پانی پی لیں۔ تیسری پلیٹ جمعرات کے دن بعد نماز عصر باوضو پانی سے دھو کر وہ پانی پی لیں۔ اس عمل کو مسلسل بلاناغہ تین ہفتے تک کرنے سے انشاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

* * *

سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

غربت دور کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص غریب ہو اور گھر میں غربت کا راج ہو' کھانے پینے میں تنگی ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو یَاوَھَّابُ تین سو مرتبہ آدھی رات کو گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر پڑھے چالیس دن عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غربت دور ہو جائیگی۔

بے روزگاری کا خاتمہ

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے ملازمت یا روزگار نہ ملتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت کامیاب ہے۔ چاند کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور چاولوں کی سفید کھیر سے روزہ افطار کرے۔ عشاء کی نماز تک کوئی نمکین چیز نہ کھائے۔ عشاء کی نماز کے بعد باوضو چودہ مرتبہ درود شریف اور اس کے بعد یَاوَھَّابُ چار ہزار ایک سو مرتبہ اس کے بعد چودہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو ملازمت مل جائے گی۔

دنیا میں معزز و مکرم بننا

جو شخص یہ چاہے کہ وہ عوام میں ہر دل عزیز اور معزز شمار ہو اور لوگ اس کی عزت کریں اور اسے قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھیں تو اسے چاہیے کہ چالیس دن تک مسلسل بلاناغہ نماز فجر کے بعد چالیس بار یَاعَزِیْزُ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے وہ لوگوں میں مکرم ہوگا اور اس کی ہر طرح کی محتاجگی ختم ہو جائے گی۔

بچوں کو بری عادات سے بچانا

بعض بچے بہت سی بُری عادتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں مثلاً بعض بچے ہر وقت انگوٹھا چوستے رہتے ہیں یا بعض بچے ہر وقت چینی پھانکتے رہتے ہیں یا بعض بچے ٹھیکری اور مٹی کھاتے ہیں اور اپنی عادتوں سے باز نہیں آتے۔ مار پیٹ اس سلسلے میں بیکار ہے

کیونکہ بچہ تھوڑی دیر بعد وہی کام کرے گا۔ ایسے بچوں کی غلط عادت چھڑانے کیلئے روزانہ باوضو ایک سو اکتیس مرتبہ یَاسَلَامُ پڑھ کر بچے پر دم کر دیا کریں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک بچہ اس عادت سے باز نہ آجائے اور بُری عادت کو نہ چھوڑ دے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے جلد ہی بچہ رُک جائے گا اور بُری عادت چھوڑ دے گا۔

آسیب و جن سے نجات

بعض لوگوں کے ساتھ آسیب و جن طرح طرح کے کرشمے دکھاتے ہیں اور قسم قسم کے وہم میں مبتلا رکھتے ہیں جس کے سبب نہ وہ گھر والوں کے ساتھ صحیح رہتے ہیں اور نہ ہی کوئی کام کرتے ہیں تمام دن بے کار اور لایعنی کاموں میں صرف کر دیتے ہیں۔ بعض بار بار وضو پر وضو کرتے رہتے ہیں۔

بعض ہر وقت کپڑے پاک کرتے رہتے ہیں بعض تو کرسی چادر، چارپائی، دری، مصلیٰ ہر چیز ہر وقت دھوتے رہتے ہیں لیکن ان کا وسوسہ ختم ہی نہیں ہوتا اور جن و آسیب ان کو بے کار کاموں میں لگائے رکھتے ہیں۔ اس کیلئے مریض کے دونوں کانوں میں سات سات مرتبہ اذان دیں اور سات مرتبہ یہ آیت دونوں کانوں میں پڑھ کر سنائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی وہم اور وسوسوں سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهٰدَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخٰلِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿الحشر ۲۴﴾

پیٹ کی خرابی اور گیس سے نجات

روزانہ نہار منہ پانی کے ایک گلاس پر باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سات بار الحمد شریف (سورۂ فاتحہ مکمل) پڑھے اس کے بعد تین بار درود شریف پڑھے اور اس گلاس پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دے۔ یہ عمل اکیس دن تک بلاناغہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی جملہ بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔

مرگی دور کرنے کے لیے

اگر کسی شخص کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں اور وہ پریشان رہتا ہو تو اس مریض پر روزانہ گیارہ بار باوضو آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مرگی کے مرض سے نجات حاصل ہو جائے گی۔ یہ عمل مسلسل تین روز تک کرنا ہے۔

جن، بھوت اور موذی جانوروں سے حفاظت

ہر قسم کی اذیت دینے والی مخلوق اور تکلیف پہنچانے والے جانوروں سے حفاظت کیلئے رات اپنے گھر یا ٹھہرنے کی جگہ پر آیۃ الکرسی ایک بار باوضو پڑھ لیا کرے تو آیۃ الکرسی اس کے لیے ڈھال بن جائے گی اور پڑھنے والا اور اس کے اہل خانہ صبح تک جنات و شیاطین کے علاوہ تمام موذی اور تکلیف پہنچانے والے جانوروں سے محفوظ رہیں گے۔

مکان سے جنات نکالنا

اگر کسی مکان سے جنات کا اثر ہو تو چار بتاشے والی میخ (موٹی پھلی والی کیل) لے کر ہر میخ پر باوضو اکیس بار سورۂ والسماء والطارق (پ 30) کی آخری دو آیتیں پڑھ کر دم کر دیں اور باوضو اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر مکان کے ہر کونے میں ایک ایک کیل گاڑ دیں (ٹھونک دیں) انشاء اللہ تعالیٰ تمام جنات اس مکان سے رخصت ہو جائیں گے وہ آیتیں یہ ہیں:۔

اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا ﴿۱۵﴾ وَّ اَكِیْدُ كَیْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا (الطارق ۱۷)

شاہ رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

آسیب اور جن سے نجات

اگر کسی پر آسیب یا جن کا سایہ ہو اور کسی طرح دور نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل عزیمت باوضو سات کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے اور سات روز تک روزانہ ایک باوضو گھول کر مریض کو پلائے۔ سات دن بلا ناغہ پلانے سے انشاء اللہ آسیب یا جن دفع ہوگا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے:۔ عَلِیْمًا مَلِیْقًا تَلِیْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ طَلِیْقًا۔

آسیب کی شرارتوں سے نجات

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو اور وہ طرح طرح سے شرارتیں کرتا ہو اور اپنی حرکتوں سے باز نہ آتا ہو تو باوضو گیارہ بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور یہی کلمات گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے آسیب کی شرارتوں سے نجات حاصل ہوگی۔

مسان کا علاج

نیلے رنگ کے سوت کے اکتالیس تار (دھاگے) لیں۔ پیشانی کے بال سے پاؤں کے انگوٹھے تک ان کو یکجا کر کے سورۂ طارق پارہ 30 باوضو پڑھ کر ایک گرہ لگا دیں اور اس پر دم کر دیں۔ اسی طرح پڑھتے جائیں اور گرہ لگاتے جائیں اور گرہ پر دم کرتے جائیں۔ اسی طرح اکتالیس مرتبہ سورۂ طارق پڑھ کر اکتالیس گرہ لگائیں اور ان گرہوں پر ساتھ ساتھ دم بھی کرتے جائیں۔

یہ دھاگہ حاملہ عورت کے پیٹ کے نیچے باندھ دیں اور ہر حالت میں بندھا رہے۔ جب بچہ پیدا ہو تب یہ گنڈہ کھول کر بچے کو نہلا کر اس کے گلے میں ڈال دیں اور یہ گنڈہ

سات سال تک بچے کے گلے میں پڑا رہے سات سال پورے ہو جائیں تو گنڈے کو پتھر یا اینٹ کے ساتھ باندھ کر سمندر، دریا، نہر یا جھیل میں ڈال دیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا۔ بچہ صحیح و سالم اور تندرست پیدا ہو گا اور لمبی عُمر کا ہو گا۔ یہ انتہائی مجرب عمل ہے۔

سوکھے کا کامیاب علاج

اگر کوئی عورت، بچہ یا بڑا سوکھے کے مرض میں مبتلا ہو اور اس کا بدن روز بروز سوکھتا جا رہا ہو اور گوشت گل کر ختم ہو گیا ہو اور مریض چمڑے اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا ہو تو ایسے مریض کے لیے تیرہ مرتبہ قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیت کو کسی بھی دن باوضو بعد نماز عشاء پڑھ کر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھ لے۔ پھر اس تیل کو مریض کے جسم پر مالش کرے یہ عمل رات کو بعد نماز عشاء کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن میں مریض صحت یاب و تندرست ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَاط اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰىۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

گھریلو رنجش کا خاتمہ اور گھر میں امن

انسانی زندگی میں بعض مرتبہ ایسے مراحل آجاتے ہیں کہ وہ حالات سے پریشان ہو جاتا ہے۔ گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا، بات بات پر لڑائی اور ہر وقت کی رنجش سے گھر سے خیر و برکت اٹھ جاتی ہے۔ گھر کی رونق ماند پڑ جاتی ہے۔ گھر میں کسی کا دل نہیں لگتا۔ گھر اجاڑ اور جنگل کا نمونہ بن جاتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ سب سے پہلے یہ بات کہ گھر کا ہر فرد نماز کا پابند ہو جائے اور ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھے: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ایک تسبیح درود شریف ابراہیمی کی، عشاء کی نماز کے بعد ایک سو اکتیس مرتبہ يَا سَلَامُ اس کے بعد 360

مرتبہ یَالَطِیْفُ پڑھا کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں آپس کی رنجش ختم ہوگی۔ گھر میں امن وسلامتی کا ماحول قائم ہوگا۔ نیز رزق میں برکت ہوگی اور روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔

درد کا علاج

اگر جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو تو اس کے لیے زیتون کا تیل ایک چھوٹی بوتل میں لے کر سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) چالیس بار پڑھ کر دم کرے اور اس تیل کی مریض روزانہ سوتے وقت درد کی جگہ مالش کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہوجائے گا۔

کام میں آسانی اور سہولت کیلئے

ہر قسم کے کام میں آسانی اور سہولت کیلئے اور کاروبار میں ترقی کیلئے بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف پڑھ کر 360 بار یَا کَرِیْمُ پڑھیں۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر رزق میں ترقی کی دعا کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی ہوگی اور سب کام آسانی سے انجام پائیں گے۔ مشکلات ختم ہوں گے۔

لاعلاج مرض کا علاج

بعض مرتبہ مرض کا پتہ نہیں چلتا اور علاج ہوتا رہتا ہے لیکن مرض کی جڑ ہاتھ نہ آنے سے علاج سے فائدہ نہیں ہوتا۔ مریض دوا استعمال کرکر کے پریشان ہوجاتا ہے۔ روپیہ بھی بہت خرچ ہوتا ہے اور مریض کی تکلیف بھی دور نہیں ہوتی۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ روزانہ بعد نماز فجر باوضو سورۂ فاتحہ سات بار پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے مریض کو صبح ناشتہ سے قبل پلائیں اور بعد نماز عشاء باوضو سورۂ الم نشرح سات بار پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے سوتے وقت پلائیں۔ یہ عمل مسلسل اور بلاناغہ اکیس دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد ہی صحت یاب ہوجائے گا۔

چڑچڑاپن، بے جا غصہ، بے چینی دور

بعض مرتبہ کام کے دباؤ کے تحت اور بعض مرتبہ قرض بڑھتے رہنے سے، بعض مرتبہ

آمدنی کم ہونے یا ختم ہو جانے سے یا بعض مرتبہ فضول وہم و شک کا شکار ہو جانے سے آدمی بات بات پر لڑتا ہے۔ بے جا غصہ کرتا ہے۔ گھر والوں کو مارتا ہے پیٹتا ہے اور طرح طرح سے سب کیلئے عذاب بن جاتا ہے۔ اگر کسی پر یہ کیفیت طاری ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ سب سے پہلے ایسا شخص نماز کی پابندی کرے اور ہر حال میں باجماعت نماز ادا کرنے کی کوشش کرے اور دوسری بات یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اول کلمہ پڑھے اور ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور روزانہ بعد نماز عشاء باوضو تین سو ساٹھ مرتبہ یَامَالِكُ یَامَجِیْدُ اور جمعہ کے دن تین سو مرتبہ درود شریف بعد نماز عصر پڑھیں یہ عمل چالیس دن کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حالات حسب سابق بہتر ہو جائیں گے۔

* * * * *

شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

آسیب وسحر کا علاج

آسیب وسحر سے نجات کیلئے چالیس دن گھر میں بلند آواز سے سورۂ بقرہ (پ 1) کی تلاوت کی جائے اور ایک کورے مٹکے کو دھو کر اس میں پانی بھر کر اس پر دم کریں اور یہ پانی سب اہل خانہ چار وقت پئیں اور چار وقت ہی مکان کے ہر ہر کونے میں چھڑکیں البتہ غسل خانہ و پاخانہ میں نہ چھڑکیں۔ اسی طرح اس کے ساتھ ساتھ یہ عمل بھی کریں کہ روزانہ چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اور چالیس چالیس بار معوذتین (سورۂ ناس اور سورۂ فلق) پڑھ کر اسی مٹکے کے پانی پر دم کر دیں۔

پانی پینے اور چھڑکنے کے اوقات مندرجہ ذیل ہیں:۔ 1۔ صبح ناشتہ سے پہلے۔ 2۔ دوپہر کو گیارہ بجے۔ 3۔ بعد نماز عصر۔ 4۔ بعد نماز عشاء۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ سحر و آسیب کے اثرات سے نجات حاصل ہوگی، بند کام کھل جائیں گے۔ ترقی شروع ہو جائے گی صحت بحال ہوگی اور ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل ہوگی۔

کام ہر قسم کی رکاوٹیں دور کرنا

بعض مرتبہ لوگ حسد و بغض کی وجہ سے سفلی، جادو ٹونہ کرا کے چلتے ہوئے کاروبار میں رکاوٹیں پیدا کر دیتے ہیں۔ اچھا چلتا ہوا کاروبار ٹھپ ہو جاتا ہے اور قدم قدم پر رکاوٹیں ہو جاتی ہیں۔ ان رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے یہ عمل بہت مؤثر ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی اور کاروبار چل نکلے گا۔ یہ عمل ایک سو اکیس دن بلاناغہ کرنا ہے۔ روزانہ تین سو بار درود شریف مسلسل ایک سو اکیس دن پڑھے اس کے بعد ایک سو اکیس دن مسلسل درج ذیل آیات پڑھے:

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ

يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿القلم ۵۲﴾

جہاں تک ممکن ہو روزانہ کچھ نہ کچھ خیرات دی جائے۔ انشاء اللہ۔ اس عمل کی برکت سے تمام رکاوٹیں دُور ہو جائیں گی۔

دکان میں برکت اور دکان چوری سے محفوظ

جو شخص کاروبار کی مندی سے پریشان ہو اور کبھی کبھی دکان میں چوری بھی ہو جاتی ہو تو اسے چاہیے کہ دکان کھولنے سے قبل تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور دکان بند کرتے وقت تین مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دکان کی بندش ختم ہو جائے گی اور دکان میں چوری بھی نہیں ہوگی۔ نیز نماز کی پابندی کرے اور ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی، تین مرتبہ سورۂ الم نشرح، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ قدر پڑھتے رہیں اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی ہوگی اور آمدنی میں بے حد اضافہ ہوگا اور کاروبار چمک جائے گا۔

پیشاب میں جلن کا مرض

بعض لوگوں کو پیشاب میں شدید جلن ہوتی ہے اس سے مریض کو سخت تکلیف ہوتی ہے اور پیشاب میں رکاوٹ ہوتی ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ سوا پاؤ (تین سو گرام) خالص شہد لے کر باوضو ایک سو ستائیس بار یَاسَلَامُ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ صبح و شام تین تین چائے کے چمچے مریض کو کھلائیں۔ اس دوران تیز نمک اور سُرخ مرچ کا پرہیز کرنا ضروری ہے۔ چالیس دن کے استعمال سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

آسیب و جن سے حفاظت

بعض مرتبہ جن کسی بات پر ناراض ہو جاتا ہے اور متعلقہ شخص کو قدم قدم پر نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ بنا بنایا کام بگاڑ دیتا ہے اور طرح طرح سے تکلیف پہنچاتا

ہے اور اہل تعلق دوستوں کو مخالف بنا دیتا ہے ایسے آسیب اور جن سے حفاظت کیلئے سورۂ حشر کی آخری تین آیات فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پھیر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے جن کی شرارتوں اور ایذاء رسانیوں سے حفاظت رہے گی۔

بے روزگاری اور قرض

بعض مرتبہ بے روزگاری تو پریشانی کا سبب بنتی ہے اس پر قرض کا بوجھ انسان کا دل و دماغ ناکارہ بنا دیتا ہے۔ انسان ہر وقت پریشان رہتا ہے، کسی کام میں اس کا دل نہیں لگتا۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اس سے صحیح اور مناسب روزگار بھی مل جائے گا اور قرض سے بھی آہستہ آہستہ نجات مل جائے گی۔ سب سے پہلے نماز باجماعت کی پابندی ہے۔

نماز پڑھنے والا ہی ہر وقت پاک وصاف رہ سکتا ہے۔ جو شخص ناپاک رہتا ہو وہ کیا ذکر الٰہی کرے گا اور ناپاک آدمی کی دعا اور ذکر الٰہی کا اثر کب ہوگا؟ لہٰذا ہر قسم کا عمل کرنے والے کو ہر حال میں نماز کی پابندی کرنا لازم ہے۔ ورنہ سب عمل بیکار ہیں۔ نماز کی پابندی کے ساتھ ساتھ روزانہ ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھنا ضروری ہے اس کے علاوہ روزانہ کسی بھی وقت باوضو تین سو ساٹھ مرتبہ یَارَزَّاقُ یَاوَاسِعُ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دو چلے یعنی اسی دن عمل کرنے سے باعزت روزگار مل جائے گا اور رفتہ رفتہ قرض سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

پیٹ کے مرض اور درد سے شفاء

بعض مرتبہ سحر کی وجہ سے اور بعض مرتبہ کسی مرض کے سبب پیٹ میں مسلسل درد اور اینٹھن رہتی ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بڑا مفید ہے۔ روزانہ بعد نماز فجر سات مرتبہ باوضو سورۂ فاتحہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے نہار منہ (کچھ کھانے پینے سے قبل منہ دھو

کر) پی لیا کریں اور رات کو بعد نماز عشاء سوتے وقت سورۂ فلق اور سورۂ ناس، سات سات مرتبہ باوضو پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ لگاتار چالیس دن عمل کرنے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ جادو، سفلی، سحر کا اثر بھی دور ہو جائیگا۔

* * *

شاہ ارشاد دیستانی رحمۃ اللہ علیہ کے لاجواب وظائف

گھر میں آسیبی اور جناتی اثر دور کرنا

اگر کسی گھر میں آسیب یا جن کا اثر ہو اور کسی طرح دور نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت ہی مجرب اور فائدہ مند ہے، روزانہ ایک مقررہ وقت پر ایک ہی بیٹھک (نشست) میں پوری سورۂ بقرہ بلند آواز سے تلاوت کریں اور ایک کورے مٹکے میں پانی بھر کر اس پر دم کریں اور وہ پانی غسل خانے، پاخانے والی جگہ کو چھوڑ کر تمام گھر کے کونوں میں ہلکا ہلکا چھڑکیں، پانی ان چار اوقات میں چھڑکا جائے:

1۔ صبح سات بجے (بعد نماز فجر)۔ 2۔ دن کے گیارہ بجے۔ 3۔ بعد نماز عصر۔ 4۔ بعد نماز عشاء۔ اور رات کو بعد نماز عشاء اتنی اونچی آواز میں کہ آواز گھر سے باہر نہ نکلے، چاروں طرف منہ کر کے اذان دیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کریں، انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں سے جنات اور آسیب کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور گھر رہنے کے قابل ہو جائے گا۔ برکت ہی برکت پیدا ہو گی۔

درد سر کی جھاڑ

اگر کسی کے سر میں درد ہوتا ہو اور کسی علاج سے نہ جاتا ہو اس کے لیے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ مریض کے سر پر اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت مریض کو درد سے آرام ملے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔ لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ۔

کان کے درد کا علاج

اگر کسی شخص کے کان میں اکثر درد رہتا ہو تو اس کیلئے باوضو اکیس مرتبہ یَاسَمِیْعُ پڑھ کر مریض کے کان میں پھونک دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد ٹھیک ہو جائے گا۔

ہچکی کا علاج

بعض مرتبہ ہچکیاں اس قدر آتی ہیں کہ آدمی کے سینے میں درد ہونے لگتا ہے اور وہ حد سے زیادہ پریشان ہوجاتا ہے۔ ہچکی بند کرنے کیلئے ایک گلاس پانی تین سانس میں پئیں اور ہر سانس میں سات مرتبہ یَاحَفِیْظُ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہچکی آنا بند ہوجائے گی۔ نیز یہ کہ گنے کی گنڈیری کھانے سے اور کچھ دیر سانس روکنے سے بھی ہچکیاں بند ہوجاتی ہیں۔

احتلام سے حفاظت

بعض مرتبہ احتلام کی کثرت سے صحت برباد ہوتی ہے اور نماز کا معاملہ بھی گڑبڑ ہوجاتا ہے اور گرم اشیاء کھانے سے تو یہ مرض بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ سورۂ معارج (پارہ 29) باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر سوتے وقت اپنے تکیے کے نیچے رکھ لیا کرے اور سونے سے پہلے وضو کرے اور ایک مرتبہ سورۂ طارق (پ 30) پوری پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے دونوں ہاتھ اپنے پورے جسم پر پھیر لے۔ چالیس دن یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی یہ مرض جاتا رہے گا اور اگر اس عمل کو معمول بنالے تو بہت بہتر ہے۔

ماں کے دودھ میں اضافہ کیلئے

بعض عورتوں کے پستانوں میں دودھ بہت کم ہوتا ہے اس کے سبب بچہ بھوکا رہتا ہے اور ہر وقت روتا رہتا ہے۔ روتے روتے چڑچڑا ہوجاتا ہے اور سوکھتا جاتا ہے۔ ماں کے دودھ میں اضافہ کیلئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد یہ دو آیتیں ایک سو ایک مرتبہ باوضو پڑھیں۔ آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور بارش کی ایک بوتل پانی پر دم کرکے رکھ لیں اور اس پانی کو ایک گھونٹ بعد نماز فجر اور ایک گھونٹ بعد نماز مغرب پی لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ

خوب پیدا ہوگا۔ تنبیہ: اگر بارش کا پانی نہ ملے تو دریا، تالاب، جھیل، چشمہ، نہر کا پانی لے لیں ورنہ سات کنویں کا پانی یا سات نلکوں کا پانی لے لیں۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ (ھود42)

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ (الرحمٰن 50)

زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج

گاؤں دیہات میں اکثر زہریلے جانور ہوتے ہیں اور وہاں سے ڈاکٹر بہت دور ہوتے ہیں یا وقت پر نہیں ملتے۔ ایسی صورت میں مریض کی ہلاکت کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس کیلئے یہ عمل ہر زہریلے جانور کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔ قرآن پاک کی یہ آیت ایک سانس میں سات مرتبہ پڑھ کر زخم کی جگہ ہاتھ پھیرتے ہوئے دم کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً زہر کے اثرات زائل ہو جائیں گے اور مریض کو سکون ملے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

وَإِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ (الشعراء130)

رزق میں ترقی اور زیادتی کیلئے

بعض مرتبہ گھر کا کنبہ زیادہ اور آمدنی کم ہوتی ہے اس کے سبب گھر میں ہر وقت پریشانی رہتی ہے، خرچ کسی طرح پورا نہیں ہوتا۔ صبح کھا لیا تو شام کو فاقہ اور شام کو کھا لیا تو صبح کو فاقہ۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورۂ الم نشرح مکمل تین مرتبہ، سورۂ فاتحہ مکمل ایک مرتبہ، سورۂ قدر مکمل تین مرتبہ پڑھا کریں۔ عشاء کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ یَارَزَّاقُ یَاوَاسِعُ پڑھیں۔

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ نماز کی ہر حال میں پابندی کریں اور باجماعت نماز پڑھنے کی عادت ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں ترقی ہوگی اور بے گمان جگہ سے رزق کے دروازے کُھل جائیں گے۔ عمل شرط ہے، یہ عمل تین چلے تک

یعنی ایک سو بیس دن مسلسل کریں۔ ناغہ نہ کریں۔

آسیب و جن سے نجات

اگر کسی شخص کو جن یا آسیب ستاتا ہو اور اسے جن یا آسیب کا اثر محسوس ہوتا ہو تو صبح و شام یعنی بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب یہ عمل پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب یا جن چلے جائیں گے اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ وہ پڑھنے کا عمل یہ ہے:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس۔

* * *

شاہ کریم بخش امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

ظالموں کے چنگل سے آزادی

اگر کوئی شخص ظالموں میں پھنس جائے یا ظالم اسے چاروں طرف سے گھیر لیں یا ظالم اس پر مسلط ہو جائیں ان سے گلوخلاصی مشکل ہو رہی ہو تو ناخن سے بغیر روشنائی کے صرف (ط) ''طا'' ایک مرتبہ لکھے اور اسی لفظ ''طا'' کو ایک سانس میں نو (۹) مرتبہ پڑھ کر وہاں سے نکل جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کوئی اس کا راستہ روکنے پر قادر نہ ہو سکے گا' سب دشمن ناکام ہو جائیں گے۔

مرگی دور کرنے کیلئے

اگر کسی شخص کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں اور وہ پریشان رہتا ہو تو اس مریض پر روزانہ گیارہ بار باوضو آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مرگی کے مرض سے نجات حاصل ہو جائے گی۔ یہ عمل مسلسل تین روز تک کرنا ہے۔

آسیب یا جن سے نجات

آسیب یا جن سے نجات کیلئے اول سورۂ قریش کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ بروز جمعرات بعد نماز عشاء سورۂ قریش (پ 30) باوضو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے۔ اسی طرح یہ عمل چالیس روز تک بلاناغہ کرے۔ اس دوران ترک حیوانات اور پرہیز جلالی کرے۔ چالیسویں روز شیرینی معصوم بچوں میں تقسیم کرے اور اس کا ایصال ثواب بزرگوں کی طرف کرے کہ اے اللہ یہ مٹھائی جو میں نے بچوں کو کھلائی ہے' اس کا ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو پہنچے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے طفیل میں تمام بزرگان دین کو پہنچے۔ چلہ پورا ہونے کے بعد روزانہ سورۂ قریش اکیس مرتبہ پڑھ لیا کرے اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن بیالیس مرتبہ پڑھ لے اگر دو دن

ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تریسٹھ بار پڑھ لے۔ اگر تین دن مسلسل ناغہ ہو گیا تو عمل ٹوٹ گیا۔ اب دوبارہ چلہ کرے۔ ترک حیوانات جلالی یہ ہے:۔ پیاز، لہسن، گوشت ہر قسم کا، انڈا، مچھلی، مولی، گاجر، بینگن، دال مسور، دال ماش، دودھ، دہی، کچی مٹھائی، پکوان، تیل، اغیار کے گھر کی کھیر، چمڑے کی جوتی نہ پہنے، چمڑے کا ڈول استعمال نہ کرے، چمڑے کے دستانے چمڑے کے موزے استعمال نہ کرے۔ چمڑے کے مصلّے پر نہ بیٹھے نہ نماز پڑھے، نہ چمڑے کا لباس پہنے۔ ان سب چیزوں کا پرہیز چالیس دن تک کرنا ہے اگر پرہیز ٹوٹ گیا تو عمل ختم ہو جائے گا۔ چلّے کے بعد سب کھا پی سکتے ہیں۔

سورۂ قریش کا چلہ کرنے کے بعد مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہوں گے۔ 1۔ اگر عامل کسی آسیب زدہ کو اپنا سلام کہلا کر بھیجے گا تو آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔ 2۔ اگر عامل سات مرتبہ باوضو سورۂ قریش پڑھ کر عطر یا پھول پر دم کر کے مریض کو سنگھا دے گا تو آسیب فوراً حاضر ہو گا۔ 3۔ اگر عامل یہ چاہے کہ آسیب مریض ہی کے بدن میں قید ہو جائے تو تین گنڈے نیلے رنگ کے بنائے ہر گنڈے میں سات سات ڈورے (دھاگے) ہوں گے۔ گنڈہ سوتی دھاگے کا ہو گا۔ ہر گنڈہ میں سات گرہ لگیں گی۔ اول گنڈہ جو مریض کے گلے میں باندھا جائے گا اس میں درمیان کی تین گرہ تین پھندوں کی لگائے اور ہر گرہ پر گیارہ گیارہ بار سورۂ قریش پڑھ کر دم کرے۔ باقی چار گرہ پر سات سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر دم کرے۔ اسی طرح دو گنڈے اور تیار کرے اور انہیں مریض کے دائیں اور بائیں بازو پر باندھ دے۔ جب تک یہ گنڈے نہیں کھولے جائیں گے آسیب بھاگ نہیں سکے گا۔ 4۔ اگر عامل باوضو سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کے من پر چھینٹے مارے گا تو آسیب چیخے گا اور چلائے اور مثل آگ کے جلے گا۔ 5۔ اگر آسیب دوران گفتگو پریشان کرتا ہو تو ایک سو ایک مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر عطر یا پھول پر دم کر کے مریض کو سنگھائے۔ انشاء اللہ

آسیب یا جن عاجز اور تنگ ہو کر راہ فرار اختیار کرے گا اور بھاگ جائے گا۔ 6۔ اگر مریض کو عامل باوضو سورۂ قریش گیارہ مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو ہر مرض سے نجات ملے گی۔

انسان میں روحانی انقلاب پیدا کرنا

اگر کوئی انسان گناہوں میں ہر وقت مبتلا رہتا ہو۔ نماز، روزہ اور نیکی کی طرف اس کا دل متوجہ نہ ہوتا ہو اور وہ پریشان رہتا ہو کہ کسی طرح میرے اندر روحانی تبدیلی پیدا ہو اور میں نیک و صالح زندگی گزاروں، گناہوں سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے چھٹکارا حاصل ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس عمل کو کرنے سے دل کی دنیا بدل جائے گی اور روحانی انقلاب پیدا ہو گا۔ ہر وقت نیکی طرف دل مائل رہے گا۔ گناہوں سے نفرت اور بے زاری پیدا ہو گی۔

وہ عمل یہ ہے:۔ بعد نماز عشاء روزانہ ایک سو بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک ہزار بار اَللّٰہُ اَللّٰہُ پڑھیں۔ اس کے بعد ایک تسبیح درود شریف کے کی پڑھیں اور بعد نماز فجر تین سو ساٹھ بار یَامَالِکُ پڑھیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دل نیکی کی طرف از خود مائل ہو گا اور رزق کی فراوانی ہو گی۔ گھر اور آمدنی میں خوب برکت ہو گی۔ اس عمل کو مسلسل جاری رکھیں تو ہمیشہ فائدہ میں رہیں گے۔

آگ کی بندش کھولنا

بعض مرتبہ حلوائی، بھٹیارے، پکوڑے بنانے والے کی آگ باندھ دی جاتی ہے جس سے حلوائی کی مٹھائی اور دودھ کچے رہ جاتے ہیں، پوری طرح نہیں پکتے اسی طرح بھٹیارے کا تندور باندھ دیا جاتا ہے جس سے تندور کی روٹیاں تندور میں گرتی رہتی ہیں یا روٹیاں کچی نکلتی ہیں، پوری طرح نہیں پکتی ہیں اور کبھی کبھی روٹیاں جل جاتی ہیں۔ اسی طرح پکوڑے بنانے والے کے پکوڑے کچے نکلتے ہیں اور پوری طرح نہیں پکتے

یا چولہے میں پوری طرح آگ جل رہی ہے لیکن کھانا پوری طرح نہیں پکتا۔ بعض لوگ حسد اور بغض کے سبب آگ کو سفلی عمل کے ذریعے باندھ دیتے ہیں اور اس کے پکانے کی قوت سلب ہو جاتی ہے۔ اس کے لیے یہ آیت بہت کارگر ہے۔ اس عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ آگ کی بندش دور ہوگی اور آگ کھل جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمُ۔ اِنَّہُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا
وَّاَکِیۡدُ کَیۡدًا
فَمَہِّلِ الۡکٰفِرِیۡنَ اَمۡہِلۡہُمۡ رُوَیۡدًا

101 بار صبح و شام‘ اول و آخر گیارہ بار درود شریف‘ چالیس دن پڑھیں۔

* * * * *

سخی عبدالرحمٰن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

شوہر کو راہ راست پر لانے کے لیے

بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین سو ساٹھ بار یَاوَدُوْدُ پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر شوہر کے دل کے نرم ہونے کی دعا کریں۔ یہ عمل بیوی کرلے یا اولاد میں سے بیٹی یا بیٹا عمل کرلے۔

شوہر کی بے راہ روی کی اصلاح

شوہر گھر کا حاکم ہے۔ بعض مرتبہ وہ ایسی حرکتیں کرتا ہے جس سے بیوی بچے سب پریشان ہوجاتے ہیں وہ اپنی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کرتا اور گھر میں لڑائی جھگڑا اور دنگا فساد پیدا کرتا رہتا ہے جس سے گھر کا سکون برباد ہوجاتا ہے۔ شوہر کو راہ راست پر لانے کے لیے بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین سو ساٹھ بار یَاوَدُوْدُ پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر شوہر کے دل کے نرم ہونے کی دعا کریں۔ یہ عمل بیوی کرلے یا اولاد میں سے لڑکا یا لڑکی کرلے لیکن یہ عمل چالیس دن کریں اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس گیارہ گیارہ بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے شوہر کو روزانہ پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر انسانیت کے دائرے میں آجائے گا اور غلط حرکتوں سے باز آجائے گا۔

بخار کا تعویذ

اگر کسی شخص کو مسلسل بخار آرہا ہو اور وہ کسی صورت میں اترتا ہی نہ ہو تو اس کیلئے یہ تعویذ بہت پُراثر ہے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں بخار اُتر جائے گا اور مریض تندرست ہوجائے گا۔

وہ تعویذ یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بسم الله وبالله محمد رسول الله قلنا ینار کونی بردا وسلاما علی ابراهیم وارادوابه کیدا فجعلنهم الاخسرین اللهم رب جبرائیل ومیکائیل واسرافیل اشف صاحب هذا الکتاب بحولك وقوتك وجبروتك اله الحق۔

سکون قلب کیلئے

بعض مرتبہ بلاوجہ سکون قلب ختم ہوجاتا ہے۔ دل کو کسی صورت چین نہیں ملتا۔ رات کو نیند نہیں آتی یا نیند بار بار ٹوٹ جاتی ہے' آنکھ کُھل جاتی ہے جس کے سبب دن بھر جسم اور سر بوجھل رہتا ہے کسی کام میں دل نہیں لگتا۔ سُستی اور کاہلی کے سبب کوئی کام دلجمعی کے ساتھ انجام نہیں پاتا۔ بعض مرتبہ کام خراب ہوجاتا ہے۔ گھر میں سب کچھ ہونے کے باوجود سکون نہیں ملتا' اس کیلئے یہ عمل فائدہ مند ہے۔ بعد نماز عشاء درج ذیل کلمات ایک سو ستر بار پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ بَعۡدَ الۡغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا ط

یہ عمل چالیس دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دن کو چین ملے گا اور سکون سے رات کو نیند آئے گی۔ بے چینی دُور ہوگی۔

بواسیر کا علاج

بواسیر ایسا مرض ہے جس سے انسان ہر وقت تکلیف میں رہتا ہے۔ خونی بواسیر اس قدر شدید ہوتی ہے جسم کا تمام خون نکل جاتا ہے اور انسان پیلا زرد ہوجاتا ہے۔ خون نکل جانے سے انتہائی کمزور اور لاغر ہوجاتا ہے۔ اس کیلئے یہ چھلا بہت مفید ہے۔

عمل یہ ہے:۔

خالص حلال اور پاک کمائی سے ایک خالص چاندی کا چھلا خریدیں اور رمضان

المبارک کے آخری بدھ کو ایک کٹورے میں تھوڑا سا پانی لے کر اس پر سات مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھیں درمیان میں سات مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر اس پانی پر دم کریں اس کے بعد چاندی کے چھلے کو آگ پر تپائیں جب وہ خوب گرم اور سرخ ہو جائے تو دم کیے ہوئے پانی میں اس کو ڈال دیں اور مریض کے دائیں ہاتھ کی کسی بھی انگلی میں پہنا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر سے نجات حاصل ہوگی۔

جسم کے کسی حصے میں درد کا علاج

بعض مرتبہ جسم کے کسی حصے میں شدید درد ہو جاتا ہے کہ آدمی کسی کام کے قابل نہیں رہتا اور بعض مرتبہ کسی دوائی کے استعمال سے وقتی طور پر رُک جاتا ہے جب دوائی کا اثر ختم ہو جاتا ہے تو پھر ہو جاتا ہے۔ اس کیلئے یہ عمل کافی پُر تاثیر ہے۔ سوا کلو تِل خرید کر ان کو دھو لیں اور لکڑی کے کولہو میں اس کا تیل نکلوائیں۔ تیل خالص تل کا ہو، تیل میں کسی قسم کی ملاوٹ نہ ہو۔ باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ والطارق اکتالیس بار پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تیل پر دم کریں۔ یہ تیل چالیس دن تک درد والی جگہ صبح و شام لگائیں اور مالش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

بدہضمی کا علاج

بدہضمی سے نجات کیلئے ایک بوتل پانی پر سورۂ قدر باوضو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور صبح و شام دو وقت یہ پانی سات دن تک مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

درد سر کے لیے

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو یہ حروف لکھ کر سر میں باندھا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا مجرب ترین عمل ہے۔

د م ہ م ل ہ

آدھے سر کے درد کا علاج

جس کے آدھے سر میں درد ہو اس کے سر میں یہ آیت زعفران سے کپڑے پر لکھ کر باندھنے سے انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (الاحزاب 56)

جنون (پاگل پن) کے لئے

سات کنوؤں کے پانی پر یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ انشاءاللہ شفایاب ہو گا بہت مجرب ہے۔ سورۂ جن ابتدا سورت سے رَشَدًا تک۔

* * *

حضرت شاہ عبدالخالق غجدوانیؒ کے مستند روحانی وظائف

آسیب کے اثرات سے شفاء کی تدبیر

کسی بھی ایسے شخص پر جو آسیب یا جن کا شکار ہو مندرجہ ذیل دعا ایک وقت میں تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور تین روز تک یا سات روز لگاتار ایسا کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اثرات سے نجات مل جائے گی۔ دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ

آسیب زدہ کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ پڑھنا بھی مفید ہے۔

مجرب استخارہ

یہ استخارہ درست جواب دیتا ہے۔ طریقہ استخارہ یہ ہے کہ تازہ وضو کر کے دو رکعت نفل کی نیت کر کے کسی تنہائی کے مقام پر ثناء کے بعد الحمد شریف پڑھیں اور جب لفظ اِيَّاكَ نَعْبُدُ پر پہنچیں تو نَعْبُدُ نَعْبُدُ کی تکرار کریں۔

یہاں تک کہ تمہارا رخ (چہرہ) دائیں یا بائیں طرف گھوم جائے۔ یہ جواب ملنے میں پندرہ بیس منٹ لگیں گے۔ دل میں اپنے سوال کا تصور رکھیں۔ اگر رُخ (چہرہ) دائیں طرف ہو جائے تو سمجھئے کہ کامیابی ہو گی اور اگر رُخ (چہرہ) بائیں طرف ہو جائے تو مطلب یہ ہے کہ کام نہیں ہو گا اور اس معاملہ میں ہاتھ مت ڈالو۔ چہرہ گھومنے کے بعد نماز کی دونوں رکعتیں پوری کر لیں اور سلام پھیر لیں۔ زوال اور مکروہ وقت میں یہ عمل نہ کریں البتہ رات دن کسی بھی وقت میں یہ عمل کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح جواب ملے گا۔

آسیب یا جن کے حملہ سے حفاظت کا حصار

یہ حصار آسیب یا جن کے حملہ سے محفوظ رکھنے کا بہت پُر اثر ذریعہ ہے۔ اس حصار کی عبادت کو باوضو تین مرتبہ پڑھ کر چھری یا چاقو پر دم کرے اور اپنے اور آسیب زدہ کے چاروں طرف لکیر کھینچ کر حصار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگنے نہ پائے گا۔ حصار کی عبارت یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ يَاحَيُّ يَاقَيُّوۡمُ يَاذِكۡرَ طَاهِرِيۡنَ مِنۡ كُلِّ اٰفَةٍ بِقُيُوۡدِيۡهِ يَارُوۡحُ يَاقُدُّوۡسُ بِحَقِّ سُلَيۡمَانَ بۡنِ دَاوٗدَ عَلَيۡهِ السَّلَامُ بند شو۔

تنبیہ: جو چاقو یا چھری حصار کیلئے استعمال کی جائے اس کا دستہ لوہے یا پلاسٹک کا ہو۔ اس کا دستہ ہاتھ دانت کا نہ ہو اور کسی جانور کی کھال دستے پر منڈھی ہوئی نہ ہو اگر لکڑی کا دستہ ہو جب بھی درست ہے۔

جنون دور کرنے کا عمل

سورۂ معوذتین سات کنوؤں کے پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے انشاء اللہ جنون دور ہو جائے گا۔

موتیابند کے ازالہ کیلئے

سورۂ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں پر لگایا جائے تو انشاء اللہ موتیابند جاتا رہے گا۔

رتوندا دور کرنے کیلئے

اگر کسی کو رتوندا ہو گیا ہو تو سورۂ قیامہ سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگائیں انشاء اللہ مرض دور ہو جائے گا۔

درد کان کے مجرب عملیات

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکایا جائے درد جاتا رہے گا۔ اِنَّ السَّمۡعَ وَ الۡبَصَرَ وَالۡفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنۡهُ مَسۡئُوۡلًا ﴿ (بنی اسرائیل۔36)

کان درد کیلئے دوسرا عمل

کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے، انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْۤ اُذُنَيْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿لقمان 7﴾۔

کان درد کا دم

جس کے کان میں درد ہو اس کے کان میں اسم باری تعالیٰ يَاسَمِيْعُ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

کان کا بہنا

اگر کسی کا کان بہتا ہو تو سورۂ اعلیٰ تین بار پڑھ کر کان میں دم کیا جائے انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

کان کا بہنا

جس کا کان بہتا ہو اس کے کان پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھی جائے انشاء اللہ کان بہنا بند ہو جائے گا۔ سورۂ حشر کی آیت 21 سے لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ سے لیکر آخیر سورت تک۔

بہرہ پن

اگر کوئی شخص اونچا سنتا ہو تو یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کیا جائے۔

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (الاعراف.204)

نکسیر کیلئے

جسے نکسیر ہو اسے یہ آیت گیارہ بار پانی پر دم کر کے پلایا جائے انشاء اللہ خون آنا بند

ہو جائے گا۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ (آل عمران 144)

نزلہ وزکام کے ازالہ کیلئے

اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ بار یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلایا جائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿الکہف 1﴾

نزلہ زکام کیلئے

تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دم کیا جائے انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

دانت وڈاڑھ کا درد

جس کے دانت میں درد ہو وہ اس آیت کو کاغذ پر یا کپڑے پر لکھ کر دانت کے نیچے دبائے انشاء اللہ دانت کا درد جاتا رہے گا۔ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿الانعام 67﴾

ڈاڑھ کا درد

کسی کی ڈاڑھ میں درد ہو تو یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے دانتوں کے اوپر ملیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ الٓمٓصٓ۔ طٰسٓمٓ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ اُسْكُنْ

دانتوں کا ہلنا:

لَا يَعْلَمُوْنَ ملتے ہوئے دانتوں کے نیچے لکھ کر رکھنا اور اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

حضرت شاہ جمال الدین غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

ہر دل عزیز ہونے کا عمل

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ دنیا میں ہر دل عزیز ہو اور دنیا کے لوگوں سے ہر لحاظ سے بے نیاز ہو تو اس کیلئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اکتالیس بار یَاعَزِیۡزُ پابندی سے پڑھے۔ ناغہ نہ کرے، ہمیشہ پابندی سے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ تمام دنیا سے بے نیاز ہو جائے گا۔

زبان کی سوجن کے لیے

اکتالیس مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے زبان کی سوجن ختم ہو جائے گی۔ اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَہُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ (فاطر 41)۔

لقوہ کا روحانی علاج

جس شخص کو لقوہ ہو گیا ہو اُسے یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ شفا ہو گی۔ قَدۡ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجۡہِکَ فِی السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّیَنَّکَ قِبۡلَۃً تَرۡضٰہَا فَوَلِّ وَجۡہَکَ شَطۡرَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ۔ (بقرہ 144) یا اسی آیت کو ایک سو ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے لقوہ کے مریض کو پلائیں۔

جن و آسیب کی بندش

جب کسی مریض کے سر پر عامل نے کسی آسیب و جن کو حاضر کیا ہو یا بذات خود آسیب یا جن حاضر ہوا ہو اور اس کو قید کرنا ہو تو سرخ ریشم کا دھاگہ لے اور پھر سات تار کے پانچ گنڈے بنائے اور ہر گنڈے پر سات گرہ لگائے ہر گرہ پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کر کے پھر گرہ کو بند کرے بوقت ضرورت ایک گنڈا مریض کے گلے میں باندھے دوسرا داہنے بازو پر

باندھے، تیسرا بائیں بازو پر باندھے، چوتھا گنڈا داہنے پیر میں باندھے اور پانچواں گنڈا بائیں پیر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب وجن قید ہوگا اور راہ فرار اختیار نہ کرسکے گا جب تک گنڈے بندھے رہیں گے قید میں رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصٰرِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔ (بقرہ۔)

حلق کی خراش اور درد کیلئے

حلق کی خراش اور درد کیلئے ایک سو ایک بار یہ آیت گائے کے مکھن پر دم کرکے حلق کے اندر لگائیں اور اسی آیت کو سات بار نمک پر بھی پڑھ کر لگائیں۔ مجرب ہے۔

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ (الواقعة ۸۴)

گلے کی تمام بیماریوں کیلئے

یہ آیت لکھ کر پہننا گلے کی تمام بیماریوں کیلئے مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَامُغِيْثًا بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

ہچکی بند کرنے کیلئے

تین سانس میں پانی پئیں اور ہر سانس پر سات مرتبہ يَاحَفِيْظُ پڑھا جائے، انشاء اللہ ہچکی بند ہوجائے گی۔

سحر سے نجات

سحر اور آسیبی اثرات سے نجات کیلئے حروف مقطعات بہت موثر ہیں، اسی طرح دشمنوں پر غلبہ اور فتح پانے کیلئے بھی حروف مقطعات تیر بہدف تاثیر رکھتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ، کو حضرت خضر علیہ السلام نے دشمنوں پر غلبہ اور فتح حاصل کرنے کیلئے یہ دُعا بتائی تھی۔ جو شخص روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اس کے درمیان میں یہ دعا اور حروف مقطعات ایک سو بار پڑھے گا اسے کوئی دشمن کسی طرح بھی زیر نہیں کرسکے گا۔ وہ دعا یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِحَقِّ الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ الٓمٓرٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ یٰسین۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ حٰسٓقٓ۔ حٰمٓ۔ قٓ۔ نٓ۔ یَامَنۡ هُوَ یَامَنۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِغۡفِرۡلِیۡ وَانۡصُرۡنِیۡ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ط

آسیب سے نجات

اگر کسی پر آسیبی اثرات ہوں اور وہ اس کے سبب اول فول بکتا ہو اور بہکی بہکی باتیں کرتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ سورۂ جن کی آیات ابتدا سے شَطَطًا تک چھ مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور مریض کو دن میں چار مرتبہ پلائیں۔ 1۔ اول صبح ناشتہ سے پہلے۔ 2۔ دوم دوپہر کو کھانے سے پہلے۔ 3۔ تیسرے بعد نماز عصر۔ 4۔ چوتھے بعد نماز عشاء جب تک آسیبی عمل کی شکایت ہو یہ عمل مسلسل کریں انشاءاللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔ سورۂ جن کی آیات یہ ہیں:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا اِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا عَجَبًاo یَّهۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ط وَلَنۡ نُّشۡرِكَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًاo وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًاo وَّ اَنَّهٗ كَانَ یَقُوۡلُ سَفِیۡهُنَا عَلَی اللّٰهِ شَطَطًاo۔

رزق میں برکت

یہ عمل رزق میں برکت اور ترقی کیلئے بہت موثر اور مفید ہے۔ اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا انتظام ہو جائے گا اگر آمدنی کم ہے تو آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے:۔ ایک وقت مقرر کر کے باوضو قبلہ رخ ہو کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر گیارہ گیارہ مرتبہ یَامُغۡنِیُ پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن تک مسلسل بلا ناغہ کرے انشا اللہ تعالیٰ غیب سے امداد ہوگی۔

ہر دل عزیزی کیلئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ دنیا میں ہر دل عزیز ہو اور دنیا کے لوگوں سے ہر لحاظ سے بے نیاز ہو تو اس کیلئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اکتالیس بار یاعَزِیْزُ پابندی سے پڑھے۔ ناغہ نہ کرے' ہمیشہ پابندی سے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ تمام دنیا سے بے نیاز ہو جائے گا۔ اس کی عزت و عظمت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ جائے گی۔

ہر حاجت پوری ہونے کیلئے

اگر کوئی حاجت پیش آ گئی ہو تو آدھی رات کو اٹھ کر وضو کر کے تین سجدے کرے۔ پھر ہاتھ اٹھا کر ایک سو بار یاوَھَّابُ پڑھے۔ تین روز مسلسل بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

* * *

شاہ اہل اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

رزق کے بند دروازے کھل جائیں گے

جو شخص رزق کی کمی کا شکار ہو یا روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو وہ شخص باوضو بعد نماز فجر اسم مبارک یَاوَھَّابُ کو تین سو مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص پر رزق کے بند دروازے کھل جائیں گے۔

ہر قسم کی بیماری سے نجات کیلئے

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور اس کی بیماری پیچھا نہ چھوڑتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اور شفائے مرض کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ بعد نماز فجر باوضو سات عدد بادام لے کر اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں، درمیان میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر بادام پر دم کریں، اسی طرح بار بار پڑھ کر ایک ایک بادام پر دم کریں اور ساتوں بادام مریض کو کھلا دیں۔ یہ عمل گیارہ دن کریں اور مریض کو گیارہ دن تک سات بادام روز کے حساب سے کھلائیں، انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہو گا۔

مریض کی صحت یابی کیلئے

ہر قسم کے مرض کی شفایابی اور صحت کیلئے مریض کو وضو کروائیں اور اس کے بعد پاک بستر پر سیدھا لٹا دیں اور سات مرتبہ درود شریف اول پڑھیں اور آخر پڑھیں اس کے درمیان میں سورۂ مجادلہ مریض کو بلند آواز سے پڑھ کر سنائیں، اس دوران اگر مریض کو نیند آجائے اور وہ سو جائے تو انشاء اللہ مریض ضرور صحت یاب ہو گا۔

ہر مرض کا علاج

اگر کوئی شخص مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو مثلاً اولاد نہ ہوتی ہو، کینسر کا مریض ہو، یرقان یعنی پیلیے کا مرض ہو، سوکھے کی بیماری ہو، جسم میں ہمیشہ بخار رہتا ہو، کسی پر نظر بد ہو، علاج سے

مایوس مریض ہو۔ ان تمام صورتوں میں یہ عمل تیر بہدف ہے، اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مرض دور ہوگا۔

عمل یہ ہے: اول ایک پاؤ چینی لے کر باریک پیس لیں اور اس کو ایک پلیٹ میں رکھ کر سفید کپڑے سے ڈھانپ دیں، مریض کے سرہانے رکھ دیں اور اس کو ڈھکا رہنے دیں، بالکل نہ کھولیں۔ مریض کو بستر پر چت لٹا دیں اور اس کے دائیں کندھے کی طرف بیٹھ کر اول و آخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں، درمیان میں اکتالیس مرتبہ سورۂ تغابن بلند آواز سے پڑھیں۔ دوسرے دن مریض کی دائیں ٹانگ کے قریب بیٹھ کر درود شریف اور سورۂ تغابن پڑھیں۔ تیسرے دن یہی عمل مریض کی بائیں ٹانگ کے قریب بیٹھ کر پڑھیں۔ چوتھے دن مریض کے بائیں بازو کے پاس بیٹھ کر یہ عمل کریں۔ پانچویں دن مریض کے سر کے پاس بیٹھ کر یہ عمل کریں۔ پانچویں دن عمل کرنے کے بعد چینی پر سے کپڑا اٹھا کر دیکھیں تو چینی پر کچھ لکھا ہوا نظر آئے گا، یہ لکھائی اس بات کی علامت ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ مریض چالیس دن کے اندر اندر صحت مند ہو جائے گا۔ اس عمل کی برکت سے بے شمار مریض صحت یاب ہوئے

لاعلاج مریض کا علاج

اگر کوئی شخص لاعلاج مرض میں مبتلا ہو اور اس کا علاج مشکل ہو گیا ہو تو اس کیلئے یہ علاج بہت مفید اور فائدہ مند ہے اس عمل سے مریض جلد تندرست ہو جاتا ہے۔

عمل یہ ہے:۔ پانچ کلو جَو اچھی قسم کے لے کر ان کو دھو کر سکھا لیں اور اس کا دلیہ بنوا لیں، چاہے گھر کی چکی میں دلیہ نکالیں یا بازار کی چکی سے نکالیں، ہر طرح سے صحیح ہے۔ اس کے بعد جَو کے دلیہ کو ایک بڑے برتن میں ڈال کر اول و آخر ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے درمیان میں بارہ ہزار مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ پڑھ کر دلیہ پر دم کریں اور وہ دلیہ پکا کر روزانہ مریض کو وضو کرا کر کھلائیں، اگر عورت دلیہ

کھا رہی ہے اور ایام شروع ہو گئے تو دلیہ نہ کھلائیں۔ جب ایام سے پاک ہو کر غسل کر لے تب دوبارہ دلیہ کھلانا شروع کریں۔ دلیہ روزانہ پکا کر کھلانا ہے، جتنے دن میں ختم ہو جائے اس سلسلے میں دنوں کی کوئی تعداد مقرر نہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ دلیہ پر آیت ایک ہی دن پڑھنا شرط نہیں ہے بلکہ تھوڑا تھوڑا پڑھ پڑھ کر دم کرتا جائے جتنے دن میں بھی بارہ ہزار کی تعداد پوری ہو جائے۔ جب پڑھنا شروع کرے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے، درمیان میں درج بالا آیت پڑھے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد تندرست ہو جائے گا۔

شوگر دمہ اور سینے کے امراض کا علاج

اگر کسی شخص کو ذیابیطس (شوگر) یا کسی کو دمہ کا مرض ہو، چند قدم چلنا مشکل ہو یا رات رات بھر جاگ کر گزارتا ہو یا سینے کی تکلیف یا مرض ہو، ان تمام امراض سے نجات کیلئے یہ عمل اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت مجرب ہے۔

شہد جو بیری کے درخت کے چھتہ کا ہو سوا کلو لے کر اول و آخر چالیس چالیس مرتبہ درود شریف پڑھیں، درمیان میں بلند آواز سے چار ہزار مرتبہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھیں اور شہد پر دم کریں، نہار منہ ایک چمچہ شہد (چائے کے چمچہ کے برابر) روزانہ مریض کھائے، علاج کے دوران ہر قسم کا گائے کا گوشت، لال مرچ، چاول اور ٹھنڈی چیزوں مثلاً ٹھنڈا پانی، قلفی، آئس کریم، فالودہ، سکنجبین، شربت سے مکمل پرہیز کرنا ہے اور ان کو بالکل استعمال نہیں کرنا۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں مریض فائدہ محسوس کرے گا۔

فقر و فاقہ دور کرنا

جو شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور قرض میں بندھا ہوا ہو اور طرح طرح کے مسائل کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ چاشت کی نماز میں آخری سجدے میں چالیس بار اَلْوَهَّابُ پڑھے۔ اگر

چالیس دن تک پابندی کے ساتھ یہ عمل کرتا رہے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہوگی اور اللہ تعالیٰ اسے اتنا دیں گے کہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔

رزق کے دروازے کھولنا

جو شخص رزق کی کمی کا شکار ہو یا روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو وہ شخص باوضو بعد نماز فجر اسم مبارک **یَاوَھَّابُ** کو تین سو مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص پر رزق کے بند دروازے کھل جائیں گے اور وہ خوشحال ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

* * *

حضرت شاہ نصیر الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

دماغ اور دل کی کمزوری کیلئے

اگر کسی شخص کا دماغ کمزور ہو اور دل میں بھی دھڑکن تیز ہوتی ہو اور دل زور زور سے اچھلتا ہو تو اس کیلئے ایک پاؤ خالص بادام کا تیل (روغن بادام) لے لیں (اگر بادام خرید کر لکڑی کے کولہو والے سے اپنے سامنے بیٹھ کر نکلوائیں تو یہ خالص اور اصلی ہوگا' ورنہ مجبوری میں بازار سے خرید لیں) اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اس کے بعد درمیان میں دو ہزار تین سو (2300) بار یَاسَلَامُ پڑھ کر روغن بادام پر دم کر دیں اور رات کو سوتے وقت نیم گرم (تھوڑا گرم) دودھ ایک کپ لے کر اس میں آدھا (چائے والا) چمچ روغن بادام ملا کر مریض کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بارہ بیس دن کے اندر اندر مریض تندرستی اور صحت محسوس کرتے گا۔ یہ عمل تین ماہ جاری رکھیں تا کہ مکمل فائدہ ہو۔ جب روغن بادام ختم ہو جائے دوسرا خرید کر یا نکلوا کر یہی عمل پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔

بے اولاد کے اولاد ہونا

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور مرد میں کمی سے اولاد سے محرومی ہے اور حمل قائم نہیں ہوتا۔ اس کیلئے معجون سفر جل تین بوتل لے کر سب معجون ایک برتن میں کر لیں اور اول گیارہ بار درود شریف اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درمیان میں گیارہ ہزار بار یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھ کر معجون پر دم کریں اور چھوٹے بیر کے برابر مقدار میں یہ معجون سوتے وقت ایک کپ گرم دودھ کے ساتھ روزانہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ضرور ہوگی، عمل شرط ہے۔

اولاد ہونے کیلئے عمل

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور جسمانی کمزوری بھی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہوگی۔ وہ عمل یہ ہے:۔ ایک پاؤ گائے کا دودھ لے کر اس کو گرم کرلیں اور ایک اُبال آنے کے بعد برتن چولہے سے اُتار کر دودھ کو ٹھنڈا کرلیں اور اول گیارہ بار درود شریف اور آخر میں بھی گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں ایک سو چالیس بار یہ کلمات پڑھ کر دودھ پر دم کردیں۔ اور دودھ پی لیں۔ یہ عمل روزانہ باوضو کریں اور دو ماہ تک برابر یہ عمل کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔

بیماری کی صحت یابی کیلئے

اگر کوئی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہوگیا ہو اور علاج مشکل ہو رہا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت فائدہ مند ہے۔ وہ عمل یہ ہے:۔

اول ایک سو بار درود شریف اس کے بعد ایک سو بار سورۂ فاتحہ آمین کے ساتھ پڑھیں اور آخر میں سورۂ توبہ کی آخری آیتیں ایک سو بار درود شریف پڑھ کر آب زمزم پر دم کردیں (اگر آبِ زمزم نہ ملے تو سات کنویں (نہر، دریا یا چشمے یا جھیل کا پانی لے لیں یا بارش کا پانی لے لیں) اور یہ دم کیا ہوا پانی مریض کو دن میں پانچ مرتبہ پلائیں اور پلانے سے پہلے مریض کو وضو ضرور کرائیں۔ بغیر وضو کے مریض پانی نہ پیئے۔ پانی پینے کے اوقات یہ ہیں:۔

صبح نماز فجر کے بعد۔ بعد نماز ظہر۔ بعد نماز عصر۔ بعد نماز مغرب۔ بعد نماز عشاء اکیس روز تک یہ عمل کرکے پانی پر دم کرکے مریض کو پانچ وقت پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا اور مریض صحت یاب ہوگا۔ سورۂ توبہ کی آخری آیات یہ ہیں:۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿توبہ۱۲۹﴾.

دفع مرض کیلئے

اگر کوئی سخت بیمار ہو اور اس کی بیماری نہ جاتی ہو تو اس بیماری کے دفعیہ کیلئے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ دعا گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کے پورے جسم پر دم کرے اور مریض کے دونوں ہاتھوں پر دم کر دے وہ دونوں ہاتھ اپنے پورے بدن پر مل لے۔ یہ عمل ایک مرتبہ صبح بعد نماز فجر باوضو کرے اور یہی عمل شام کو بعد نماز مغرب باوضو کرے چالیس دن تک پابندی کے ساتھ بلاناغہ یہ عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے موذی اور تکلیف دینے والے مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

وہ دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ يُّؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ حَاسِدٍ، اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ

اگر یہی دعا باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے تو انشاء اللہ ہر قسم کے مرض اور نظر بد سے حفاظت ہو جائے گی اسی طرح اگر اس دعا کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ہرن کی جھلی (کھال) پر لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حمل گرنے سے محفوظ ہو جائے گا اور بچہ صحیح وسالم پیدا ہو گا۔

* * *

شاہ برکت اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

بے اولاد مرد و عورت کیلئے

اگر مرد یا عورت میں کوئی کمی ہو جس کے باعث اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل کریں‘ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ضرور ہوگی۔ عمل یہ ہے:۔ بعد نماز فجر کسی سے گفتگو نہ کریں اور باوضو نہار منہ (بغیر کچھ کھائے پیئے) اول و آخر چالیس چالیس مرتبہ درود شریف پڑھیں‘ درمیان میں سورۂ کوثر تین سو تیرہ بار پڑھیں‘ اس کے بعد دو رکعت صلوٰۃ الحاجت (نماز حاجت) اس ترکیب سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون دس مرتبہ۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس مرتبہ۔ سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر میں تین تین بار درود شریف پڑھیں درمیان میں چالیس مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ پڑھ کر دعا مانگیں۔ یہ عمل چالیس دن کریں۔ اس دوران حلال اور پاک مال استعمال کریں۔ رشوت اور حرام مال سے عمل سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔ اس دوران جھوٹ اور غیبت سے بھی خود کو لازمی بچائیں۔

محبت کیلئے

آیات ذیل اگر باوضو گیارہ مرتبہ پڑھ کر چینی‘ مٹھائی‘ مصری یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں محبت پیدا ہوگی۔ اگر انہی آیات کو چالیس مرتبہ باوضو پڑھ کر میٹھی چیز پر پھونک کر اپنے گھر کے تمام افراد (گھر والوں) کو وہ مٹھائی (چینی‘ مصری‘ مٹھائی‘ حلوہ‘ کھیر‘ جلیبی وغیرہ) کھلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام خاندان کے افراد آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے اور باہمی نفرت ختم ہو جائے گی۔ ساس بہو میں محبت پیدا کرانے‘ آپس میں لڑائی جھگڑا ختم کرانے کیلئے انہی آیات کو ایک سو مرتبہ باوضو پڑھ کر شربت پر دم کریں اور دونوں کو ایک

دوسرے کا بچا ہوا (جھوٹا) شربت پلائیں۔ تین دن یہ عمل کریں، انشاء اللہ تعالیٰ باہمی محبت پیدا ہوگی اور لڑائی جھگڑا ختم ہو جائے گا۔ انہی آیات کو اگر باوضو سات سو مرتبہ مٹھائی (چینی، مصری یا مٹھائی) پر پڑھ کر دم کر کے جس کسی کو کھلائیں وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ کیلئے ہمدرد اور اپنا دوست ہو جائے گا۔ (نوٹ: محبت کے جملہ عمل صرف جائز مقصد کیلئے کرنے کی اجازت ہے ناجائز طور پر ایسے عمل کرنے والا دنیا و آخرت میں ذلیل اور نقصان اٹھانے والا بن جائے گا۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ بلکہ ایسا عمل کرنے سے قبل کسی متقی اور نیک سرشت عالم دین سے مشورہ کر لے تاکہ ہر قسم کے نقصان اور عمل الٹنے سے محفوظ رہے۔) یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ ہر عمل سے پہلے اور عمل کے بعد گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے، ورنہ عمل کی کامیابی یقینی نہیں ہے۔ لہٰذا اوپر بیان کی گئی تمام صورتوں میں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے ورنہ عمل کی کامیابی یقینی نہیں ہے۔ لہٰذا اوپر بیان کی گئی تمام صورتوں میں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھا جائے۔

وَ جَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ رَجُلٌ یَّسْعٰی قَالَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا یَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ (یٰسٓ ۲۱)

ہر مشکل آسان اور ہر مقصد میں کامیابی

اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہو جائے یا کوئی مقصد حاصل نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ بعد نماز فجر یا باوضو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھنا اور بعد نماز عصر باوضو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے اس حالت میں کہ کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے۔ جب تک مشکل حل نہ ہو اس مقصد میں کامیابی حاصل نہ ہو، برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

جوڑوں کا درد ختم ہونا

اگر کسی شخص کے جوڑوں میں درد ہوتا ہو اور اس کے سبب اٹھنا، بیٹھنا، چلنا، پھرنا مشکل ہوتا

ہو تو اس کیلئے ایک پاؤ ادرک' ایک پاؤ لہسن اور آدھا کلو گائے کا گھی لے لیں۔ ادرک اور لہسن کو الگ الگ سل بٹہ پر پیس لیں یا کونڈی یا لکڑی کی اوکھلی میں کوٹ لیں اور اس کا الگ الگ شیرہ (پیسٹ) بنالیں۔

روزانہ ایک چمچہ ادرک اور ایک چمچہ (چائے کا چمچہ) لہسن لیں اور تین چمچے (چائے کا چمچہ) گھی لے کر اس کو کڑکڑا کر اس میں ادرک اور لہسن کا آمیزہ (پیسٹ) ڈال کر ہلکی آنچ میں خوب بھون کر بھجیا بنالیں' اس طرح کہ جلنے نہ پائے' حسب ضرورت نمک بھی ڈال لیں اور جب دیگچی میں گھی ڈالیں' باوضو سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کردے اور جب سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِيۡمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ پر پہنچے تو اس آیت کو چالیس مرتبہ پڑھے اور سورۂ یٰسین ختم کرنے کے بعد بھجیا پر دم کرے اور روزانہ یہ بھجیا اسی ترکیب سے تیار کرے اور مریض کو اکیس دن تک برابر استعمال کرائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جوڑوں کا درد ختم ہو جائے گا۔

غیب سے روزی ملنے کا عمل

اللہ تعالیٰ کے پاس بے شمار خزانے ہیں اس کے خزانوں کی کوئی انتہا نہیں ہے بس مانگنے والا سائل صحیح نیت اور یقین کامل کے ساتھ اللہ رب العزت سے مانگے' اللہ تعالیٰ اپنے خزانہ غیب سے اس کی جھولیاں بھر دیں گے جو لوگ در' در کی خاک چھانتے ہیں اور کچھ حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں' وہ سب دروازوں کو چھوڑ کر ایک رب العزت کا دروازہ پکڑ لیں پھر انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ہر قسم کی محتاجگی دور ہو جائے گی۔ غیب سے روزی کا یہ عمل بہت مجرب ہے۔ شرط یہ ہے کہ عمل کیا جائے اور نگاہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات پاک پر رہے کسی اور طرف خیال نہ جائے' نہ کسی سے امید اور آس باندھے۔ اس عمل کو کرنے کا ایک وقت مقرر کر لیں اور روزانہ اسی وقت عمل کیا کریں' بعد نماز عشاء بہتر ہے اور سکون کا وقت ہے۔ اول باوضو اکیس مرتبہ درود ابراہیمی اور آخر میں اکیس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھیں' یہ عمل چالیس دن کرنا ہے' اس عمل کے اثرات پانچویں چھٹے دن سے شروع ہو جائیں گے۔ جو چیز جو شخص

لائے اس سے کسی قسم کی بحث نہ کریں اور نہ اس سے یہ دریافت کریں کہ تم کون ہو؟ کہاں رہتے ہو؟ کیا کام کرتے ہو؟ یہ چیز کہاں سے لائے ہو؟ بلکہ خاموشی سے وہ چیز رکھ لیں اور اپنے استعمال میں لائیں۔ جب اس عمل کو کرتے ہوئے چالیس دن مکمل ہو جائیں تو اس کے بعد روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو اول و آخر دس دس مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں دس مرتبہ اس آیت کو پڑھا کریں اس عمل کو نیا چاند دیکھنے کے بعد شروع کریں۔ آیت مبارکہ یہ ہے:۔

وَ مَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا ﴿۲﴾ وَّ یَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَا یَحۡتَسِبُ (الطلاق 3.2)

* * *

شاہ نصر الدین اُوچوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

روزی میں برکت کا عمل

برکت یہ ہے کہ تھوڑی رقم میں زیادہ کام انجام پائیں اور مختصر آمدنی میں گھر کے سارے کام انجام پائیں لیکن رقم کم نہ پڑے۔ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف درمیان میں سورۂ توبہ کی آخری دو آیات ایک سو بار صبح بعد نماز فجر اور ایک سو بار بعد نماز عشاء پڑھا کرے۔ مسلسل پابندی کے ساتھ کرے، ناغہ نہ کرے اور نہ بددل ہو کر چھوڑے، انشاء اللہ تعالیٰ دو ماہ کے اندر اندر اس کے فیوض و برکات ظاہر ہوں گے۔

روزی میں زیادتی

اگر کوئی شخص کم آمدنی کے سبب پریشان رہتا ہو اور اس کا گزارہ مشکل سے ہوتا ہو، قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے۔ لیکن آمدنی میں اضافہ نہیں ہوتا۔ جتنی محنت اور کوشش کرتا ہے کامیابی نہیں ہوتی۔ اس لیے اکثر فکرمند اور پریشان رہتا ہے۔ آرام و سکون نہیں ملتا۔ قرض خواہ الگ تنگ کرتے ہیں۔ ہر تدبیر الٹ ہو جاتی ہے۔ اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا بلکہ کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔ اس کو کبھی ناکامی نہیں ہوتی اور اللہ تعالیٰ کی ذات پاک پر یقین کامل ہی کامیابی کی کنجی ہے۔ **عمل یہ ہے:۔** اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں دو سو بار سورۂ اخلاص بعد نماز فجر اور یہی عمل دوبارہ بعد نماز عصر کرے، یعنی اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں دو سو بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ ناغہ نہ کرے پابندی سے عمل کرے گا تو غیب سے روزی میں برکت اور اضافہ ہوگا۔ اگر بعد عصر ممکن نہ ہو تو بعد نماز عشاء پڑھ لے۔

قرضے کی واپسی

اگر کسی کی رقم ادھار میں یا قرض میں پھنس گئی ہو اور وہ نہ دینے کے حیلے بہانے کرتا ہو تو اس کے لیے روزانہ باوضو اول ایک سو ایک مرتبہ درود شریف اول و آخر اور درمیان میں گیارہ

ہزار مرتبہ یَالَطِیْفُ چالیس دن تک روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرضہ بھی ادا کرے گا اور معذرت بھی کرے گا۔

روزی میں اضافہ اور برکت

اگر کوئی شخص کم آمدنی اور زیادہ اخراجات کے سبب پریشان ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہو اس کے سبب طبیعت پر ہر وقت بوجھ رہتا ہو، سکون برباد ہو گیا ہو اور قرض مانگنے والے ہر وقت گھر کے چکر لگاتے رہتے ہوں تو ایسی صورت میں یہ عمل بہت کامیاب ہے، وہ عمل یہ ہے۔ فجر کی سنت اور فرضوں کے درمیان پڑھنا ہے۔ نماز فجر کی سنت پڑھ کر پانچ سو بار یَاوَهَّابُ پڑھے اور فرض نماز ختم ہونے کے بعد ایک سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پابندی سے عمل کرنے کی برکت سے پانچویں دن روزی میں برکت آنا شروع ہو جائے گی۔ اس عمل کے ساتھ ساتھ اگر کسی مسجد کی صفائی اور خدمت بھی ہو سکے تو انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ جلدی کامیابی شروع ہو جائے گی۔

نسل در نسل امیر ہونے کا عمل

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ نسل در نسل امیر بن جائے اور اس کی دولت کسی صورت میں ختم نہ ہو بلکہ بڑھتی رہے تو اس کیلئے یہ عمل بہت مؤثر اور پُرتاثیر ہے۔ عمل یہ ہے کہ بعد نماز فجر باوضو سورۂ بقرہ مکمل سورۂ روزانہ بلاناغہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دولت آنی شروع ہو جائے گی اور اس کا سلسلہ نسل در نسل چلے گا۔

بخار، نظر بد، درد جسم اور سر کا درد دور ہونا

اگر کسی شخص کو ایسا بخار چمٹ گیا ہو جو جاتا نہ ہو یا اس کے جسم میں، سر میں درد رہتا ہو یا نظر بد کے سبب کھانا پینا کم ہو گیا ہو اور طبیعت میں سستی اور کاہلی ہو اور کسی کام کو کرنے کی طرف طبیعت نہ آتی ہو۔ اس کیلئے سورۂ قریش باوضو صبح کو ستر مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور شام کو بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء سورۂ قریش ستر مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے، انشاء

اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے سے مریض ٹھیک ہو جائے گا۔ جب تک مریض ٹھیک نہ ہو برابر یہ عمل کرتے رہیں۔

لوگوں کی نظر میں باعزت ہونا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی بات مانیں، اس کی عزت کریں، اس کا دل سے احترام کریں اور اس کے ساتھ محبت و چاہت کا برتاؤ کریں تو اس کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کی فجر کی نماز سے قبل کرنا ہے۔ روزانہ بعد نماز سنت فجر پڑھ کر درود شریف اکتالیس بار اول اور اکتالیس بار آخر میں پڑھیں درمیان میں سورۂ فاتحہ اکتالیس بار پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس دن متواتر کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے لوگوں کے دلوں میں عزت و عظمت قائم ہوگی۔ رزق کی تنگی دور ہوگی، رزق زیادہ مقدار میں ملے گا۔ اگر حکیم یا ڈاکٹر اس عمل کو روزانہ پابندی کے ساتھ کرے تو زیادہ سے زیادہ مریض آئیں گے اور ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے شفاء ملے گی اور بہت زیادہ لوگ پڑھنے کی طرف متوجہ ہوں گے۔ اس دوران عامل اپنی نگاہ کو بدنظری سے بچائے اور سفید رنگ کا لباس پہنے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

ہر مقصد میں کامیابی کیلئے

جو شخص خاص مقصد رکھتا ہو لیکن اپنے ارادے اور مقصد میں کامیاب نہ ہوتا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد ایک سو بار سورۂ بقرہ کی آخری آیات اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک پڑھے گا اور اس کے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے گا اور اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر کسی مسجد میں بیٹھ کر عمل کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

* * * * *

شیخ روح اللہ بندگی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

روزی میں اضافہ ہونے کے لئے

اگر کسی کی روزی تنگ ہو اور وہ تنگدستی کا شکار ہو گھر کا خرچہ پورا نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے سورۂ واقعہ (پ 27) بعد نماز عشاء باوضو ایک مرتبہ پڑھے اس کے بعد ایک سو بار سورۂ اخلاص (پ30) پڑھے۔ یہ عمل روزانہ کرے’ ناغہ نہ کرے اور نہ بددل ہو کر اس عمل کو چھوڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا اور آمدنی کے نئے نئے دروازے کھلیں گے۔

ہر مشکل میں کامیابی کا عمل

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آ جائے اور وہ حل نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے سورۂ الم نشرح پڑھنی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس عمل کو کرنے سے قبل دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ اس طرح کہ پہلی اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قریش پڑھے۔ اس کے بعد قعدہ میں التحیات درود شریف و دعا کے بعد ایک سو باون مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر سلام پھیر دیں اور مشکل کے حل کے لیے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دو تین دن میں مشکل حل ہو گی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہو گی۔

ہر مقصد میں کامیابی کیلئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے تو اس کیلئے یہ عمل بہت مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ انشاء اللہ اکیس دن عمل کرنے سے مقصد پورا ہو گا’ عمل یہ ہے کہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے’ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان میں پانچ سو ساٹھ مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ پڑھے اور دعا کرے۔

حاسد سے پیچھا چھڑانا

اگر کسی شخص کے پیچھے حاسدین لگ گئے ہوں اور اس کو ہر وقت ان سے خطرہ رہتا ہو کہ جان کا نقصان ہو جائے یا مال کا تو اس سے پیچھا چھڑانے کیلئے سرسوں کے دانے پچاس عدد لے کر ایک مرتبہ باوضو سورۂ یوسف مکمل سورہ پڑھ کر ان دانوں پر دم کریں اور یہ عمل گیارہ دن تک کریں اور گیارہویں دن ان دانوں کو آگ میں جلادیں اور حاسد کا نام لیں کہ وہ حسد سے باز آجائے اور نقصان نہ پہنچا سکے اور ہر قسم سے پیچھا چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاسد مغلوب اور شرارت سے باز آجائے گا۔ سورۂ یوسف بارہویں پارہ میں ہے۔

خیر و برکت کیلئے

اگر گھر میں خیر و برکت میں کمی ہو‘ ہر وقت کوئی نہ کوئی مصیبت آتی رہتی ہو‘ گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو‘ روزی میں بہت کمی ہو‘ کھانے کی تنگی اور ضروریاتِ زندگی کی کمی سے دل پریشان اور بے چین رہتا ہو۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ سورۂ مزمل (پ 29) بعد نماز فجر باوضو روزانہ گیارہ بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسلسل تین ماہ عمل کرنے سے روزی میں برکت شروع ہوگی۔ رزق زیادہ ملے گا اور گھر سے لڑائی جھگڑا‘ بے برکتی ختم ہو کر باہمی محبت اور خوب برکت پیدا ہوگی۔ البتہ یہ شرط ہے کہ پڑھنے والا جھوٹ‘ غیبت‘ گالی گلوچ اور بدزبانی سے خود کو بچائے۔

پتھر دل (سخت دل) کو نرم کرنا

اگر کوئی شخص پتھر دل ہو کسی پر رحم نہ کرتا ہو اور اسے کسی کی پریشانی دُکھ‘ تکلیف کا احساس نہ ہوتا ہو اور ظلم و تشدد اور مار دھاڑ اس کا وطیرہ اور طریقہ ہو اس کو نرم دل بنانے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ یہ عمل کرنے کے دوران صرف سفید کپڑے پہنے‘ کسی بھی قسم کے رنگ والے کپڑوں سے پرہیز کرے اور روزانہ بعد نماز مغرب باوضو ایک سو بار سورۂ والصفت (پارہ 23) پڑھے۔ چالیس دن یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چاہے کتنا ہی سنگ دل ہو فوراً نرم دل ہو جائے گا۔

محبت کا تیر بہدف عمل

یہ عمل انتہائی پر اثر ہے۔ باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے، اس کے درمیان پانچ سو بار یہ آیت پڑھے اور ساتھ میں مطلوب کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ اور طالب کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن کرے، انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مسخر ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿طٰہٰ ۳۹﴾ مثال کے طور پر ہر آیت کے ساتھ ناظم الدین بن عالیہ علیٰ حب مسافرہ بنت فریدہ۔ مطلوب اور طالب کا نام پڑھے۔

اولاد کو فرمانبردار بنانے کا عمل

اگر کسی کی اولاد کہنا نہ مانتی ہو، نافرمان ہو اور طرح طرح سے والدین کو تنگ کرتی ہو تو اس کیلئے باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں سورۂ کوثر (پارہ 30) پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھ کر چینی یا مصری پر دم کرتے رہیں اور گیارہ روز تک اسی چینی یا مصری پر دم کرتے رہیں اور گیارہ دن دم کرنے کے بعد اس چینی یا مصری کو شربت میں گھول کر یا چائے میں ڈال کر یا کوئی میٹھی چیز (حلوہ، سویاں، کھیر) میں ڈال کر سب بچوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب بچے اطاعت گزار، فرمانبردار اور ماں باپ کا کہنا ماننے والے ہوں گے۔

روٹھے کو راضی کرنے کا عمل

اگر کوئی بیٹا یا بیٹی ماں سے روٹھ کر ناراض ہو کر بالکل الگ تھلگ ہو گیا ہو اور ان سے ملنا جلنا اور ان کے پاس آنا جانا بند کر دیا ہو یا ساتھ رہتا ہو لیکن ماں باپ کی طرف زیادہ توجہ نہ کرتا ہو، نہ ڈھنگ سے بات کرتا ہو۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب اور کامیاب ہے۔ باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) اکتالیس مرتبہ پڑھ کر تھوڑے سے گڑ پر دم کریں اور اسے جلا دیں۔ یہ عمل گیارہ دن مسلسل کریں، انشاء اللہ تعالیٰ روٹھا ہوا خود حاضر ہوگا اور محبت سے پیش اۓ گا۔ دوران وظیفہ ہر قسم کا گوشت بند ہے۔

شاہ رفیع اللہ گوالیاروی کے مستند روحانی وظائف

حاسدین سے حفاظت

اگر کسی شخص کا واسطہ حاسدین سے پڑ گیا ہو اور وہ اس کو ستانے اور ظلم کرنے میں لگے رہتے ہوں تو سر کھول کر کھلے آسمان کے نیچے بیٹھ کر عشاء کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل (پارہ 29) پوری سورت پڑھیں اور یہ عمل اکیس دن برابر کریں، ناغہ نہ کریں، انشاء اللہ تعالیٰ حاسد ذلیل و خوار ہوگا اور ہمیشہ کیلئے پیچھا چھوڑ دے گا اور پڑھنے والا اس کے شر و فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

جو بخار کبھی نہ اترتا ہو

اگر کسی شخص کو ایسے بخار نے پکڑ لیا ہے جو ہر وقت رہتا ہے اور کبھی نہیں اترتا اور حکیم و ڈاکٹر اس کے علاج سے عاجز ہوں تو اس کا علاج یہ ہے کہ کسی عالم دین کے پاس مریض جائے یا اگر مریض خود جانے کے قابل نہیں ہے تو عالم دین کو گھر بلا لے۔ مریض کو سوتی کپڑے پہنا دیئے جائیں (کے ٹی یا دوسرے مصنوعی دھاگے کے بنے ہوئے کپڑے نہ ہوں) وہ عالم دین باوضو اکیس بار بلند آواز سے سورۂ قدر پڑھے اور مریض کو سنائے اور مریض پر دم کرے اور پانی کی بھری ہوئی بوتل پر بھی دم کرے۔ یہ عمل تین دن تک مسلسل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کا بخار فوراً غائب ہوگا اور مریض صحت یاب ہوگا۔

ہر مقصد میں کامیابی

جو شخص ہر قسم کی رکاوٹوں سے پریشان ہو جس چیز میں ہاتھ ڈالتا ہو اسی میں ناکام رہتا ہو۔ کاروبار میں نقصان، نوکری میں ہر وقت لڑائی جھگڑا، رشتہ داروں سے دشمنی، محلے والوں سے ناچاقی، زندگی سے بیزار، اس کے لیے روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں سورۂ توبہ کی آخری دو آیات صبح کو باوضو بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب

باوضو ایک سو بار پڑھے اور حسب توفیق روزانہ کچھ صدقہ خیرات بھی کیا کرے۔ حرام کی آمدنی سے حرام کھانے سے پرہیز کرے۔ ایک چلہ دو چلہ تین چلہ (یعنی چالیس چالیس دن تک) مسلسل بلاناغہ پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دو چلے پورے نہیں ہوں گے کہ سب رکاوٹیں آہستہ آہستہ دور ہوتی جائیں گی۔

بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، عورت، مرد، نوکر گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کا بلانا ضروری ہو تو اس کیلئے اس کا پرانا کپڑا لے کر سامنے رکھ لیں اور باوضو سورۂ قصص (پ 20) کو تین مرتبہ پڑھ کر لمبی دعا کریں کہ وہ حاضر ہو جائے اور اس کا دل گھر کی طرف متوجہ ہو۔ اس کے بعد چالیس مرتبہ کہیں ''اے اللہ اس بندے یا بندی کو حاضر کر دے'' انشاءاللہ مذکورہ شخص تین دن سے پہلے حاضر ہو جائے گا اگر دور گیا ہے تو چند دن بعد واپس آ جائے گا۔

جسم کے اندر کہیں بھی درد ہو اس سے نجات کیلئے

جس شخص کے جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو یا جسم کے اکثر حصوں میں درد ہونے لگتا ہو تو اس کیلئے باوضو اول اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں' اس کے بعد سات مرتبہ سورۂ الفیل پڑھیں آخر میں اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض کے درد والی جگہ پر دم کریں۔ اگر غیر عورت ہے تو پائپ یا نلکی کے ذریعہ پردے میں بٹھا کر دم کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے مریض کو درد سے نجات حاصل ہوگی۔

دانت کے درد کا اکسیر عمل

اگر کسی کے دانت میں سخت درد ہو جس کے سبب طبیعت بے چین اور سونا' کھانا پینا سب مشکل ہو گیا ہو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ باوضو سورۂ قریش کو اکیس مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور وہ نمک اس دانت پر ملیں اور دانتوں کے درمیان رکھیں دن میں دو تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے مریض کو فائدہ ہوگا اور درد سے نجات ملے گی۔

ہر وقت رونے والے بچے کا علاج

جو بچہ ہر وقت روتا ہو اور کبھی چپ نہ ہوتا ہو اس کے لیے یہ عمل بہت کامیاب اور مجرب ہے باوضو سورۂ اخلاص تسمیہ کے ساتھ سات مرتبہ پڑھ کر بچے کے دائیں (سیدھی طرف کے) کان میں دم کریں (پھونک ماریں) اسی طرح پھر سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر بائیں کان میں دم کریں۔ یہ عمل صبح کو ایک مرتبہ اور شام کو ایک مرتبہ کیا کریں۔ چند دن عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا چھوڑ دے گا۔

سر درد کا بہترین عمل

اگر کسی کے سر میں درد ہو اور سر درد کی وجہ سے آرام نہ آتا ہو تو سوتی کپڑا لے کر اس کے چھوٹے چھوٹے تین ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر باوضو سورۃ الفیل ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر ایک مرتبہ سورۂ الفیل پڑھ کر دوسرے ٹکڑے پر دم کرے اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ الفیل پڑھ کر تیسرے ٹکڑے پر دم کرے اور رکھ لے۔ ایک ٹکڑا لے کر اس کو اس طرح جلائے کہ اس میں آگ نہ جلے بلکہ دھواں اٹھے وہ دھواں مریض کی ناک میں صبح کو پہنچائیں۔ دوسرا ٹکڑا لے کر دوپہر کو دھواں ناک میں پہنچائیں اور شام کو تیسرا ٹکڑا جلا کر مریض کی ناک میں دھواں پہنچائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض پہلے ہی دن فائدہ محسوس کرے گا اور چند دن کے عمل سے سر کا درد غائب ہو جائے گا۔

جادو، سفلی ٹونہ ٹوٹکہ ختم

اگر کسی پر جادو یا سفلی کا اثر ہو یا اس پر ٹونے ٹوٹکے کا عمل کرایا گیا ہو تو اس کیلئے یہ عمل تیر بہدف اور مجرب ہے۔ روزانہ باوضو اول تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد آیۃ الکرسی سات مرتبہ اس کے بعد سورۂ فلق اور ناس سات سات مرتبہ پڑھیں اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مریض پر اور ایک بوتل پانی پر دم کریں جب بھی مریض پانی پیے اس بوتل میں سے تھوڑا سا پانی ملا کر مریض کو پلائیں۔ یہ عمل سات دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن کے اندر جادو ٹونے کا اثر ختم ہو جائے گا۔

حضرت شاہ تُرت فقیر رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی مقصد میں کامیابی چاہتا ہے یا اس کی کوئی ضرورت ہے جو پوری نہیں ہوتی اس کیلئے عشاء کی نماز کے بعد باوضو سات مرتبہ سورہ یٰسین شریف (پ ۲۲) پڑھیں۔ ایک مرتبہ سورۃ پوری پڑھنے کے بعد اپنے مقصد میں کامیابی یا ضرورت کے پورا ہونے کی دعا مانگیں۔ پھر دوسری مرتبہ سورۃ پڑھ کر دعا مانگیں اس طرح سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر سات ہی مرتبہ دعا مانگیں یعنی ہر مرتبہ پڑھ کر ہر مرتبہ دعا مانگیں۔ چند دن عمل کرنے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے امتحان میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی سکول، کالج یا یونیورسٹی کا طالب علم ہو وہ امتحان میں کامیابی کیلئے ہر نماز کے بعد باوضو 16 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی کامیابی کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ امتحان میں ضرور کامیابی ہوگی۔ یہ عمل کسی نوکری یا باہر کے ملک جانے کیلئے انٹرویو کیلئے بھی کارآمد ہے۔

رشتوں کی بندش کھولنا

اگر رشتوں کی بندش لگادی گئی ہو اور لڑکا لڑکی بوڑھے ہو رہے ہوں جہاں بات لگتی ہے انکار ہو جاتا ہے۔ اول تو رشتے آتے نہیں اگر آتے ہیں تو واپسی جواب نہیں ملتا۔ ایسی صورت میں سورۂ والتین (پ ۳۰) مکمل روزانہ باوضو ساٹھ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھیں۔ چالیس دن عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر کام ہو جائے گا۔

حاسدوں کے شر سے حفاظت

اگر حاسد شرارت کرتے ہوں، آوازیں کستے ہوں، طرح طرح سے ستاتے ہوں تو ان کی

شرارت کو ختم کرنے کیلئے روزانہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب باوضو اکیس اکیس مرتبہ سورۃ فلق اور سورۃ ناس پڑھ کر ان کے شر سے حفاظت کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شرارت کرنے والے حاسد چند دن میں شرارت سے باز آجائیں گے اور ان کا انجام برا ہوگا۔

تنبیہ: یہ عمل انتہائی مجبوری میں کریں اگر کسی کو بلاوجہ نقصان پہنچانے کیلئے کریں گے تو خطرہ ہے کہ خود نقصان میں مبتلاء ہوجائیں گے۔

سفر بخیر وخوبی طے ہونا اور واپسی بخیر وخوبی ہو

اگر کوئی شخص سفر کے ارادے سے کہیں قریب یا دور جا رہا ہے اور چاہتا ہے کہ وہ ہر قسم کے حادثہ سے محفوظ رہے اور چور ڈاکو لٹیرے اسے نقصان نہ پہنچائیں اس کا سفر آسانی اور خیروخوبی کے ساتھ طے ہوجائے اور وہ خیریت کے ساتھ واپس گھر آجائے تو اس کیلئے باوضو پانچ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے باہر قدم نکالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر کے دوران ہر قسم کے حادثہ اور نقصان سے محفوظ رہے گا اور خیریت سے گھر لوٹ آئے گا۔

دو باہمی ناراض آدمیوں میں صلح کرانا

اگر دو شخص یا دو بھائی یا بہن بھائی آپس میں ناراض ہوں اور بات چیت نہ کرتے ہوں تو ایک انار لے کر دانے نکال کر ایک برتن میں رکھ لیں اور باوضو سورۃ طارق (پ ۳۰) پوری سورۃ چھبیس مرتبہ پڑھ کر ان دانوں پر دم کر کے دونوں طرف کے آدمیوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ناراضگی ختم ہوجائے گی۔

گھر سے لڑائی جھگڑا ختم کرنا

اگر گھر کے تمام افراد آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہوں اور گھر میں محبت و پیار کا ماحول ختم ہو چکا ہو تو اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں **یَاوَدُوْدُ** گیارہ سو بار پڑھ کر گڑ یا چینی پر دم کر کے رکھ لیں۔ چینی کو شربت یا چائے میں ڈال کر سب گھر والوں کو پلا دیں یا گڑ ہے تو اسے سب گھر والوں کو کھلا دیں یا حلوے میں

ڈال کر کھلا دیں اور تھوڑا سا گڑ یا چینی آگ میں جلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

محبت زوجین (میاں بیوی میں محبت) کیلئے

اگر دونوں میاں بیوی میں نا اتفاقی رہتی ہے، آپس میں ہر وقت اختلاف پیدا ہوتا رہتا ہے تو اس کیلئے دونوں میاں بیوی کا پرانا مستعمل (پہنا ہوا کپڑا جس کو دھویا نہ گیا ہو) کپڑے کے ٹکڑے لے لیں اور باوضو چالیس مرتبہ **یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** پڑھ کر دونوں ٹکڑوں پر دم کر دیں۔ ایک کورا نیا مٹی کا چراغ لے کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر ان دونوں کپڑوں کو ملا کر بتی بنا کر چراغ جلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں بہت جلد اختلافات ختم ہو کر محبت پیدا ہوگی، مجرب عمل ہے۔

پورے یا آدھے سر کا درد

اگر کسی شخص کے پورے یا آدھے سر میں درد رہتا ہو تو اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر تین بار یا سات بار یہ دعا پڑھ کر سر پر دم کریں۔ اگر غیر عورت ہے تو دور سے پردے کے پیچھے پڑھ کر اس عورت کی طرف منہ کر کے دم کر دیں۔ عمل پڑھنے کے دوران عورت اپنا ہاتھ سر پر رکھ لے۔

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ اسْمُہٗ بَرَکَۃٌ وَّشِفَآءٌ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ بِیَدِہٖ شِفَآءٌ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

قرض سے جلد نجات کیلئے

قرض سے جلد نجات حاصل کرنے کیلئے یہ دعا حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم فرمائی ہوئی ہے۔ اس دعا کو ہر نماز کے بعد ایک سو بار روزانہ پڑھ لیا کریں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی سارا قرض ادا ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے، وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

شاہ فضل اللہ کریم رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

رزق میں برکت اور ترقی کیلئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں ترقی ہو اور اس کے خرچ میں کسی قسم کی تنگی پیش نہ آئے بلکہ آسانی اور سہولت کے ساتھ گھر کا خرچہ پورا ہوتا رہے، کسی بھی موقع پر کسی سے قرض وغیرہ لینا نہ پڑے۔ اس کیلئے روزانہ بہتر بار یَابَاسِطُ پڑھا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ یہ عمل بیاسی روز کریں۔ ویسے بھی چلتے پھرتے، باوضو، بے وضو ہر حالت میں اس اسم مبارک کو پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رنج و فکر دور ہوگا۔ طبیعت ہشاش بشاش رہے گی اور رزق میں ترقی اور برکت پیدا ہوگی۔

بخار سے آرام

اگر کسی بچے یا بڑے کو بخار نے پکڑ رکھا ہو، بخار سردی سے آتا ہو یا گرمی سے بخار ہو گیا ہو یا روزانہ آتا ہو یا تیسرے دن کا بخار ہو، اس کیلئے یہ آیت کریمہ باوضو ایک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور پانی میں گھول کر مریض کو وہ پانی پلادیں یہ عمل تین دن مسلسل کریں ناغہ نہ کریں۔ وہ آیت ہے:

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ﴿الانبیاء ۶۹﴾

سفر کے دوران ہر قسم کی حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر روانہ ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ سفر بخیر و خوبی ہو۔ راستہ میں کسی قسم کے ٹھگ اور لٹیرے سے واسطہ نہ پڑے اور نہ گاڑی یا سواری کو کوئی حادثہ پیش آئے سفر چاہے خشکی کا ہو، سمندری یا یا ہوائی ہو، انشاء اللہ تعالیٰ سفر کے دوران ہر قسم کے حادثات سے محفوظ رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

يَاحَافِظُ، يَاحَفِيْظُ يَاوَدُوْدُ يَارَحِيْمُ يَانَاصِرُ يَاحَفِيْظُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَااَللّٰهُ يَاحَفِيْظُ

لیکوریا بند کرنے کا عمل

جس عورت کو لیکوریا کا مرض ہو اور اس کے سبب دن بدن کمزوری بڑھتی جا رہی ہو تو اس کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ ایک پاؤ سوکھا کھوپرا لے کر اس کے دس ٹکڑے کر لیں۔ اول اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ مزمل (پ ۲۹) پڑھیں۔ اس کے بعد درود شریف اکیس مرتبہ پڑھ کر اس کھوپرے کے ٹکڑے پر دم کر دیں۔ اسی طرح پڑھ پڑھ کر تمام دس ٹکڑوں پر دم کر کے رکھ لیں۔ جب کھانے کا ارادہ ہو تو رات کو ایک ٹکڑا پانی میں بھگو دیں اور صبح اٹھ کر نہار منہ (جب کچھ کھایا پیا نہ ہو دانت مانجھے ہوں اور مسواک یا برش سے دانت صاف کئے ہوں) وہ کھوپرے کا ٹکڑا کھا کر وہ پانی جس میں یہ ٹکڑا بھگویا گیا تھا پی لیں۔ عورت مخصوص ایام میں یہ کھوپرا استعمال نہ کرے بلکہ پاک حالت میں استعمال کرے۔ اکیس دن تک یہ عمل کرنا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ عورت مخصوص دنوں سے غسل کر کے پھر استعمال شروع کرے تاکہ درمیان میں ناغہ نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس دن میں بالکل آرام آ جائیگا۔ اگر لیکوریا کا مرض شدید ہے تو عورت کو چاہیے کہ وہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لیکوریا کا مرض ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گا۔

اگر کسی عورت کو ماہواری کم آتی ہو

اگر کسی عورت کو کم ماہواری کی شکایت ہے جس کی وجہ سے سر بھاری رہتا ہو اور چکر آتے ہوں اور دل میں گھبراہٹ رہتی ہو تو اس کیلئے ایک تولہ زعفران لے کر اول سات بار درود شریف، اس کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ تغابن آخر میں سات بار

درود شریف پڑھ کر اس زعفران پر دم کریں (پھونک ماریں)۔ مریضہ عورت رات کو سوتے وقت ایک چٹکی (تھوڑی سی) زعفران لے کر دودھ میں ملا کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دو ماہ مسلسل استعمال کرنے سے ماہواری کی کمی دور ہو جائے گی اور ماہواری ٹھیک وقت پر اور پوری پوری آئے گی۔ نیز رات کو بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھیں۔ استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔

رات کو پر سکون نیند آنے کا عمل

اگر کسی کو دماغی خشکی کے سبب سے یا کسی اور مرض کے باعث رات کو نیند نہیں آتی اور نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ رات کو ضرور نیند آئے گی۔ یہ عمل آزمودہ اور تجربہ کیا ہوا ہے۔ لوکی کا ایک پاؤ تیل پنساری کی دکان سے خرید لیں اور گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک سو اکیاون مرتبہ سورۃ تکاثر (پ30) پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس تیل پر دم کر دیں اور رات کو سوتے وقت تھوڑا سا تیل ہتھیلی پر لے کر سر پر اس کی مالش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پر سکون نیند آئے گی۔

لڑکی یا لڑکے کا رشتہ ہونا

اکثر والدین لڑکی یا لڑکے کے رشتہ کیلئے پریشان رہتے ہیں۔ آسانی کے ساتھ رشتہ ہونے کیلئے لڑکے یا لڑکی کی والدہ یا والد (اگر خدانخواستہ والدین نہ ہوں تو لڑکی خود یا لڑکا خود بھی یہ عمل کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ بہن بھائی یا کوئی دوست رشتہ دار بھی کر سکتا ہے) بعد نماز عشاء اول دو رکعت نماز نفل صلوٰۃ الحاجت پڑھے۔ اس کے بعد اول ستر مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد سات سو مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھے۔ اس کے بعد ستر مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر نہایت عاجزی و

انکساری کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ستر دن کے اندر رشتہ ہو جائے گا۔

رشتوں کی بندش ختم

بعض لوگ حسد و بغض کے سبب بہت سے لوگ رشتے کی بندش کرا دیتے ہیں جس کے سبب اول تو رشتے آتے ہی نہیں ہیں اور اگر کوئی رشتہ آ بھی گیا تو ہوتا نہیں ہے۔ لڑکے یا لڑکی بڑھاپے کو پہنچ جاتے ہیں۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید اور فوری کام کرنے والا ہے۔ اس عمل کی برکت سے بندش ٹوٹ جاتی ہے۔ یہ عمل اسی دن کرنا ہے۔ عمل یہ ہے: کسی دن بھی نماز فجر ادا کر کے اول اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد چالیس مرتبہ سورۂ الم نشرح مکمل پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ اخلاص ستر مرتبہ پڑھے۔ آخر میں اکیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر بندش دور ہونے کی دعا کرے۔ اس عمل کے ساتھ پیر اور جمعرات کے دن کچھ صدقہ خیرات بھی کرے۔

* * * * *

شاہ غوث اوچوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

مشکلات، بیماری، پریشانی سے نجات

اگر کوئی شخص مشکلات میں پھنس گیا ہو یا بیماری نے گھیر لیا ہو، گھر میں کبھی کوئی بیمار، بیماری سے جان کسی طور نہ چھوٹتی ہو یا ناگہانی پریشانی پیدا ہوتی رہتی ہو۔ اس کیلئے اول و آخر درود ابراہیمی چالیس مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ توبہ کی آخری دو آیات تین سو مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل چالیس دن تک بلا ناغہ کریں۔ نیز اس عمل کے دوران حسب حیثیت صدقہ و خیرات بھی برابر کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر ہی حالات بہتر ہوتے جائیں گے۔ مشکلات حل ہونا شروع ہوں گی، بیماریاں دور ہو جائیں گی اور پریشانیاں از خود ختم ہوتی جائیں گی۔ مجرب عمل ہے۔

سورۂ توبہ کی آخری آیات یہ ہیں:۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ० فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔ (توبہ 127،128)

شرارتی آدمی کی شرارت سے حفاظت

اگر کوئی آدمی ناحق ظلم کرتا ہے یا کوئی شخص بلاوجہ شرارت کر کے تنگ کرتا ہے اور ایسے لوگ اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتے تو ان کیلئے یہ عمل بہت مفید اور مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ظالم ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ظلم سے رک جائے گا اور ظلم نہ کر سکے گا۔ اسی طرح حاسد شرارت سے رک جائے گا اور جو حق نہ دیتا ہو بخوشی راضی حق دے گا۔ عمل کے اول و آخر میں درود شریف پڑھیں۔ درمیان میں سورہ آل عمران کی آخری آیت کو چالیس مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل مسلسل بلا ناغہ دو ماہ تک یعنی ساٹھ دن کریں اور اس دوران حرام کے لقمہ سے بچیں، حلال روزی کمائیں اور حلال

روزی کھائیں۔ سورۂ آل عمران کی آخری آیت یہ ہے:۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿آل عمران ۲۰۰﴾

بانجھ عورت کے اولاد ہونا

اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو اور عورت بانجھ ہو اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ انجیر کے دس دانے لے کر دھو لے اور درود شریف دس مرتبہ اول و آخر اور درمیان سورۂ والسماء والطارق (پوری سورت) دس مرتبہ پڑھ کر انجیر کے دانوں پر دم کرے اور یہ دس انجیر کے دانے عورت رات کو سوتے وقت کھا کر ایک پاؤ دودھ پی لے۔ یہ عمل ستر دن کرنا ہے اس دوران عورت دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھتی رہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن ختم ہوگا اور اولاد ہوگی۔

پسند کی شادی

اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو اور عورت بانجھ ہو اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ انجیر کے دس دانے لے کر دھو لے اور درود شریف دس مرتبہ اول و آخر اور درمیان سورۂ والسماء والطارق (پوری سورت) دس مرتبہ پڑھ کر انجیر کے دانوں پر دم کرے اور یہ دس انجیر کے دانے عورت رات کو سوتے وقت کھا کر ایک پاؤ دودھ پی لے۔ یہ عمل ستر دن کرنا ہے اس دوران عورت دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھتی رہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن ختم ہوگا اور اولاد ہوگی۔

من پسند جگہ رشتہ کیلئے

اگر کوئی شخص کسی خاص لڑکی سے رشتہ کرنا چاہتا ہو اور لڑکی والے رشتہ دینے سے انکار کرتے ہیں یا لڑکی راضی نہیں ہے تو اس صورت میں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں ایک سو بار یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهَا اِلَیَّ

پڑھیں اور جس کی چاہت دل میں ہے اس کا تصور کریں۔ یہ عمل نماز فجر کے بعد کریں اور دوسری مرتبہ بعد نماز عشاء کریں۔ ناغہ نہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک سو بیس دن میں رشتہ ہو جائے گا۔ ناجائز کرنے والا سخت نقصان اٹھائے گا۔

بدمزاج عورت یا مرد میں محبت پیدا کرنا

عورت بدمزاج ہے اور بات بات پر شوہر سے جھگڑتی ہے، گھر میں لڑائی جھگڑے کا دستور بنا رکھا ہے جب شوہر تھکا ہارا گھر میں داخل ہوا اس نے غلط باتیں شروع کر دیں اور چلانا شروع کر دیا، یا شوہر بدمزاج ہے جب بھی گھر میں داخل ہوتا ہے لڑائی، جھگڑا، مار پیٹ شروع کر دیتا ہے، عورت کو گھر میں نہ عزت سے رکھتا ہے نہ اس کی ضروریات کا خیال رکھتا ہے۔ یہ عمل بدمزاج عورت کا خاوند کرلے یا بدمزاج خاوند کیلئے عورت کرلے دونوں طرح صحیح ہوگا۔ لڑائی جھگڑا ختم اور میاں بیوی میں مثالی محبت پیدا ہو جائے گی۔ عمل یہ ہے: میٹھی چیز مثلاً چینی، مصری، مٹھائی، کھجور، انگور، شہد یا گڑ پر پڑھ کر دم کر کے اگر بیوی بدمزاج ہے تو اس کو کھلا دے یا اگر مرد بدمزاج ہے تو اس کو کھلا دے۔ یہ عمل بعد نماز فجر کریں یا بعد نماز عشاء کریں۔ ان دونوں وقتوں کے علاوہ کسی اور وقت نہ کریں۔ یہ عمل اکیس دن کرنا ہے۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھنے کے دوران جب ایک سو بار یہ کلمات پڑھ لئے جائیں تو اس میٹھی چیز پر دم کر دیں (یعنی ہر ایک سو بار پڑھ کر) مٹھائی پر دم کرنا ہے یعنی گیارہ بار دم کرنا ہے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل اکیس دن مسلسل بلاناغہ پابندی کے ساتھ کرنا ہے۔ اس دوران نماز کی پابندی کریں۔

حمل کی حفاظت کا عمل

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اور ٹھہرتا نہ ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب اور تجربہ شدہ ہے۔ جب مٹی کا مٹکا لینے بازار جائیں تو باوضو جائیں اور باوضو مٹکے کو گھر لائیں۔ بغیر

وضو اس مٹکے کو ہاتھ نہ لگائیں۔ گھر لا کر باوضو اس کو دھو کر پانی سے بھر دیں۔ صبح کو وہ سب پانی پھینک دیں۔ صبح اٹھ کر باوضو تازہ پانی سے دوبارہ مٹکا بھر دیں۔ اس کے بعد باوضو نو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پانی پر پھونک ماریں پھر نو مرتبہ سورہ انشقاق (پ ۳۰) پڑھیں اور ہر مرتبہ جب سجدہ کی آیت پڑھیں سجدہ کریں اور سورۃ ختم کریں۔ جب نو مرتبہ سورۃ پڑھ لی جائے پانی پر دم کر دیں۔ اس کے بعد نو مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اس طرح تین مرتبہ پانی پر پھونک مارنی ہے۔ جب عورت پانی پیئے باوضو پیئے بغیر وضو کے پانی کے مٹکے کو ہاتھ نہ لگائے اور نہ بغیر وضو پانی پیئے۔ یہ پانی عورت کو چار وقت پلانا ہے۔ صبح نماز کے بعد، بعد نماز ظہر، بعد نماز عصر، بعد نماز عشاء، اس دوران عورت نماز کی پابندی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا اور بچہ صحیح اور تندرست پیدا ہوگا۔

* * *

حضرت شاہ کمال کمتھیلیؒ کے مستند روحانی وظائف

دودھ کی کمی کا روحانی علاج

اگر کسی ماں کے پستانوں میں دودھ کی کمی ہے اور بچہ بھوکا رہتا ہے اس کیلئے پانچ عدد کشمش کے دانے لے کر ان پر پانچ مرتبہ سورۃ والضحیٰ (پ ۳۰) پڑھ کر ان کشمش کے دانوں پر دم کریں اور اپنے سینے پر بھی دم کریں۔ یہ عمل سات دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ پیدا ہونے لگے گا۔

قوت باہ کیلئے

اگر کسی کی قوت مردمی کمزور ہو اور مکمل طور پر کامیابی نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت عمدہ اور تجربہ شدہ ہے۔ باوضو اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ، سات مرتبہ آیت الکرسی، سات مرتبہ سورۃ حشر کی آخری تین آیات آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک کلو کھجور پر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ سات عدد نہار منہ کھالیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ مسلسل عمل کرنے کی برکت سے صحت بحال ہو جائے گی اور قوت میں استحکام پیدا ہوگا۔

کام میں دل لگنا

اگر کسی کا دل کسی کام میں نہ لگتا ہو اور مزاج میں غیر مستقل مزاجی ہو اور کہیں جم کر کام کرنا مشکل ہوتا ہو اور روزگار میں محنت و کوشش کرنے سے دل تنگ ہوتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ کام میں دل لگے گا اور جم کر کام کرنے کی عادت پڑے گی۔ ہر نماز کے بعد ہر بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ ایک سو بار پڑھیں۔ وہ کلمات یہ ہیں: ”بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِحَوۡلِ وَقُوَّۃِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الۡمُھَیۡمِنُ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ“

حفاظت اور خوف وخطر سے نجات

اگر کوئی دشمن کے شر اور ظلم سے پریشان ہو یا دشمن نئے نئے طریقے سے ذہنی وجسمانی نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہوں اور طرح طرح سے تنگ کرتے ہوں تو دشمنوں کے شر سے حفاظت اور ہر قسم کے خوف وخطر سے حفاظت کیلئے ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے ہر طرح حفاظت رہے گی اور خوف ودہشت دل سے نکل جائیگا۔ زندگی پرسکون بسر ہوگی۔

غیبی مدد اور مشکلات کے حل کیلئے

ہر قسم کی غیبی مدد اور فتوحات اور مشکلات کے حل کیلئے یہ عمل بہت کارآمد اور تیر بہدف ہے۔ فجر کی اذان کے بعد دو سنت پڑھ کر فرضوں سے پہلے سورۂ فاتحہ اس ترکیب سے پڑھیں اول وآخر درود شریف سات مرتبہ پڑھیں درمیان میں بسم اللہ کی آخری میم کو الحمد کے لام سے ملا دیں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔ اس کے بعد الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ تین مرتبہ پڑھیں۔ اسی طرح اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کو بھی تین مرتبہ پڑھیں باقی تمام کلمات صرف ایک ایک مرتبہ پڑھنے ہیں۔ اس ترکیب سے سورۂ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھی جائے گی۔ یہ عمل اکتالیس دن مسلسل بلاناغہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا انتظام ہوگا۔ بیروزگاری ختم ہوجائے گی، مشکلات دور ہوں گی اور زندگی خوشگوار ہوجائے گی۔ جملہ پریشانیوں کا خاتمہ ہوجائے گا۔

ہر قسم کے مرض سے نجات

اگر کسی شخص کو بہت سی بیماریاں لپٹ گئی ہوں یا ایسی بیماری چمٹ گئی ہو جو دواؤں سے بھی دور نہیں ہو رہی ہے تو اس کیلئے ایک کوری مٹی کا پیالہ لیں اور اس کو دھو کر اس میں پانی بھر کر رکھ لیں اور باوضو اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں، درمیان میں

سورۂ فاتحہ چالیس مرتبہ پڑھ کر اس پانی پر دم کریں اور صبح ناشتہ سے قبل، گیارہ بجے دن ، بعد نماز عصر، سورج غروب ہونے سے قبل اور سوتے وقت مریض کو وہ پانی پلائیں۔ یہ عمل ایک ہفتہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہو جائے گا۔ اگر سات دن میں ٹھیک نہ ہو تو اس وقت تک کرتے رہیں جب تک مریض صحیح اور تندرست نہ ہو جائے۔ یہ عمل روزانہ بعد نماز فجر کرنا ہے۔ اگر بعد نماز فجر ممکن نہ ہو تو بعد نماز عشاء کرلیا کریں۔

سفر سے بحفاظت واپسی کیلئے

اگر کوئی شخص سفر پر جانا چاہتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ اس کا سفر بحفاظت ہو اور سفر کے دوران نہ کوئی حادثہ پیش آئے اور نہ چور ڈاکو اور لٹیرے سے واسطہ پڑے بلکہ آرام و راحت کے ساتھ بسہولت سفر پورا ہو۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب اور کارآمد ہے۔ جب سفر پر روانہ ہونے لگے تو پہلے وضو کرے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اپنے سینہ پر دم کرے۔ اس کے بعد دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ پاؤں کے تلوے اور انگلیوں پر ہاتھ پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس مقصد سے سفر پر جا رہا ہے وہ مقصد ضرور پورا ہو گا اور سفر خیر و عافیت سے پورا ہو گا۔

زبان کی سوجن اور ورم کا علاج

اگر کسی کی زبان سوج گئی ہو یا اس پر ورم آ گیا ہو تو اس کیلئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو مرتبہ یَامُؤْمِنُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور سب پڑھ کر زبان پر دم کرے۔ اگر عورت ہے تو کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دے دے وہ تھوڑا تھوڑا کھاتی رہے۔ انشاء اللہ جلد ہی زبان کی سوجن دور

ہو جائیگی، جب تک سوجن کا خاتمہ نہ ہو یہ عمل روزانہ کرتا رہے اور دم کرتا رہے۔

کان کے درد سے آرام

اگر کسی بچے یا بڑے کے کان میں درد ہو جس کے سبب آرام نہ مل رہا ہو تو اس کیلئے اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اکیس مرتبہ یَاسَمِیْعُ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دونوں کانوں میں پھونک مار دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کان کے درد سے آرام ہوگا۔

* * *

شاہ صدیق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

نزلہ زکام کا علاج

اگر کسی کو نزلہ زکام نے جکڑ لیا اور ہر قسم کی دوائی سے فائدہ نہیں ہو رہا ہے تو اس کیلئے اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ اگر غیر عورت ہے تو پانی پر دم کر کے دے دے وہ پانی پی لے۔ یہ عمل تین دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ نزلہ وزکام سے نجات حاصل ہوگی۔

اولاد نرینہ کیلئے

اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو اور اس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب اور تیر بہدف ہے۔ بعد نماز عشاء باوضو سات بار ایک سفید کاغذ پر کھیٰعص لکھے اور آب زم زم یا بارش کے پانی یا پاک وصاف پانی سے دھو کر میاں بیوی پی لیں اور اسی طرح روزانہ لکھ کر سات دن تک پئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

کتے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو کتا کاٹ لے اور ہسپتال قریب نہ ہو تو اس کیلئے فوراً چینی کی پلیٹ پر مندرجہ ذیل مفرد حروف باوضو لکھے اور روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔ وہ مفرد حروف یہ ہیں۔

اب ج ا ع ہ ہ د با ب اللہ

مرگی کا بہترین عمل

اگر کسی شخص یا بچے کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل حروف مقطعات

باوضو پڑھ کر مریض کے اوپر دم کرے اور پھونک مارے پہلی مرتبہ دم کرنے سے آرام آجائے تو ٹھیک ہے ورنہ یہ حروف بار بار پڑھ کر مریض پر دم کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوبارہ دورہ نہیں پڑے گا۔ وہ حروف مقطعات یہ ہیں:۔

الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ الٓمٓرٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ۔ صٓ۔
طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

شوگر کا علاج

اگر کسی شخص کو ذیابیطس (شوگر) ہوگئی ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو نماز عصر کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ذیابیطس سے نجات حاصل ہوگی۔ یہ عمل اکتالیس دن مسلسل کریں۔ آیت درج ذیل ہے:۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿بنی اسرائیل ۸۰﴾

ہر قسم کی طلب حاجت

جو شخص کوئی حاجت رکھتا ہو اور اس کو پورا کرنے کی طلب ہو تو اس کیلئے باوضو بعد نماز فجر سورۂ مزمل پڑھے اور پڑھتے پڑھتے ان آیات پر آئے تو ان آیات کو تین تین بار پڑھے۔ آیات یہ ہیں:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا
وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ
یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ
وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

اس عمل کے اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے اور اس عمل کا ثواب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح اقدس کو ہدیہ پیش کرے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی

حاجت پورا ہونے کی دعا کرے۔

چوری سے مال کی حفاظت

اگر کسی شخص نے گھر یا دکان میں مال یا نقدی یا سامان مویشی رکھے ہیں اور ہر وقت خطرہ چوری ڈاکے کا رہتا ہے اس کیلئے ایک سفید کاغذ پر سورۂ رعد پارہ نمبر 13 کی پہلی تین آیات باوضو لکھے اور یہ پرچہ مال میں رکھ دے۔ اسی طرح ان آیات کو باوضو موم جامہ کر کے باڑے یا مویشی رکھنے کی جگہ کے دروازے میں یا دیوار میں کھود کر رکھ کر بند کر دے اور یہی سورۂ رعد کی پہلی تین آیات سات مرتبہ پڑھ کر گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں پھونک مار دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے گھر یا دکان اور اس میں موجود تمام مال محفوظ رہے گا اور چور چوری نہ کر سکے گا۔ اس کلام پاک کی برکت سے گھر یا دکان یا باڑے میں خیر و برکت ہوگی اور بارہ آگ، جانوروں کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

حمل کی حفاظت کیلئے

اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو تو اس کیلئے آیت ذیل باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ہر قسم کے حملہ سے محفوظ رہے گا اور قائم رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿کھف ۲۵﴾

کتے کے کاٹنے اور اس کے حملے سے حفاظت

اگر کسی شخص پر کتا حملہ کر دے یا کسی کو ڈر ہو کہ کتا اسے کاٹ لے گا تو یہ آیت گیارہ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے انشاء اللہ تعالیٰ کتے کے حملے سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ۔ (کھف 18)

شاہ ذوقی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

نافرمان اولاد کو اطاعت گزار بنانا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور کہنے سننے کو نہ مانتی ہو اور طرح طرح سے ضد کرتی ہو اور والدین کیلئے مسئلہ بنی ہوئی ہو تو اس کیلئے باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار مرتبہ اَلشَّهِيْدُ پڑھ کر پانی یا مٹھائی پر دم کر کے سب بچوں کو کھلائے اور ان سب بچوں پر دم کرے۔ یہ عمل رات کو کرے تاکہ آسانی کے ساتھ سب پر دم کر سکے۔ یہ عمل صرف ایک مرتبہ کرنا ہے اگر اطاعت میں کچھ کمی دیکھے تو ایک مرتبہ اور کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد فرمانبردار اور اطاعت گزار بن جائے گی۔

سر کے درد سے آرام

اگر کسی کے پورے سر میں درد رہتا ہو تو دردسر دور کرنے کیلئے مندرجہ ذیل حروف باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر مریض کے سر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سر کا درد دور ہو جائے گا۔ وہ حروف یہ ہیں۔

۷۸۶

دم ہ م ل ہ

آدھے سر کا درد

اگر کسی شخص کے آدھے سر میں درد رہتا ہو تو اس کے لیے باوضو اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر سر پر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آدھے سر کا درد جاتا رہے گا۔

لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿الواقعہ ۱۹﴾

دماغ کی کمزوری دور کرنا

اگر کسی بچے یا بڑے کا دماغ کمزور ہو اور وہ ذرا ذرا سی بات بھی بھول جاتے ہوں یا بچہ اپنے اسکول یا مدرسہ کا سبق بار بار یاد کرنے کے باوجود بھول جاتا ہے تو اس کے حافظہ کی کمزوری دور کرنے اور دماغ کی طاقت اور یادداشت کی مضبوطی کیلئے باوضو مندرجہ ذیل آیت بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ کے ساتھ ایک کاغذ پر لکھیں اور موم جامہ کر کے کند ذہن بچے یا بڑے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچے کا ذہن چلنے لگے گا اور جو پڑھے گا یاد رہے گا اور بڑا آدمی بھی ضعف دماغ سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ سَنُقۡرِئُکَ فَلَا تَنۡسٰۤی ۙ ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ (الاعلیٰ 6)

بھول چوک کا مرض

اگر کسی شخص کو بھول (نسیان) کا مرض لاحق ہو گیا ہو کہ وہ کبھی گھر کا راستہ تک بھول جاتا ہے۔ کبھی گھر سے باہر نکل کر سوچتا ہے کہ مجھے کہاں اور کس کام سے جانا تھا۔ کبھی نسیان کے باعث دردر کی ٹھوکریں کھاتا ہے گھر کا پتہ نہیں ملتا ہے۔ اس کیلئے ہر فرض نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اَلرَّحۡمٰنُ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے سر پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی نسیان (بھول) کے مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

بے خوابی کا علاج

اگر کسی کو دماغی خشکی کے باعث رات بھر نیند نہ آتی ہو اور بے خوابی کے باعث دن بھر اس کا بدن سست رہتا ہو اور ہر کام میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو تو اس کے لیے سرسوں یا کھوپرے کے تیل پر باوضو سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر دم کرے اور سر میں لگائے اور جب تک نیند نہ آئے یہ کلمات پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے سے بے خوابی کا مرض جاتا رہے گا اور پرسکون نیند آنے لگے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ۔

خوب گہری نیند آنا

اگر کسی آدمی کو نیند نہ آتی ہو اور وہ رات بے چینی میں گزارتا ہو تو اس کیلئے رات کو سوتے وقت گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب گہری نیند آئے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (الاحزاب ۵۶)

نزلہ زکام کا علاج

اگر کسی کو نزلہ زکام نے تنگ کر رکھا ہو اور نزلہ زکام کی شدت کی وجہ سے پریشان ہو اور چھینکوں اور ناک بہنے سے بہت زیادہ مصیبت میں مبتلا ہو تو اس کیلئے گیارہ بار یہ آیت باوضو پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کرے اور مریض کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے سے مریض صحت یاب ہو جائے گا اور نزلہ زکام ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّہٗ عِوَجًا ﴿کہف 1﴾

اور سورۂ فاتحہ تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ یہ نزلہ زکام سے نجات کا عمدہ عمل ہے۔

درد دانت کا عمل

اگر کسی کے دانت میں شدید درد ہو اور کسی کل چین نہ آتا ہو تو اول و آخر سات مرتبہ درود شریف اس کے بعد ان کلمات کو درمیان میں تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے دانتوں پر دم کر دیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَلْقُوْنَ۔ یَلْقُوْنَ۔ تَلْقُوْنَ

حمل کی حفاظت

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور بار بار گر جاتا ہو تو اس کے قائم رہنے اور بچے کے صحیح و سالم پیدا ہونے کے لیے یہ آیات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حمل کے شروع کے دنوں میں عورت کی کمر میں باندھ دیں۔ یہ چالیس روز تک بندھا رہے۔ چالیس روز کے بعد کھول کر رکھ دیں۔ پھر یہی آیات والا تعویذ حمل کا نواں مہینہ شروع ہونے پر باندھ دیں۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو بچہ کو غسل دینے کے بعد عورت کی کمر سے کھول کر بچہ کے گلے میں ڈال دیں اور یہ تعویذ بچہ کے گلے میں سات سال تک بندھا رہے۔ سات سال پورے ہونے پر اس کو کسی پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر، دریا، نہر، تالاب، جھیل میں ٹھنڈا کر دیں (ڈال دیں) اگر ایسا موقع نہ ہو تو اس کو جنگل میں ایسی جگہ دفن کر دیں جہاں لوگوں کے پاؤں نہ پڑیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس تعویذ کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہے گا اور لمبی عمر پائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَ صَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَ كُتُبِهٖ وَ كَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ (التحریم 12)

* * *

خواجہ خدا بخش خیرپوری "مستند روحانی وظائف

سیلان الرحم

بعض عورتوں کو سیلان الرحم کی شکایت ہوتی ہے اور حیض کے علاوہ استحاضہ کا خون آتا ہے جس سے عورت کی صحت بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت کارآمد اور مفید ہے۔ زیتون کا ایک کلو تیل لے کر اول گیارہ مرتبہ درود شریف اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ سورۂ والتین پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس زیتون کے تیل پر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ صبح ناشتہ کے وقت روٹی پر چپڑ کر یا ڈبل روٹی یا توس پر لگا کر کھائیں۔

ماہواری کم یا درد کے ساتھ آنا

اگر کسی عورت کو ماہوار کم آتی ہو یا تکلیف اور درد کے ساتھ آتی ہو یا بال گرنے کی شکایت ہو یا کمر میں درد رہتا ہو یا ہاتھ پاؤں کی ہتھیلیاں جلتی ہوں تو اس کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ ایک کلو سوکھا کھوپرا لے لیں۔ اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد سورۂ ملک ایک سو تیس مرتبہ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس کھوپرے پر دم کریں۔ اس کے بعد کھوپرے کو کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ روزانہ رات کو ایک پاؤ گائے کے دودھ میں وہ کھوپرے کا ٹکڑا بھگو دیں۔ صبح کو منہ دھو کر نہار منہ کھوپرے کا ٹکڑا کھا کر دودھ پی لیں۔ گائے کے گوشت اور گرم چیزوں کے کھانے سے پرہیز کریں۔ گرم چیزیں یہ ہیں: گائے کا گوشت، مچھلی، انڈا، مرغی، بینگن، آم کا اچار وغیرہ۔ یہ کھوپرا مسلسل تین ماہ استعمال کریں اور ماہواری کے ایام میں کھوپرا استعمال نہ کریں۔ کھوپرا پاک حالت میں کھانا ہے اگر ناپاک حالت ہے تو پہلے غسل کر کے پاک ہو جائے پھر استعمال کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام شکایات دور ہو جانی شروع ہو جائیں گی۔

کتے کے کاٹ لینے سے زہر کا اثر ختم

اگر پاگل کتا کسی کو کاٹ لے اور اس کا مناسب علاج نہ کیا جائے تو وہ شخص بھی کتے کی

طرح بھونکنے لگتا ہے اور لوگوں کو کاٹ لے تو وہ بھی پاگل ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا اس کا فوری علاج کرانا چاہیے۔ اسی کے ساتھ ساتھ یہ عمل بھی کرے تاکہ کتے کے کاٹے کا زہر اثر نہ کرے۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ کتے کے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ وہ عمل یہ ہے۔ زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے کسی نئے برتن میں یہ حروف باوضو لکھے اور روغن زیتون (زیتون کے تیل) سے دھو کر اس مریض کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔ وہ حروف یہ ہیں:۔

ا ب ج ا ع ہ د باب اللہ

نسیان اور بھول چوک کا مرض ختم

اگر کسی کو نسیان یعنی بھول چوک کا مرض ہو تو اس کیلئے ہر فرض نماز کے بعد تیرہ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ رب زدنی علما اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ٹوپی اتار کر اپنے سر پر پھیرے۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ (طٰهٰ 28،27،26،25)

سحر، جادو، سفلی کا اثر ختم کرنا

اگر کسی آدمی یا عورت پر یا بچے، بچی پر جادو کرا دیا گیا ہو جس کے سبب وہ بیمار رہتے ہوں یا ان پر جادو کے سبب پاگل پن طاری ہو گیا ہو تو اس کیلئے یہ آیات باوضو ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور ایک پانی کا مٹکا اس بارش کے پانی کا لے جو پہاڑ پر برسا ہو یعنی ایک مٹکا لے جا کر بارش کے دوران پہاڑ پر رکھ دے وہ بارش کے پانی سے بھر جائے تو اٹھا کر گھر لے آئے اور یہ مٹکا اس حالت میں لائے کہ لاتے وقت لانے والے کو کوئی نہ دیکھے۔ اسی طرح ایک مٹکا پانی اس کنویں سے بھر کر لائے جو بیکار اور ویران پڑا ہو۔ جمعہ کے دن سات درختوں سے ایک ایک پتہ ہرا لے کر آئے۔ درخت ایسے ہوں جن کے پھل ابھی تک کھائے نہ گئے ہوں، دونوں مٹکوں کے پانی کو ملا کر ساتوں پتے اس میں ڈال دیں اور نہر یا سمندر یا تالاب یا جھیل کے

کنارے لے جا کر دونوں پاؤں لٹکا کر اس پلیٹ والی آیت کو اس مٹکے والے پانی سے دھو کر مٹکے والا پانی اپنے سر کے اوپر ڈونگے بھر بھر کر ڈالنا شروع کر دے۔ جب سب پانی اپنے جسم پر بہا لے تو دوسرے کپڑے پہن کر گھر آ جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے سحر، جادو، سفلی کا عمل ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ٥ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿یونس، 81،80﴾

حاسدوں سے حفاظت

اگر کوئی شخص اپنے ماحول، پڑوسی، ساتھ کام کرنے والوں، دوست، احباب، رشتہ داروں سے تنگ ہو اور وہ اسے ستاتے اور پریشان کرتے ہوں تو اس کیلئے روزانہ بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء باوضو ایک سو بار یہ دعا پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظالموں سے جلد نجات حاصل ہو گی۔ وہ دعا یہ ہے:۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿النساء ۷۵﴾

علم میں برکت اور اضافہ کیلئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ علم میں زیادہ سے زیادہ آگے بڑھے وہ بہت بڑا اور معتبر عالم دین بنے تو اس کیلئے اساتذہ کی خدمت اور ان کا ادب واحترام کرنے کے ساتھ ساتھ یہ دعا روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ علماء کرام اور اہل علم میں ممتاز عالم دین شمار ہو گا۔ یہ دعا دنیاوی علوم کیلئے بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ وہ دعا یہ ہے:۔

رب زدنی علما۔

شاہ مونس دہلویؒ کے مستند روحانی وظائف

ہر مقصد میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی شخص مختلف مقاصد رکھتا ہو مثلاً شادی کا طلب گار ہو اور شادی نہ ہوتی ہو یا بھول چوک (نسیان) کے مرض میں مبتلا ہو، فقیر ہو، روزی میں فراخی چاہتا ہو یا بیمار ہو صحت چاہتا ہو تو اس کیلئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ آیات لکھے اور اس کاغذ کے پیچھے اپنا مقصد لکھے اور باوضو موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے اور عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر غیر شادی شدہ ہے تو جلد شادی ہو جائے گی۔ اگر بھول چوک کے مرض میں مبتلا ہو تو اس سے نجات ملے گی اور یادداشت مضبوط ہوگی اور اگر غریب ہے تو مالدار ہو جائے گا اور اگر بیمار ہے تو جلد صحت حاصل ہوگی۔ ان آیات کو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ لکھے۔ وہ آیات سورۃ طٰہٰ کی 131، 132 ہیں۔

یرقان (پیلیہ) کا علاج

اگر کسی بچے یا بڑے کو پیلیہ ہو گیا ہو تو اس کیلئے باوضو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ پوری سورۃ البینۃ (پارہ 30) پوری سورت لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ یا بڑے کے گلے میں ڈال دی جائے اور روزانہ ایک مرتبہ یہی سورت پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ روزانہ یہ پانی پلا دیا جائے اور اس کے ساتھ یہ عمل بھی کر لیا جائے تو بہت اچھا ہے، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار درمیان میں تین سو بار یَاحَسِیۡبُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی مریض کو اکیس دن مسلسل پلایا جائے۔ یہ پانی ایک ہی مرتبہ پڑھ کر رکھ لیا جائے اور دن میں چار وقت مریض کو پلایا جائے، پلانے کے اوقات یہ ہیں۔ 1۔ صبح ناشتہ سے قبل۔ 2۔ دوپہر گیارہ بجے۔ 3۔ بعد نماز

عصر سورج غروب ہونے سے پہلے۔ 4۔ بعد نماز عشاء۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد یرقان (پیلیہ) کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کیلئے

کسی بھی قسم کی بیماری ہو اس بیماری سے نجات کے لیے باوضو مندرجہ ذیل آیات مٹی کے نئے کورے برتن پر لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر مریض کو پلا دے۔ اگر بارش کا پانی موجود نہ ہو تو کسی کنویں، نہر، دریا، چشمہ، جھیل کا پانی استعمال کرلے۔ ورنہ سات نلکوں کا پانی لے لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت حاصل ہوگی۔ وہ آیات سورۂ آل عمران کی 83، 84 اور 85 ہیں۔

حاسد پر غالب ہونے کے لیے

اگر کوئی حاسد ہر وقت غالب رہتا ہو تو اس کو مغلوب کرنے کیلئے ہرن کی باریک کھال پر پیر (سوموار) کے دن چڑھتے چاند کے دنوں میں یعنی جب چاند دیکھنے کے بعد چار تاریخ سے چودہ تاریخ چاند تک پیر کے دن یہ آیات شہتوت کے پتوں کو کچل کر اس کے پانی سے باوضو لکھے اور ان آیات کے آخر میں یہ الفاظ لکھ کر اس حاسد کا نام اور اس کی والدہ کا نام بھی لکھے اس کے بعد اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھے۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔ یَامُؤَلِّفَ الْقُلُوْبِ اَلِّفْ بَیْنَ آگے اپنے حاسد کا نام اور اس کی والدہ کا نام اور اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھیں۔ مثال کے طور پر یَامُؤَلِّفَ الْقُلُوْبِ اَلِّفْ بَیْنَ شریف خان بن شاہینہ علی حب سعید الدین بن سلیمہ بانو۔

اور موم جامہ کرکے اپنے گلے میں باندھ لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاسد زیر ہوگا اور نقصان پہنچانے سے باز آجائے گا۔ اسی طرح یہ نقش کوئی واعظ، متکلم، مقرر اپنے پاس رکھے گا تو لوگ اس کی بات مانیں گے۔ اس کے کلام کی اہمیت کو

تسلیم کریں گے اور اس کی تقریر سے بہت زیادہ متاثر ہوں گے۔ وہ آیات سورۃ آل عمران کی 103 اور 104 ہیں۔

ایسی نعمت جو ہمیشہ ساتھ رہے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کو ایسی نعمت ملے جو کبھی اس سے نہ چھینی جا سکے اور نہ ضائع ہو اور ہمیشہ اس کے ساتھ رہے تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو اول ایک سو ایک مرتبہ اور عمل کے آخر میں ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے اپنی پسندیدہ نعمت کے لیے دعا کریں۔ یہ عمل چالیس دن مسلسل بلاناغہ کریں اگر رات کو یہ عمل نہ ہو سکے تو دن کے وقت کسی نماز کے بعد یعنی فجر یا ظہر کے بعد کرلیا کریں۔

ناف جگہ سے دوسری جگہ ہوگئی ہو

اگر کسی کی ناف اپنی جگہ سے ٹل گئی ہو جس کے سبب پیٹ میں درد اور اینٹھن پیدا ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے ناف کی جگہ باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔ وہ آیت یہ ہے: ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ط تنبیہ: جب تک تعویذ ناف پر بندھا رہے گا ناف اپنی جگہ پر رہے گی اگر خدانخواستہ تعویذ ناف سے ادھر ادھر ہو گیا تو ناف بھی ادھر اُدھر ہو جائے گی۔ یہ تعویذ ایک ہفتہ باندھنے کے بعد کھول کر رکھ دیں۔ جب آئندہ ناف ٹل جائے تو پھر باندھ لیں۔ ایک ہفتہ باندھنے سے ناف اپنی جگہ مضبوط ہو جائے گی۔ اس وقت کھول کر رکھ دیں۔

اولاد ہونے کیلئے

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ ہر طرح کوشش کر چکا ہو تو اس کو چاہیے کہ بعد نماز عشاء روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے، درمیان میں یہ آیت ایک سو

اکیاون بار پڑھے۔ یہ عمل روزانہ کرے، ناغہ نہ کرے اور نہ ناامید ہو کر چھوڑے اللہ تعالیٰ سے لو لگائے رکھے اس کے خزانے میں کوئی کمی نہیں ہے۔ شرط عمل اور یقین کامل کے ساتھ مسلسل عمل کرنا ہے۔ وہ آیت یہ ہے:۔ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ﴿آل عمران ۳۸﴾

* * *

شاہ الفت اللہ اوچوی ؒ کے مستند روحانی وظائف

بھاگے ہوئے یا چور کو واپس لانا

یہ عمل بھاگے ہوئے کو واپس لانے اور چور کو واپس لوٹانے میں بہت کامیاب ہے۔ چمڑے کا ایک ٹکڑا لے یا کدو کا چھلکا سوکھا ہوا لے کر اسے صاف کر کے اور اس کو لکھنے کے قابل بنا لے۔ اندھیری اور تنہا جگہ میں بیٹھ کر جہاں کوئی دوسرا نہ ہو پرکار سے ایک دائرہ اس پر کھینچے اور دائرہ کے درمیان سورۂ انعام کی آیات نمبر 63، 64 کو باوضو لکھے۔ پھر بھاگے ہوئے یا چور کا نام اس کی والدہ یا والد کے نام کے ساتھ لکھے اور ایسی اندھیری کوٹھڑی میں رکھ دے یا دفن کر دے جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے جب بھاگا ہوا یا چور آ جائے اس کو نکال کر کنویں، نہر، دریا، سمندر، جھیل میں پتھر باندھ کر ڈال دے۔ ورنہ بھاگنے والا پھر بھاگ جائے گا اور چور جگہ جگہ بھاگتا پھرے گا۔ اس سے اُس کو تکلیف ہو گی۔

ہر قسم کے شر اور فتنہ سے حفاظت

اگر کوئی شخص شر و فتنہ کا شکار ہو گیا ہو اور اس سے حفاظت چاہتا ہو تو ان آیات کو باوضو ایک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور نرسل (کھوکھلے سرکنڈے جس سے قلم بناتے ہیں) کے چھوٹے ٹکڑے میں رکھ کر موم سے بند کر دے اور بچہ کے گلے میں ڈال دے تو بچہ ہر قسم کے مرض، ام الصبیان، جنات، نظر بد، سوکھا مسان سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح ان آیات کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ہرن کی باریک کھال پر لکھے اور انگوٹھی کے نیچے رکھ کر نگینہ جڑوا لے اور اس انگوٹھی کو پہن لے لیکن شرط یہ ہے کہ انگوٹھی بیت الخلاء یا ناپاک جگہ اور ناپاک حالت میں نہ پہنے بلکہ اتار کر رکھ دے جب پاک حالت میں ہو پہن لے۔ اس کی برکت

سے لوگ اطاعت کریں گے اور ہر شخص محبت کا برتاؤ کرے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شر سے حفاظت رہے اور دشمنوں کے دل میں خوف خدا پیدا ہوگا۔ وہ آیات سورۂ آل عمران کی پہلی تین آیات ہیں۔

سوکھتے بچے کا آسان روحانی علاج

اگر بچہ مسان کے مرض میں مبتلا ہو جائے اور بچہ دن بدن سوکھتا جاتا ہو، اس کا گوشت گھل رہا ہو اور جسم صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا ہو تو اول چنبیلی کو دھو کر سکھا کر یا اگر چنبیلی کا انتظام نہ ہو تو سرسوں لے کر اسے دھو کر سکھا کر اس کا تیل لکڑی کے کولہو سے نکلوایا جائے' تیل وزن میں ایک پاؤ ہونا چاہیے۔ بعد نماز عشاء سورۂ روم کی آیت نمبر 50 باوضو ایک ہزار تیرہ مرتبہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس دم کئے ہوئے تیل کو ہتھیلی پر تھوڑا تھوڑا لے کر بچے کو مالش کریں اور اس کے بدن پر ہلکا ہلکا لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ گیارہ دن کے اندر اندر تندرست ہو جائے گا لیکن تیل برابر لگاتے رہیں یہاں تک کہ تیل ختم ہو جائے۔ تیل لگانے کے بعد بچہ کو نہلانا ضروری نہیں ہے۔ البتہ کپڑے سے ہلکے ہلکے صاف کر دیں تو صحیح ہے لیکن شرط یہ ہے کہ تیل دو تین گھنٹے برابر لگا رہے اس کے بعد صاف کریں یا اگر بچہ کو نہلانا ممکن ہو تو نہلا دیں اگر نہلانے سے بچہ کو بخار ہونے یا بیمار ہونے کا ڈر ہو تو نہ نہلائیں۔

حاکم، افسر یا مخالف کو مہربان کرنا

اگر کوئی حاکم، افسر یا مخالف سخت ناراض ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو تو اس کیلئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر لے اور حاکم، افسر یا مخالف کے سامنے جائے انشاء اللہ مہربانی سے پیش آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے: كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ

مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿البقرۃ ۲۱۱﴾

رزق میں ترقی کیلئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا رزق بڑھ جائے اور آمدنی میں اضافہ ہو جائے تو اس کیلئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے جمعہ سے چار جمعہ تک بعد نماز مغرب باوضو پڑھے اور رزق میں زیادتی کی دعا کرے اور یہی آیت باوضو لکھ کر ہر جمعہ کے دن کسی کنویں، نہر، دریا، جھیل، سمندر یا تالاب میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا۔ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعٰيِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿الاعراف ۱۰﴾

موتیابند اور پڑبال کیلئے

اگر کسی کی آنکھوں میں موتیابند پیدا ہو گیا ہو یا پڑبال کا مرض ہو اس کو دور کرنے کیلئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر تمام انگلیوں کے پوروں (سروں) پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی فائدہ محسوس ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ط اَلْحَقُّ النُّوْرُ ط۔

تلی کا علاج

اگر کسی کی تلی بڑھ گئی ہو جس سے صحت پر اثر پڑ رہا ہو تو مندرجہ ذیل کلمات کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں یا تلی کی جگہ پیٹ پر باندھ دیں اور ذرا سی راکھ لے کر کلمہ کی انگلی پر لگا کر ایک مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر تلی کی جگہ کے اوپر ایک بار ضرب X کا نشان بنا دیں۔ انشاء اللہ تلی کا بڑھنا اور مرض ختم ہو جائے گا۔ وہ کلمات جو کاغذ پر لکھے جائیں گے یہ ہیں:۔ فِيْهِنَّ قَطَّارُ الْقَلَمِ۔

سید عبدالکریم سبحانیؒ کے مستند روحانی وظائف

اولاد کیلئے

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے باوضو اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھ لیا کرے۔ یہ عمل عورت بھی کر سکتی اور مرد بھی کر سکتا ہے البتہ ایام مجبوری میں عورت ناغہ کرے گی۔ لیکن مرد برابر پڑھتا رہے کبھی ناغہ نہ کرے اگر ایک دن یا دو دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دگنا اور تیسرے دن تین گنا پڑھ لے۔ اگر مسلسل تین دن ناغہ ہو گیا تو عمل ٹوٹ جائے گا دوبارہ کرنا پڑے گا۔ اس دعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے حضرت زکریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نیک صالح اور پیغمبر بیٹا حضرت یحییٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام عنایت فرمایا۔ وہ دعا یہ ہے:۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿آل عمران ۳۸﴾

قرض کی ادائیگی

اگر کوئی شخص قرض میں بندھ گیا ہو اور قرض اُترنے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کیلئے اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ اور درمیان میں سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 26 سات مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل دن میں دو بار بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب کیا کرے، ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام ہو جائے گا۔

تبادلہ کی منسوخی کیلئے

ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہو گیا ہو اور اس کو رکوانا یا منسوخ کرانا اور تبادلہ اسی جگہ دوبارہ کرانا یا کسی اور جگہ جو مناسب ہو کر آنا مقصود ہو تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو انیس روز تک انیس مرتبہ سورۂ

لہب پڑھ کر دعا کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تبادلہ رک جائے گا یا جس جگہ جانا چاہتا ہے چلا جائے گا۔ تبت یدا پڑھنے کیلئے صرف ایک مرتبہ شروع میں بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ پڑھے اور اول وآخر درود شریف نہ پڑھے۔

بخار کا بار بار اترنا اور چڑھنا

اگر کسی شخص کو سردی سے بخار آتا ہو یا کبھی بخار اترتا ہو اور کبھی چڑھتا ہو تو اس کیلئے اس آیت کو باوضو بیری کی لکڑی پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دے لیکن جب بیمار پیشاب یا پاخانہ کرنے جائے تو اس لکڑی کو گلے سے اتار دے کیونکہ لکڑی پر قرآنی آیت لکھی ہے اور اس کا پاخانہ یا غسل خانے میں لے جانا جائز نہیں ہے اور منع ہے اسی طرح ناپاک حالت (یعنی جس پر غسل لازم ہو) اس کو بھی اس لکڑی کو گلے میں ڈالنا یا ہاتھ لگانا درست نہیں ہے۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے البتہ اگر اس کو پلاسٹک کوٹنگ کرالیا جائے تو جائز ہے۔ وہ آیت یہ ہے:۔ بِسۡمِ اللّٰهِ مَجۡرٖىهَا وَمُرۡسٰىهَا اِنَّ رَبِّیۡ لَغَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿ھود ۴۱﴾

نافرمان اولاد کو مطیع کرنا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور وہ اس کے سبب پریشان ہو تو ہر نماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو بار یہ آیت پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اولاد کی اصلاح اور فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ جب ذُرِّیَّتِیۡ کا لفظ ادا کرے تو اولاد کا تصور اور خیال دل میں لائے۔ اَصۡلِحۡ لِیۡ فِیۡ ذُرِّیَّتِیۡ اِنِّیۡ تُبۡتُ اِلَیۡكَ وَاِنِّیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ﴿الاحقاف ۱۵﴾

تنگ دستی دور کرنے کے لئے

جو شخص مالی حیثیت سے کمزور ہو اور گزارہ مشکل ہوتا ہو۔ ہر وقت قرض پر قرض چڑھتا رہتا ہو۔ اسی سبب ہر وقت پریشان رہتا ہو تو رزق میں برکت آمدنی میں اضافہ اور

ترقی اور قرض سے نجات کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ہمیشہ اس عمل کو کرتا رہے کبھی مالی مشکلات میں مبتلا نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے:۔

بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ سو بار یہ اسماء پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مالی مشکلات سے نجات کی دعا کرے اور غیب سے روزی کا انتظام ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بے گمان رزق کا انتظام ہوگا اور تھوڑی رقم میں زیادہ برکت ہوگی۔ یہ عمل مسلسل اور بلاناغہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض اترنے کے ذرائع اور اسباب پیدا ہوں گے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا کَرِیْمُ۔ یَا وَهَّابُ۔ یَا ذَا الطَّوْلِ

زبان کی سوجن

اگر کسی کی زبان پر سوجن آگئی ہو اور ورم کی وجہ سے بولنا مشکل ہوگیا ہو تو باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں تین سو بار اَلْعَلِیُّ پڑھے اور مریض کی زبان پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے سوجن ختم ہوجائے گی۔ اگر غیر عورت ہو تو اس کیلئے لمبی نلکی یا ربڑ کا پائپ استعمال کریں اور پائپ میں یا نلکی میں پھونک ماریں غیر عورت اپنی زبان پر اس کا منہ رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ورم سے نجات حاصل ہوگی۔ نیز اکتالیس مرتبہ باوضو روزانہ یہ آیت پڑھ کر دم کرنے سے بھی زبان کی سوجن ختم ہوجاتی ہے وہ آیت یہ ہے:۔ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ (فاطر 41)

لقوہ کا علاج

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ لقوہ ہوگیا ہو اور اس کا منہ ٹیڑھا ہوگیا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دے۔ نیز اسی آیت

کو اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں ایک سو ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ چند دن پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ لقوہ کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ (البقرہ 144)

* * *

حضرت مخدوم رکن عالمؒ کے مستند روحانی وظائف

طاعون سے بچاؤ کیلئے

اگر کسی علاقے میں طاعون پھیل گیا ہو تو اس سے بچاؤ کیلئے اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ بوصل میم یعنی بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ۔ مطلب یہ ہے کہ الرحیم کا میم الحمد کے لام سے ملا کر پڑھنا ہے اور اس طرح اکتالیس مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور چار مرتبہ دن بھر میں مکان کے کونوں میں چھڑکیں اور چار وقت ہی تمام گھر والے ایک ایک گھونٹ پانی پئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا اور گھر کے تمام افراد طاعون سے محفوظ رہیں گے۔ پانی پینے اور پانی چھڑکنے کے اوقات مندرجہ ذیل ہیں۔ 1۔ صبح ناشتہ سے قبل۔ 2۔ صبح گیارہ بجے۔ 3۔ بعد نماز عصر۔ 4۔ بعد نماز عشاء۔ بچا ہوا پانی غسل خانے اور لیٹرین کو چھوڑ کر ہر کمرے اور باورچی خانہ کے کونوں میں ہلکا پھلکا چھڑکا جائے۔

منہ میں چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو جائیں اور مرچ کا استعمال مشکل ہو جائے کھانا کھانے میں تکلیف ہو تو اس کیلئے باوضو سورۂ والضحیٰ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کر کے چبایا کرے انشاء اللہ جلد ہی چھالے ختم ہو جائیں گے نیز اس کے لیے سورۂ اخلاص اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے استعمال کرنے سے بھی منہ کے چھالے ختم ہو جائیں گے۔

ہر مشکل کا حل

اگر کوئی ایسی مشکل سامنے آگئی ہو جس کا حل موجود نہ ہو جس کے سبب روز بروز پریشانی

بڑھتی جاتی ہو اس کے لیے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں گیارہ سو مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔ نیز یہ شعر بھی ہر نماز کے بعد پانچ یا سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

فَسَهِّلْ يَاالٰهِىْ كُلَّ صَعْبٍ
بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

میاں بیوی میں محبت کیلئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو اور ایک دوسرے سے الگ الگ رہتے ہوں۔ زیادہ بات چیت نہ ہوتی ہو اور نہ ایک دوسرے کے ساتھ گھلتے ملتے ہوں تو اس کیلئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں ساٹھ مرتبہ سورۂ ماعون پڑھ کر کسی میٹھی چیز (کھجور، کشمش، چینی، مٹھائی، مصری، شربت، مربہ، معجون) پر دم کر کے دونوں کو کھلا دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں مثالی محبت پیدا ہو جائے گی اور باہمی محبت اور یکجہتی میں اضافہ ہوگا۔

ہمیشہ جوان رہنے کا عمل

سناء مکی ایک چھٹانک، گلاب کے پھول (کوئٹہ کا گلاب ہو تو بہتر ہے) ایک چھٹانک دونوں کو سکھا کر ہاون دستے میں کوٹ کر باریک کر لیں اور ململ کے کپڑے یا باریک چھلنی میں چھان کر ایک چھٹانک شہد میں ملا کر چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنا لیں، روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی لے کر چالیس مرتبہ یَاقَوِیُّ پڑھ کر اس گولی پر دم کریں اور گھول کر کھا کر ایک پاؤ گرم گرم دودھ پی کر سو جائیں۔ یہ عمل تین ماہ تک کریں۔ اس کے بعد چھوڑیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوت مردمی میں خوب ترقی ہوگی۔

اولاد کیلئے

اگر کسی مرد کے اندر اولاد کے جراثیم نہ ہوں اور اولاد نہ ہوتی ہو یا مردانہ کمزوری کے

سبب اولاد سے محروم ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک کلو ماش کی دال دھلی ہوئی لے کر اسے اتنے عرق پیاز میں بھگوئے کہ دال اس عرق میں ڈوب جائے۔ جب دال تمام عرق جذب کر لے تو اس کو سائے میں سکھائے جب دال سوکھ جائے، دوبارہ اسے پیاز کے عرق میں بھگو دیں۔ پھر عرق جذب ہونے کے بعد دال کو سائے میں سکھائیں اسی طرح سات مرتبہ کریں۔ جب سات مرتبہ یہ عمل کرنے کے بعد دال سوکھ جائے تو ایک کلو مصری ملا کر ہاون دستہ میں کوٹ لیں اور باریک کپڑے میں چھان کر رکھ لیں۔ رات کو سوتے وقت ایک چمچہ (چائے والا) وہ سفوف لے کر سورۂ طارق باوضو سات مرتبہ پڑھ کر سفوف پر دم کریں اور سفوف کھا کر گرم دودھ ایک گلاس پی لیں۔ یہ سفوف دو ماہ تک مسلسل استعمال کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد پیدا ہوگی اور مایوسی ختم ہوگی۔

ہڈیوں کا بخار دور کرنا

اگر کسی کو ہڈیوں کا بخار ہو گیا ہو اور ہر وقت بدن جلتا ہے۔ دن بدن کمزری بڑھتی جاتی ہے۔ نہ کھانے کو دل چاہتا ہے نہ کسی کام کو دل تیار ہوتا ہے۔ اس بخار سے نجات کیلئے یہ عمل کریں۔ دو لیموں لے کر ان پر سورۂ کافرون اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی کی سکنجبین تیار کریں اور پی لیں۔ یہ عمل دو ماہ مسلسل کریں انشاء اللہ تعالیٰ پرانے سے پرانا بخار دور ہو جائے گا۔

طاقتور بننے کیلئے

اگر کوئی شخص خود میں قوت مردمی کی کمی محسوس کرتا ہو تو دیسی انڈا ابال کر اس کا چھلکا اتار لے اور باوضو سورۂ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھ کر انڈے پر دم کرے اور انڈا کھا لے۔ صبح وشام اسی طرح دو انڈے کھا لیا کرے۔ شرط یہ ہے کہ بیوی کے پاس نہ جائے (یعنی ہمبستری نہ کرے) پندرہ دن مسلسل پرہیز کرے اور اس دوران جو کی روٹی یا جو کا دلیہ استعمال کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ کبھی بوڑھا نہ ہوگا اور بے پناہ قوت مردمی کا مالک ہوگا۔

ہر قسم کے مرض سے صحت یابی

اگر کوئی شخص سخت بیمار ہو اور اس کی بیماری سحر، جادو، سفلی یا جنات کے اثرات کے سبب نہ ہو تو اس کا آسان علاج یہ ہے کہ مریض کو وضو کرائیں اگر غسل کی ضرورت ہو تو غسل کرائیں اور سیدھا لٹا دیں۔ سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد سورۂ مجادلہ (پ 27) پوری سورۃ بلند آواز سے پڑھیں تا کہ مریض اس کو سنے اس دوران اگر مریض سو جائے تو امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ مریض ضرور صحت یاب ہو گا۔ آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کر دیں۔ سنانے کے دوران اگر مریض سو جائے تو پھر بھی عمل پورا کریں ادھورا نہ چھوڑیں۔ اگر مریض پر سحر، جادو، سفلی یا جنات کا اثر ہے تو اس کا علاج سحر، جادو، جنات کے ختم کرنے کے عمل سے ہو گا۔ اس عمل کے سبب نہیں ہو گا۔ لہٰذا عامل کو چاہیے کہ پہلے تشخیص کرے کہ مرض بیماری ہے یا جادو یا سفلی کا اثر ہے یا جنات کی شرارت ہے۔

* * *

شاہ رحمت اللہ نظام آبادیؒ کے مستند روحانی وظائف

سحر، جادو، سفلی کو ختم کرنے کیلئے

اگر کسی پر کسی دشمن نے سحر، جادو سفلی کرادیا ہو جس کے سبب اس کی نیند غائب ہوگئی ہو اور اس کی بھوک ختم ہوگئی ہو سر میں درد، چکر، بھول چوک اور آئے دن پریشانی میں زیادتی ہو رہی ہو۔ ایک الجھن ختم نہیں ہوئی کہ دوسری پیدا ہوگئی۔ غرضیکہ ہر کام میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں، کاروبار میں نقصان ہوتا ہے، دفتر میں ہر ایک سے لڑائی ہوتی ہے گھر میں ہر طرح کی برکت ختم ہوچکی ہو اور مالی مشکلات کے سبب گزارہ مشکل ہوگیا ہو تو اس کیلئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو ایک کاغذ پر یہ آیتیں لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔ اگر لکھنا نہ جانتے ہوں تو کسی دوسرے سے لکھوالیں اور ایک پلیٹ چینی کی لے کر اس پر بھی یہی آیتیں لکھیں اور پانی میں گھول کر پئیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کریں۔ انشاء اللہ سحر و جادو سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیتیں یہ ہیں:۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ o وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿یونس 82،81﴾

چور یا بھاگے ہوئے کا واپس لانا

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو یا چور گھر سے قیمتی سامان لے کر فرار ہوگئے ہوں تو اس کیلئے یہ آیت باوضو ایک سفید نئے کپڑے کے ٹکڑے پر لکھے اور اس کے نیچے بھاگے ہوئے یا چور کا نام مع اس کی والدہ یا والد کے نام کے لکھے اور اس کپڑے کو اس مکان یا دکان کی دیوار پر میخ (موٹی کیل) سے ٹھونک کر لگادے اور اس پر کپڑا ڈال کر اندھیرا کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگنے والا چور مع سامان جلدی آجائے گا۔ اگر دور

گیا ہے تو کچھ دن لگیں گے۔ وہ آیت یہ ہے:۔ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (البقرہ ۱۴۸)

میاں بیوی میں محبت قائم ہونا

اگر میاں بیوی میں محبت نہ ہو اور ہر وقت آپس میں شکوہ و شکایت اور لڑائی جھگڑا رہتا ہو' ہر وقت کے جھگڑے سے گھر کا ماحول سوگوار رہتا ہو اور دونوں میاں بیوی ذہنی مریض بنتے جا رہے ہوں تو اس کیلئے میاں بیوی دونوں کا پہنا ہوا کپڑا لے (دھلا ہوا نہ ہو بلکہ پہنا ہوا ہو) اور اس میں سے تھوڑا تھوڑا ٹکڑا کاٹ لے اور چالیس مرتبہ باوضو یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھے اور دونوں ٹکڑوں پر دم کر دے۔ ان دونوں ٹکڑوں کے اوپر نیچے رکھ کر بتی بنا لے اور مٹی کا نیا چراغ لے کر سرسوں کا تیل ڈال کر اس بتی کو چراغ کی طرح جلائے اس کی راکھ اور چراغ کو جنگل میں ایسی جگہ دفن کر دے جہاں کسی کا قدم نہ پڑے۔ ورنہ سمندر، دریا، نہر، جھیل، کنویں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں خوب محبت ہو جائے گی۔

قوت مردمی کی بحالی

اگر کسی کی قوت مردمی کمزور ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت فائدہ مند ہے۔ شہد اصلی ایک پاؤ' عرق پیاز (پیاز کو کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ لیا جائے) ایک کلو ان دونوں کو ایک دیگچی (پتیلی یا بھگونے) میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیں ہلکی آنچ پر پکائیں۔ پکتے وقت دیگچی کے اندر جو جھاگ پیدا ہو اسے چمچے سے اتارتے رہیں۔ جب جھاگ پیدا ہونا بند ہو جائے اور شہد سرخ ہو جائے اس کو ٹھنڈا کر کے کسی بوتل میں بند کر لیں۔ رات کو سوتے وقت ایک یا دو چمچ (چائے کا چمچہ) ایک گلاس دودھ میں ملا کر رکھ دیں اور اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں ستر مرتبہ یَاجَبَّارُ یَااَللّٰہُ پڑھ کر دم

کر کے دودھ پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے دن ہی قوت اُبھر جائے گی اور طاقت محسوس ہوگی۔ اس عمل کو مسلسل چالیس دن کریں۔

سانپ، بچھو کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو سانپ ڈس لے یا بچھو ڈنک مار دے تو اس کے زہر کو ختم کرنے کیلئے لہسن کے چالیس عدد جوے لے کر ایک کلو دودھ میں ان کو ہلکی آنچ پر پکائیں' دودھ پکتا رہے اس کے پاس باوضو بیٹھ کر چالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور دودھ پر پھونک دیں۔ دودھ کو ٹھنڈا کریں' تمام دودھ سانپ کے ڈسے ہوئے یا بچھو کے ڈنک مارے ہوئے مریض کو پلا دیں۔ یہ عمل دن میں دو تین مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام زہر ختم ہوجائے گا۔

بخشش کا عمل

اگر کوئی شخص اس ڈر خوف میں مبتلا ہو کہ گناہوں کی کثرت کے سبب اس کی بخشش نہیں ہوگی تو اپنی بخشش کیلئے بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بخشش ہوجائے گی۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ۔

دنیا و آخرت کی بھلائی

اگر کوئی دنیاوی معاملات میں ناکام یا آخرت کے معاملے میں ڈرتا ہو کہ وہاں اس کے ساتھ معاملہ سخت نہ ہوجائے تو روزانہ بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنیا کے معاملات درست ہوجائیں گے اور اسی طرح آخرت میں بھی خیر کا معاملہ ہوگا۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِي الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿البقرہ ۲۰۱﴾

حضرت علی بن عبداللہ ابو القاسم گرگانی ؒ کے روحانی وظائف

شوگر، کینسر، بلڈ پریشر، دل کے والو بند ہونے کا علاج

اگر کسی شخص کو جان لیوا مرض چمٹ جائیں مثلاً شوگر ہو جائے' بلڈ پریشر بڑھ جائے یا کم ہو جائے یا دل کا والو بند ہو جائے یا اور کوئی موذی مرض لپٹ جائے تو اس کے ختم کرنے اور صحت یاب ہونے کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ ایک چھوٹا کورا مٹکا پانی کا لیں اور اس کو دھو کر پانی بھر لیں۔ اس مٹکے کو ہاتھ لگانے سے پہلے وضو ضرور کریں۔ بغیر وضو کے مٹکے کو ہاتھ نہ لگائیں۔ مطلب یہ ہے کہ جب مٹکا خریدنے جائیں تو پہلے وضو کر لیں۔ بغیر وضو مٹکے کو نہ چھوئیں اور نہ اس میں پانی پئیں ورنہ اثر نہ ہوگا۔ صحیح اور تجوید کی رعایت کے ساتھ پڑھنے والا، نیچی نگاہ رکھنے والا، حلال روزی کھانے والا یہ عمل کرے اگر خود میں یہ صلاحیت ہے تو خود کر لے ورنہ کسی نیک صالح متقی حافظ و قاری سے یہ کام کرائے۔ باوضو پانی کا مٹکا سامنے رکھیں اور پاک مصلے پر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائیں کپڑوں پر عطر لگائیں گلاب کا عطر ہو تو بہتر ہے اور یہ درود شریف تین سو مرتبہ پڑھیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ

اس کے بعد سورۂ انشقاق (پارہ نمبر 30) کو اکیس مرتبہ پڑھیں جب بھی سجدے والی آیت آئے فوراً سجدہ کریں پھر سجدہ سے اٹھ کر سورۂ کو پورا کریں۔ اس طرح اکیس بار سورۂ پڑھنی ہے اور اکیس سجدے کرنے ہیں۔ جب بھی سورۂ مکمل ہو مٹکے کا ڈھکن کھول کر پانی پر دم کریں۔ اکیس مرتبہ پانی پر دم کرنا ہے یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں ایک ہی دن کرنا ہے۔ سات دن تک اس مٹکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ مریض کو یہ پانی دن بھر پلائیں۔ جب بھی پانی کی ضرورت ہو یہی پانی پلائیں۔ سات دن میں پانی ختم ہو جائے تو آٹھویں دن پھر پانی اسی طرح پڑھ کر تیار کریں

سات دن تک پلائیں۔ یہ عمل پانچ مرتبہ کرنا ہے جب بھی عمل شروع کریں اس سے قبل صدقہ دیں۔ صدقہ اپنی حیثیت کے مطابق دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مریض تندرست ہو جائے گا۔

اطمینان قلبی کیلئے

اگر کسی کا دل اُڑا اُڑا اور طبیعت پریشان رہتی ہو اور دل میں سکون کی کمی ہو تو رات بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

اللہ تعالیٰ سے رحم و مغفرت طلب کرنا

اگر کسی کو فسادات قلبی اور گناہوں کے سبب اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا اس کے ساتھ رحم کا معاملہ پر شک ہو اور اس سبب سے ہر وقت بے چین رہتا ہو تو اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا رحم و شفقت کے ساتھ معاملہ کا یقین بڑھانے کیلئے بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ شانہ سے سچی امید بخشش و رحم کی قائم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿البقرہ ۲۸۵﴾

اولاد کے نیک اور صالح بننے کیلئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی اولاد کی اٹھان نیکی اور اچھائی پر ہو۔ ان میں شرارت اور گناہوں سے نفرت پیدا ہو جائے اور نماز کی پابندی، دینی رجحان میں اضافہ اور شرافت اور بھلائی کے جذبات پیدا ہوں تو اس کیلئے روزانہ ایک سو ایک بار یہ آیت باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو وہ پانی کسی وقت پلا دیا کریں۔ اگر بچے دور ہوں

اوران کو پانی پلانا ممکن نہ ہو تو روزانہ اکتالیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیکی اور صلاح پر پروان چڑھے گی اور والدین کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿آل عمران ۳۸﴾

چیونٹیاں بھگانا

اگر کسی جگہ چیونٹیوں کی کثرت ہو اور وہ نقصان پہنچاتی ہوں تو ان کو بھگانے کیلئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر ریت (مٹی) پر دم کریں اور ان کے بلوں کے نزدیک پھیلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ س جگہ سے چیونٹیاں چلی جائیں گی۔ وہ آیت یہ ہے۔ يٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (النمل 27)

مرگی کا دورہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو خدانخواستہ مرگی کا دورہ پڑ جائے تو اس کو ہوش میں لانے کیلئے تین مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات باوضو مریض کے کان میں بلند آواز سے پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔ الٓمّٓصٓ۔ طٰسٓمٓ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔

روزی میں اضافہ

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور گزارہ مشکل سے ہوتا ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہو تو اس کیلئے یہ کلمات روزانہ صبح بعد نماز فجر اور رات کے بعد نماز عشاء ایک ایک سو بار پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ مستقل مزاجی کے ساتھ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غربت سے نجات اور رزق میں فراخی اور وسعت پیدا ہوگی کسی طرح بھی

کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ عمل شرط ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ الله۔

گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا مرد یا عورت گھر سے بھاگ گئے ہوں یا گم ہو گئے ہوں تو گمشدہ کی واپسی کیلئے یہ آیت باوضو ایک پاک کاغذ پر لکھ کر لپیٹ کر چرخہ میں باندھ کر چرخہ کو فجر کی نماز کے بعد ایک سو بار الٹا چکر دیں۔ (الٹا گھمائیں) اگر چرخہ نہ ہو تو سائیکل کے پہیے میں باندھ کر الٹا گھمائیں اگر سائیکل بھی نہ ہو تو کسی بجلی کے پنکھے میں باندھ کر پنکھا چلادیں یا پنکھا بجلی نہیں ہے تو اس کو کسی اونچی جگہ اس طرح باندھیں کہ ہوا سے تعویذ ہلتا رہے۔ اس آیت کے نیچے بھاگنے یا گم ہونے والے کا نام معہ اس کی والدہ کے لکھیں۔

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰۤى اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْۤ اَهْلِ مَدْیَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ یّٰمُوْسٰى ﴿طٰهٰ ۴۰﴾ جب بھاگا ہوا واپس آجائے تو تعویذ فوراً کھول کر رکھ لیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

* * *

خواجہ نازک کریمؒ کے مستند روحانی وظائف

پیشاب کا بند کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کیلئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی اور خوب پیشاب آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

فَفَتَحْنَا اَبْوٰبَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ٥ وَّ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿القمر 12،11﴾

طاعون، ہیضہ انفلوئنزا، چیچک، وبائی امراض

اگر کسی جگہ وبائی امراض پھوٹ پڑیں اور خسرہ، طاعون، ہیضہ، انفلوئنزا، چیچک کا زور ہو جائے یا جانوروں میں گھر اور مُنہ کی بیماری پیدا ہو جائے یا مُرغیوں میں برڈ فلو کا مرض پھیل جائے تو اس کیلئے سورۂ قدر باوضو تین مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر یا پانی پر دم کر کے آدمیوں کو یا جانوروں کو کھلائیں۔ اسی طرح پڑھا ہوا پانی بھی انسانوں یا جانوروں کو پلائیں اور مکان اور باڑے کے کونوں میں چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرض سے نجات حاصل ہو گی۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن کریں۔

پیٹ کے درد کا شافی علاج

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو یا کھانا کھانے کے بعد پیٹ میں درد ہو جاتا ہو یا کسی اور وجہ سے پیٹ میں شدید درد پیدا ہو گیا ہو تو اس کیلئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو وہ پانی پلا دے اسی طرح اگر جانور کے پیٹ میں درد ہو تو اس کو یہی پانی پڑھا ہوا پلائے۔ وہ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿الصفت، ۴۷﴾

بچے کا کثرت سے رونا

اگر کوئی بچہ کثرت سے روتا ہو اور ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا رہتا ہو اور کسی طور بھی چپ نہیں ہوتا اور بات بات پر ضد کرتا ہو اور نئے نئے مطالبے پیش کرتا ہو لیکن اس کا رونا کسی طور پر کم نہیں ہوتا۔ والدین اس کے اس طرح بات بات پر رونے سے پریشان ہوں تو باوضو سورۂ فلق اور سورۂ ناس تین تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور پانی پر بھی دم کر کے بچے کو وہ پانی چار وقت پلائیں۔ چار وقت پلانے کے یہ ہیں۔ 1۔ صبح ناشتہ سے قبل۔ 2۔ دوپہر گیارہ بجے۔ 3۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے۔ 4۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل۔ انشاء اللہ بچہ ضد چھوڑ دے گا اور رونا بند ہو جائے گا۔ چند دن یہ عمل کریں۔

نکسیر پھوٹنے کا علاج

اگر کسی کی نکسیر پھوٹ گئی ہو اور ناک سے برابر خون بہہ رہا ہو تو اس کو روکنے کیلئے یہ آیت باوضو سات بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر بند ہو جائے گی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿ھود ۴۴﴾

ہر قسم کی خطرناک بیماری، سحر، جادو کا علاج

اگر کوئی شخص کسی خطرناک مرض میں مبتلا ہو یا اس پر کسی نے سحر، سفلی، جادو کرا دیا ہو یا پُراسرار بیماری میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر الحمد شریف لکھے اور اس کے نیچے یہ کلمات لکھے اور مریض کو پلیٹ پانی سے دھو کر وہ پانی چار وقت پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خطرناک مرض، سحر، جادو، سفلی سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۂ فاتحہ کے نیچے لکھے جانے والے کلمات یہ ہیں: ۔

يَاحَيُّ حِيْنَ لَاحَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَاحَيُّ

بواسیر کے مرض میں خون آنا

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ خونی بواسیر کی شکایت ہو اور خون بہتا ہو جس سے انسان کا جسم بہت کمزور ہو جاتا ہے اور رنگ پیلا پڑ جاتا ہے اس کیلئے یہ آیت اکتالیس بار باوضو پڑھے اور پانی یا کھانے کی چیز پر دم کرے اور پانی پیے اور کھانے کی چیز کھائے۔ وہ آیت یہ ہے۔ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ (البقرہ 127) انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے خون آنا بند ہو جائے گا۔

کان کے درد کو دور کرنا

اگر کسی بچے کے کان میں رات کو درد ہونے لگے یا کسی بڑے آدمی کے کان میں شدید درد پیدا ہو جائے تو اس کیلئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ اعلیٰ پڑھے اور آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے اور مریض کے دونوں کانوں میں پھونک مار دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑی دیر میں کان کا درد دور ہو جائے گا۔

لڑکے یا لڑکی کا رشتہ ہونا

اگر والدین اپنی اولاد کی شادی کے سلسلے میں پریشان ہوں اور بہت زیادہ کوشش کے باوجود رشتے نہیں ہوتے۔ اس کیلئے بعد نماز فجر باوضو پاک ہو کر مصلے پر بیٹھ کر پوری توجہ کے ساتھ يَاحَكِيْمُ ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھا کرے، ناغہ نہ کرے البتہ اگر عورت یا لڑکی خود پڑھ رہی ہے اور خاص دن شروع ہو گئے تو پڑھنا بند کر دے۔ پاک ہونے کے بعد پھر پڑھنا شروع کرے۔ یہ عمل شادی ہونے تک جاری رکھے۔

* * *

حضرت غوث لاہوریؒ کے مستند روحانی وظائف

بند ماہواری کھولنے کا عمل

اگر کسی عورت کی ماہواری بند ہے جس کے سبب اس کو ہسٹریا کے دورے پڑتے ہیں یا دماغ بھاری رہتا ہے۔ دل گھبراتا ہے تو اس کیلئے اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد سات مرتبہ سورۂ بینہ (پارہ 30) پڑھیں آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گائے کے ایک پاؤ تازہ دودھ پر دم کر کے پی لیں۔ اگر عورت خود پڑھنا نہ جانتی ہو تو کسی دوسرے سے پڑھوا کر دم کرا کے پی لے۔ مسلسل تین ماہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ماہواری کی رکاوٹ یا بندش کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ ہو جائے گا۔

بھاگے ہوئے یا چور کو واپس لانا

یہ عمل بھاگے ہوئے کو واپس لانے اور چور کو واپس لوٹانے میں بہت کامیاب ہے۔ چمڑے کا ایک ٹکڑا لیں یا کدو کا چھلکا سوکھا ہوا لے کر اسے صاف کر کے اور اس کو لکھنے کے قابل بنا لیں۔ اندھیری اور تنہا جگہ میں بیٹھ کر جہاں کوئی دوسرا نہ ہو، پرکار سے ایک دائرہ اس پر کھینچے اور دائرہ کے درمیان درج ذیل آیات کو باوضو لکھیں۔ پھر بھاگے ہوئے یا چور کا نام اس کی والدہ یا والد کے نام کے ساتھ لکھے اور ایسی اندھیری کوٹھڑی میں رکھ دے یا دفن کر دے جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے۔ جب بھاگا ہوا یا چور آ جائے اس کو نکال کر کنویں، نہر، دریا، سمندر، جھیل میں پتھر باندھ کر ڈال دے۔ ورنہ بھاگنے والا پھر بھاگ جائے گا اور چور جگہ جگہ بھاگتا پھرے گا۔ اس سے اس کو تکلیف ہوگی۔

وہ آیات یہ ہیں:۔

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً
لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ○ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا
وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿الانعام 64،63﴾

حافظہ اور یادداشت کیلئے

حافظہ کی مضبوطی اور پکی یادداشت کیلئے سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 7، 8، 9 (جو کہ ھوالذی انزل سے شروع ہوکر لا یخلف المیعاد پر ختم ہوتی ہیں) باوضو ایک کاغذ پر لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لیں یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے اور بچہ کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہوگا۔ انہی آیات کو باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے کمزور حافظہ والے کو روزانہ پلایا کریں تو حافظہ مضبوط ہوگا۔

نیک فطرت اور خوش قسمت بچہ کیلئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے گھر جو بچہ پیدا ہو وہ نیک صالح اور اچھی عادت کا ہو اور اس کا نصیب اچھا ہو اور حمل کے دوران عورت کو کوئی تکلیف نہ ہو اور حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے۔ اس کیلئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ہرن کی کھال پر سورۂ آل عمران کی آیات نمبر 35، 36، 37 لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی بائیں کوکھ پر باندھ دیں اور جب بچہ خیریت کے ساتھ پیدا ہو جائے تو اسی نقش کو کھول کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ خوش اخلاق‘ بانصیب اور لمبی عمر کا ہوگا۔ اسی طرح ان آیات کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ آیات لوہے یا تانبے کی تختی پر لکھ کر اوپر پلاسٹک کوٹنگ کرا کے بچہ کے گلے میں باندھ دیں تو بچہ رونے، ضد کرنے، اکڑنے سے محفوظ رہے گا۔ ماں کا دودھ آسانی سے پیے گا اور نظر بد سے محفوظ رہے گا اور بچہ تھوڑے دودھ پر صبر کرے گا۔ بچہ خوش اخلاق ہوگا۔

قوت وطاقت کیلئے عمل

اگر کوئی شخص اپنی قوت میں کمی محسوس کرتا ہے تو اسے یہ عمل کرنا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طاقت وقوت میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ عمل یہ ہے: ایک سانس میں پندرہ مرتبہ

یَاقَوِیُّ پڑھے اور اسی دوران بدن پر ہاتھ پھیرتا جائے جب پندرہ مرتبہ کہہ لے تو اپنے بدن پر پھونک مارے۔ یہ عمل سات مرتبہ کرنا ہے۔ اس عمل کو چالیس دن مسلسل بلاناغہ کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بے پناہ قوت کا مالک بن جائے گا۔

دیمک سے نجات حاصل کرنا

اگر گھر کی چوکھٹوں، کھڑکیوں یا لکڑی کی چیزوں یا لکڑی کے شہتیروں میں دیمک لگ کر انہیں ناکارہ بناتی ہے اور بار بار ادویات چھڑکنے اور اس کو دور کرنے کے باوجود تمام لکڑی کی چیزوں کو تباہ کر رہی ہے تو اس کے لیے روزانہ سورہ مطففین پڑھ کر دیمک کے نکلنے کے سوراخوں پر دم کر دیا کریں اور پانی پر دم کر کے گھر کے تمام کونوں میں اس کا چھڑکاؤ کر دیا کریں یعنی ہلکا ہلکا چھڑکا کریں۔

اولاد کو نیک اور صالح بنانے کیلئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی اولاد کی اُٹھان نیکی اور اچھائی پر ہو۔ ان میں شرارت اور گناہوں سے نفرت پیدا ہو جائے اور نماز کی پابندی، دینی رجحان میں اضافہ اور شرافت اور بھلائی کے جذبات پیدا ہوں تو اس کیلئے روزانہ ایک سو ایک مرتبہ درج ذیل آیت باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو وہ پانی کسی وقت پلا دیا کریں۔ اگر بچے دور ہوں اور ان کو پانی پلانا ممکن نہ ہو تو روزانہ اکتالیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیکی اور صلاح پر پروان چڑھے گی اور والدین کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿آل عمران ۳۸﴾

معدہ کے درد سے نجات

اگر کسی شخص کے معدہ میں شدید درد ہوتا ہو اور وہ انتہائی تکلیف محسوس کرتا ہو اور اسے کسی طور بھی چین نہ آتا ہو تو اس کیلئے یہ آیت باوضو چینی کی پلیٹ پر پانی میں زعفران

گھول کر اس سے لکھے اور مریض کو روزانہ صبح نہار منہ وہ پلیٹ پانی سے صاف کر کے وہ پانی پلائے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک مریض صحیح نہ ہو جائے۔ وہ آیت یہ ہے:۔ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿النجم ۳۲﴾

* * *

حضرت خواجہ ابوالحسن نوریؒ کے مستند روحانی وظائف

ہر قسم کی مشکل کا حل ہونا

اگر کوئی ایسی مشکل پیدا ہو گئی ہو جس کا حل ہونا ضروری ہو اور اس کے حل نہ ہونے سے جان کا یا مال کا یا عزت کے جانے کا خطرہ ہو تو اس کیلئے جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے۔ اس رات بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل فوراً حل ہو جائے گی اگر ایک مرتبہ کے پڑھنے سے حل نہ ہو تو اگلے جمعہ کی شب کو پھر اسی طرح عمل کرے جب تک مشکل حل نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَ یَکْشِفُ السُّوْٓءَ وَ یَجْعَلُکُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ءَاِلٰہٌ مَّعَ اللّٰہِ قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ ﴿النمل ۶۲﴾

بچے کا حد سے زیادہ رونا

اگر چھوٹا بچہ حد سے زیادہ روتا ہے اور گھر میں ہر وقت اس کے رونے کی آواز آتی ہے۔ بات بات پر ضد کرتا ہے، مچلتا ہے، زمین پر لیٹ جاتا ہے اور طرح طرح سے بہانے کر کر کے روتا ہے تو اس کیلئے یہ آیت باوضو چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر لکھیں اور گیارہ دن روزانہ ایک پلیٹ دھو کر اس کا پانی بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا بند کر دے گا اور ضد کرنے اور مچلنے سے باز رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ھَمْسًا ﴿طٰہٰ ۱۰۸﴾

دل کے مرض سے افاقہ

اگر خدانخواستہ کسی کو دل کا مرض لگ جائے تو اس کیلئے باوضو اکتالیس دن روزانہ ایک پلیٹ پر یہ آیت لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو وہ پانی چار وقت پلائے۔ پلانے

کے اوقات یہ ہیں:۔ 1۔ صبح ناشتہ سے قبل۔ 2۔ صبح گیارہ بجے دن۔ 3۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے۔ 4۔ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل کے مریض کو فائدہ ہوگا اور تکلیف سے نجات ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَہٗٓ اُمُّ الْکِتٰبِ ﴿الرعد ۳۹﴾

درد گردہ کا علاج

اگر کسی کو درد گردہ کی شکایت پیدا ہوگئی ہو اور گردے کی جگہ ہر وقت ٹیسیں اٹھتی ہوں اور کسی پل چین نہ آتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیات اکتالیس دن تک روزانہ باوضو ایک پلیٹ پر لکھے اور پلیٹ کو پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو چار وقت پلائے' انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی درد گردہ کی بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ (البقرة 74)۔ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَ تَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿مریم ۹۰﴾ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿الفجر ۲۱﴾

اولاد ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اسے بڑی تمنا ہو کہ اس کے بچہ ہو جائے تو اس کیلئے اکتالیس عدد کالی مرچ لے اور اکتالیس عدد لونگ لے کر ان پر باوضو اکتالیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ یہ آیت پڑھ کر ان دونوں چیزوں پر دم کریں۔ وہ آیت یہ ہے: وَ السَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿الذّٰریٰت ۴۷﴾ یہی آیت اکتالیس دن روزانہ ایک چینی کی بغیر پھول والی سادہ پلیٹ پر لکھیں۔ رات کو سونے سے پہلے مرد ایک عدد کالی مرچ اور ایک عدد لونگ کھا کر باوضو پلیٹ کو دھو کر پانی پی لے۔ اکتالیس دن تک اسی طرح عمل کرے۔ بے اولاد مرد کی بیوی کیلئے بھی اکتالیس عدد کالی مرچ اور اکتالیس عدد لونگ لے کر اس پر

اکتالیس بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿الذّٰریٰت ۴۸﴾۔ اور یہی آیت روزانہ ایک پلیٹ پر باوضو لکھیں اور رات کو سونے سے قبل عورت ایک کالی مرچ اور ایک لونگ کھالے اس کے بعد باوضو پلیٹ دھوکر پانی پی لے اور دونوں میاں بیوی حقوقِ زوجیت ادا کریں۔ ماہواری کے ایام میں عورت یہ چیزیں استعمال نہ کرے۔

سخت دل انسان کا دل نرم کرنا

اگر کسی شخص کا دل سخت ہو اور اس کے مزاج میں نرمی اور شفقت نہ ہو بلکہ ہر ایک کے ساتھ ظالمانہ انداز میں پیش آتا ہو اور ہر وقت گرم مزاجی سے پیش آتا ہو تو اس کیلئے اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام یَارَحْمٰنُ روزانہ بعد نماز فجر باوضو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور سخت دل شخص کو پلادے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مزاج بدل جائے گا۔ دل کی سختی دور ہو جائے گی اور مزاج میں نرمی اور شفقت پیدا ہو جائے گی۔

میاں بیوی کی آپس کی ناراضگی ختم

اگر میاں بیوی میں کسی بات پر رنجش پیدا ہوگئی ہو اور دونوں آپس میں ایک دوسرے سے سخت ناراض ہوں اور بول چال بند ہو چکی ہو تو اس کیلئے اسم الٰہی یَارَحِیْمُ کو باوضو نماز فجر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ ایک سو ایک بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں میاں بیوی کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی ناراضگی ختم ہو جائے گی اور وہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک برابر کرتا رہے' ناغہ نہ کرے۔

عزت کا مقام حاصل کرنا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی سب عزت کریں اور اس کے ساتھ ادب واحترام کا

برتاؤ کریں تو اس کیلئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک یَامَالِکُ ایک سو ایک بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت وعظمت قائم ہونے کی دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ بعد نماز فجر کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کے اثار ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہو جائے گی اور وہ ادب واحترام کے ساتھ پیش آنے لگیں گے لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل پابندی کے ساتھ کرے، ناغہ کر کے کرے گا تو وہ فوائد حاصل نہ ہوں گے دوسرے یہ کہ عمل کے دوران پنج وقتہ نماز باجماعت ادا کرتا رہے۔

* * *

خواجہ نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

قرض کی ادائیگی اور رزق میں اضافہ:

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا قرض جلد ادا ہوجائے اور اس کو جلد از جلد اس بوجھ سے نجات مل جائے اور اس کی آمدنی اور رزق میں بھی اضافہ ہوجائے تو اس کو چاہئے کہ اسم الٰہی ”یَا اَللّٰہُ“ روزانہ بعد نماز فجر ایک سو ایک (101) مرتبہ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل برابر کرتا رہے چھٹی ناغہ نہ کرے بلکہ عمل کی پابندی کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرنے کی برکت سے کبھی جیب خالی نہ رہے گی اور سارا قرضہ جلد ہی ادا ہوجائے گا۔

دعا کی قبولیت کیلئے:

اگر کوئی ایسا مسئلہ اٹک گیا ہے کہ اس کا حل ہونا ضروری ہے ورنہ بے عزتی ہوگی تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اسم الٰہی یَا مُجِیْبُ ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے، پڑھنے کے دوران نہ اٹھے نہ کسی سے بات کرے بلکہ پوری توجہ اور یکسوئی سے عمل کرے۔ اس کے بعد اپنے مسئلہ کے حل کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی اور مسئلہ حل ہوجائے گا۔

روزگار کیلئے:

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے اس کی مرضی کا کام نہ ملتا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کیلئے روزانہ بعد نماز فجر سورج طلوع ہونے سے پہلے پہلے اسم الٰہی یَا وَاسِعُ ستر مرتبہ باوضو پڑھے اور سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر روزگار کی تلاش میں نکل جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے کی برکت سے جلد ہی اچھے روزگار کا انتظام ہوجائے گا اور اگر نوکری سے نکال دیا گیا ہے تو نوکری پر بحال ہوجائے گا۔

آپس کی ناراضگی ختم کرنا:

اگر دو آدمیوں کی آپس میں سخت ناراضگی ہو اور وہ ایک دوسرے سے بات چیت نہ کرتے ہوں تو اس کیلئے اول گیارہ بار درود پڑھے اس کے بعد اسم الٰہی یَاوَدُوْدُ ایک ہزار مرتبہ پڑھے، اس کے بعد درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دوسرے ناراض شخص کو کھلا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دونوں میں مثالی محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ ایک دوسرے کا خیال رکھنے لگیں گے۔ یہ عمل چند دن برابر کرتا رہے اور کچھ صدقہ خیرات بھی کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے صغیرہ و کبیرہ گناہوں کی معافی مانگتا رہے۔

قیدی کی رہائی کیلئے:

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو اس کیلئے رات کا آدھا حصہ گزرنے کے بعد باوضو کھلے آسمان کے نیچے (اوپر کوئی چھت یا سائبان نہ ہو) اول و آخر تین بار درود شریف پڑھے اور اس قیدی کے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن تک بلا ناغہ کرے۔ اگر ایک چلے میں کام ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ دو تین چلے اس عمل کے کر لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد رہا ہو جائے گا۔ وہ اسم الٰہی یَاحَقُّ ہے۔

دشمن کے شر سے حفاظت کیلئے:

اگر خدانخواستہ کسی کا دشمن طاقتور اور شرارت میں یکتا ہو اور طرح طرح سے نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہو تو ایسے دشمن کو نیچا دکھانے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر تین بار یَاقَوِیُّ پڑھا کرے۔ ایک چلہ (چالیس دن) پابندی کے ساتھ پڑھنے سے ان شاء اللہ دشمن پر ڈر خوف طاری ہو گا اور وہ اپنی شرارتوں سے باز آ جائے گا۔

نافرمان اولاد کی اصلاح کیلئے:

اگر اولاد نافرمان ہو چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی اس کی اصلاح وہدایت کیلئے روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک سو اکتیس بار اسم الٰہی یَاوَلِیُّ پڑھے۔ اس اسم کے شروع اور آخری میں گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے بچوں کو پلا دے تو اس کی برکت اور اللہ تعالیٰ کے سے بچے نیک اور فرمانبردار بن جائیں گے۔

شیطانی وسوسوں سے حفاظت:

اگر کوئی شخص شیطانی وساوس سے پریشان ہو اور شیطانی خیالات اس کو کسی طور سے بھی سکون سے رہنے نہ دیتے ہوں تو اس کیلئے اسم الٰہی یَاسَلَامُ ہر فرض نماز کے بعد اکیس بار پڑھے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام دن شیطانی اثرات اور وساوس سے محفوظ رہے گا اور تمام دن سکون اور ذہنی خوشی میں گزرے گا۔

رزق کی کمی دور کرنا:

جو شخص تنگدست' غریب اور محتاج ہونے کے سبب اکثر مقروض رہتا ہو اور زندگی پریشانی میں گزر رہی ہو تو اس کیلئے بعد نماز فجر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اسم الٰہی یَاعَزِیْزُ 101 بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔ استغفار کی کثرت کرے' نماز کی پابندی کرے اور اپنے چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور گناہوں سے توبہ کرے اور آئندہ نہ کرنے کا عزم و ارادہ کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں برکت اور ترقی ہوگی اور اگر قرض ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔

صاحب اولاد ہونے کیلئے:

اگر کوئی شخص بے اولاد ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ اسم الٰہی یَاخَالِقُ پڑھے یہ عمل اس

وقت تک کرتا رہے جب تک حمل قائم نہ ہو جائے، جب حمل قائم ہو جائے عمل ترک کر دے ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہو گا۔

حاملہ عورت کے باآسانی اولاد پیدا ہونا:

اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور ڈرتی ہو کہ حمل کے دوران یا بچہ کی پیدائش کے وقت کوئی بحران پیدا نہ ہو اور آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو تو اس کیلئے حاملہ عورت خود یا کوئی دوسرا شخص روزانہ باوضو بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ اسم الٰہی یَامُصَوِّرُ پڑھے اور پانی پر دم کر کے حاملہ عورت وہ پانی پی لے۔ یہ عمل بچہ ہونے تک برابر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل کے دوران عورت کو کوئی تکلیف نہ ہو گی اور حمل قائم رہے گا۔ اور بچہ بھی آسانی کے ساتھ پیدا ہو گا۔ نیز بچہ صحیح و سالم ہو گا اس میں کوئی عیب نہ ہو گا۔

* * *

سید اکرام الحق ٹھٹھوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

غلط وساس اور گندے خیالات سے نجات:

اگر کوئی شخص وساوس اور گندے گندے خیالات میں مبتلا ہو۔ اس کو ہر وقت بے ہودہ اور گندے خیالات آتے رہتے ہوں جس کے سبب وہ پریشان اور غائب دماغ رہتا ہو۔ اس کا کسی کام میں دل نہ لگتا ہو اور نہ وہ کوئی کام پوری توجہ سے کر سکتا ہو۔ ہر وقت بے چین اور مدہوش رہتا ہو۔ اس کیلئے سب سے پہلا کام یہ ہے کہ پابندی کے ساتھ نماز باجماعت ادا کرے۔ اس کے بعد ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کرے۔ جب وضو ٹوٹ جائے فوراً وضو کر لے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو بار اسم الٰہی **یَاقُدُّوْسُ** پابندی کے ساتھ پڑھے اور فجر اور عشاء کی نماز کے بعد یہ عمل کر کے پانی پر دم کر کے پانی پی لے اور تمام بدن پر سر سے پاؤں تک ہاتھ پھیر لے۔ وہ عمل یہ ہے:۔ اول سات مرتبہ درود شریف، الحمد شریف پوری سورۃ تین مرتبہ' آیۃ الکرسی تین مرتبہ' چاروں قل تین تین مرتبہ' آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دل کام یا پڑھنے میں دل لگے گا بُرے خیالات آنا بند ہو جائیں گے اور حالت سدھر جائے گی۔

آفات اور حاسدین سے حفاظت:

اگر کوئی شخص پے در پے آفات کا شکار ہوتا ہو اور حاسد اسے ظلم کا نشانہ بناتے ہوں تو ان تمام آفات و ظلم سے نجات کیلئے بعد نماز عشاء ایک سو چھتیس بار اسم الٰہی **یَامُؤْمِنُ** پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن پابندی کے ساتھ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آفات سے نجات حاصل ہو گی اور آئندہ ظلم اور آفات سے حفاظت رہے گی۔

بانجھ عورت کا بانجھ پن ختم:

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد کے نہ ہونے سے پریشان ہو اور اس کی بڑی تمنا ہو کہ

اس کے بھی بچہ پیدا ہو جائے تو بانجھ پن کو ختم کرنے کیلئے پانچ وقت کی نماز پابندی کے ساتھ ادا کیا کرے اس میں سستی کاہلی نہ کرے اور ہر وقت کوشش کرے کہ باوضو رہے اگر وضو ٹوٹ جائے دوبارہ وضو کر لے اور ہر نماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ یَابَارِئُ الْمُصَوِّرُ پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل حمل قائم ہونے تک کرے، انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن ختم ہو کر اولاد ہوگی۔

ہر قسم کی بے چینی اور پریشانی کا خاتمہ:

اگر کوئی شخص کسی قسم کی بے چینی محسوس کرتا ہے اور پریشان رہتا ہے تو اس کیلئے باوضو عشاء کی نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ اسم الٰہی یَاقَهَّارُ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے جلد ہی اس کی بے چینی ختم ہو جائے گی اور ہر قسم کی پریشانی دور ہو جائے گی۔ عمل شرط ہے۔ جب تک بے چینی ختم نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کرے۔

ملازمت میں ترقی کیلئے:

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اپنے شعبے میں ملازمت کے دوران اونچے سے اونچے منصب پر فائز ہو جائے اور اس کی ترقی میں کوئی رکاوٹ نہ بنے بلکہ وہ تیزی سے ترقی کی منزلیں طے کرتا جائے تو اس کیلئے بعد نماز فجر کسی سے بات نہ کرے اور نمازِ اشراق تک اپنی جگہ بیٹھ کر اسم الٰہی یَارَزَّاقُ پڑھے اور سورج نکلنے تک باقاعدہ پڑھتا رہے۔ درمیان میں اپنی جگہ سے نہ اٹھے اور نہ کسی سے بات کرے۔ اس اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول رہے اور یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے اثرات قدم قدم پر اس کی زندگی میں ظاہر ہوتے رہیں گے اور وہ بآسانی ترقی کرتے کرتے اعلیٰ منصب پر پہنچ جاتا ہے۔

نقصان پہنچانے والے سے بچاؤ کیلئے:

اگر کسی جگہ کسی حاسد یا نقصان پہنچانے والے کے حملہ کا خطرہ ہے اور سمت معلوم ہے کہ وہ اس طرف سے آئے گا تو اس کیلئے باوضو درج ذیل آیت ستر مرتبہ پڑھ کر ایک مٹھی ریت (مٹی) پر دم کر کے دشمن کے آنے والے راستے کی طرف پھینک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاسد اور نقصان پہنچانے کی نیت سے آنے والا واپس پلٹ جائے گا اور اس کا قدم کسی صورت میں بھی آگے کی طرف نہیں اٹھے گا اور اس کے دل پر رعب غالب آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔ سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ یُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿القمر ۴۵﴾

دیدار نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سعادت حاصل کیجئے:

ہر عاشق رسول کے دل میں تڑپ ہوتی ہے کہ وہ تاجدار انبیاء رحمۃ اللعالمین حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت خواب میں کرے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ خواب میں زیارت ہونے کے بہت سے طریقے علماء کرام اور صوفیاء عظام نے اپنے اپنے تجربات کی روشنی میں بیان کیے ہیں۔ ان میں ایک طریقہ یہ ہے کہ جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے۔ اس میں دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 35 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز کے بعد ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے کہ اے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت خاص سے مجھے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت کرا دے۔ اس کے بعد پاک بستر پر قبلہ رُخ باوضو سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ جمعہ آنے سے قبل خواب میں زیارت نصیب ہو جائے گی۔ اگر ایک مرتبہ کے عمل سے زیارت نہ ہو تو تین بار (تین جمعہ کی رات) عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہو جائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے:۔ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔

میاں بیوی میں محبت واتفاق:

اگر میاں بیوی میں آپس میں نااتفاقی رہتی ہو اور ایک دوسرے سے کٹے کٹے رہتے ہوں ایسی صورت میں عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار یَاحَنَّانُ یَاحَلِیْمُ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی تعلقات خوشگوار ہوجائیں گے اگر بیوی شوہر سے الگ الگ رہتی ہو تو شوہر یہ عمل کرے اور شوہر بیوی سے میل جول میں کمی کرتا ہے تو بیوی پڑھے جب تک تعلقات صحیح قائم نہ ہوجائیں اس وقت تک برابر عمل کرنا ہے۔

* * *

شاہ رفعت الرحمٰن قاسمیؒ کے روحانی وظائف

لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہونا:

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں، لوگوں کے دل میں اس کی عظمت اور بزرگی اور فضیلت کا نقش بیٹھ جائے تو اس کیلئے اول شبِ جمعہ (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ شبِ جمعہ یعنی جمعہ کے دن سے پہلے آنے والی رات) میں یہ کلمات تین سو مرتبہ پاک مصلّے پر باوضو بیٹھ کر پڑھیں۔ اسکے بعد روزانہ اکتیس مرتبہ پڑھا کرے۔ یہ عمل ہمیشہ کرے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی لوگوں میں مقبولیت پیدا ہو جائے گی اور لوگ احترام سے پیش آئیں گے اور سب لوگ عزت کرینگے۔ وہ کلمات یہ ہیں: یَادَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَلَا زَوَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَآئِہٖ"۔

گمشدہ اور غائب شخص کیلئے:

اگر خدانخواستہ گھر کا کوئی فرد روٹھ کر، ناراض ہو کر غصے سے گھر سے کہیں چلا جائے اور اس کا پتہ نہ ملتا ہو اس کیلئے یہ کلمات تین سو تیرہ مرتبہ (313) باوضو پڑھے۔ جب تک غائب واپس نہ آجائے برابر پڑھتا رہے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غائب شدہ آدمی آجائے گا۔ البتہ اگر دور گیا ہے تو چند دن اور لگ سکتے ہیں، وہ کلمات یہ ہیں: یَاحَلِیْمُ ذَاالْاِنَاءَۃِ فَلَا یُعَادِلُہٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِہٖ"۔

دشمن کی ناکامی کیلئے:

اگر دشمن، چور، ڈاکو، لٹیرے کے حملے کا ڈر ہو اور اس کے حملے کا خطرہ ہو تو اس کیلئے گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس طرف منہ کر کے پھونک ماردیں ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا حملہ ناکام رہے گا اور وہ واپس لوٹ جائے گا اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ وَلَوْ تَرٰٓی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرَاتِ الْمَوْتِ

غصہ اور اشتعال دور کرنے کیلئے:

اگر کوئی سخت غصہ میں ہو اور اس کے اندر بہت زیادہ اشتعال پیدا ہو گیا ہو تو اس غصے اور اشتعال کو ختم کرنے کیلئے وہ خود یا کوئی شخص اس آیت کو تین یا سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس شخص کو پلائے یا اس کے منہ پر چھینٹے مارے یا اس کی طرف منہ کر کے پھونک مار دے اور خود عمل کرتا ہے تو خود پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی پی لے یا پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کر لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غصہ اور اشتعال فوراً ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے: وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

دشمن کے نقصان پہنچانے سے حفاظت: اگر کسی شخص کو خطرہ ہے کہ اس کے دشمن اسے نقصان پہنچا دیں گے اور کسی بڑی پریشانی میں مبتلا کر دیں گے تو دشمن کے شر اور فتنہ سے بچنے کیلئے یہ اسم الٰہی ''یَا قَابِضُ'' باوضو بعد نمازِ عشاء ایک سو بار پابندی سے پڑھا کرے جب تک دشمن کے حملے یا اس کی شرارت کا ڈر ہے، برابر پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن اپنے ارادے میں ناکام رہے گا اور کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

امتحان اچھا ہونے اور کمرہ امتحان میں گھبراہٹ نہ ہونے کیلئے:

اگر کوئی طالب علم گھبراہٹ کا شکار ہے یا دل و دماغ کا کمزور ہے اور امتحان کا نام سن کر اس کا دل دھڑکنے لگتا ہے نبض تیز چلنے لگتی ہے، دل کی گھبراہٹ دور ہونے اور امتحان کا پرچہ اچھا ہونے کیلئے اور کمرہ امتحان میں سکون کے ساتھ گھبراہٹ بالکل نہیں ہوتی اور کمرہ امتحان میں سکون قلب قائم رہتا ہے اور پرچہ بھی اچھا اور عمدہ ہوتا ہے دماغ پوری طرح کام کرتا ہے۔ عمل یہ ہے اور بالکل آسان ہے، جب طالب علم گھر سے چلے تو اسم الٰہی یَا عَلِیْمُ کا ورد کرنا شروع کر دے اور پورے راستے یَا عَلِیْمُ پڑھتا رہے اس کے بعد جب کمرہ امتحان میں بیٹھے تو برابر پڑھتا رہے۔ پرچہ امتحان ملنے کے بعد پرچہ

کو میز پر الٹا رکھ دے اور دس مرتبہ ''یَا عَلِیْمُ'' پڑھے اور پرچہ پڑھنا شروع کر دے۔ جو سوال آسان معلوم ہو اس کو پہلے حل کرے، ان شاء اللہ پڑھا ہوا یاد آتا رہے گا اور پرچہ بآسانی حل ہوتا جائے گا۔

بھولنے کی عادت ختم اور حافظہ تیز:

اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو گیا ہو اور ذرا ذرا سی بات بھول جاتا ہو اور حافظہ بیکار ہو گیا ہو تو اس کیلئے اسم الٰہی ''یَا فَتَّاحُ'' بعد نماز فجر باوضو پاک جگہ بیٹھ کر ننانوے (99) مرتبہ پڑھے اور پڑھ کر اپنے سینے پر پھونک مار لے تو ان شاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہو جائے گا اور بھول کا مرض ختم ہو گا۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک پورا پورا فائدہ نہ ہو۔

ہر مشکل آسان ہونے کیلئے:

اگر کوئی سخت مشکل پیش آ گئی ہو اور اس کا حل ہونا مشکل دکھائی دیتا ہو تو اس کیلئے باوضو اسم الٰہی ''یَا فَتَّاحُ'' چار سو نواسی (489) مرتبہ باوضو بعد نماز عشاء پاک مصلے پر بیٹھ کر پڑھے اور اس وقت تک پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے جب تک مشکل حل نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل کے حل ہونے کے غیب سے سامان پیدا ہوں گے اور مشکل جلد حل ہو جائے گی۔

ہر کام میں کامیابی کا عمل:

اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم ہے یا مقرر اور خطیب ہے یا کسی اور پیشے سے تعلق رکھتا ہے لیکن کامیاب نہیں ہے، نہ اسے مرکزیت حاصل ہے اور نہ اس کا کام ترقی کرتا ہے، اس کیلئے بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اسم الٰہی ''یَا فَتَّاحُ'' ایک سو ایک (101) بار پڑھا کرے، ناغہ نہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے مقبولیت میں اضافہ ہو گا اور کامیابی کے حساب سے اس کا شمار اونچے لوگوں میں ہو گا۔ اگر حکیم ڈاکٹر ہے تو

مریض بہت آئیں گے۔ مقرر ہے تو لوگ زیادہ سے زیادہ تقریر سننے آئیں گے یا اور کوئی پیشہ ہے تو اس میں بھی ہر وقت لوگوں کی بھیڑ لگی رہے گی۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرے، چھٹی (ناغہ) نہ کرے۔

دشمن کے فتنہ کا خاتمہ:

اگر دشمن زبردست طاقت کا مالک ہو، اس کے وسائل اور اثرات دور دور تک ہوں اور اس سے مقابلہ کرنا خطرناک ہو لیکن خدانخواستہ اگر ایسا وقت آجائے مقابلہ کرنا ہی پڑ جائے تو اس کیلئے تین روزے رکھے، چوتھے روز ایک جگہ تنہائی میں بیٹھ کر دشمن کے تصور کے ساتھ باوضو بعد نماز عشا گیارہ سو بار ”یَاخَافِضُ“ پڑھے اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن جھک نہ جائے اور اپنی حرکتیں نہ چھوڑ دے۔ یہ عمل بہت مؤثر ہے۔

* * * * *


خوشیاں دولت پرسکون
پانے کے وظائف


انوکھی بیماریاں
انوکھے علاج


پھلوں میں چھپے
صحت کے راز


اہل بیت سے
محبت کے بعد


تسبیح خانہ میں
گزرے شب و روز


مختصری زندگی میں
بھرپور جینے کے گُر


معالج اور مریضوں
کے تجربات


اہلبیت کے پاکیزہ
اور
انوکھے واقعات


کھنڈرات سے ملی
خاندانی بیاض

دفتر ماہنامہ "عبقری"

مرکز روحانیت وامن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
فون: 042-37425801, 0322-4688313
Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org